جلد سوم

فتوحاتِ مکیہ

تصنیف لطیف

شیخ اکبر محی الدین ابن العربی



علی برادران تاجران کتب ارشد مارکیٹ جھنگ بازار فیصل آباد

www.maktabah.org

www.maktabah.org

www.maktabah.org

۶۸۶
۹۲

جملہ حقوق بحق مترجم محفوظ ہیں

جلد سوم

فتوحاتِ مکیہ

تصنیف لطیف حضرت امام الموحدین سید المکاشفین شیخ اکبر محی الدین محمد بن علی طائی اندلسی المعروف بہ ابن عربی قدس اللہ سرہ

ترجمہ

حضرت علامہ صائم چشتی فیصل آباد،

ناشران

علی برادران تاجران کتب

نزد جامعہ رضویہ ارشد مارکیٹ جھنگ بازار فیصل آباد

www.maktabah.org

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب	فتوحات مکیہ جلد سوم
مصنف	شیخ الاکبر محی الدین ابن عربی
مترجم	علامہ صائم چشتی
تاریخ اشاعت	۱۰ شوال المکرم ۱۴۱۳ھ
تعداد	ایک ہزار
طابع	علی اکبر
مطبع	
کاتب	علم دین ـ شبیر حسین
صفحات	بلامتن ۳۰۴
صفحات	مع متن ۳۶۸
ہدیہ	۱۲۰ روپے

ناشر

علی برادران ارشد مارکیٹ جھنگ بازار فیصل آباد

www.maktabah.org

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

www.maktabah.org

فہرست مضامین

عنوان	صفحہ
تیرھواں باب	
حاملانِ عرش کی معرفت کا بیان	۱۷
حاملانِ عرش کی تعداد	۱۸
عرش مرتبوں کا نام ہے	۱۹
مراتب کی صورتیں	۱۹
چار مسائل	۲۰
پہلا مسئلہ صورت	۲۰
خدا کہاں تھا؟	۲۱
پہلے پیدا ہونے والے فرشتے	۲۱
صبح کی روشنی جیسے فرشتے	۲۳
کرسی کو عرش میں پیدا کیا	۲۳
تیسرا مسئلہ	۲۴
اہل سعادت اور اہل شقاوت	۲۵
چوتھا مسئلہ	۲۶
چودھواں باب	۲۸
وحی کے دو حال	۲۹
خاتم ولایت خاتم رسالت کی امت میں ہوگا	۲۹
مظہر محمدی کیلئے خطاب	۳۰
حدیث کی صحت کا معیار	۳۱

www.maktabah.org

عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ
اولیاء کرام کا علم	۳۲	پیر کے دن کا علمی امر	۵۲
بنی اسرائیل کے انبیاء جیسے	۳۳	بدھ کا علمی امر	۵۴
اسرارِ علوم کے محافظ	۳۵	جمعرات کا علمی امر	۵۵
پہلی اُمتوں کے اقطاب	۳۶	جمعہ کا علمی امر	۵۵
مدادی الکلوم		ہفتہ کا علمی امر	۵۶
		نقطہ کا قریبی کُرّہ زمین ہے	۵۸
پندرھواں باب	۳۹	آدم کا ساتواں مرتبہ ہے	۵۹
صاحبِ راز قطب و امام	۴۰	وہ اپنے ہیکل میں تھا	۶۰
سونے کی تلاش کیوں	۴۱	اُس کا جانشین کون تھا	۶۰
کیمیا کا مقصد	۴۲	جانشین کا جانشین	۶۱
بیماری کیوں ہوتی ہے	۴۳	کیا وہ حضرت لقمان تھے	۶۲
وہ مردوں کو زندہ کرتا تھا	۴۴	انسان مجموعہ عالم ہے	۶۳
صاحبِ مقام شاگرد	۴۵	**سولہواں باب**	۶۴
قاضی قرطبہ سے ملاقات	۴۷		
ابدال سات ہیں	۴۹	شیطان کدھر سے حملہ کرتا ہے	۶۵
مُحیط کا تقرب	۵۰	علومِ نور	۶۶
آخرت کی خواہشات جائز ہیں	۵۰	علوم کشف اور شیطان کا پیچھے سے	
فلک کا دورہ خلا کو پُر کرتا ہے	۵۱	حملہ کرنا	۶۶
ابدال کے علوم و اقالیم	۵۲	اگر شیطان کا حملہ دائیں طرف سے ہو	۶۸

www.maktabah.org

عنوان	صفحہ
اگر شیطان بائیں طرف سے آئے	۷۱
سوفسطائیہ کی تلبیس	۷۲
قوتِ جاذبہ اور بیماری کا آنا	۷۳
قویٰ کا محل	۷۴
چکھنے والا	۷۵
علم کون اور علم مرتبہ	۷۶
رویت باری تعالےٰ	۷۶
اوتاد و ابدال	۷۷
اوتاد و ابدال کے مقامات	۷۸
اوتاد کے علوم	۷۹
اوتاد کے علوم کا تعین	۸۰
ستراھواں باب	۸۳
اُس کی ہر روز نئی شان ہے	۸۵
علوم کو تیر	۸۶
علوم الٰہیہ کے انتقالات	۸۷
درست عقلی دلیل	۸۸
خدا کے ساتھ علم کی اقسام	۸۹
اسماء وصفات الٰہی اشیاء نہیں	۹۵
اٹھارھواں باب	۹۷
تہجد گزار کون ہے اور اُس کا اسم	۹۸
تہجد گزار کی نیند اور نماز کا ثمر	۱۰۰
تہجد گزاروں کا صلہ	۱۰۱
تہجد گزار کے لیے علوم	۱۰۳
تہجد گزار محسود ہوتا ہے	۱۰۴
اُنیسواں باب	۱۰۶
علم کا زیادہ ہونا	۱۰۷
اسم ظاہر کی تجلی	۱۰۸
اسم باطن سے تجلی نہیں ہوتی	۱۰۹
اگر عالم شریعت ہے	۱۰۹
صاحبانِ کشف	۱۱۰
علم حال کا حجاب	۱۱۰
علم کی کمی کا باعث کیا ہے	۱۱۱
علوم کی تجلی کی کمی بیشی	۱۱۲
بارگاہ سے نکلنے کے بعد	۱۱۲
معراج انسانی کے مدارج	۱۱۳
عبد عبد ہے رب رب ہے	۱۱۴

www.maktabah.org

عنوان	صفحہ
خدا کے سوا ہر موجود مرکب ہے	۱۱۴
بیسواں باب	۱۱۶
علمِ عیسوی پھونک ہے	۱۱۷
خدا کو خدا سے دیکھتے تھے	۱۱۹
خدا ہی اپنی حمد بیان کرتا ہے	۱۲۰
کلمات حروف سے بنتے ہیں	۱۲۱
حضرت عیسیٰ رُوح ہیں	۱۲۱
حروف کی لمبائی چوڑائی	۱۲۲
نو کے ہندسے کا ظہور کُن سے ہے	۱۲۳
اہلِ جہنّم کے عذاب کا دورانیہ	۱۲۴
اہلِ جہنّم پر رحمت	۱۲۵
یہ مدت ہمیشہ رہے گی	۱۲۷
اکیسواں باب	۱۲۹
یہ ایسے ہی ہوگا	۱۳۰
اشیاء یا مفرد ہیں یا مذکر	۱۳۱
پیدائش عالم سبب سے ہے	۱۳۳
حرمت کے اور سبب بھی ہیں	۱۳۳

عنوان	صفحہ
فردیت کے علاوہ نتیجہ نہیں	۱۳۴
اصل فاعل خدا ہے	۱۳۴
اہلِ حق کا مذہب	۱۳۵
وجودِ کائنات فردیت سے ہے	
احدیت سے نہیں	۱۳۶
بائیسواں باب	۱۳۸
علومِ الٰہیہ کے علاوہ علوم ترکیبی ہیں	۱۳۸
مراتب اجہات کی تعداد	۱۳۹
منزلوں کے القاب اور اُن کے	
اقطاب کی صفات	۱۴۰
اُن کے احوال کا ذکر	۱۴۲
اُن کی صفات کے احوال	۱۴۳
اجہاتِ منازل کا بیان	۱۴۳
غلام اِس تعریف کا مستحق نہیں	۱۴۴
خدا ہی رزق دے سکتا ہے	۱۴۶
منزلوں کا حال	۱۴۷
کشادہ زمین کی دلچسپ اور	
انوکھی منزل	۱۴۷

عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ
رمز و لغز کے معنے	۱۴۸	منزلِ وعید	۱۷۳
جو ارادہ ہوگا وہی ملے گا	۱۴۹	منزلِ امر	۱۷۴
منزلِ دعا	۱۵۰	منزلوں کی خاص صفات	۱۷۵
منزلِ افعال	۱۵۱	اٹھارہ علم اجسام	۱۷۷
افعال دو قسم کے ہیں	۱۵۲	اُنیس منزلوں کے فطائر	۱۷۸
منزلِ ابتداء	۱۵۳	امام مبین نے گھیرا ہوا ہے	۱۷۸
منزلِ تنزیہہ	۱۵۵	اللہ تعالےٰ کے لشکر	۱۷۹
منزلِ تقریب	۱۵۶	**تئیسواں باب**	۱۸۳
منزلِ توقع	۱۵۸		
منزلِ برکات	۱۵۹	وہ محبوس محفوظ ہیں	۱۸۵
منزلِ اقسام وایلاء	۱۶۰	خرق عادات سے مشہور نہیں ہوتے	۱۸۵
عالمِ انیت	۱۶۲	یہ سیاہ رُو ہوتے ہیں	۱۸۶
منزلِ دھور	۱۶۳	حضرت ابوبکر کا رونا	۱۸۸
منزلِ لام الف	۱۶۴	ولی اپنا اختیار خدا کے سپرد کردیتا ہے	۱۸۸
لام اور الف کا ملاپ کیسے ہے؟	۱۶۶	یہ لوگوں میں رہتے ہیں مگر؟	۱۸۹
منزلِ تقریر	۱۶۸	وہ اللہ کے ساتھ ہوتے ہیں	۱۹۰
منزلِ مشاہدہ	۱۶۹	تتمہ شریفہ	
منزلِ الفت	۱۷۰	**چوبیسواں باب**	۱۹۳
منزلِ استخبار	۱۷۲	جواب دو جواب	۱۹۴

عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ
خدا کا حکم بندے کی دعا	۱۹۶		
اسم نسبت سے قائم ہوتا ہے	۱۹۷	**پچیسواں باب**	۲۱۱
اللہ تعالےٰ بادشاہ ہے	۱۹۸	حیاتِ خضر علیہ السلام	۲۱۲
معیتِ الٰہی کیسے ہے ؟	۱۹۸	خضر علیہ السلام سے پہلی ملاقات	۲۱۲
خدا کہاں ہے ؟	۲۰۰	حضرت خضر علیہ السلام سے دوسری ملاقات	۲۱۳
اِس مقام کے اقطاب	۲۰۱	تصدیق اِس ملاقات کی	۲۱۴
دو شریعتوں کا اشتراک	۲۰۲	تیسری ملاقات ہوا میں	۲۱۵
بیک وقت دو شریعتوں والے	۲۰۳	حضرت خضر کا خرقہ	۲۱۷
خدا اجتماعِ ضدین پر قادر ہے	۲۰۴	حضرت خضر کا دوسرا خرقہ	۲۱۸
حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی شریعت کیا ہو گی	۲۰۵	خرقہ کیوں پہناتے ہیں ؟	۲۱۸
		مردانِ خدا کی تقسیم	۲۲۰
حضرت عیسیٰ حضور کے صحابی ہونگے	۲۰۶	رجالِ ظاہر کا تصرف	۲۲۱
دو حشر ہوں گے	۲۰۷	رجالِ باطن کا تصرف	۲۲۲
مخصوص ختم کا مقام	۲۰۸	رجال حد کا تعارف	۲۲۳
انفاس کا تشخص	۲۰۸	رجالِ مطلع کا تعارف	۲۲۴
یمن سے رحمان کی ہوا	۲۰۹	منزلوں کا راز	۲۲۵
انفاس کی تعداد	۲۰۹	ایک ہی حفاظت کرتا ہے	۲۲۶
صاحبِ منزل	۲۱۰	**چھبیسواں باب**	۲۲۸
		اللہ تعالےٰ کی مثالیں	۲۲۹

عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ
یہ علم بڑے لوگوں کا ہے	۲۳۱	خدا مدد کرتا ہے مدد مانگتا نہیں	۲۴۶
ازل کیا ہے ؟	۲۳۱	خدا بندے سے بڑھ کر قریب	
ممکن معدوم ہو یا موجود ممکن ہے	۲۳۲	ہوتا ہے	۲۴۶
اولیت و آخر کا مفہوم	۲۳۳	یہ معارف اکتسابی ہیں	۲۴۷
حال کا راز	۲۳۴	نماز میں منزلیں ہیں	۲۴۸
حروف و اسماء کی تاثیر	۲۳۵	حضرت موسیٰ کا نعلین اتارنا	۲۴۹
حروف کی تاثیر کب ظاہر ہوتی ہے	۲۳۶	نماز کی تقسیم	۲۴۹
یہ علم اولیاء اللہ کا ہے	۲۳۷	نماز میں منزلیں طے کرنا	۲۵۰
ظہور کائنات حرفوں سے ہے	۲۳۷	نماز میں نعلین کیوں نہیں پہنتے ؟	۲۵۱
گرم سرد اور خشک و تر حروف	۲۳۸	نعلین کیا ہے ؟	۲۵۲
حروف تحریر زائل ہو سکتے ہیں	۲۳۹	حضرت موسیٰ نے نعلین کیوں	
حروف لفظی زائل نہیں ہوتے	۲۴۰	اتارے ؟	۲۵۲
سزا متکلم کو ہے کلمات کو نہیں	۲۴۰	نماز نور ہے	۲۵۳
حروف لفظیہ زندہ رہتے ہیں	۲۴۱	تیل چراغ کا مددگار ہے	۲۵۳
حروف کی خاصیت کا ظہور	۲۴۱	اس کے قطبوں کے راز	۲۵۴
قرآن مجید کی آیت کے اثرات	۲۴۲	**اٹھائیسواں باب**	۲۵۵
ستائیسواں باب	۲۴۴	اللہ تعالیٰ سے کیسے سوال کریں ؟	۲۵۶
عشق اول در دلِ معشوق کی مثال	۲۴۵	خدا مرکب نہیں	۲۵۶

عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ
کیفیت کے ساتھ سوال	۲۵۷	حضرت سلمان فارسی کا اعزاز	۲۷۱
لفظ لم کے ساتھ سوال کرنا	۲۵۸	اہلبیت کے گناہ بخش دیئے گئے ہیں	۲۷۱
جن علماء نے جائز کہا	۲۵۹	اہلبیت بخشے ہوئے اٹھائے جائیں گے	۲۷۲
کیفیت میں اجازت دینے والے	۲۶۰	اگر اہلبیت پر حد قائم ہو	۲۷۲
لم کے ساتھ اجازت سوال دینے والے	۲۶۰	مومن کیا کرے؟	۲۷۳
غیر شرع لوگوں کا باعث کرنا	۲۶۱	حضرت سلمان فارسی بھی پاک ہیں	۲۷۳
خدا تعالےٰ سے مشابہت نہیں ہو سکتی	۲۶۱	جو خدا سے منسوب ہو جائے	۲۷۴
شرعی حکم سے اطلاق کیسے ہوگا؟	۲۶۲	اہل بیت کی برائی کسی حال میں نہ کرو	۲۷۶
خدا کی طرف لوٹا دو	۲۶۳	اہل بیت کا ظلم ظلم نہیں تقدیر الٰہی ہے	۲۷۶
آیات متشابہات آزمائش ہیں	۲۶۳	اسی میں خیر ہے	۲۷۷
الم ترکیف میں کیفیت	۲۶۴	موت کا تقاضا یہ ہے	۲۷۹
معلوم یہ ہوا	۲۶۵	اہل بیت کی محبت پر خدا کا شکر ادا کریں	۲۸۰
آنکھ سے نہیں فکر سے دیکھیں وہ متشابہہ ہیں"	۲۶۵	اگر اہل بیت کی محبت نہیں تو	۲۸۱
اُنیتسواں باب	۲۶۷	کیا تم پر اہل بیت کا کوئی حق نہیں	۲۸۱
مخلوق سے کنارہ کشی	۲۶۸	اگر تم جان لیتے	۲۸۲
جب میں نے دنیا سے انقطاع کیا	۲۶۹	اہلبیت سے محبت کرنے والے غرض کے بندے ہیں	۲۸۳
اہل بیت کو پاک کر دیا گیا ہے	۲۷۰		

عنوان	صفحہ
قطبوں کا علم علماء سے فزوں تر ہے	۲۸۳
ممکن ہے دوسری نفس ہو	۲۸۴
یہ بھی اُن کا راز ہے	۲۸۵
تیسواں باب	۲۸۶
رکبان کون ہیں ؟	۲۸۷
افراد کون ہیں ؟	۲۸۸
انسانوں کے افراد	۲۸۸
ذوقِ موسیٰ و خضر	۲۸۹
یہ علم بھی دیکھیں	۲۹۰
حضرت ابوہریرہ کا علم چھپانا	۲۹۰
حضرت عبداللہ ابن عباس کا قول	۲۹۱
حضرت امام زین العابدین کا قول	۲۹۲
انصاف کی نظر سے دیکھیں	۲۹۲
علم اسرار کا دروازہ بند نہیں	۲۹۴
فاروق اعظم اس مقام کے قطب ہیں	۲۹۵
ایک بڑی مصیبت	۲۹۶
صفاتِ خداوندی کا بیان عقیدہ تشبیہہ نہیں	۲۹۷
اگر عالم ہے تو حاسد ہے	۲۹۹
جس کے آگے صرف نبی کا قدم ہے	۲۹۹
یہ علوم اولیاء کے ہیں	۳۰۰
جو اولیاء تصرف نہیں کرتے	۳۰۰
حضرت غوث اعظم مامور فی التصرف ہے	۳۰۱
وہ مقام عبدیت کا تحقق چاہتے ہیں	۳۰۱

فہرست الابواب

جلد سوم

باب		صفحہ		
تیرھواں باب	———	۱۷	تا	۲۷
چودھواں باب	———	۲۸	تا	۳۸
پندرھواں باب	———	۳۹	تا	۴۳
سولھواں باب	———	۴۴	تا	۸۲
ستراھواں باب	———	۸۳	تا	۹۶
اٹھارہواں باب	———	۹۷	تا	۱۰۵
انیسواں باب	———	۱۰۶	تا	۱۱۵
بیسواں باب	———	۱۱۶	تا	۱۲۸
اکیسواں باب	———	۱۲۹	تا	۱۳۷
بائیسواں باب	———	۱۳۸	تا	۱۸۲
تیسوا ل باب	———	۱۸۳	تا	۱۹۲
چوبیسواں باب	———	۱۹۳	تا	۲۱۰
پچیسواں باب	———	۲۱۱	تا	۲۲۷
چھبیسواں باب	———	۲۲۶	تا	۲۴۳
ستائیسواں باب	———	۲۴۴	تا	۲۵۴
اٹھائیسواں باب	———	۲۵۴	تا	۲۶۶
اُنتیسواں باب	———	۲۶۷	تا	۲۸۵
تیسواں باب	———	۲۸۶	تا	۳۰۳

اللّٰہُ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں مگر وہ حیی و قیوم ہے

آل عمران آیت ۱

اللّٰہُ

نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

اللہ آسمانوں اور زمین کا نور ہے

سورۂ نور آیت ۳۵

وَكَانَ

اللّٰهُ

بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيطًا

اور ہر چیز پر اللہ کا قابو ہے

سورۃ النساء آیت ۱۲۶

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۵

تیرھواں باب

حاملانِ عرش کی معرفت کا بیان

العرش واللہ بالرحمن محمول وحاملوہ وھذا القول معقول
وأی حول لمخلوق ومقدرۃ لولا امداد بہ عقل وتنزیل
جسم وروح وأقوات ومرتبۃ مالم غیر الذی رتبت تفصیل
فذاھو العرش ان حققت سورتہ والمستوی باسمہ الرحمن مأمول
وھم ثمانیۃ واللہ یعلمھم والیوم أربعۃ مافیہ تعلیل
محمد ثم رضوان ومالکھم وآدم وخلیل ثم جبریل
والحق بمیکال اسرافیل لیس ھنا سوی ثمانیۃ غر بھالیل

خدا کی قسم! عرش اور حاملانِ عرش رحمٰن کے ساتھ محمول ہیں اور یہ معقول بات ہے۔ مخلوق کی کون سی قوت و مقدرت ہے۔ اگر وہ نہ ہوتا تو اس کے ساتھ عقل اور قرآن نازل ہوتا۔ یہ حاملان جسم و روح اور اقوات و مرتبہ ہیں۔ اس کے بغیر اس جگہ تفصیل مرتب نہیں ہوتی۔

اگر آپ اس کی صورت و منزلت کی تحقیق چاہتے ہیں تو یہی وہ عرش ہے اور اس کے ساتھ اسمِ رحمٰن کا استویٰ ہے۔ اور وہ یعنی حاملانِ عرش آٹھ ہیں۔ اور اللہ انہیں جانتا ہے اور اس وقت چار ہیں۔ اس میں تعلیل نہیں ہو سکتی۔

یہ حاملان حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں۔ پھر رضوان اور اُن کے مالک اور حضرت آدم و خلیل پھر جبریل علیہم السّلام ہیں۔

حضرت میکائیل کے ساتھ حضرت اسرافیل کا الحاق ہے۔ وہاں اِن آٹھ کے سِوا اور کسی کو یہ عزت حاصل نہ ہوگی۔

حاملانِ عرش کی تعداد

اے مخلص دوست اللہ تبارک و تعالیٰ آپ کی مدد فرمائے۔ جاننا چاہیئے کہ عرش مُطلقاً عربی زبان کا لفظ ہے اور اِس سے مُراد ملک ہے۔ جب کسی بادشاہ کے ملک میں خلل واقع ہوتا ہے تو قل عرش الملک یعنی بادشاہ کا تخت متزلزل ہوگیا اور کبھی اس کا اطلاق سریر یعنی تخت کے معنوں میں ہوتا ہے۔ تو جب عرش مُلک سے عبارت ہوگا تو اُس کے اُٹھانے والے اُس کے ساتھ قائم ہوتے ہیں اور جب عرش تخت ہوگا تو اُس کے اُٹھانے والوں سے مُراد اُس کے پائے ہوتے ہیں اور یا وہ لوگ ہوتے ہیں جو اُسے کندھوں پر اُٹھاتے ہیں اور عرش اُٹھانے والوں میں عدد داخل ہوتے ہیں۔

حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دُنیا میں اِن کی تعداد چار اور قیامت میں آٹھ مقرر فرمائی ہے۔ اور پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ آیت تلاوت فرمائی۔

وَيَحْمِلُ عَرْشَ رَبِّكَ فَوْقَهُمْ يَوْمَئِذٍ ثَمٰنِيَةٌ ۔ الحاقہ آیت ۱۷

ترجمہ:۔ اُس دن آپ کے رب کا عرش آٹھ پر ہوگا۔

پھر فرمایا۔ وہ اِس روز دُنیا میں چار ہیں اور اُس روز یعنی آخرت میں

آئے ہوں گے۔

عرش مرتبوں کا نام ہے

ابن مسترو الجبل جو کہ اہلِ طریق میں بہت بڑے عالم اور صاحبِ کشف وحال تھے نے ہم سے روایت بیان کی کہ عرش ملک پر محمول ہے اور وہ جسم و رُوح اور غذا اور مرتبہ میں محصور ہے۔

پس حضرت آدم اور حضرت اسرافیل علیہما السلام صُور پھونکنے کے لئے ہیں۔ حضرت جبریل علیہ السلام اور حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم ارواح کے لئے ہیں۔

حضرت میکائیل اور حضرت ابراہیم خلیل علیہما السلام ارزاق کے لئے ہیں۔
جناب مالک اور رضوان وعدہ و وعید کے لئے ہیں۔
اور ملک میں نہیں مگر جس کا ذکر ہو چکا ہے اور اغذیہ یہ حسی اور معنوی رزق ہیں۔

مراتب کی صُورتیں

جس کا ذکر ہم نے اس باب میں کیا ہے وہ ایک ہی طریقہ ہے اور اس کا معنیٰ ملک ہے اس لئے کہ اس طریق میں اُس کے ساتھ ایک فائدے کا تعلق ہے اور اُسے اُٹھانے والے اُس کی تدبیر کے ساتھ قائمین سے عبارت ہوں گے۔
پس تدبّر صُورتِ عنصریہ یا صُورتِ نوریہ ہے، صُورتِ عنصریہ کے واسطے ایک رُوح مدبّر ہے اور ایک مدبّرہ و مسخّر رُوح صُورتِ نوریہ کے لئے ہے۔
اور غذا صُورتِ عنصریہ کے لئے ہے اور ارواح کی غذا علوم و معارف

ہوتے ہیں۔

سعادت سے مرتبہ حسّیہ جنّت میں داخل ہونے کے ساتھ ہے اور شقاوت سے مرتبہ حسّیہ جہنّم میں داخل ہونے کے ساتھ ہے اور مرتبہ رُوحانی علمیہ ہے۔

چار مسائل

پس یہ باب چار مسائل پر مبنی ہے۔

پہلا مسئلہ صُورت، دُوسرا مسئلہ رُوح، تیسرا مسئلہ غذا، اور چوتھا مسئلہ مرتبہ اور یہی غایت ہے۔

اِن میں سے ہر مسئلہ دو قسموں میں تقسیم ہوتا ہے تو یہ آٹھ ہو جائیں گے۔ اور یہی حاملانِ عرش ملک ہیں۔ یعنی جب آٹھ ظاہر ہوں گے تو ملک یعنی عرش قائم اور ظاہر ہو جائے گا اور اِس کا بادشاہ اُس پر اِستواء فرمائے گا۔

پہلا مسئلہ صُورت

اور یہ دو قسموں میں تقسیم ہے۔ پہلی قسم صُورتِ جسمیہ عنصریہ جو کہ صُورتِ جسدِ خیالیہ کو متضمن ہے۔

دُوسری قسم اصُورتِ جسمیہ نُورانیہ ہے۔ تو ہم نوری جسم سے اِبتداء کرتے ہُوئے کہتے ہیں کہ سب سے پہلے اللہ تبارک وتعالیٰ نے جو جسم پیدا فرمایا وہ ارواحِ ملائکہ کے اجسام ہیں جو اللہ تبارک وتعالیٰ کے جلال میں وارفتہ اور کھوئے ہُوئے ہیں۔

اِنہی میں سے عقلِ اوّل اور نفسِ کُل ہے اور اِنہی کی طرف نُورِ جلال سے پیدا کیے گئے اجسامِ نُورانیہ کی انتہا ہے۔

اِن ملائکہ سے واسطہ کے ساتھ پیدا ہوتے والا اس کے علاوہ فرشتہ نہیں مگر نفس جو عقل سے نیچے ہے اور اِن کے بعد جو فرشتے پیدا ہوئے وہ تمام حکم طبیعت کے تحت داخل ہیں تو وہ اُن افلاک کی جنس سے ہیں جو اُن ہی سے پیدا ہوئے اور وہی اِن افلاک کے معمار ہیں۔

ایسے ہی ملائکۂ عناصر ہیں اور ملائکہ کی دُوسری صنف وہ فرشتے ہیں۔ جو بندوں کے اعمال وانفاس سے پیدا کئے گئے پس ہم انشاء اللہ تعالیٰ صنفاً صنفاً اِن کا ذکر اس باب میں کریں گے۔

خُدا کہاں تھا؟

جاننا چاہیئے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کے مخلوق پیدا فرمانے سے قبل تبلیت زمان نہ تھی۔ یہ عبارت ملانے کے لئے نسبت پر دلالت کرتی ہے جس کے ساتھ سُننے والے کے نفس میں مقصود حاصل ہو جائے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ کی ذاتِ پاک عمّا میں تھی جس کے نیچے بھی ہوا ہے اور اُوپر بھی ہوا ہے اور وہ پہلا مظہر خداوندی ہے جس میں اُس کا ظہور ہوا۔ اِس میں ذاتی نور ساری ہو گیا جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کے اس ارشاد میں ظاہر ہے:

اللہ نور السماوات والارض

یعنی اللہ آسمانوں اور زمین کا نور ہے۔

پہلے پیدا ہونے والے فرشتے

جب اس عماء میں نور کی رنگینی آگئی تو اس میں اُن وارفتہ وعشاق ملائکہ

کی صورتیں کھولی گئیں جو عالمِ اجسامِ طبعی کے اُوپر ہیں۔ اُن سے پہلے نہ عرش تھا اور نہ کوئی مخلوق تھی، جب انہیں پیدا فرمایا گیا تو اُن کے لیے تجلّی فرمائی اور اُس تجلّی میں اُن کے لیے غیب بنایا گیا۔ چنانچہ یہ غیب اُن کے لیے ایک رُوح بن گیا۔ یعنی اِن صورتوں کے لیے اور اُن کے لیے اپنے اسمِ جمیل میں تجلّی فرمائی تو وہ اُس کے جمال کے جلال میں گُم ہو گئے اور اُن کی گُم شدگی نہیں جاتی۔

جب چاہا کہ عالم کی تدوین و تسطیر پیدا کی جائے تو اِن ملائکہ کرّوبیاں سے ایک کا تعین کیا اور ملائکہ سے یہ پہلا فرشتہ ہے جو اِس نور سے ظاہر ہوا اِس کا نام عقل اور قلم ہے اور اُس کے لیے تعلیم وہبی کی تجلّی گاہ میں تجلّی فرمائی جس کے ساتھ مخلوق کی ایجاد کا ارادہ فرمایا جس کی حد و انتہا نہیں۔

اپنی ذات کے ساتھ اُس عِلم کو قبول فرمایا جو ہو گا اور جو اسماءِ الٰہیہ سے حق کے لیے اِس عالمِ خلق کے صدور کا مطالبہ کرتے ہیں۔ اِس عقل سے دُوسرے موجود کو مشتق فرمایا جس کا نام لوح ہے اور قلم کو حکم دیا کہ اُس کی طرف میلان کرے اور اُس میں وہ تمام وَدِیعت کرے جو قیامت تک ہو گا نہ کہ دُوسرا اور اِس قلم کے لیے قلمیت میں تین سو ساٹھ دانت مقرّر فرمائے۔ یعنی اُس کے قلم ہونے سے اور اُس کے عقل ہونے سے تین سو ساٹھ تجلّیاں عطا کیں یا یہ کہ وہ رقیقہ ہے اور ہر دانت یا رقیقہ علومِ اجمالیہ کی صنعت سے تین سو ساٹھ چُلّو بھر لیتا ہے اور لوح میں اُن کو مفصّل کر دیتا ہے تو یہ قیامت کے دن تک کے علوم کا عالم میں حصر ہے چنانچہ جب قلم نے اِن علوم کو وَدِیعت کیا تو لوح نے جان لیا، اِسی سے عِلمِ طبیعت ہے اور وہ لوح میں اُن علوم سے حاصل ہونے والا پہلا عِلم ہے جس کی تخلیق کا اللہ تبارک و تعالیٰ نے ارادہ فرمایا۔

صُبح کی روشنی جیسے فرشتے

پس طبیعت نفس سے نیچے ہے اور یہ تمام خالص نُور کے عالم میں ہے۔
پھر اللہ تبارک و تعالیٰ نے محض ظلمت کو پیدا فرمایا اور یہ اس نُور کے مقابلہ میں بمنزلہ عدم مُطلق کے ہے جو وجودِ مُطلق کے مقابل ہے تو اس کے پیدا کرنے کے وقت اس پر طبیعت کی مساعدت کے ساتھ نُور کا اضافہ کیا۔
اس نُور نے اِن منتشرات کو سمیٹا تو وہ جسم ظاہر ہو گیا جو عرش سے عبارت ہے۔ پس اسم رحمٰن نے اسم ظاہر کے ساتھ اُس عرش پر استواء فرمایا تو عالم خلق سے ظاہر ہونے والا یہ پہلا اَمر ہے اور اس ملے جُلے نُور سے جو پیدا فرمایا وہ ضیاء سحر کی مثل ملائکہ ہیں جو تخت کے ساتھ چکر کاٹتے ہیں اور وہ اللہ تبارک و تعالیٰ کا یہ ارشاد مبارکہ ہے۔

وتری الملائکۃ حافین من حول العرش یسبحون بحمد ربھم

ہم نے تخلیقِ عالم کے بارے میں اپنی اُس کتاب میں بیان کیا ہے۔ جس کا نام "عقلۃ المستوفز" ہے۔ اور اس باب میں اُس سے اخذ کردہ بڑی بڑی چیزیں بیان کر دی ہیں۔

کرسی کو عرش میں پیدا کیا

پھر اس عرش کے جوف میں کرسی کو پیدا فرمایا اور اس میں اُس کی طبعی جنس سے ملائکہ بنائے پس ہر فلک اُس مخلوق کی اصل ہے جو اُس میں آباد ہے جیسا کہ عناصر جنہیں اُن سے پیدا کیا گیا جس میں آباد ہیں جیسا کہ حضرت

آدم علیہ السلام کو مٹی سے پیدا فرمایا تو اُنہیں اور اُن کی اولاد کو زمین میں بسایا۔

اِس بزرگ کرسی میں کلمہ کو خبر اور حکم کی طرف تقسیم کیا اور یہ دونوں پاؤں ہیں جو اُس کے لئے عرش سے لٹکے ہوتے ہیں جیسا کہ حدیثِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میں وارد ہوا ہے۔

پھر کرسی کے جوف میں افلاک کو پیدا فرمایا۔ ایک فلک دوسرے فلک کے جوف میں ہے اور ہر فلک میں اُسی سے ایک عالم پیدا فرمایا جسے آباد کرنے والوں کا نام ملائکہ یعنی رسول ہے اور آسمان کو ستاروں کے ساتھ زینت دی اور ہر آسمان میں اُس کے اَمر کی وحی فرمائی۔ جہاں تک کہ مولدات کی صورتوں کو تخلیق فرمایا۔

جب اللہ تبارک و تعالیٰ نے اِن نوریہ عنصریہ صورتوں کو بغیر ارواح کے مکمل فرمایا تو اِن صورتوں کے لئے ایک غیب پیدا کیا اور اِن صورتوں سے ہر صنعت میں اُس کے حسبِ حال تجلی فرمائی تو صورتوں اور اِس تجلی سے روحوں کی صورتیں پیدا کیں اور یہ دوسرا مسئلہ ہے۔

تیسرا مسئلہ

پس روحوں کو پیدا فرمایا اور اُنہیں تدبیرِ صور کا اَمر فرمایا اور اُنہیں ناقابل تقسیم بلکہ ایک ذات قرار دیا۔ اور اِن کو ایک دوسری سے الگ کیا تو وہ الگ الگ ہو گئیں اور اُن کا امتیاز اِس تجلی سے صورتوں کو قبول کرنے کی حیثیت سے ہوا۔ اور صورتیں اِن ارواح کے لئے فی الحقیقت جاتے قیام نہیں مگر یہ کہ یہ صورتیں اِن کے لئے اِس طرح ہیں جیسے صورِ عنصریہ کے حق میں ملک ہے جیسا کہ تمام صورتوں کے حق میں مظاہر ہیں۔

پھر اللہ تبارک و تعالیٰ نے صورِ جسدیہ خیالیہ کو دوسری تجلی کے ساتھ لطائف

کے درمیان پیدا فرمایا اور صورتیں ان صُوَرِ جسدیہ اور نُوریہ ناریہ صُورتوں میں ظاہر آنکھ کے لئے تجلی پذیر ہیں۔ صُوَرِ حِسّیہ جو کہ صُوَرِ معنویہ کی حامل ہیں ان جسدی صُورتوں میں نیستد میں اور موت کے بعد اٹھائے جانے سے قبل تجلی بار ہوتی ہیں اور وہ برزخ صُوری ہے اور وہ نُور کے سینگ سے ہے جو اُوپر سے وسیع اور نیچے سے تنگ ہے کیونکہ اُس کے اُوپر خلاء اور نیچے زمین ہے۔

اور صُورتوں کے یہ اجسام وہ ہیں جن میں جنّ اور فرشتے ظاہر اور باطن انسان ہوتا ہے۔ یہی نیستد میں ظاہر ہوتی ہیں اور یہی جنّت کے بازار کی صُورتیں ہیں۔ اور یہی صُورتیں زمین کو بسانے والی ہیں جس پر اِس باب میں پہلے گفتگو ہو چکی ہے۔

پھر اللہ تبارک وتعالیٰ نے ان صُورتوں اور ان اَرواح کے لئے غذاء مقرّر فرمائی اور یہ تیسرا مسئلہ ہے۔ اِن کی بقاء اسی غذا سے ہے اور یہ حِسّی اور معنوی رِزق ہے۔

پس معنوی ؟ اس سے علوم اور تجلّیات و احوال کی غذائیں ہے اور محسوس کی جانے والی غذاء معلوم ہے اور وہ جسے رُوحانی کھانے پینے کی اشیاء کی صُورتیں اُٹھاتی ہیں یعنی قوی تو اِس لئے وہ غذا ہے اور غذاء سب کی سب معنوی ہے جو ہم نے اس کے بارے میں کہا۔ اگرچہ صُوَرِ محسوسہ میں ہو۔ پس ہر صُورت کو خواہ نورانی ہو یا حیوانی یا جسدی اُس کے حسبِ حال غذاء دی جاتی ہے اور اس کی تفصیل طویل ہے۔

اہلِ سعادت اور اہلِ شقاوت

پھر اللہ تبارک وتعالیٰ نے ہر عالم کے لئے سعادت و شقاوت اور منزلت

کا مرتبہ مقرر فرمایا اور اِن کی تفصیلات غیر منحصر ہیں. پس اُن کی سعادت اُن کے حسبِ حال ہے، اِن میں سعادتِ غرضیہ، سعادت کمالیہ، سعادتِ ملائمت اور سعادت وضعیہ یعنی شرعیہ ہے اور انہی کی مثل تقسیم میں شقاوت ہے جس کے ساتھ نہ غرض کی موافقت ہو نہ کمال و مزاج کی اور وہ غیر ملائم اور غیر شرعی ہو اور یہ سب محسوس و معقول ہے. پس محسوس دُنیا و آخرت میں دار الشقاء کے ساتھ آلام و عذاب سے متعلق ہے اور دارِ سعادت کے ساتھ اس کا تعلق دُنیا اور آخرت میں لذات سے ہے اور اس سے خالص اور مِلی جُلی ہے. پس خالص کا تعلق دارِ آخرت سے ہے اور مِلی جُلی کا تعلق دُنیا سے ہے. چنانچہ سعید شقی کی صُورت میں اور شقی سعید کی صُورت میں ظاہر ہوتا ہے اور آخرت میں اِن کا امتیاز ہو جائے گا اور کبھی شقی اپنی شقاوت کے ساتھ ظاہر ہو جاتا ہے اور آخرت کی شقاوت سے مُتصِل ہو جاتا ہے اور ایسے ہی سعید ہے لیکن وہ معروف نہیں ہوتے اور آخرت میں اُن کا امتیاز ہو جائے گا. ارشادِ ربانی ہے.

وامتازوا الیوم ایھا المجرمون

اے مجرمو! آج کے دن علیحدہ ہو جاؤ.

چوتھا مسئلہ

یہاں تیرے لئے مراتب اپنے اہل کے ساتھ ملحق ہو گئے اور اِن میں ہزیمت و تبدّل نہیں ہوگا. تیرے لئے یہ اُن آٹھ کے معنی ہیں جو مجموع ملک اور عرش سے عبارت ہے اور یہ چوتھا مسئلہ ہے.

اب جب کہ تیرے لئے آٹھ کے معنی بیان ہو چکے اور یہ آٹھ اُن آٹھ سے

منسوب ہیں جن کے ساتھ حق تعالیٰ موصوف ہے اور یہ زندگی، علم، قدرت، ارادہ کلام، سمع، بصر اور صفتِ لاتقہ کے ساتھ کھانے، سونگھنے اور لمس کا ادراک ہے۔ کیونکہ اس ادراک کا اس کے ساتھ تعلق ہے جیسا کہ مسموعات کے ساتھ سمع کا اور مبصرات کے ساتھ بصر کا ادراک ہے۔ اس لئے ملک کا انحصار آٹھ میں ہے، پس دنیا میں ان سے صورت، غذا اور دو مرتبے کل چار ظاہر ہوئے اور قیامت کے دن آنکھوں کے لئے آٹھوں ظاہر ہوں گے اور وہ اللہ تبارک وتعالیٰ کا یہ ارشاد ہے۔

وَيَحْمِلُ عَرْشَ رَبِّكَ فَوْقَهُمْ يَوْمَئِذٍ ثَمَانِيَةٌ

اور حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ وہ اس روز یعنی دنیا میں چار ہیں۔ یہ ملک کے ساتھ عرش کی تفسیر میں ہے اور جو عرش تخت ہے اسے ملائکہ نے جواب چار اور قیامت کو آٹھ ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ کے لئے کاندھوں پر میدانِ محشر میں اٹھائیں گے۔ ان چاروں حاملانِ عرش کی صورتوں کے بارے میں ابنِ مسرہ کا قول وارد ہوا ہے کہ ایک صورتِ انسان پر، دوسرا شیر کی صورت پر تیسرا گدھ کی صورت پر اور چوتھا بیل کی صورت پر ہوگا اور یہ وہ ہے جسے سامری نے دیکھ کر خیال کیا کہ یہ حضرت موسیٰؑ کا معبود ہے تو اس نے اپنی قوم کے لئے۔ بچھڑا بنا کر کہا! یہ تمہارا اور موسیٰؑ کا معبود ہے۔ القصہ!

واللہ یقول الحق وھو یھدی السبیل

اَلحمدُ لِلّٰہ تیرھواں باب اختتام پذیر ہوا!

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

چودھواں باب

حضرت آدم علیہ السّلام سے لے کر حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم تک انبیاء کرام یعنی انبیاء واولیاء اور اُمتوں کے مکمل قطبوں کے اسرار کی معرفت کے بیان میں، اور یہ کہ قطب ایک ہے، جب سے اللہ تبارک وتعالیٰ نے اُسے پیدا کیا ہے وہ فوت نہیں ہُوا اور وہ کہاں ہے؟

نبیاء الاولیاء الورثة　　عرف الله بهم من بعثه
ثم فی روع امام واحد　　سر هذا الامر روح نفثه
ثم ما عقد الله له　　وسری فی خلقه ما نکثه
وتافته علی عزته　　منة منه قلوب الورثة
موضع القطب الذی یسکنه　　لیس یدریه سوی من ورثه

انبیاء واولیاء وارث ہیں۔ اللہ تبارک وتعالیٰ جسے معبوث فرماتا ہے اُنہیں اس کی معرفت عطا کر دیتا ہے۔
پھر ایک امام کے جی میں اس امر کا راز ہے کہ اُس نے روح کو پھونکا ہے
پھر جب اللہ تبارک وتعالیٰ نے اُس سے عقد فرمایا اور اُس کی مخلوق میں وہ ساری ہو جاتا ہے جس عقد کو توڑتا ہے۔
وارثوں کے قلوب اس سے اُس کی عزت پر اُس کے منّت واحسان

سے ملتے ہیں۔

اُس قطب کے ٹھکانے کو سوائے اُس کے وارث کے کوئی نہیں جانتا۔ اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کی مدد فرمائے۔ جاننا چاہیئے کہ نبی وہ ہے جس کے پاس اللہ تبارک وتعالیٰ کے ہاں سے فرشتہ ایسی وحی لے کر آتا ہے جو شریعت کو شامل ہوتی ہے۔ وہ فی نفسہٖ اس کے ساتھ عبادت کرتا ہے تو اگر اس وحی کے ساتھ وہ اُس کے علاوہ کی طرف مبعوث ہوگا تو وہ رسول ہے۔

وحی کے دو حال

فرشتہ دو حالتوں میں آتا ہے۔ ایک یہ کہ اس نزول میں اختلافِ احوال پر اُس کے ساتھ اُس کے دِل پر نازل ہوا اور دوسری یہ کہ جسمانی صورت پر آتے اور خارج سے اُس کے کان میں ڈال دے تو وہ سُن لے گا۔ یا اُس کی بصر پر ڈال دے تو وہ دیکھ لے گا۔

پس اُس کے لئے جو نظر سے حاصل ہوتا ہے اُسی کی مثل ہے جو اُسے سمع سے حاصل ہوتا ہے دونوں برابر ہیں۔ ایسے ہی تمام حسّاس قوتیں ہیں۔

خاتمِ ولایت خاتمِ رسالت کی اُمّت میں ہوگا

اِس باب کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے بند کر دیا ہے اور کسی کے لئے سوائے اس کے کوئی راستہ نہیں کہ اِس شریعتِ محمّدیہ علیٰ صاحبہا الصّلوٰۃ والسّلام کے ساتھ اللہ تبارک وتعالیٰ کی عبادت کرے۔ کیونکہ اِس کی ناسخ کوئی شریعت نہیں۔ اور جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام تشریف لائیں گے تو حضرت محمّد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی شریعت کے ساتھ حکم دیں گے اور

وہ خاتم الاولیاء ہوں گے۔ کیونکہ یہ حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا شرف ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے آپؐ کی اُمت پر ولایت ختم فرمائی اور ایک مکرم رسُول اور نبی کے ساتھ ولایت مُطلقہ کو ختم فرمایا جن کے ساتھ مقامِ ولایت ہے۔ پس اُن کے لئے دو حشر ہیں۔ ایک حشر اُن کا رسُولوں کے ساتھ بحیثیت رسُول ہوگا اور ایک حشر ہمارے ساتھ حضورِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے متبع ولی کی حیثیت سے ہوگا۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے اُن کا اکرام کیا ہے۔ اور حضرت الیاس علیہ السّلام تمام انبیاء کرام علیہم السّلام پر اس مقام کے ساتھ ہیں۔

مظہرِ محمدیؐ کے لئے خطاب

رہی اس اُمت میں انبیاء واولیاء کی حالت تو یہ ہر وہ شخص ہے جسے اللہ تبارک وتعالیٰ اپنی تجلیات میں سے کسی تجلی میں قائم فرماتا ہے اور اُس کے لئے حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت جبریل علیہ السّلام کا مظہر قائم فرماتا ہے۔ پس اُس کو یہ مظہرِ رُوحانی حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مظہر کے لئے شرعی احکام کا خطاب سُنا دیتا ہے۔ یہاں تک کہ جب وہ خطاب سے فارغ ہوتا ہے اور اس ولی کے دل سے فارغ ہو جاتا ہے تو صاحبِ مشہد ہٰذا اس اُمتِ محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام میں اس خطاب کے ضمن میں آنے والے تمام احکام مشروعہ ظاہرہ کا شعور کر لیتا ہے، پس اسے یہ ولی اخذ کر لیتا ہے جیسے مظہرِ محمدیؐ اُس حضور کے لئے اخذ کرتا ہے جو اُسے اس حضرت میں حاصل ہوتا ہے جس سے اس مظہرِ محمدیؐ کو اس اُمت کے لئے تبلیغ کا امر ہوتا ہے۔ پس اُسے اُس کی ذات کی طرف

لوٹا دیا جاتا ہے اور اُسے رُوح کا وہ خطاب یاد ہو جاتا ہے جو حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے مظہر کو کیا تھا اور اُس کی صحت کو علم الیقین بلکہ عین الیقین سے جان لیتا ہے۔

حدیث کی صحت کا معیار

وہ اس نبی کا حکم اخذ کرتا ہے اور اپنے رب کی دلیل پر عمل کرتا ہے۔ ایسی ضعیف حدیث جس میں وضع کرنے والے راویوں کے طریقہ سے ضعف پایا گیا اور اُس پر عمل کرنا ترک کر دیا گیا۔ حالانکہ وہ حدیث نفس الامر میں صحیح ہوتی ہے اور وہ وضع کرنے والا جس سے اس حدیث میں صدق بیان کیا گیا اُس نے اسے خود وضع نہیں کیا اور محدّث اُس شخص کے ثقہ نہ ہونے کی بناء پر اُس کے قول سے نقل کرنے میں اُس حدیث کو رد کر دیتا ہے جب کہ وہ وضع کرنے والا اس کے ساتھ منفرد ہو، یا حدیث کا مدار اسی پر رکھا گیا ہو۔

اور جب اس حدیث میں ثقہ راوی کی شرکت ہو گی جس نے اُس کے ساتھ اُس حدیث کو سنا ہو۔ اُس حدیث کو اس ثقہ کے طریق سے قبول کر لیا جاتا ہے۔

یہ ولی اُس رُوح سے سنتا ہے جو اُس پر حقیقتِ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم سے القاء کرتا ہے جیسا کہ صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے ساتھ حضرت جبریل علیہ السّلام کی حدیث کو سنا جس کی اسلام و ایمان اور احسان کے بارے میں حضرت جبریل علیہ السّلام تصدیق کرتے تھے۔ اور جب ولی القاء کرنے والے رُوح سے سنتا ہے تو وہ اس میں اُس صحابی کی مثل ہے جو تابعی کے بالعکس رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وآلہ وسلّم کے مُنہ مبارک سے اُس علم کے ساتھ سُنتا ہے جس میں شک نہیں۔ کیونکہ وہ اُسے ظن کے غلبہ کے طریق پر صدق میں موثر ارتفاعِ تہمت کے لئے قبول کر لیتا ہے اور اپنے رواۃ کے طریق سے کوئی حدیث صحیح ہوتی ہے اور وہ حدیث اس مظہر کا معائنہ کرنے والے مکاشفت کو حاصل ہوتی ہے تو وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی خدمت میں عرض کرتا ہے کہ یہ حدیث صحیح ہے ؟ تو آپ انکار کر دیتے ہیں اور اُسے فرماتے ہیں کہ میں نے یہ نہیں کہا اور نہ اس کے ساتھ حکم دیا ہے۔ پس وہ صاحبِ مکاشفہ اپنے ربّ کی دلیل سے اس حدیث پر عمل کرنا چھوڑ دیتا ہے۔ اگرچہ اہل نقل اُس کے طریق کی صحت کی بنا پر اُس پر عمل کرتے ہیں اور وہ نفس الامر میں ایسے نہیں ہوتی اور اس کی مثل امام مسلم نے اپنی کتاب صحیح مسلم کے صدر میں بیان کیا ہے۔ کبھی کبھی یہ صاحبِ مکاشفہ اس حدیث کے وضع کرنے والے کو جان لیتا ہے کہ وہ ان کے گمان میں صحیح حدیث ہوتی ہے اُس صاحبِ مکاشفہ کو یا تو حدیث وضع کرنے والے کا نام بتا دیا جاتا ہے یا اُس کے لئے اُس شخص کی صورت کھڑی کر دی جاتی ہے۔

اولیاء کرام کا علم

تو یہ لوگ انبیائے کرام علیہم السلام اور اولیائے عظام ہیں، اور وہ ہرگز ایک شریعت کے ساتھ منفرد نہیں ہوتے اور نہ اُن کے لئے اس کے ساتھ خطاب ہوتا ہے مگر اس تعریف کے ساتھ کہ یہ حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی شریعت ہے یا وہ حضرتِ تمثّل میں اس حکم کے ساتھ اُس کو اپنی ذات سے خارج اور داخل دیکھتا ہے جس پر منزل ہے۔ سونے والے کے حق میں اس سے بشارتوں کے ساتھ تعبیر کیا جاتا ہے۔ علاوہ ازیں ولی کا نبی کے ساتھ ادراک

میں اشتراک ہوتا ہے جس کا ادراک نیند اور بیداری کے حال میں برابر کرتا ہے۔

اور بے شک ہمارے اہلِ طریق اولیاء کے لئے یہ مقام ثابت ہے اور یہ فعل ہمت کے ساتھ ہے۔ اور یہ غیر اللہ مخلوقوں کے متعلم کے بغیر علم ہے اور یہ علم حضرت خضر علیہ السلام کا علم ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ نے اس شریعت کے ساتھ جس کے ساتھ اتباع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبان پر وسائط اٹھانے کے ساتھ ہے علم دیا ہے یعنی "فقہا اور علمائے رسوم" اور یہ علم الدنی ہے اور اس امت کے انبیاء و اولیاء سے نبی کا وارث نہیں ہوگا۔ مگر اس حالتِ خاص پر جس کا مشاہدہ مُلک حقیقتِ رسول پر القاء کے وقت کرتا ہے۔ پس اس پر غور کریں

بنی اسرائیل کے انبیاء جیسے

یہ وہ لوگ ہیں جو انبیائے کرام اور اولیائے عظام ہیں اور بصیرت پر اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف دعا میں تمام جماعت مساوی ہے جیسا کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حکم فرمایا کہ آپ فرمائیں۔

اُدْعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ عَلٰى بَصِيْرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِيْ　　یوسف آیت ۱۰۸

میں اللہ کی طرف بلاتا ہوں اور جو میرے قدموں پر چلیں وہ بصیرت پر ہے

اور وہ اس مقام کے اہل ہیں پس وہ اس امت میں بنی اسرائیل کے انبیاء کی مثل ہیں۔ اس مرتبہ پر جو باوجود نبی ہونے کے حضرت ہارون علیہ السلام حضرت موسیٰ علیہ السلام کی شریعت کی اتباع کرتے تھے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے حضرت

ہارون علیہ السلام کی نبوت کی گواہی دی ہے اور اس کے ساتھ قرآن مجید میں صراحت کی ہے۔ پس یہ لوگ اُس شریعت صحیحہ کی حفاظت کرتے ہیں جس میں اِن کے نفسوں پر شک نہیں اور اس اُمّت پر جس سے وہ اتباع کرتے ہیں۔ یہ لوگ شریعت کو لوگوں سے زیادہ جانتے ہیں۔ اس کے باوجود فقہاء اُن کے حق میں یہ امر تسلیم نہیں کرتے اور اُنہیں بھی ضروری نہیں کہ اپنی سچائی پر دلیل قائم کریں۔ بلکہ اُن پر واجب ہے کہ اپنے مقام کو چھپائیں اور اُن کے علم کے ساتھ جو چیز اُن کے نزدیک ثابت ہے۔ علمائے رسوم پر رَدّ نہ کریں۔ باوجود اس کے کہ وہ نفس الامر میں خطا ہے۔

اُن کا حکم اُس مجتہد کے حکم کی طرح ہے جس کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ اُس مسئلہ میں بغیر اُس دلیل کے حکم کرے۔ جس کی طرف اُس کا اجتہاد گیا ہے اور اُسے اُس کی دلیل عطا ہوئی ہو اور نہ ہی اُس کے لئے یہ مناسب ہے کہ اپنے حکم میں اپنے مخالف کو غلطی پر سمجھے کیونکہ شارع علیہ السلام نے اس حکم میں اُس کا یہی حق مقرر کیا ہے۔ پس ادب کا اِقتضاء یہ ہے کہ شارعؑ کے مقرّر کردہ حکم کو غلط نہ کہا جائے اور اُس کا کشف اور اُس کی دلیل اس پر اُس حکم کی اتباع کا حکم دیتی ہے جو اُس کے لئے ظاہر ہو اور اُس کی شہادت دیتی ہو اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث میں آیا ہے کہ اس اُمّت کے علماء بمنزلہ بنی اسرائیل کے انبیاء کے ہیں یعنی جس منزلت کی طرف ہم نے اشارہ کیا ہے کیونکہ بنی اسرائیل کے انبیاء اپنے رسولوں کی شریعت کا تحفظ کرتے تھے اور ان میں اُس کے ساتھ حکم قائم رکھتے۔ ایسے ہی اس اُمّت کے علماء اور امام حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے احکام کی لوگوں پر حفاظت کرتے ہیں جیسا کہ علماء صحابہ اور تبع تابعین سے جو اس مرتبہ سے تھے جیسا کہ امام ثوری، امام ابن علیہ، امام ابن سیرین، امام حسن، امام

مالک امام ابن ابی رباح اور امام ابو حنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اور جو ان سے نیچے تھے۔ جیسا کہ امام شافعی، امام احمد بن حنبل اور جو کوئی حفظِ احکام میں ان کی طرف جاری کرنے والا تھا۔

اسرارِ علوم کے محافظ

دوسرا طائفہ:۔ اس امت کے علماء سے وہ لوگ ہیں جن پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے احوال اور اسرارِ علوم کی حفاظت کرنا ہے۔ جیسا کہ حضرت علیؓ حضرت ابن عباس، حضرت سلمان فارسی، حضرت ابو ہریرہؓ اور حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم،

اور تابعین سے جیسا کہ حضرت حسن بصری، حضرت مالک بن دینار، حضرت بنان حمال، حضرت ایوبؑ سختیانی اور جو اُن کے زمانہ میں ان کی منزلت والے تھے۔ جیسا کہ شیبان راعی، فرج اسودؔ معمرؔ فضیل بن عیاض اور ذوالنون مصری رضی اللہ تعالیٰ عنہم ہیں۔

اور جو ان سے نیچے ہیں جیسا کہ حضرت جنید بغدادی اور حضرت امام تستری اور جو کوئی ان سادات کے قائم مقام حفظِ حالِ نبوی، علم الدنیؔ اور سرِّ الٰہی میں تھا۔

پس حکم کی حفاظت کرنے والے اسرارِ کرسی میں دو قدموں کے پاس موقوف ہیں کیونکہ اُن کے لئے حالِ نبوی نہیں ہوگا جو انہیں سرِّ الٰہی عطا کرتا، اور نہ علم الدنی تھا اور حالِ نبوی کے حفاظ اور علماء علم الدنی اور حفاظ حکم وغیرھم کے اسرار عرش اور عماء کے نزدیک موقوف ہیں اور موقوف نہیں بھی ہیں اور ان میں سے وہ ہے جس کے لئے کوئی مقام ہے اور ان میں سے وہ ہے جس کے لئے کوئی مقام نہیں اور یہ مقام اُس کے لئے ہے جس کے ساتھ تمیز ہوتی ہے کیونکہ اصحابِ علامات

کے درمیان ایسی علامت کو ترک کرتا ہے جو اُس پر تقیید کے ساتھ غیر محکوم محقق ہے اور یہ روشن علامتیں ہیں اور یہ اُسی کے لئے ہوگا جو حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وارثوں میں صاحبِ تمکین کامل ہے۔

پہلی اُمتوں کے اقطاب

رہے اس اُمت کے علاوہ اُمتوں کے مکمل اقطاب کے بارے میں جو ہمارے زمانہ سے پہلے ہو چکے ہیں تو میرے لئے اُس جماعت کے نام عربی زبان میں ذکر کئے گئے۔ جب میں نے اُن کا مشاہدہ کیا اور اُنہیں دیکھا تو وہ حضرت برزخیہ میں تھے اور میں قرطبہ کے ایک شہر مشہدِ اقدس میں تھا۔ پس اُن کے نام یہ ہیں۔

المفرق، مداوی الکلوم، بقاء، مرتفع، شفاء، ماحق، عاقب، منحور، شجر الماء، عنصرِ حیات، شرید، راجح، صانع، طیار، سالم، خلیفہ، مقسوم، حیّ، رامی، واسع، بحر، ملصق، ہادی، مصلح اور باقی، تو یہ وہ مکمل لوگ ہیں جن کے حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ تک ہمیں نام بتلائے گئے۔

رہا! واحد و یکتا قطب، تو وہ حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رُوحِ مُبارک ہے اور وہ تمام انبیاء و رُسل سلام اللہ علیہم کی مددگار رہی۔

اقطاب نشاۃِ انسانی کے وقت سے لے کر قیامت کے دن تک رہیں گے۔ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا گیا کہ آپ کب سے ہیں، تو آپؐ نے فرمایا میں اُس وقت نبی تھا جب آدم پانی اور مٹی کے درمیان تھا۔

مداوی الکلوم

مداوی الکلوم کی وجہ یہ ہے کہ وہ ہوا کی جراحتوں کی خبر رکھنے والا اور دیکھنے

والا ہے اور دُنیا و شیطان اور نفس کو ہر لسانِ نبوی یا رسالی یا لسان ولایت کو جاننے والا ہے اور اُس کی نظر اپنے جسم کی ولادت کے مقام مکۂ معظمہ اور شام کی طرف تھی۔ پھر اِس وقت اُس نے اپنی نظر کو اُس زمین کی طرف پھیرا ہے جس میں بہت زیادہ گرمی اور خشکی ہے۔ اور اُس کی طرف کوئی بنی آدم اپنے جسم کے ساتھ نہیں پہنچ سکتا۔ اور بعض لوگوں نے اُسے مکۂ معظمہ سے اپنے مکان میں بغیر منتقل ہوتے کے دیکھا کہ اُس کے لئے زمین لپیٹ دی گئی تو اُسے دیکھ لیا گیا۔ ہم نے اُس سے بڑے بڑے مختلف علوم کے مآخذ اخذ کئے ہیں۔ اور اِس لئے عالم میں رُوحِ محمدیؐ کے مظاہر ہیں۔ اُس کا کامل ترین مظہر قطبِ زمان میں اور افراد میں اور ولایت محمدی کے ختم میں ہے اور ختمِ ولایتِ عامہ حضرت عیسیٰ علیہ السّلام ہیں اور وہ اپنے مسکن کے ساتھ تعبیر ہوتے ہیں۔

اِس باب کے بعد انشاء اللہ العزیز عنقریب اُن کا ذکر آئے گا کہ مدادی الکلوم ہونے کی بنا پر اُس کے لئے اِسرار سے کیا ہے۔ اور جو علوم اُس سے منتشر ہوتے ہیں وہ کون سے ہیں۔ مدادی الکلوم کے حال کے ظہور کے بعد پھر یہ راز ایک دوسرے شخص میں ظاہر ہوا جس کا نام مُستسلم للقضاء و قدر ہے یعنی قضاو قدر کو تسلیم کرنے والا۔

پھر مظہرِ حق کی طرف اس سے حُکم منتقل ہُوا۔ پھر مظہرِ حق سے ہائج کی طرف منتقل ہُوا۔ پھر ہائج سے اُس شخص کی طرف منتقل ہُوا جس کا نام واضع الحکم ہے۔ اُس کے متعلق گمان ہے کہ وہ حضرت لقمان علیہ السّلام ہیں اور اللہ ہی بہتر جانتا ہے۔ کیونکہ وہ حضرت داؤد علیہ السّلام کے زمانہ میں تھے۔ اور مجھے اِس پر یقین نہیں کہ وہ حضرت لقمان علیہ السّلام ہی ہوں گے۔

پھر واضع الحکم سے کاسب کی طرف منتقل ہُوا۔ پھر کاسب سے جامع الحکم

کی طرف منتقل ہوا۔ اور میں نہیں جانتا کہ یہ امر اِن کے بعد کس کی طرف منتقل ہوا۔ جب اِن اسمار کو جان لوں گا۔ کہ وہ کن علوم سے مختص ہیں تو اِس کتاب میں اِس کا ذکر کروں گا۔ اور ان شاء اللہ العزیز اِن میں سے ہر ایک کے مسئلے کا ذکر کروں گا۔ اور یہ مضمون میری زبان پر جاری ہے۔ پس میں نہیں جانتا کہ اللہ تبارک و تعالیٰ میرے ساتھ کیا سلوک فرمائے گا اور اِس باب سے اسی قدر کافی ہے۔ اور اللہ تعالیٰ حق فرماتا ہے اور سیدھے راستے پر چلاتا ہے۔

اَلحَمدُ لِلّٰہ تیرھویں جز اور چودھویں باب کا ترجمہ اختتام پذیر ہوا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ

پندرھواں باب

انفاس اور اُن کے محققین اقطاب کی معرفت اور اُن کے اسرار کا بیان

عالم الانفاس من نفسی — وہم الاعلون فی القدس
مصطفاہم سید لسن — وحیہ یاتیہ فی الجرس
قلت للبواب حین رای — ما قاسیہ من الحرس
قال ما تبغیہ یاولدی — قلت قرب السید الندس
من شفیعی للامام عسی — خطرۃ منہ لمختلس
قال مایعطی عوارفہ — لغنی غیر مبتئس

میرے نفس سے انفاس کے عالم ہیں۔ وُہ قدس میں بلندیوں والے ہیں۔
اُن کا برگزیدہ زبان کا سردار ہے۔ اُسے گھنٹی کی آواز میں وحی آتی تھی۔
جب دربان نے مجھے دیکھا تو مَیں نے اُسے اُس کے نگران سے پہنچنے والی تکلیف کے بارے میں بتایا۔
اُس نے کہا۔ اے میرے بیٹے تجھے کیا چاہیئے؟ مَیں نے کہا اہلِ دانش کے سردار کی قربت۔
مَیں اپنے شفیع کی امامت چاہتا ہُوں۔ شاید مجھے مختلس سے خطرہ درپیش آئے۔ کہا! اُس کے معارت غنی اور مایوس شدہ کو نہیں عطا ہوتے۔

حضورِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کا ارشاد ہے۔

عربی

ان نفس الرحمن یاتینی قبل الیمن

بے شک مجھے یمن کی سمت سے رحمٰن کی ہوا آتی ہے۔

صاحبِ راز قطب و امام

بعض نے کہا انصار اللہ تبارک و تعالیٰ کا نفس ہیں۔ اللہ تبارک و تعالیٰ نے اُن کے ساتھ اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم سے کُفّار و مشرکین کی تکلیفوں کو دُور کیا۔ انفاس قربِ الٰہی کی ہوائیں ہیں پس جب مشامِ عارفین اِن ہواؤں کی خوشبو کو پہچان لیتے ہیں تو اس مقام میں ثابت قدمی کے تحقق کی طلب کی طرف اُن سے وافر خواہشات ہوتی ہیں۔ اُنہیں اِس مقامِ اقدس کے طے کرتے اور نفحاتِ کرم کے لئے ہمتوں اور تعرض کے ساتھ بحث کے بعد اِسرار و علوم سے اُنفس کی پہچان ہے اِن انفاس کے ساتھ جو کچھ آتا ہے اُس کی خبر دی جاتی ہے۔
یہ لوگ اُس شخصِ الٰہی کو پہچان لیتے ہیں جس کے پاس وہ راز ہوتا ہے جس کے وہ طلب گار ہیں اور وہ علم جسے وہ حاصل کرنا چاہتے ہیں اور اُس سے حق قائم ہوتا ہے وہ اِن میں قطب ہوتا ہے جس پر اُن کا فلک دَورہ کرتا ہے اور امام ہوتا ہے جس کے ساتھ اُن کا تلک قائم ہوتا ہے۔ اُسے مدادی الکلوم کہا جاتا ہے۔ اس سے اُن میں وہ علم، حکمتیں اور اسرار منتشر ہوتے ہیں، جن کا حصر کتاب نہیں کر سکتی اور پہلا راز جس پر اُس کو مُطلع کیا گیا ہے پہلا زمانہ ہے جس سے زمانے پیدا ہوتے اور پہلا فعل ہے جسے وہ فعل عطا کیا گیا جو آسمانِ کیوان ہے اور ساتوں آسمانوں کی رُوحانیت کا تقاضا کرتا ہے۔

سونے کی تلاش کیوں

یہ صاحبِ راز تدبیر سے لوہے کو چاندی اور خاصیت کے ساتھ لوہے کو سونا بنا دیتا ہے اور یہ عجیب راز ہے کہ وہ مال پر رغبت کی بجائے حُسنِ مآل میں رغبت طلب کرتا ہے تاکہ اس سے مرتبۂ کمال پر واقفیت حاصل کرے اور وہ تکوین میں اکتساب کرتا ہے کیونکہ پہلا مرتبہ بخاراتِ معدنیات سے حرکاتِ فلکیہ اور حرارتِ طبعیہ کے ساتھ پارہ اور گندھک ہیں اور معدن یعنی کان میں پیدا ہونے والی ہر چیز اپنی اُس غایت کو طلب کرتی ہے جو اُس کا کمال ہے اور وہ سونا ہے لیکن معدن میں اُس پر علل و امراض طاری ہو جاتے ہیں جو زیادہ خشکی یا تری یا گرمی اور سردی کی بنا پر ہوتے ہیں اور اُسے اعتدال سے خارج کر دیتے ہیں۔ چنانچہ سونے میں یہ مرض اثر کر جاتا ہے جو لوہے یا تانبے یا قلعی وغیرہ معدنیات کی صورت میں موسوم ہوتا ہے۔ پس اس حکیم کو عقاقیر و ادویاتِ مزیل کی معرفت عطا ہوتی ہے جس کے استعمال سے معدنیات کے درجۂ کمال کے طالب کی شخصیت پر طاری ہونے والی اس علت کو دور کرے اور معدنیات کا درجۂ کمال سونا ہے۔ پس علتوں کو زائل کیا گیا تو سونا درست ہو کر چلا اور درجۂ کمال سے مُلحق ہو گیا۔

لیکن وہ درست قوتِ کمالیت میں قوی نہیں ہوتی جس کے جسم میں مرض داخل ہوا اور وہ جسم جس میں مرض داخل ہو اُس کا کدورت سے پاک اور خالص خلوص تک پہنچنا بعید ہے اور یہی اصلی خالص ہے جیسا کہ انبیاء کرام علیہم السّلام میں حضرت آدم اور حضرت یحییٰ علیہما السّلام ہیں اور غرض عبودیت میں درجۂ کمالِ انسانی ہے۔ کیونکہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے انسان

کو احسن تقویم پر پیدا فرمایا پھر اُسے اسفل السافلین میں لوٹا دیا۔ مگر وہ لوگ جو ایمان لائے اور اچھے عمل کیے۔ صحتِ اصلیہ پر باقی رہے۔ کیونکہ یہ اس کی طبیعت میں ہے جو اغراض کی علتوں اور اغراض کے امراض کا اکتساب کرتا ہے۔ پس اس حکیم نے ارادہ کیا کہ انسان کو احسن تقویم کی طرف لوٹا دے جس پر اللہ تبارک و تعالیٰ نے اُسے پیدا فرمایا تھا۔

کیمیا کا مقصد

پس اس عقل مند شخص کا اس صنعتِ کیمیا کی معرفت کا یہی مقصد تھا۔ اور یہ مقدار و اوزان کی معرفت کے سوا کچھ نہیں۔ کیونکہ جب اللہ تبارک و تعالیٰ نے انسان کو پیدا کیا تو وہ آدمؑ تھا جو اس نشاۃِ انسانیہ کی اصل ہے اور صورتِ جسمیہ طبعیہ عنصریہ ہے جب کہ اُس کا جسم گرمی، سردی اور رطب و یابس سے مرکب ہے بلکہ سرد خشک اور سرد تر اور گرم تر اور گرم خشک کا مرکب ہے اور یہی چاروں خلطیں سودا، بلغم، خون اور صفرا۔ ہیں جیسا کہ وہ عالمِ کبیر آگ، ہوا، پانی اور مٹی کے جسم میں ہیں۔

اللہ تبارک و تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السّلام کے جسم کو طین یعنی کیچڑ سے پیدا فرمایا اور وہ پانی اور مٹی کا امتزاج ہے۔ پھر اُس میں نفس اور روح کو پھونکا۔ اور پہلی نبوت میں بنی اسرائیل کے ایک نبی پر نازل ہونے والی ایک آسمانی کتاب میں وارد ہوا۔ اس وقت اُس کی نص بیان کروں گا۔ کیونکہ اُس کے ذکر کی ضرورت پڑ گئی ہے اور بہت سچی خبریں وہ ہیں۔ جو اللہ تبارک و تعالیٰ سے روایت کی گئی ہوں۔

بیماری کیوں ہوتی ہے

ہم سے قرطبہ کے رہنے والے مسلمہ بن وضاح کی سند سے روایت بیان کی گئی ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے انبیاء بنی اسرائیل پر نازل ہوتے والی ایک کتاب میں ارشاد فرمایا۔ میں نے آدم کو مٹی اور پانی سے پیدا فرمایا اور اُس میں نفس اور رُوح کو پھونکا۔ پھر درست کیا اُس کے جسم کو مٹی کی قبولیت سے اور اُس کی رطوبت پانی سے ہے اور اُس کی حرارت نفس سے ہے اور اُس کی برُودت رُوح سے ہے فرمایا! پھر بعدازاں اِس میں یہ دُوسری چار انواع مقرّر فرمائیں جو ایک دُوسری کے بغیر قائم نہیں ہوتیں۔ اور یہ دو پتّے، خُون اور بلغم ہیں۔ وہ ایک دُوسری میں ساکن ہو گئیں تو خشکی نے سوَدار کے پتّے میں اور حرارت نے صفرا کے پتّے میں ٹھکانے بنایا۔ اور رطوبت کا مسکن خون میں اور سردی کا مسکن بلغم میں بنا۔

پھر اللہ جَلّ شانہٗ نے فرمایا! جو نسے جسم میں یہ خلطیں معتدل رہیں گی، اُس کی صحت کامل ہو گی اور اُس کی بنیاد اعتدال پر ہو گی اور اگر اِن میں سے کوئی خلط ان پر زیادہ ہو کر غالب آگئی تو اپنی زیادتی کے مطابق اُس جسم کو بیمار کر دے گی اور اگر اُن خلطوں کی متفاوت سے ضُعف اور کمی کا شکار ہو گی تو اُن کے غلبے سے بیماری میں داخل ہو جاتے گا۔ اور اُس کا ضُعف اُن کی متفاوت سے ہے پس طِبّ کا علم یہ ہے کہ کمی میں زیادتی اور زیادتی میں کمی کر کے اعتدال قائم کرے۔

ہم نے اپنے موعظہ حسنہ میں یہ اللہ تبارک وتعالیٰ کے طویل کلام سے بیان کیا ہے پس یہ امام اِس نشاۃِ طبی اور عالم علوی کے انوارِ کواکب

میں آثارِ مودّعہ اور اُن کی سیاحت کے علم کو لوگوں سے زیادہ جانتا تھا۔ اور یہ وہ امر ہے جس کے متعلق اللہ تبارک وتعالیٰ نے آسمانوں میں اور اُن کے جمع ہونے میں اور اُن کے اُترنے اور چڑھنے اور بلندی و پستی میں وحی فرمائی۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے۔

واوحی فی کل سماء امرھا

اور اُس کے امر کی ہر آسمان میں وحی فرمائی

اور زمین کے متعلق ارشاد فرمایا:

وقدر فیھا اقواتھا

اور اُس میں اُس کے مکینوں کی روزیاں مقرر کیں

وہ مُردوں کو زندہ کرتا تھا

ہم نے ذکر کیا ہے کہ وہ شخص علوم و احوال میں صاحبِ وسعت اور راسخ القدم تھا لیکن ذوق حال کے باب سے اُس کی قوّتِ نظر ساتویں آسمان سے آگے نہیں بڑھی لیکن جو کچھ فلک کوکب و اطلس میں ہے وہ اُسے کشف و اطلاع سے حاصل ہو گیا تھا اور اُس کے گمان میں تبدیلیٔ اعیان غالب تھی۔ اور ہمارے نزدیک اعیان تبدیل نہیں ہوتے اور یہ شخص اپنی رُوحانیت کے ساتھ بحیثیت اپنی رَصد و فکر کے اپنے مقابل کے ساتھ اُس کے درجہ و دقائق میں تسبیح پڑھنا کبھی نہیں چھوڑتا تھا۔

اُس کے پاس مُردوں کو زندہ کرنے کے عجیب اسرار تھے اور اللہ

تبارک وتعالیٰ نے اُسے یہ خصوصیت عطا فرمائی تھی کہ وہ جس خشک مقام پر جاتا اللہ تبارک وتعالیٰ اُس میں شادابی اور برکت پیدا فرمادیتا۔ جیسا کہ حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت خضر علیہ السلام کے بارے میں فرمایا ہے۔ چنانچہ جب آپؐ سے حضرت خضر کے نام کے بارے میں پوچھا گیا تو فرمایا: وہ جس خشک گھاس پر بیٹھتے وہ آپ کے نیچے سے سرسبز ہوجاتی۔

صاحبِ مقام شاگرد

اِس امام کا ایک شاگرد معرفتِ ذاتیہ اور علمِ قوت میں بڑا دخل رکھتا تھا اور اِس کے بیان کرنے پر اپنے ساتھیوں پر مہربانی کرتا اور اپنے ساتھیوں کو خوف کی وجہ سے عام لوگوں سے چھپاتے رکھتا تھا۔ اِس لئے اُس کا نام مداوی الکلوم ہے۔ جیسا کہ حضرت یعقوب علیہ السلام، حضرت یوسف علیہ السلام کو اُن کے بھائیوں کے ڈر کی وجہ سے روکے رکھتے تھے۔

وہ اپنے ساتھیوں کو علمِ تدبیر اور اس جیسے علوم میں مشغول رکھتے تھے، جن میں اِس فن سے مشاکلت تھی جیسا کہ جسموں میں رُوحوں کی ترکیب، جسموں کا تحلیل وتالیف ہونا، جسم سے صورت کا نکالنا اور اُس پر صورت نکالنا، تاکہ اِس سے اللہ تعالیٰ علیم وحکیم کی صنعت سے واقفیت ہو جائے۔ علمِ عالم اسی قطب سے نکلا ہے اور وہ ایک بڑا انسان ہے اور انسان جرم میں معنی کی مشابہت میں اُس کا مختصر ہے۔

اُس رُوح نے مجھے خبر دی ہے جس سے میں نے یہ کتاب اَخذ کی اور اپنی سپردگی میں لی ہے کہ اُس نے ایک روز اپنے ساتھیوں کو شراب خانہ

میں جمع کیا اور اُن میں کھڑے ہو کر خُطبہ دیا اور اُس پر ہیبت طاری تھی پس کہا میں اِس مقام میں جو بات رمز میں کروں اُسے سمجھ لیں اور اُس میں فکر کریں اور اُس کے خزانے کو نکالیں اور جس عالم میں اُس کا زمانہ تھا وہ وسیع ہو گیا اور میں تمہارے لئے نصیحت کرنے والا ہوں۔ ہر جانا گیا پھیلتا ہے۔ ہر علم کے لئے مخصوص لوگ ہیں۔ نہ انفراد کے لئے ممکن ہے اور نہ وقت کے لئے گنجائش ہے۔ لازم ہے کہ جمع میں مختلف فطرتیں اور غیر مُلتفت اذہان ہوں، ہر جماعت کا مقصود ایک ہے میرے کلام کا قصد کرنے والے کے ہاتھ میں میری رمز کی کُنجی ہے۔ ہر مقام کے لئے مقال، ہر علم کے لئے رِجال اور ہر وارد کے لئے حال ہے۔ پس غور کریں۔ یعنی جو میں کہتا ہوں اُسے سُن کر یاد رکھیں۔

مجھے نورُ النور کی قسم ہے اور میں رُوحِ حیات اور حیاتِ رُوح کی قسم کھاتا ہوں جہاں سے میں آیا ہوں تم سے لوٹنے والا ہوں۔ رائس اصل کی طرف رجوع کر رہا ہوں جہاں سے میں نے وجود پایا، اِس ظلمت میں ٹھہرے ہوئے مجھے طویل عرصہ ہو گیا ہے اور اِس ظُلمت کے ترادف سے میرا نفس تنگی محسوس کرتا ہے اور میں نے تمہاری طرف سے رحلت کی اجازت حاصل کر لی ہے میں رحلت کرنے والا ہوں۔ پس آپ لوگ میرے کلام پر ثابت قدم رہیں۔ جو میں کہتا ہوں۔ اتنے سال گزر جانے کے بعد آپ جان لیں گے۔ پس آپ نہ ہٹیں یہاں تک کہ اِس مُدّت کے بعد میں تمہارے پاس آ جاؤں اور اگر آپ ہٹ جائیں، تو دوبارہ اس مجلس کی طرف آنے میں جلدی کریں۔ اگرچہ اِس کا معنیٰ لطیف ہے اور اِس کا معنیٰ حرف پر غالب ہے۔ پس حقیقت حقیقت ہے اور طریقت طریقت ہے۔

دُودھ اور عمارت میں جنّت اور دُنیا کا اشتراک ہے۔ اگرچہ ایک مٹی اور بھوسہ سے بنی ہے اور دوسری جواہرات اور سونے چاندی سے بنی ہے۔ یہ اُس

کی اپنے بیٹوں کے لئے وصیت تھی. اس مسئلہ کی رمز بہت بڑی ہے اور وہ چلی گئی جس نے اِسے جان لیا اُسے استراحت حاصل ہُوئی۔

قاضئ قرطبہ سے ملاقات

مَیں ایک روز قرطبہ کے قاضی ابی ولید بن رشد کے ہاں گیا. وہ مجھ سے اُس وقت سے ملاقات کی رغبت رکھتا تھا جب اُس نے سُنا اور اُس تک وُہ امر پہنچا جو اللہ تبارک و تعالیٰ نے میری خلوت میں مجھ پر کھولا تھا اور وہ میرے متعلق یہ باتیں سُن کر اظہارِ تعجب کرتا تھا. پس میرے والد صاحب نے ایک ضرورت کے لئے مجھے اُن کے پاس بھیجا اور مقصد یہ تھا کہ وہ مجھ سے ملیں. کیونکہ وُہ اُن کے دوستوں سے تھے اور مجھے اُس وقت داڑھی مُونچھ نہ آئی تھی۔

جب مَیں اُن کی خدمت میں حاضر ہُوا تو وُہ محبت و تعظیم سے اپنی جگہ پر کھڑے ہو گئے اور مجھ سے معانقہ کیا اور مجھے کہا: ہاں؟ مَیں نے کہا: ہاں تو وہ زیادہ خوش ہُوئے، مَیں نے اُن کی ہاں کا مطلب سمجھ لیا تھا. پھر اُن کی خوشی کا باعث پُوچھتے ہُوئے مَیں نے کہا: نہیں. پس اُنہیں انقباض لاحق ہو گیا اور اُن کا رنگ متغیر ہو گیا. اُن کے نزدیک کوئی اَمر واقع ہو چکا تھا اور اُنہوں نے مجھے کہا. تم نے کشف اور فیضِ الٰہی میں یہ اَمر کیسا پایا؟ کیا یہ وُہی ہے جو ہمیں نظر عطا کرتی ہے؟ مَیں نے اُنہیں کہا: ہاں: نہیں اور ہاں اور نہیں کے درمیان اَرواح اپنے موّاد سے اور گردنیں اپنے اجسام سے پرواز کر جاتی ہیں. اُن کا رنگ زرد ہو گیا اور وَہ دِل گرفتہ ہو کر بیٹھ گئے اور اُسے جان گئے جس کی طرف مَیں نے اشارا کیا اور وہ اِس مسئلہ کی عَین ہے جس کا ذکر اِس قطبِ امام یعنی مداوی الکلوم نے کیا ہے. بعد ازاں میرے والد صاحب سے اُنہوں نے

ہمارے ساتھ ملاقات طلب کی تاکہ جو اُن کے پاس ہے ہم پر پیش کریں کہ کیا وہ موافق ہے یا مخالف؟ کیونکہ وہ ارباب فکر و نظر عقلی میں سے تھے تو اُنہوں نے اس بات پر اللہ تبارک و تعالیٰ کا شکر ادا کیا کہ وہ اس زمانے میں ہیں جس میں اُنہوں نے اپنی خلوت میں جاہل کو داخل ہوتے اور بغیر درس و بحث اور مطالعہ و پڑھائی کے اِس خروج کی مثل نکلتے دیکھا اور کہا: ہم نے اس حالت کا اثبات کیا ہے اور اِس کے ارباب کو نہیں دیکھا تھا۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ کہ ہم اُس زمانے میں ہیں جس میں ان بند دروازوں کو کھولنے والے ارباب میں سے ایک کو دیکھ رہے ہیں۔ خُدا کا شکر ہے جس نے مجھے اِس رویّت سے مخصوص فرمایا۔

پھر مَیں نے دوسری بار اُن سے ملاقات کا ارادہ کیا تو اللہ تعالیٰ اُن پر رحم فرمائے۔ ایک واقعہ میں میرے لئے اُنہیں یوں قائم کیا کہ میرے اور اُن کے درمیان باریک پردہ تھا۔ جس میں سے مَیں اُن کی طرف دیکھ رہا تھا اور وہ مجھے نہیں دیکھ سکتے تھے۔ اور نہ ہی اُنہیں میرے مکان کا علم تھا۔ وہ مجھے جانے بغیر اپنی ذات کے ساتھ مشغول تھے۔ مَیں نے کہا: وہ اُس مُراد پر نہیں جس پر ہم ہیں۔ بعد ازاں ہماری اُن سے ملاقات نہیں ہو سکی یہاں تک کہ اُن کا انتقال ہو گیا۔ اُن کی وفات ۵۹۵ھ میں مراکش شہر میں ہوئی۔ جہاں سے اُنہیں قرطبہ منتقل کیا گیا، جب اُن کا تابوت جس میں اُن کا جسم تھا سواری پر رکھا گیا تو اُس کے وزن کو برابر کرنے کے لئے دوسری طرف ان کی تالیفات کو رکھ دیا گیا۔ میت کی روانگی کے وقت مَیں کھڑا تھا اور میرے ساتھ ادیب ابُو حسین، محمد بن جبیر کاتب، سید ابی سعید اور میرے ساتھی ابوالحکم عمر بن سراج ناسخ موجود تھے۔ ابُوالحکم ہماری طرف متوجہ ہُوا اور کہا۔ کیا آپ نے اُس شخص کی طرف دیکھا جو اپنی سواری میں امام ابنِ رُشد کے برابر ہے۔ یہ امام ہے اور اُس کی کتابیں اُس

کے اعمال ہیں۔

ابن جبیر نے اُسے کہا: اے بیٹے ہاں! نہیں دیکھا تاکہ تجھے خاموش کرتا۔ پس میں نے اس وعظ و تذکیر کو اپنے پاس محفوظ کر لیا۔ اللہ تعالیٰ اُن سب پر پر رحم فرمائے۔ میرے سوا اُس جماعت سے کوئی شخص باقی نہیں۔ اور ہم نے اِس میں کہا۔

ھٰذا الامام وھٰذہ اعمالہ

یالیت شعری ھل اتت امالہ

یہ امام اور یہ اُس کے اعمال تھے۔ کاش مجھے معلوم ہوتا کہ اُس کا آمال کیا ہُوا۔

فلک کا دَورہ خَلا کو پُر کرتا ہے

یہ تقلب مداوی الکلوم حرکتِ فلک کے راز کو ظاہر کرنے والا ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ نے اُسے جس شکل پر پیدا فرمایا ہے۔ اگر وہ اس کے علاوہ شکل پر ہوتا تو صحیح نہیں کہ وجود میں کوئی چیز پیدا ہو جو اُس کے حیطہ کے اندر رہے۔ اس میں حکمتِ الٰہیہ کو ظاہر کیا گیا ہے تاکہ اہلِ بصیرت اشیاء میں اللہ تعالیٰ کے علم کو دیکھیں اور وہ ہر چیز کو جاننے والا ہے۔ نہیں کوئی معبود مگر وہ جاننے والا اور حکمت والا اور معرفتِ ذات و صفات میں ایک علم ہے جس کی طرف اس قطب نے اشارہ کیا ہے۔ پس اگر بغیر دائرہ کے فلک حرکت کرتا تو اُس کی حرکت کے ساتھ خلاء نہ بھرتا۔ اور خلاء میں بہت سے کنارے باقی رہ جاتے اور اِس حرکت سے تمام اَمر کی تقویم نہ ہوتی اور حرکت کے ساتھ ان کناروں کے معمور ہونے سے جس قدر کمی ہوتی اُسی قدر نقص ہوتا۔ اور یہ اللہ تبارک و

تعالیٰ کی مشیت اور اسباب پیدا کرنے میں حکمت جاریہ ہے۔

محیط کا تقرب

اِس قطب نے خبر دی ہے کہ عالم اُن کے مرتبوں اور افلاک کے چھوٹے بڑے ہونے پر محیط اور نقطہ کے درمیان موجود ہے جو کہ محیط کے زیادہ قریب ہے اور جو اُس کے جوف میں ہے اس سے زیادہ وسیع ہے۔ اُس کا دن بہت بڑا اور اُس کا مکان زیادہ فسیح اور اُس کی زبان زیادہ فصیح ہے اور یہ تحقق کی طرف قوت اور صفائی کے زیادہ قریب ہے اور جو عناصر کی طرف انحطاط پذیر ہوتا ہے۔ وہ اس درجہ سے کُرۂ ارض کی طرف اُتر آتا ہے اور ہر محیط میں ہر جُزء۔ اپنے مافوق ماتحت کے سامنے اپنی ذات کے ساتھ ہے اور ایک چیز دوسری پر زائد نہیں ہوتی۔ اگرچہ ایک وسیع اور دُوسری تنگ ہو۔

آخرت کی خواہشات جائز ہیں

یہ اَمر بڑے کو چھوٹے پر اور وسیع کو تنگ پر وارد کرنے سے ہے۔ بغیر اس کے کہ تنگ کو وسعت دی جائے یا وسیع کو تنگ کر دیا جائے اور سب اپنی ذات کے ساتھ نقطہ کی طرف دیکھتے ہیں اور نقطہ باوجود اپنے چھوٹے ہونے کے اپنی ذات کے ساتھ محیط کی ہر جزء کو دیکھتا ہے۔ پس مختصر محیط ہے اور اُس سے مختصر نقطہ ہے اور اُس کا بالعکس بھی ہے۔ پس دیکھیں جب عناصر کی طرف انحطاط پذیر ہو کر یہ اَمر زمین کی طرف مُنتہی ہُوا تو پانی کی طرح دانوں اور زیتون میں اُس کی مَیل کی زیادتی ہو گئی۔ اور ہر وہ مائع جو برتن میں ہوتا ہے۔ اُس کا مَیل اُس کے نیچے چلا جاتا ہے اور مُصفّٰی اُس کے اُوپر آ جاتا ہے اور اس میں معنی یہ ہیں

کہ جو امرِ عالمِ طبیعت پاتا ہے وہ شہوانی کدورتوں، شبہات شرعیہ کے ساتھ علوم و تجلیات کے انوار کے ادراک سے مانع حجاب سے ہے۔ اور زبان، نظر، سماعت، کھانے پینے لباس، مرکب و نکاح میں عدمِ فتویٰ سے ہے اور شہوانی کدورتوں پر شیفتہ ہونے اور اس میں استغراغ کے ساتھ ہے۔ اگرچہ وہ حلال ہوں اور آخرت میں خواہشات و شہوات سے منع نہیں کیا گیا اور وہ تجلّی کے باعث شہواتِ دنیوی سے بہت بڑی ہوں گی۔ کیونکہ وہاں بصارتوں پر تجلّی ہوگی اور بصارتیں شہوات کا محل نہیں جب کہ یہاں دنیا میں ظاہر کے علاوہ بصائر و بواطن پر تجلّی ہے اور بواطن محلِ شہوات ہیں۔ اور تجلّی اور شہوت ایک محل میں جمع نہیں ہوتے۔ اسی لئے عارفین و زہاد اس دنیا میں شہوانی لذات اور حطامِ دنیوی کمانے سے بچتے ہیں اور پرہیز کرتے ہیں اور یہ وہ امام ہے جس نے اپنے ساتھیوں کو یہ بات سکھائی۔

ابدال سات ہیں

پھر سات رجال ہیں جنہیں ابدال کہا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کے ذریعے ہفت اقلیم کی حفاظت کرتا ہے۔ ہر بدل کے لئے ایک اقلیم ہے اور انہی کی طرف روحانیت کے ساتوں آسمان دیکھتے ہیں۔ اور ان میں سے ہر شخص کی قوت اُن انبیاء کی روحانیت سے ہے جو ان آسمانوں میں مکین ہیں۔ اور وہ حضرت ابراہیم خلیل علیہ السلام ہیں جن سے حضرت موسیٰ علیہ السلام ملے ہوئے ہیں۔ اُن سے حضرت ہارون علیہ السلام ملے ہوئے ہیں اُن سے حضرت ادریس علیہ السّلام اُن کے ساتھ حضرت یوسف علیہ السّلام اُن کے ساتھ حضرت عیسیٰ علیہ السّلام اور اُن کے ساتھ حضرت آدم علیہ السّلام ملے ہوتے ہیں جب کہ حضرت یحییٰ علیہ السّلام، حضرت عیسیٰ علیہ السّلام اور حضرت ہارون علیہ السّلام کے درمیان آتے جاتے ہیں۔

اِن ساتوں ابدالوں کے دِلوں پر اِن انبیاء علیہم السّلام کے حقائق کا نزول ہوتا ہے۔ اور یہ ساتوں کواکب اُن کی طرف دیکھتے ہیں اُس چیز کے ساتھ جو اللہ تبارک و تعالیٰ نے اِن ساتوں آسمانوں کی حرکت میں اسرار و علوم اور آثارِ علویہ و سفلیہ سے اُن کے سپرد کی ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

واوحی فی کل سماء امرھا (ادریں کل آسمان ۵۱ لفصلت)

اور اُس کا اَمر ہر آسمان میں وحی کیا گیا ہے۔

اَبدال کے علوم و اقالیم

پس اُن کے لئے اُن کے دلوں میں ہر ساعت میں اور ہر دن میں اُس کے مطابق ہوتا ہے جو اُسے اِس ساعت کا صاحب اور اِس دن کا سلطان عطا کرتا ہے۔ ہر علمی اَمر جو اتوار کے دن ہوتا ہے وہ حضرت ادریس علیہ السّلام کے مادہ سے ہوتا ہے اور اُس روز عنصر میں جو علوی اثر ہوا اور آگ میں ہوگا وہ سباحتِ آفتاب سے ہوگا اور اِس میں اُس کی نظر اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف سے ودیعت کی جاتی ہے اور اُس روز جو اثر پانی اور مٹی کے عنصر میں ہوگا۔ وہ چوتھے فلک کی حرکت سے ہے اور یہ اُس شخص کا مقام ہے جو ان اقالیم سے چوتھی اقلیم کی حفاظت کرتا ہے، ابدال میں سے اِس مخصوص شخص کو اِس اقلیم کے علوم سے علم اسرارِ رُوحانیات، علم نور و ضیاء، علم برق و شعاع اور ہر جسمِ مستنیر کا علم حاصل ہوتا ہے اِس لئے وہ روشنی اور اُس کے مزاج کو جان لیتا ہے جو اُسے یہ قبولیت عطا کرتا ہے۔ جیسا کہ حیوانات سے جگنو اور جیسا کہ نباتات سے انجیر کے درخت کی جڑیں، جیسا کہ جِرمِ ماہی و یاقوت اور حیوانوں

کے بعض گوشت ہوتے ہیں۔

علاوہ ازیں اُسے معدنیات و نباتات، حیوان و انسان اور فرشتے کے بارے میں علمِ کمال اور حرکتِ مستقیمہ کا علم ہوتا ہے۔ جہاں بھی وہ حیوانات یا نباتات میں ظاہر ہو اور اُسے علمِ معالم تاسیس و انعکاس انوار اور علمِ خلع ارواح مدبّرات حاصل ہوتا ہے اور اُسے مبہم امور کی وضاحت اور دقیق مسائل کی مشکل کے حل کا علم ہوتا ہے۔

علاوہ ازیں اُسے نغماتِ فلکیہ و دولابیہ اور اوتاد وغیرہ سے آلاتِ طرب کی آوازوں کا علم اور دونوں کے درمیان اور طبائع حیوانات اور جواس سے نباتات کے لئے ہے علمِ مناسبت ہوتا ہے اور اُسے اُس کا علم ہوتا ہے جو اُس کی طرف رُوحانی معنے اور معطر خوشبوئیں منتہی ہوتی ہیں اور اُسے اُن خوشبوؤں کے مزاج کا علم ہوتا ہے کہ وہ کیوں پھرتی ہیں اور ہوا انہیں کیسے سونگھنے والے اِدراک کی طرف منتقل کرتی ہے۔ اور کیا وہ جوہر ہے یا عرض ہے۔

یہ ہر چیز اُسے پہنچتی ہے اور صاحبِ اقلیم ہٰذا اُس دن میں اور تمام دنوں میں اِس فلک حرکت کے حکم ساعتوں میں علم رکھتا ہے۔ اور جو اُس میں کواکب کا حکم اور جو اِس میں بنی کی رُوحانیت سے ہے۔ ایسے ہی جمعہ کا دَورہ پورا ہونے تک ہوتا رہتا ہے۔

پیر کے دن کا علمی اَمر

ہر علمی اَمر جو پیر کے دن ہو گا۔ وہ حضرت آدم علیہ السلام کی رُوحانیت سے ہے اور ہر اثرِ علوی جو ہوا اور آگ کے عنصر میں ہوتا ہے وہ چاند کی گردش سے ہوتا ہے اور ہر سفلی اثر جو پانی اور مٹی کے عنصر میں ہوتا ہے آسمانِ دنیا کے

فلک کی حرکت سے ہوتا ہے اور اس شخص کے لئے ساتویں اقلیم ہے۔ اس بدل کے لئے فی نفسہٖ علوم سے جو پیر کے دن میں اور ایام جمعہ کی ساعتوں سے ہر ساعت میں حاصل ہوتا ہے اُس سے ہے جو اس فلک کے لئے ہے۔ اس میں علم سعادت و شقاوت اور علم اسماء، اور جو اُس کے خواص ہیں کا حکم ہوتا ہے۔ اور مدّوجزر اور نفع نقصان کا علم ہوتا ہے۔

منگل کا علمی اَمر

ہر علمی اَمر جو منگل کے روز ہوگا وہ حضرت ہارون علیہ السلام کی رُوحانیت سے ہے اور ہر علوی اثر جو آگ اور ہوا کے عُنصر میں ہوتا ہے وہ رُوحانیتِ احمر سے ہوتا ہے اور ہر سفلی اثر جو پانی اور مٹی میں ہوتا ہے پانچویں فلک کی حرکت سے ہے اور اس بدل کے لئے اقالیم سے تیسری اقلیم ہے۔ اس دن میں اور دنوں کی ساعتوں میں جو علوم اُسے عطا ہوتے ہیں وہ مُلک کی تدبیر اور سیاست کا علم اور حمیّت و حمایت اور لشکروں کی ترتیب و قتال اور جنگی چالوں کا علم ہے، علاوہ ازیں قربانیوں اور ذبح حیوان کا علم اور ایام قربانی کے اسرار اور تمام مکانوں میں اُس کے سریان کا علم اور ہدایت و گمراہی کا علم اور دلیل سے شُبہ کی تمیز کا علم ہے۔

بُدھ کا علمی اَمر

ہر علمی امر جو بدھ کے روز ہوگا وہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی رُوحانیت سے ہے اور وہ نُور کا دن ہے اور اس طریق میں ہمارے دخول میں اُس کی نظر ہے جس پر ہم اس روز ہیں اور آگ اور ہوا کے عنصر میں جو اثر ہوتا ہے

وُہ اپنے فلک میں کاتب کی گردش ہے اور ہر سِفلی اثر جو پانی اور مٹی کے رُکن میں ہوگا وہ دوسرے آسمان کے فلک کی حرکت سے ہوتا ہے اور اس دن کے صاحب بدل کے لئے چھٹی اقلیم ہے اور آپ اُس روز میں اور دنوں سے اُس کی ساعت میں جو علُوم حاصل ہوتے ہیں اُن میں سے علمِ اوہام والہام ووحی، علمِ قیاسات وآرأ اور رویاء وعبادت، علمِ اختراع کاریگری اور عطاردت، علمِ غلط جو عینُ الفہم کے ساتھ متعلق ہے، علمِ تعلیم وکتابت، علمِ آداب وزجر، علمِ کہانت وسحر اور طلسمات وعزائم ہے۔

جمعرات کا علمی اَمر

ہر علمی اَمر جو جمعرات کے دن میں ہوگا وُہ حضرت مُوسٰی علیہ السّلام کی رُوحانیت سے ہے اور آگ اور ہَوا کے رُکن میں ہر علوی اثر مُشتری کی گردش سے ہوتا ہے اور پانی اور مٹی میں ہر سِفلی اثر اُس کے فلک کی حرکت سے ہوتا ہے، اس بدل کے لئے اقلیموں سے دوسری اقلیم ہے اور اس روز اور دنوں سے اُس کی ساعتوں میں جو علوم حاصل ہوتے ہیں اُن میں علمِ نباتات ونوامیس، علمِ اسبابِ خیر اور مکارمِ اخلاق، علمِ قربات، علمِ قبولِ اعمال اور اُن کے صاحب کی انتہاء، کہاں ہے کا علم ہے۔

جمعہ کا علمی اَمر

ہر علمی اَمر جو جمعۃ المبارک کے روز ہوگا اُس شخص کے لئے ہے جس کے ساتھ اللہ تبارک وتعالیٰ پانچویں اقلیم کی حفاظت فرماتا ہے پس وہ حضرت یُوسف علیہ السّلام کی رُوحانیت سے ہے اور ہر علوی اثر جو آگ اور ہَوا کے رُکن میں ہوگا، زہرہ

ستارے کی نظر سے ہوتا ہے اور ہر سفلی اثر جو پانی اور زمین کے رکن میں ہوگا فلک زہرہ کی حرکت سے ہوتا ہے اور یہ اُس امر سے ہے جو اللہ تبارک وتعالیٰ ہر آسمان میں وحی فرماتا ہے اور یہ آثار وہی امر الٰہی ہے جو آسمان اور زمین کے درمیان نازل ہوتا ہے اور ہر وہ چیز جو دونوں کے درمیان پیدا ہوتی ہے جو اس سے آسمان کے درمیان اور وہ جو زمین کے درمیان نازل ہوتا ہے اُسے اس نزول سے قبول کرتی ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے۔

اَللّٰہُ الَّذِیْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ وَّمِنَ الْاَرْضِ مِثْلَهُنَّ
یَتَنَزَّلُ الْاَمْرُ بَیْنَهُنَّ لِتَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰہَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ
(الطلاق آیت ۱۲)

یعنی اُس نے سات آسمان پیدا فرمائے اور اُن کی مثل زمین سے ہے دونوں کے درمیان اَمر نازل ہوتا ہے تاکہ جان لو بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

اور قدرت کا تعلق ایجاد کے ساتھ ہے پس ہم نے جان لیا کہ اس تنزّل کا مقصود تکوین یعنی پیدائش ہے۔ اس دن اور دنوں سے اُس کی ساعتوں میں جو علوم آتے حاصل ہوتے ہیں اُن میں سے حضرت جمال والس سے علم تصویر اور علم احوال ہے۔

ہفتہ کا علمی امر

ہر علمی امر جو ہفتہ کے دن میں ہوگا۔ اُس کا بدل وہ ہے جو پہلی اقلیم کی حفاظت کرتا ہے پس وہ حضرت ابراہیم خلیل علیہ السلام کی روحانیت سے ہے اور اس دن میں جو علوی اثر آگ اور ہوا کے رکن میں ہوگا وہ اپنے فلک میں کیوان ستارے کی حرکت سے ہوتا ہے اور جو سفلی اثر زمین اور پانی میں ہوگا وہ اُس کے فلک

کی حرکت سے ہوگا۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے کواکب سیارہ کے حق میں فرمایا ہے۔
کل فی فلک یسبحون اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا! وَبالنجم ھُم یھتدون یعنی وہ ہر فلک میں پھرتے ہیں اور وہ ستاروں کے ساتھ ہدایت پاتے ہیں پس انہیں ان کے ساتھ ہدایت کے لئے پیدا کیا ہے، اس دن میں اور باقی ایام کے شب وروز سے اس کی ساعتوں میں اسے جو علوم حاصل ہوتے ہیں اس میں علم ثبات وتمکین، علم دوام وبقاء اور ان ابدال کے مقامات کے ساتھ اس امام کا علم ان کے بحیرہ سے ہے اور کہا کہ مقام اوّل اور بحیرہ کی مثل کوئی چیز نہیں اور اس کا سبب اس کی اوّلیت کا ہونا ہے کیونکہ اگر اس کے لئے پہلے مثل ہوتی تو اس کی اوّلیت درست نہ ہوتی پس اس کا ذکر اس کے مقام کو مناسبت سے ہے اور دوسرے شخص کا مقام اس کے بحیرہ میں ہے۔ البتہ میرے ربّ کے کلمات خرچ ہونے سے قبل سمندر خرچ ہو جائے گا اور یہ مقام علم الہٰی ہے اور اس کا تعلق لامتناہی ہے۔

یہ اوصاف میں سے دوسرا وصف ہے کیونکہ اوصاف میں سے پہلا وصف زندگی اور اس کے بعد علم ہے۔ اس شخص کا بحیر تیرا وصف ہے اور اس کا مقام ہے۔

وَفِیْ اَنْفُسِکُمْ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ۔ اور وہ تمہارے نفسوں میں ہے کیا تم نہیں دیکھتے اور یہ تیسرا مرتبہ ہے۔ کیونکہ پہلی نشانیاں اسمآ الہیہ اور دوسری نشانیاں آفاق میں ہیں اور وہ نشانیاں جو دوسری نشانیوں سے ملی ہوئی ہیں ہمارے نفسوں میں ہیں۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے۔

سَنُرِیْھِمْ اٰیٰتِنَا فِی الْاٰفَاقِ وَفِیْٓ اَنْفُسِھِمْ

حٰمٓ السجدہ آیت ۵۳

ہم انہیں اپنی نشانیاں آفاق اور ان کے نفسوں میں دکھائیں گے۔

پس اِس لئے ابدال سے اِس تیسری بحیر کے ساتھ مختص ہُوا اور بحیرہ میں چوتھا مقام یَا لَیۡتَنِیۡ کُنۡتُ تُرَابًا ہے یعنی کاش میں مٹی ہوتا اور یہ اُن ارکان سے چوتھا رُکن ہے جو مرکز طلب کرتا ہے اُس کے نزدیک جو اِس کے ساتھ کہتا ہے۔

نقطہ کا قریبی کُرّہ زمین ہے

نقطہ کے لئے قریب تر کُرّہ زمین ہے اور یہ نقطہ محیط کے وجود کا سبب تھا۔ پس وُہ اشیاء کے مُوجد اللہ تبارک و تعالیٰ سے قُرب طلب کرتا ہے جو اُسے سوائے تواضع کے حاصل نہیں ہوتا اور زمین سے بڑھ کر تواضع میں کوئی نہیں آترتا۔ یہی منبع ہائے علوم ہیں جن سے نہریں پھوٹتی ہیں اور جو بارشوں سے پانی اُترتا ہے وہ رطوبتوں کے بخارات ہیں جو زمین سے اُٹھتے ہیں پس اِن سے چشمے اور نہریں جاری ہوتی ہیں اور اِن سے آسمانی فضا کی طرف بخارات نکلتے ہیں پس پانی حل ہوتا ہے اور بارش اُترتی ہے اِس لئے چوتھا چوتھے ارکان سے مختص ہُوا اور مقام پانچواں ہے۔

فَاسۡئَلُوۡۤا اَهۡلَ الذِّكۡرِ اِنۡ كُنۡتُمۡ لَا تَعۡلَمُوۡنَ ۝

پس اہلِ ذکر سے سوال کرو۔ اگر تم نہیں جانتے۔

اور نہیں سوال کرتا۔ مگر مولود کیونکہ طِفل مقام طفولیت میں ہوتا ہے اور سوال کرتا ندا ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

وَاللّٰهُ اَخۡرَجَكُمۡ مِّنۡۢ بُطُوۡنِ اُمَّهٰتِكُمۡ لَا تَعۡلَمُوۡنَ شَيۡـئًا (النحل آیت ۷۸)

تمہیں تمہاری ماؤں کے بطنوں سے نکالا تم کسی چیز کو نہ جانتے تھے۔

پس وہ نہیں جانتا یہاں تک کہ سوال کرے پس بیٹا پانچویں مرتبہ میں ہے کیونکہ اُس کی مائیں چار ہیں اور وُہ مائیں چاروں ارکان ہیں تو وُہ عین

پانچواں ہے اس لئے ابدال کے درمیان پانچویں بدل کے ہجیر کا سوال ہے۔ رہا چھٹے کا مقام تو وہ ہجیرہ ہے۔ اُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہ۔ یعنی میں اپنا اَمر اللہ کے سپرد کرتا ہوں اور یہ چھٹے کے لئے چھٹا مرتبہ ہے اور چھٹا اُس کے لئے ہوگا کیونکہ پانچویں مرتبہ میں ہے جیساکہ ہم نے پوچھنے کا ذکر کیا کہ وہ نہیں جانتا تھا۔ جب اُس نے پوچھا تو اُسے اِس کا علم ہوا اور جب علم ہو گیا تو اُس کا علم اُس کے رب کے ساتھ بتحقق ہو گیا۔ پس اُس نے اپنا اَمر اُس کے سپرد کر دیا۔ کیونکہ اُسے علم ہو گیا کہ اُس کا اَمر اُس کے ہاتھ میں کچھ بھی نہیں ہے۔ وَاِنَّ اللّٰہَ یَفْعَلُ مَا یُرِیْد۔ اور اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔

آدم کا ساتواں مرتبہ ہے

پس کہا! میں نے جان لیا کہ میرے اَمر کا مالک اللہ تبارک و تعالیٰ ہے اور وُہی کرتا ہے جو چاہتا ہے۔ میں نے جان لیا کہ اِس میں سپرد کرنا میرے لئے زیادہ راجح ہے تو اِس کے لئے اُسے ہجیر پکڑا اور ساتواں مقام انا عرضنا الامانۃ ہے۔ یعنی ہم امانت لوٹاتے ہیں اور اِس کے لئے ساتواں مرتبہ ہے اور تکوین آدم جو انسان سے تعبیر ہے وہ بھی ساتویں مرتبہ میں ہے۔ کیونکہ وہ عقل سے پھر نفس پھر ہَبا، پھر دو فاعلوں اور پھر دو منفعلوں سے ہے یہ چھ ہیں پھر وہ انسان جو حضرت آدم علیہ السلام ہیں ساتویں مرتبے میں پیدا ہوئے۔

اور جب انسان سُنبلہ میں تھا اور اس کے لئے زمانہ سے دلالت میں سات ہزار سال تھے تو اُس مُدّت سے انسان ساتویں مرتبہ میں پایا گیا پس اُس نے امانت کو سات کے تحقق کے ساتھ اُٹھایا اور وہ ابدال سے ساتواں تھا اِس لئے اُس نے اس آیت کو ہجیرہ پکڑا۔

وہ اپنے ہیکل میں تھا

ہم نے آپ کے لئے ابدال کے مراتب ظاہر کر دیئے ہیں اور مجھے خبر دی گئی ہے کہ یہ قُطب جو مداوی الکلوم ہے اپنی قید کے زمانہ میں اپنے ہیکل میں تھا۔ اور جب عالم میں اُس کی ولایت وقف ہو گی تو اُس کے لئے ستر قبیلوں نے وہ سب کچھ وقف کر دیا جو اُن میں معارفِ الٰہیہ اور اسرارِ وجود سے ظاہر ہوا تھا اور اُس کا کلام سات سے کبھی نہیں بڑھا اور وہ اپنے ساتھیوں میں طویل عرصہ ٹھہرا رہا اور وہ اپنے زمانے میں اپنے ساتھیوں سے ایک فاضل شخص کا معین و مددگار تھا جو مجلس میں لوگوں سے اُس کے زیادہ قریب ہوتا تھا اور اُس کا نام مستسلم تھا

اُس کا جانشین کون تھا

جب اِس امام کا وصال ہوا تو مُستسلم کو اُس کی قُطبیت کے مقام میں ولی اور قائم مقام بنایا گیا اور اُس کا علمِ زمان اُس کے علم پر غالب تھا اور یہ عجیب و غریب علم ہے جس سے ازل کی پہچان ہو جاتی ہے اور اِس سے حضورِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ ارشاد ظاہر ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ تھا اور اُس کے ساتھ کوئی چیز نہ تھی۔ اِس علم کو رجال سے افراد کے سوا کوئی نہیں جانتا اور یہ دہرِ اوّل اور دہر الدہور سے تعبیر ہوتا ہے۔

اِس ازل سے زمانہ پایا گیا اور اِس کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا نام دہر ہوا اور وہ حضورِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ ارشاد ہے "لَا تَسُبُّوا الدَّہرَ فَاِنَّ اللہَ ھُوَ الدَّہرُ" یعنی زمانے کو گالی نہ دو۔ بے شک اللہ تعالیٰ زمانہ ہے اور یہ حدیث درست اور ثابت ہے اور جسے دہر یعنی زمانہ کا علم حاصل ہو جاتا ہے

وہ کسی چیز کو حق تعالیٰ کی طرف منسوب کرنے سے توقف نہیں کرتا۔ کیونکہ اس کے لئے بہت بڑی گنجائش ہوتی ہے اور اس علم سے اللہ تبارک و تعالیٰ کے حق میں متعدد مقالات ہیں جن سے عقائد کا اختلاف ہو گیا اور یہ علم اُن تمام کو قبول کرتا ہے اور ان سے کسی چیز کی تردید نہیں کرتا۔

یہ علم عام ہے اور یہ اللہ تعالیٰ کا ظرف ہے اور اس کے اسرار عجیب ہیں جس کے لئے عین موجود نہیں اور وہ ہر چیز میں حاکم ہے اور اُس کی نسبت کو حق تعالیٰ قبول کرتا ہے اور اس کی نسبت کو کائنات قبول کرتی ہے اور وہ تمام معینہ اور وہم سے غائب اسماء کا سلطان ہے۔

پس اس میں اس امام کے لئے ید بیضاء ہے اور اُس کے دہر الدہور کے علم سے اُس کے لئے حکمتِ دُنیا کا علم ہے جو اہلِ دُنیا کے لعب یعنی کھیل تماشے کے بارے میں ہے۔ اُس کا نام لعب کیوں ہے اور اللہ نے اُسے پیدا فرمایا ہے اور بہت سے لعب وہ ہیں جو زمانے کی طرف منسوب ہیں تو کہتے ہیں کہ زمانہ اپنے اہل کے ساتھ لعب میں مشغول ہے اور یہ سابقہ تعلق ہے اور وہ عاقبت میں حاکم ہے۔

یہ امام کسب کی معرفت رکھنے کے باوجود کسب کی برائی کرتا اور اس کے ساتھ نہ کہتا یعنی کسب کے حق میں نہ تھا لیکن وہ اس کے ساتھ اپنے ساتھیوں کی ہمتوں کے تعلق سے واسطوں کے ساتھ ترقی دیا کرتا تھا۔

جانشین کا جانشین

تجھے خبر دی گئی کہ وہ اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں حق تعالیٰ کے اسرار سے چھتیس ہزار علوم کی تعلیم دے کر فوت ہوا اور خاص طور پر اُس نے علومِ علویہ سے

پانچ سو علوم کی تعلیم دے کر انتقال کیا۔ اللہ تعالیٰ اُس پر رحم فرمائے، بعد ازاں اُس کا قائم مقام ایک فاضل شخص ہوا جس کا نام مظہر الحق تھا۔ وہ ایک سو چالیس سال زندہ رہنے کے بعد اللہ کو پیارا ہو گیا اور اس کے بعد اس کا قائم مقام ہاجؔ ہوا یہ شخص بہت بڑی شان کا مالک تھا جو تلوار کے ساتھ ظاہر ہوا۔ ہاجؔ نے ایک سو چالیس سال کی عمر پائی اور ایک جنگ میں شہید ہو گیا۔ اس پر اسمارِ الٰہیہ سے اسمِ قہار کا غلبہ تھا۔ جب یہ قتل ہوا تو اس کے بعد اس کا قائم مقام جو شخص ہوا اسے لقمان کہتے ہیں۔ وَاللّٰہُ اَعْلَمُ۔

کیا وہ حضرت لقمان تھے

لقمان کا لقب واضح الحکم تھا وہ ایک سو بیس سال تک زندہ رہا اُسے ترتیب و ریاضی اور طبعیات و الٰہیات کے علوم کی معرفت حاصل تھی اور وہ اپنے ساتھیوں کو بہت زیادہ وصیت کیا کرتا تھا اگر وہ حضرت لقمان علیہ السلام ہیں تو اللہ تبارک وتعالیٰ نے ہمارے لئے ان کی اپنے بیٹے کو وصیت کا ذکر فرمایا ہے جو ان کے علمِ باللہ میں ان کے مرتبے پر دلالت کرتا ہے۔

وہ عموم احوال میں اشیاء میں قصد و اعتدال پر تحریص کرتے تھے اللہ تبارک وتعالیٰ اُن پر رحم فرمائے۔ ان کا وصال حضرت داؤد علیہ السلام کے زمانہ میں ہوا۔ اُن کے بعد جو شخص اُن کا نائب بنا اس کا نام کاسب ہے وہ عالمین کے درمیان علمِ مناسبت اور اُس مناسبتِ الٰہیہ میں راسخ القدم تھے جس کے لئے عالم کو اِس صورت پر پیدا کیا گیا جس پر وہ ہے۔

انسان مجموعۂ عالم ہے

یہ امام جب اظہارِ اثر کا ارادہ کرتا ہے جو وجودِ نظر

میں فی نفسہٖ مؤثر کی طرف ہے جس میں عالمِ علوی سے معلوم کے وزن پر مخصوص نظر ہے تو یہ اثر اس میں بغیر مباشرت اور طبعی حیلہ کے ظاہر ہو جاتا۔ وہ کہتا تھا اللہ تبارک و تعالیٰ نے تمام علمِ افلاک میں ودیعت کیا ہے اور انسان کو تمام رقائق عالم کا مجموعہ بنایا ہے پس انسان سے عالم میں ہر چیز کی طرف رقیقہ ہے۔ یہ رقیقہ انسان میں اُس چیز سے ہے جو اللہ تبارک و تعالیٰ نے اِس چیز کے نزدیک اُن امُور سے ودیعت فرمائی جو اللہ تعالیٰ نے اُن پر امین بنائی۔ تاکہ اس انسان کی طرف امانت لوٹاتے اور عارف انسان اِس رقیقہ کے ساتھ اس چیز کو حرکت دیتا ہے جو اُس کی مُراد ہے۔

پس عالم میں کوئی چیز نہیں مگر اُس کا انسان میں اثر ہے اور اُس میں انسان کا اثر ہے اسی لئے اِن رقائق کا کشف اور اِن کی معرفت ہے اور یہ نور کی شعاعوں کی مثل ہے اور اس امام نے اَسّی سال کی زندگی پائی جب اِس کا انتقال ہُوا تو اُس کا وارث ایک شخص بنا جس کا نام جامع الحکم تھا اُس نے ایک سو بیس سال کی عُمر پائی۔ اُس کا ابدال اور شیخ و شاگرد کے اسرار کے بارے میں عظیم کلام ہے اور وہ اسباب کے بارے میں کہا کرتا تھا اور اُسے نباتات کے اسرار عطا ہوتے تھے اور اُس کا ہر علم اِس طریق کے اہل کے لئے مختص تھا اور اِس میں پہلے جو ہم نے اُس کا ذکر اِس باب میں کیا ہے وہ بہت ہے اور اللہ ہی حق فرماتا اور سیدھا راستہ دِکھاتا ہے۔

اَلحَمدُ لِلّٰہ پندرھویں باب کا ترجمہ اختتام پذیر ہُوا

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

سولھواں باب

منازل سفلیۂ علومِ کونیہ اور ان سے مبداءِ معرفتِ الٰہی کا بیان اور معرفتِ اوتاد و ابدال اور ارواحِ علویہ سے جو اُن سے محبت کرتے ہیں اور اُن کے افلاک کی ترتیب

علم الکتائف اعلام مرتبۃ — ھی الدلیل علی المطلوب للرسل

وھی التی حجبت أسرار ذی عمہ — وھی التی کشفت معالم السبل

لھا من العالم العلوی سبعتہ — من الھلال وخذ علوا الی زحل

لولا الذی أوجد الاوتاد أربعۃ — رسی بھا الارض فابرزن من المیل

لما استقر علیھا من یکون بھا — فاعجب لہ مثلا ناھیک من مثل

کثائف کا علم مرتب نشانیاں ہیں اور رسولوں کے لئے مطلوب پر یہی دلیل ہے یہی وہ امر ہے جس نے نابینا سے اسرار کو چھپالیا اور یہی وہ امر ہے جس نے راستوں کے معالم کھول دیئے۔

اس کے لئے عالمِ علوی سے اس کے سات ہیں جو ہلال سے اور زحل کی طرف بلند ہوتے۔

اگر وہ چار اوتاد پیدا نہ کرتا تو زمین اس کی طرف میلان سے لڑھک جاتی۔

جب اس پر اس کے ساتھ ہونے والوں کو قرار حاصل ہوا تو اس کے

لیے خوشی ہے مثلاً آپ مثل سے روکیں۔

شیطان کدھر سے حملہ کرتا ہے

اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کی مدد فرماتے جاننا چاہیئے کہ ہم اس سے پہلے باب میں ابدال کی منازل، اُن کے مقامات اور ارواح علویہ سے اُن سے محبت کرنے والوں اور اِن کے افلاک کی ترتیب اور آثار سے جو اِن میں تیرات کے لئے ہے اور جو اُن کے لئے آقلیموں سے ہے بیان کر چکے ہیں۔ پس اِس باب میں جو باقی ہے اُس کو بیان کریں گے جس سے اِس پر منازل سفلیہ کا بیان ہے۔ یہاں اِن جہات اربعہ سے عبارت ہے جہاں سے شیطان انسان کی طرف آتا ہے اِن کا نام ہم نے سفلیہ رکھا ہے کیونکہ شیطان عالم اسفل سے ہے چنانچہ وہ انسان کی طرف نہیں آتا۔ مگر اُن منازل سے جو اُس کے مناسب ہیں اور یہ دائیں بائیں اور آگے پیچھے کی سمتیں ہیں۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے۔

ثُمَّ لَاٰتِيَنَّهُمْ مِّنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ
وَعَنْ اَيْمَانِهِمْ وَعَنْ شَمَآئِلِهِمْ

(الاعراف آیت ۱۷)

پھر اُن کی طرف اُن کے آگے سے اور اُن کے پیچھے سے اور اُن کے دائیں اور اُن کے بائیں سے آؤں گا۔

شیطان انسان پر بالطبع مدد مانگتا ہے کیونکہ جب وہ شہوات کی اتباع کی طرف بُلاتا ہے تو انسان اُس کے لیے مساعدت پیدا کرتا ہے۔ پس انسان کو امر ہوا کہ وہ اِن جہات سے جنگ کرے اور اِن جہات کو قلعہ بنائے جس کے

ساتھ اُسے شریعت نے حکم دیا ہے۔ اگر اُس کے ساتھ اس کا قلعہ ہوگا تو شیطان اُس سے اُس کی طرف داخلے کا راستہ نہیں پائے گا۔ اگر وہ آپ کے پاس آپ کے سامنے سے آئے گا تو آپ اُسے ہنکا دیں گے۔ آپ پر اللہ تبارک و تعالیٰ کے احسان و جزاء کے طور ہر علوم میں سے آپ کے لئے علوم نوُر درخشاں ہوں گے۔ اِس لئے کہ آپ نے اللہ تعالیٰ کی جناب کو اپنی خواہشات پر ترجیح دی۔

علُومِ نوُر

علومِ نوُر دو قسموں پر ہیں۔ ۱: علُومِ کشف۔ ۲: صحیح فکر کے ساتھ علُومِ بُرہان پس طریق بُرہان سے اُسے جو حاصل ہوتا ہے وہ وجُودِ حق تعالیٰ، اُس کی توحید اور اُس کے اسماء و افعال ہیں۔ گمراہ کُن قادح شبہ کو دُور کرتا ہے۔ پس بُرہان معطلہ پر رَدّ کرتی ہے اور اللہ تبارک و تعالیٰ کے وجُود کے اثبات پر دلالت کرتی ہے جس کے ساتھ وہ اُن اہلِ شرک پر رَدّ کرتا ہے جو لوگ اللہ تعالیٰ کے ساتھ دُوسرے اِلٰہ مقرر کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے معبُود ہونے سے توحیدِ الٰہی پر دلالت کرتا ہے اور اِس کے ساتھ اُن پر رَدّ کرتا ہے جو اسماء الٰہیہ کے احکام اور کون میں اُس کے آثار کی صحت کی نفی کرتے ہیں اور وہ طریق اطلاق سے بُرہانِ سمعی کے ساتھ اُس کے اثبات پر اور معانی کے طریق سے بُرہانِ عقلی کے ساتھ دلیل دیتا ہے اور اس کے ساتھ وہ فلاسفر سے افعال کی نفی پر رَدّ کرتا ہے اور اللہ سُبحانہٗ تعالیٰ کے فاعل ہونے پر دلالت پیش کرتا ہے اور یہ کہ مفعُولات اُس کے لئے سمعًا و عقلًا مُراد ہیں۔

علُومِ کشف اور شیطان کا پیچھے سے حملہ کرنا

رہے علومِ کشف تو یہ وہ

ہیں جو اُسے مظاہر کی تجلّیات میں معارفِ الٰہیہ سے حاصل ہوتے ہیں اور اگر شیطان آپ کے پاس آپ کے پیچھے سے آئے تو وہ آپ کو اس طرف بلائے گا کہ آپ اللہ تعالیٰ پر وہ کہیں جو نہیں جانتے اور آپ نبوّت و رسالت کا دعویٰ کرتے ہُوئے کہیں کہ یقیناً اللہ تعالیٰ نے آپ کی طرف وحی اُتاری ہے اور یہ اِس لئے ہے کہ شیطان ہر ملّت میں اور ہر صِفت میں نظر رکھتا ہے جس پر اِس اُمّت میں شارع کی بُرائی آئی ہے۔ تو وہ آپ کو اِس کے ساتھ اَمر کرے گا۔ اور ہر وہ صفت جس پر اُس کی حمد و تعریف آئی ہے۔ اُس سے یہ علی الطلاق روکے گا اور فرشتہ اِس کے بالعکس آپ کو اس سے محمود کا حکم دے گا۔ اور مذموم سے روکے گا۔ تو جب آپ اُسے اپنے پیچھے سے دُور کریں گے تو آپ کے لئے علُومِ صِدق اور اُس کی منازل کے علوم ظاہر ہوں گے اور یہ علُوم کہ صاحبِ صِدق کہاں منتہی ہوتا ہے جیسا کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا۔ فی مَقعدِ الصدق۔ خبردار یہ اُن کا صِدق ہے جو اُنہیں مقتدر بادشاہ کے نزدیک بٹھاتا ہے۔ کیونکہ اقتدار صِدق کے مناسب ہے۔ اِس لئے کہ صِدق کا معنیٰ طاقتور ہے۔ کہتے ہیں کہ رمحن صِدق یعنی طاقتور صلیب جب کہ اِس صادق کی صِفت اپنے نفس پر قوی ہونے کی حیثیت سے قوت ہے تو وہ اُس کے ساتھ مزین نہیں ہوتا جو اُس کے لئے نہیں۔ اور وہ اپنے اَقوال و اَحوال اور اَفعال میں حق کا التزام کرتا ہے اور اِس صِدق میں وہ مقتدر بادشاہ کے پاس حق کے ساتھ بیٹھتا ہے یعنی وہ اُس قوّتِ الٰہیہ پر مطلع کرتا ہے۔ جو قوت اُس کے اُس صِدق میں عطا ہُوئی جس پر وہ تھا۔ کیونکہ ملک کا معنیٰ شدید بھی ہے تو وہ مقتدر کے لئے مناسب ہے۔ قیس بن حطیم نے اپنے نیزے کے وصف میں کہا ہے۔

اس کے ساتھ میری ہتھیلی نے مجھے ہلاک کیا تو میں نے اس کے سوراخ کو چلا دیا۔ اس کے پیچھے اس کے علاوہ قائم ہونے والے کو دیکھا گیا۔ یعنی میں نے اس کے ساتھ اپنی ہتھیلی کو سخت کیا۔

کہتے ہیں ملکت العجین میں خمیر کا مالک ہوں یعنی جب اس کا خمیر سخت ہو جاتا ہے تو جب آپ کو شیطان کے اس امر میں مخالفت ہو جائے گی جس کے ساتھ وہ آپ کے پاس آیا تو آپ کو ایجاد کے ساتھ اقتدارِ الٰہی کے تعلق کا علم ہو جائے گا۔ اور یہ ہمارے اصحاب سے اہلِ حقائق کے درمیان اختلافی مسئلہ ہے۔ اور آپ کو عصمت اور حفظِ الٰہی کا علم حاصل ہو جائے گا یہاں تک کہ آپ میں آپ کا اور دوسرے کا وہم اثر پذیر نہیں ہوگا تو آپ اپنے ربّ کے لئے خاص ہو جائیں گے۔

اگر شیطان کا حملہ دائیں طرف سے ہو

اور اگر وہ آپ کے پاس دائیں طرف سے آتا ہے تو آپ اس پر طاقتور رہیں گے اور اس کی مدافعت کریں گے۔ کیونکہ جب وہ قوت کے ساتھ موصوف اس جہت سے آپ کے پاس آئے گا تو وہ آپ کی طرف آپ کے ایمان ویقین کو کمزور کرنے کے لئے آئے گا اور آپ پر آپ کے دلائل ومکاشفات میں شبہ ڈالے گا۔ کیونکہ ہر وہ کشف جس پر آپ کو اللہ تعالیٰ نے اطلاع دی ہے شیطان کے لئے عالمِ خیال سے ایک امر ہے جس کے ساتھ وہ آپ کے اس حال کے لئے مشابہت نصب کرے گا۔ جس پر آپ اس وقت میں ہیں۔ پس

اگر آپ کے پاس طاقتور علم نہیں ہوگا جس کے ساتھ آپ حق کے اور اُس خیال کے درمیان امتیاز کر سکیں جو آپ کے دل میں آیا ہے تو آپ مقامِ موسوی پر ہوں گے اور اگر ایسا نہیں تو آپ پر یہ اَمر ملتبس ہو جائے گا۔ جیسا کہ عوام کے لئے ساحروں نے خیال پیدا کر دیا تھا کہ یہ رسّیاں اور لاٹھیاں سانپ ہیں جب کہ ایسا نہیں تھا اور جب حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنے عصا کو ڈالا تو وہ حرکت کرتا ہوا سانپ تھا جس سے وہ عادتِ جاریہ کے مطابق اپنے نفس پر خوفزدہ ہو گئے۔ اور اللہ تبارک وتعالیٰ نے اُن کے سامنے اس سے پہلے تمام جادوگروں کے جمع ہونے سے قبل یہ معرفت عطا کر دی تھی تاکہ آپ اللہ تعالیٰ کی طرف سے یقین پر ہوں کہ یہ نشانی ہے اور یہ آنہیں نقصان نہیں پہنچائے گی۔ اور آپ کا دوسرا خوف اُس وقت تھا جب جادوگروں نے رسّیاں اور لاٹھیاں ڈال دیں تو وہ حاضرین کی نگاہوں میں سانپ بن گئے اور آپ اس لئے ڈرے تھے کہ شاید لوگوں پر یہ اَمر ملتبس ہو گیا ہو اور وہ خیال اور حقیقت کے درمیان یا اُس کے درمیان جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اور اُس کے درمیان جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے نہیں فرق نہ کر سکیں۔ پس دونوں خوفوں کا تعلق مختلف ہے کیونکہ حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنے رب کی طرف سے ظاہر دلیل اور مضبوط قلب پر تھے جس کے ساتھ آپ کے لئے پہلے جب اِلقائے اوّل میں کہا گیا۔

قَالَ خُذْهَا وَلَا تَخَفْ سَنُعِيدُهَا سِيرَتَهَا الْأُولَىٰ طٰہٰ آیت ۲۱

یعنی اِسے پکڑ لیں اور ڈریں نہیں۔ عنقریب ہم اِسے اِس کی پہلی سیرت پر پھیر دیں گے۔ یعنی عصا لوٹ آئے گا۔ جیسا کہ آپ کی نظر میں تھا۔ پس اللہ تبارک وتعالیٰ نے عصا کو برزخ کے سانپ کی رُوحانیت میں چھپایا

ہُوا تھا۔ پس جب اُس عصا کو ڈالا گیا تو اُس نے جادُوگروں کے تمام سانپوں کو جو حاضرین کی نظروں نے خیال کئے تھے نگل لیا اور اِن رسّیوں اور لاٹھیوں سے اُن کی نگاہوں میں بظاہر نظر آنے والی کوئی چیز باقی نہ رہی اور یہ لاٹھیوں اور سانپوں کی صُورتوں میں اُن کی حُجتوں پر حضرت مُوسیٰ علیہ السّلام کی حُجّت کا غلبہ تھا چنانچہ جب جادُوگروں نے اپنی رسّیوں اور لاٹھیوں کو ڈالا تو اُن کی اور لوگوں کی نگاہوں نے اُنہیں رسّیاں اور لاٹھیاں ہی دیکھا تو یہ اُنہیں نگل جاتا تھا۔ ورنہ رسّیاں اور لاٹھیاں معدُوم نہ ہُوئی تھیں۔ کیونکہ اگر وُہ معدُوم ہو جائیں تو اُن پر حضرت مُوسیٰ علیہ السّلام کے عصاء میں تلبّس ہوتا اور اُن پر شُبہ داخل ہو جاتا۔ چنانچہ جب لوگوں نے رسّیوں کو رسّیاں دیکھا تو جان لیا کہ یہ طبعی تدابیر ہیں جنہیں رُوحانی تدابیر کی قوّت مدد دیتی ہے۔ پس حضرت مُوسیٰ علیہ السّلام کے عصا نے سانپوں کی صُورتوں میں رسّیوں اور عصاؤں کو نگل لیا۔ جیسا کہ ناحق جھگڑنے والے کے کلام کا ابطال دلیل اور حُجّت سے ہوتا ہے نہ کہ اُس کی لائی ہُوئی یہ چیز معدُوم ہو جاتی ہے۔ بلکہ سامعین کے نزدیک وُہ چیز معقول و محفوظ ہوتی ہے اور اُس کے نزدیک اُس کی حُجّت زائل ہو جاتی ہے۔

جب جادوگروں کو اُس حُجّت کی قوّت کا علم اور اندازہ ہو گیا جو حضرت مُوسیٰ علیہ السّلام لائے تھے اور جان لیا کہ اُس نے اُن کی لائی ہُوئی حُجتوں کو خارج کر دیا ہے اور اُن پر حضرت مُوسیٰ علیہ السّلام کی لائی ہُوئی حُجّت کی صفائی متحقق ہو گئی اُن حُجتوں پر جو وہ لائے تھے اور اُنہیں معلوم ہو گیا کہ حضرت مُوسیٰ علیہ السّلام کا خوفزدہ ہونا اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف سے تھا اور اگر اُن کے اپنے پاس سے ہوتا تو وہ خوفزدہ نہ ہوتے کیونکہ وُہ عادتِ جاریہ کو جانتے تھے۔ پس جادُوگروں کے نزدیک اُن کی نشانی اُن کا خوف اور لوگوں کے

نزدیک اُن کی نشانی اُن کے عصا کا نگل جانا تھا۔ پس جادوگر ایمان لے آئے۔ کہا گیا ہے کہ یہ اسّی ہزار جادوگر تھے اور اُنہوں نے جان لیا تھا کہ اِس مقام پر سب سے بڑی نشانی اُن صورتوں کو نگل لینا ہے جو ناظرین کی نگاہوں میں تھیں۔ اور اُن کی نگاہوں میں حضرت مُوسیٰ علیہ السّلام کا عصا سانپ کی صورت میں باقی رہا۔ اور اُن کے نزدیک حال ایک ہی تھا۔

پس اُنہوں نے حضرت مُوسیٰ علیہ السّلام کی سچّائی کو جان لیا جس کی طرف وُہ اُنہیں بُلاتے تھے اور یہ کہ جادُو میں معلُوم حیلوں اور صورتوں سے جو اَمر خارج میں وُہ لاتے ہیں وُہ امرِ الٰہی سے ہے۔ اِس میں حضرت مُوسیٰ علیہ السّلام کا عمل نہیں پس اُنہوں نے بصیرت پر اُن کی رسالت کی تصدیق کی اور اللہ تبارک و تعالیٰ کے عذاب پر فرعون کا عذاب اختیار کیا اور دُنیا پر آخرت کو ترجیح دی اور اپنے عِلم سے جان لیا کہ۔

ان اللہ علیٰ کل شیءٍ قدیر

بے شک اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے۔
اور بے شک اللہ تعالیٰ نے اپنے عِلم کے ساتھ ہر چیز کو گھیرا ہُوا ہے۔
اور یقیناً حقائق تبدیل نہیں ہوتے اور حضرت مُوسیٰ علیہ السّلام کا عصا کا باطن سانپ کی صورت میں تھا اور لوگوں کی نگاہوں سے اور اُس سے جس نے آپ کو خوف میں مُبتلا کیا باطن میں تھا جس سے اُنہوں نے مشاہدہ کیا پس یہ عِلم کا فائدہ ہے۔

اگر شیطان بائیں طرف سے آئے

اگر شیطان آپ کے پاس بائیں طرف

سے شبہاتِ تعطیل کے ساتھ آئے یا اللہ تبارک وتعالیٰ کی الوہیت میں شریک کا وجود پیش کرے تو اُسے بھگا دیں کیونکہ اللہ تبارک وتعالیٰ اس پر دلائلِ توحید اور علمِ نظر کے ساتھ قوت عطا فرمائے گا۔ کیونکہ پیچھا کرنا معطلہ کے لئے ہے اور اُن کی مدافعت اُس ضرورتِ علم کے ساتھ ہے جس کے ساتھ وجودِ باری تعالیٰ کا علم ہوتا ہے۔

پس خلف یعنی پیچھا تعطیل کے لئے بایاں شرک کے لئے دایاں ضعف اور کمزوری کے لئے اور سامنے سے حملہ آور ہونا اس میں تشکیک پیدا کرنے کے لئے ہے۔

سوفسطائیہ کی تلبیس

سوفسطائیہ پر یہاں تلبیس داخل ہو گئی ہے اس حیثیت سے کہ اُن کے لئے حواس میں غلطی پیدا ہو گئی اور یہی وہ امر ہے جس کی طرف اہلِ نظر اپنے دلائل کی صحت میں اور علمِ الٰہی وغیرہ میں بدیہات کی طرف سند پکڑتے ہیں پس جب اُن کی غلطی ظاہر کی جاتے تو کہتے ہیں۔ ہرگز ایسا علم نہیں جس کی توثیق کی جائے اگر اُنہیں کہا جائے کہ یہ بھی علم ہے کہ کوئی علم نہیں پس تمہاری سند نہیں اور تم اس کے قائل نہیں ہو۔

وہ کہتے ہیں ہم ایسے ہی کہتے ہیں۔ اگر ہم کہتے ہیں کہ یہ علم نہیں اور یہ جملہ غلطیوں سے ہے۔ ہم اُنہیں کہتے ہیں کہ تمہارا یہ قول ہے کہ کوئی علم نہیں اور تمہارا یہ قول بھی ہے کہ جملہ اغالیط سے ہے تو یہ اس کا اثبات ہے جس کی تم نفی کرتے ہو۔ پس اُن پر اس امر میں شبہ داخل ہو گیا جس میں وہ دلائل میں اس کی طرف اپنے مقدمات کی ترکیب میں سند پکڑتے ہیں اور کہ

اِس میں اِس کی طرف رجوع کرتے ہیں اور اِس لئے اللہ تبارک و تعالیٰ نے اِس سے ہماری حفاظت فرمائی۔ پس ہم نے حِس کے لئے ایک بھی غلط جملہ مقرر نہیں کیا اور جس چیز کا اِدراک حِس کرتی ہے حق ہے کیونکہ مُوصل ہی حاکم بلکہ شاہد ہے اور عقل ہی وُہ حاکم ہے اور حُکم میں غلطی حاکم کی طرف منسوب ہوتی ہے' قائلین کے نزدیک غلطی حِس سے معلوم ہوتی ہے اور غیر قائلین کے نزدیک عقل غلطی کرتی ہے جب کہ نظر فاسد ہو یعنی نظرِ فکری کیونکہ نظر صحیح اور فاسد کی طرف منقسم ہے تو یہ وہ ہے جو اُن کے سامنے سے ہوتا ہے۔

پھر البتہ جان لیں کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے انسان کے بدن کے شہر کی ترتیب میں دو قسمیں مقرر فرمائی ہیں اور اُس نے دو قسموں کے درمیان مقرر فرمایا جیسا کہ دو چیزوں کے درمیان فاصل ہوتا ہے پس جس میں تمام حِسّیہ اور رُوحانیہ قویٰ ہیں وُہ سَر ہے جسے اعلیٰ قسم میں مقرر کیا گیا اور دوسرے نِصف میں حسّاس قویٰ سے احساسِ لمس کو مقرر فرمایا تو وہ سخت و نرم' گرم و سرد اور رطب و یابس کو اپنی حسّاس رُوح کے ساتھ اپنے بدن میں سرایت کرنے والی اِس خاص قوّت کی حیثیت سے ادراک کر لیتا ہے نہ کہ اِس کے علاوہ۔

قوّتِ جاذبہ اور بیماری کا آنا

رہا قویٰ طبعیہ سے جو اُمر تدبیرِ بدن سے متعلق ہے تو وُہ قوّتِ جاذبہ ہے جس کے ساتھ نفسِ حیوانی اُس چیز کو جذب کرتا ہے جو اعضاء سے جگر اور دِل کی دُرستی کرتی ہے اور قوّتِ ماسکہ اُس کو روکتی ہے جسے عُضو پر قوّتِ جاذبہ نے جذب کیا تھا یہاں تک کہ جو اُس کا منافع ہے آئے اُس سے

اخذ کرے۔

اگر آپ کہیں کہ جب منفعت مقصود تھی تو جسم پر بیماری کہاں سے داخل ہوئی تو جاننا چاہیئے کہ جسم کے حق سے زیادہ یا کم غذاء ملنے سے بیماری آجاتی ہے تو یہ قوت اُس کے نزدیک میزانِ استحقاق ہے، چنانچہ جب قوتِ جاذبہ اُس زیادہ یا کم غذا کو جذب کرے گی جس کی جسم کو ضرورت نہیں تو بیماری ہوگی۔ کیونکہ اُس کی حقیقت جذب ہے میزان نہیں اگر وہ اُسے صحیح وزن پر اخذ کرلیتی ہے تو یہ اُس کے لیے اتفاقاً ہو جانے کے حکم میں ہے اور دوسری قوت سے قصد کے حکم کے ساتھ نہیں ہوتا اور یہ اس لیے ہے تاکہ محدث اُس کی کمی کو جان لے۔ اور اللہ تبارک و تعالیٰ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔

ایسے ہی اس میں قوتِ مدافعت ہے جس کے ساتھ جسم کو پسینہ آتا ہے کیونکہ طبیعت مخصوص مقدار کے ساتھ دفع نہیں کرتی۔ اس لئے کہ وہ میزان سے ناواقف ہے اور وہ مزاج میں طاری ہونے والے اُس دوسرے فضول امر کے لئے محکوم ہے جیسے شہوانی قوت عطا کرتا ہے۔ ایسے ہی یہ سب بدن کے تمام بلند و پستی میں ساری ہے۔

قویٰ کا محل

رہے تمام قویٰ تو اُن کا محل جسم کا اُوپر کا نصف حصہ ہے اور یہ نصف دو زندگیوں حیاتِ خون اور حیاتِ نفس کے وجود کا محل اشرف ہے تو ان اعضاء سے جو عضو مرجاتا ہے اُس سے وہ قویٰ زائل ہو جاتے ہیں جو اس میں وجودِ حیات کے ساتھ اُس کے مشروط وجود سے تھے، اور جو عضو نہیں مرتا اور محل پر کوئی قوت طاری ہے تو خلل آجاتا ہے کیونکہ اُس کا حکم فساد اور

خبط ہے اور علم صحیح عطا نہیں کرتی۔ جیسا کہ مُبّل خیال ہے۔ جب اُس میں کوئی علّت طاری ہوگی تو خیال باطل نہیں ہوگا بلکہ اُس صحّت کا قبول کرنا باطل ہو جائے گا۔ جس میں اُس نے علم کو دیکھا اور ایسے ہی عقل اور ہر رُوحانی قوّت ہے۔

رہیں حسّیہ قوّتیں تو یہ بھی موجود ہیں لیکن اُن کے اور اُن کے مدرکات کے درمیان اُس عُضوِ قائمہ میں حجاب طاری ہو جاتا ہے جس کے ساتھ اُس کی آنکھ وغیرہ سے پانی اُترتا ہے۔

رہے قویٰ تو یہ اپنے محلّات میں ہمیشہ رہتے ہیں اور کبھی نہیں ہٹتے لیکن حجاب طاری ہو کر منع کرتے ہیں۔ پس نابینا حجاب کا مشاہدہ کرتا ہے اور وہ اُس کو دیکھتا ہے تو ظُلمت کو پاتا ہے تو یہ ظُلمت حجاب ہے اور اِس کا مشہد حجاب ہے۔

چکھنے والا

ایسے ہی شہد اور شکّر کو چکھنے والا جب اُسے کڑوا پاتا ہے تو عُضوِ قائم کرنے کے لئے اُس کے ساتھ قوّتِ ذائقہ مِلی ہُوئی تھی جو کہ صفرا کا پتّہ ہے اِس لئے اُس نے کڑواہٹ کا اِدراک کیا تو حس کہتی ہے میں نے کڑواہٹ کا اِدراک کیا ہے اور حُکم دینے والا اگر غلطی کرے گا تو کہے گا کہ یہ شکّر کڑوی ہے اور اگر صحیح کہے گا تو علّت کو پہچان لے گا اور شکّر پر کڑواہٹ کا حُکم نہیں دے گا اور حس کا اِدراک قوّت نے کیا تھا اُسے پہچان لے گا جب کہ حِس چیز کا مُشاہدہ کرتی ہے تو اُسے پہچان لیتی ہے اور وہ ہر حال پر صحیح کہتی ہے اور قاضی خطا بھی کرتا ہے اور درست بھی کہتا ہے۔

علمِ کون اور علمِ مرتبہ

<u>فصل</u> رہی اِس منزل سے معرفتِ حق تو جاننا چاہیئے کہ علمِ کون کا ذات کے ساتھ ہرگز کوئی تعلق نہیں اور اِس کا تعلق علمِ مرتبہ سے ہے اور وہ اللہ کا نام ہے اور وہ معرفتِ الٰہی پر محفوظ الارکان کی دلیل ہے اور اللہ تبارک و تعالیٰ پر اسماء افعال سے اور نعوتِ جلال سے ہیں اور اِس تعریف کی گئی ذات سے عین وکیف سے غیر معروف مرتبہ کے ساتھ جو حقیقت ہوگی کون ضروری نہیں کہ جس کا صدور ہوگا۔

ہمارے نزدیک اِس کے نہ جاننے میں اختلاف نہیں بلکہ اُس پر صفاتِ حدث کی نعوتِ تنزیہہ کا اطلاق ہوتا ہے اور اِس کے لئے قِدم اور ازل کے وجود پر جو اطلاق ہوتا ہے وہ یہ اسماء ہیں جو نفیٔ اوّلیت اور حدوث کے لائق سلوب پر دلالت کرتے ہیں اور اِس میں متکلّمین اشاعرہ کی جماعت کے کچھ لوگ ہمارے مخالف ہیں اُن کا گمان ہے کہ وہ حق سے صفتِ نفسیہ ثبوتیہ کو جانتے ہیں۔ میں اِس کے ساتھ اُن کے لئے حیران ہُوں اور ہم نے متکلّمین کے اُس گروہ سے اَخذ کیا ہے جسے ہم نے دیکھا ہے جیسا کہ عبداللہ کتانی، ابی عباس اشقر، علمِ کلام میں اور جوزہ کے مصنّف ضریر سلاوی جنہوں نے ابوسعید خراز اور ابی حامد اور اِن کی مثل لوگوں کے اس قول میں کلام کیا ہے۔ کہ نہیں پہچانتا اللہ کو مگر اللہ۔

رویتِ باری تعالیٰ

رویتِ باری تعالیٰ میں ہمارے اصحاب نے اختلاف کیا ہے جب کہ ہم

اُسے دارِ آخرت میں آنکھوں سے دیکھیں گے تو وہ کون ہے جسے دیکھیں گے۔ ہمارے اصحاب کے نزدیک اُن کا کلام معلوم ہے اور ہم اس کتاب میں اُس کی منازل وغیرہ کے متفرق ابواب میں یہ تحقیق لائے ہیں جو ایماء کے طریق سے ہے تصریح کے ساتھ نہیں کیونکہ میدان تنگ ہے اور عقلیں اِس میں اس کے دلائل کو توڑنے کے لئے متوقف ہیں۔

پس وہ سُبحانہٗ تعالیٰ اُس وجہ پر مرئی ہے جو اُس نے اور اُس کے رسُول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے بیان فرمائی اور جو اس سے اُس کے ارادہ پر ہے۔ کیونکہ ناظرین کا اُس فرمان کی تاویل میں اختلاف ہے جس کے متعلق رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے فرمایا کہ یہ ہمیں وحی کیا گیا ہے اور بعض سے بعض وجوہ اُولیٰ نہیں ہیں پس ہم نے اس میں غور وخوض ترک کر دیا ہے کیونکہ اس میں ہمارے کلام کے ساتھ عالم سے اختلاف نہیں اُٹھتا۔ اور اُس کے ساتھ جو اِس میں وارد ہوا ہے۔

اَوتاد و اَبدال

فصل : رہی اوتاد کی وہ بات جس کا تعلق اِس باب میں اُن کی معرفت سے ہے، تو جاننا چاہیئے کہ اُوتاد میں سے وہ لوگ جن کے ساتھ اللہ تبارک و تعالیٰ عالم کی حفاظت فرماتا ہے چار ہیں۔ اُن کے لئے پانچواں نہیں۔ وہ ابدال میں سے مخصوص ہیں اور اِن میں سے دو امام مخصوص ہیں اور قطب جماعت سے اخص الخاص ہوتا ہے۔

اِس طریق میں ابدال کا لفظ مشترک ہوتا ہے۔ اَبدال کا اطلاق اُس پر ہوتا ہے جس کی بڑی صفات، اچھے اوصاف میں تبدیل ہو جائیں۔ اور

اِس کا اطلاق مخصوص تعداد پر ہوتا ہے جو بعض کے نزدیک چالیس ہے۔ اِس صِفت کے لیے جس میں وہ جمع ہیں اور اِن میں سے جو کہتا ہے اُن کی تعداد سات ہے۔ ہم سے جو لوگ کہتے ہیں سات ہیں۔ وہ اَوتاد میں سے سات ابدال الگ نکلے ہیں اور ہم سے جو کہتا ہے کہ ابدال سے چار اَوتاد ہیں تو لازمًا ابدال سات ہیں اور اِن سات سے وہ چار اَوتاد اور دو امام اور ایک قطب ہے اور یہ جملہ ابدال ہیں۔ اِن کا نام ابدال اِس لئے ہے کہ اُن میں سے جب ایک فوت ہوتا ہے تو دُوسرا اُس کا بدل ہو جاتا ہے۔ اور چالیس میں سے ایک کو لے لیا جاتا ہے اور تین سو سے ایک کو لے کر چالیس کو پُورا کیا جاتا ہے اور تین سو کو ایک صالح مومن کے ساتھ پُورا کیا جاتا ہے۔

اَوتاد و اَبدال کے مقامات

بعض نے کہا ہے کہ انہیں ابدال سے اِس لئے موسوم کیا جاتا ہے کہ اُنہیں اَیسی قوّت عطا کی جاتی ہے کہ وہ جہاں چاہیں اپنا بدل چھوڑ دیتے ہیں تاکہ وہ اُن سے عِلم پر اُن کے نفوس میں اَمر قائم کرے اور اگر اُن کے عِلم پر نہیں تو وہ اِس مقام کے اصحاب سے نہیں اور بدل کبھی صُلحاء اُمّت سے اور کبھی افراد سے ہوتا ہے اور اُن ابدال کی طرح اُن چار اوتاد کی مثل ہوتی ہے جن کا ذکر ہم نے اِس سے پہلے باب میں رُوحانیتِ الٰہی اور رُوحانیتِ اَلیّت میں کیا ہے۔

پس اِن میں سے وہ ہیں جو حضرت آدم علیہ السّلام کے قلب پر ہیں اور وہ ہیں جو حضرت ابراہیم علیہ السّلام کے قلب پر ہیں اور وہ ہیں جو حضرت عیسےٰ علیہ السّلام کے قلب پر ہیں اور وہ ہیں جو حضرت محمّد مصطفٰے صلی اللہ

علیہ و آلہ وسلم کے قلبِ اطہرہ پر ہیں۔

ان میں سے بعض کی مددگار حضرت اسرافیل علیہ السلام کی رُوحانیت ہے اور بعض کی مدد حضرت میکائیل علیہ السلام کی رُوحانیت کرتی ہے۔ بعض کی امداد حضرت جبریل علیہ السلام کی رُوحانیت اور بعض کی امداد حضرت عزرائیل علیہ السلام کی رُوحانیت کرتی ہے۔

ہر وتد کے لئے بیت اللہ شریف کے ارکان سے ایک رُکن ہے تو جو وتد حضرت آدم علیہ السلام کے قلب پر ہے اُس کے لئے رُکن شامی ہے اور جو حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے قلب پر ہے اُس کا رُکن حجرِ اسود ہے اور یہ بحمد اللہ ہمارے لئے ہے۔ ہمارے زمانہ میں بعض ارکان سے ربیع بن محمود ماردینی لکڑہارا تھا۔ جب وہ فوت ہوا تو اُس کا جانشین دُوسرا شخص ہُوا۔ شیخ ابُوعلی ہواری کو اللہ تبارک و تعالیٰ نے اُس کے کشف میں اُن پر مطلع فرمایا تھا۔ اِس سے پہلے کہ وہ اُنہیں پہچانتا اور آ سے اُن کی صورتوں کا تحقق ہوتا۔ پس اُس نے اپنی وفات سے پہلے اُن میں سے تین اشخاص کو عالمِ حس میں دیکھ لیا تھا جن میں سے ایک تو ربیع ماردینی کو دیکھا تھا اور دُوسرا شخص جسے اُس نے دیکھا فارس کا تھا اور تیسرا شخص مَیں تھا جسے اُس نے دیکھا تھا۔ اور ہمارے ساتھ رہنے لگا۔ یہاں تک کہ وہ پانچ سو ننانوے (۵۹۹) ہجری میں فوت ہُوا اور مجھے اُس کی خبر دیتے ہوئے کہا۔ مَیں نے چوتھے کو نہیں دیکھا اور وہ ایک حبشی تھا۔

اوتاد کے علوم

جاننا چاہیئے کہ یہ اوتاد بہت سے علوم پر حاوی ہوتے ہیں اور اُن کے

لئے وہ علم لازمی ہے جس کے ساتھ وہ اوتاد ہوتے ہیں پس علوم سے زیادہ نہیں ہوتے۔ اِن میں سے وہ ہیں جن کے لئے پندرہ علوم ہیں اور اِن میں سے وہ ہیں جن کے لئے اٹھارہ[۱۸] علم لازمی ہیں اور اِن میں سے وہ ہیں جن کے لئے اکیس[۲۱] علم ہیں اور اِن میں سے وہ ہیں جن کے لئے چوبیس علم ہیں۔ اصنافِ علم کی تعداد کثیر ہے اِن میں سے ہر ایک کے لئے علوم کی اصناف ہیں جو اِس سے اُس کے لئے لازمی ہے۔ کبھی ایک یا وہ سب علم یا جماعت کے تمام علم اور زیادہ بھی جمع کر لیتے ہیں ولیکن اِن میں سے ہر ایک کے لئے خاص وہ ہیں جن کی تعداد ہم نے بیان کی ہے پس وہ اِس میں شرط ہے اور کبھی اُس کے لئے علم نہیں ہوتا اور نہ اُن میں سے کسی ایک کے لئے زائد علم ہوتا ہے اور اُس سے جو علم اُس کے ساتھیوں کے پاس علم ہے جس سے اُن کے پاس نہیں تو اُن سے جو اُس کے لئے اُس وجہ پر ہوتا ہے وہ علم ہے اور وہ اللہ تبارک و تعالیٰ کا ابلیس کی طرف سے یہ قول ہے۔

ثُمَّ لَآتِيَنَّهُم مِّن بَيْنِ أَيْدِيهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ

وَعَنْ أَيْمَانِهِمْ وَعَنْ شَمَائِلِهِمْ (الاعراف ۷)

پھر میں اُن کے پاس اُن کے سامنے سے اور اُن کے پیچھے سے اور اُن کے دائیں سے اور اُن کے پیچھے سے آؤں گا۔ اور ہر جہت کے لئے ایک وتد ہے جو قیامت کے دن اُس شخص کی شفاعت اُس جہت سے کرے گا جس طرف سے ابلیس اُس پر داخل ہوا ہو گا

اوتاد کے علوم کا تعین جس وتد کے لئے وجہ یعنی سامنے کی سمت ہے

آسے یہ علوم حاصل ہوتے ہیں۔

عِلمِ اصطلام دوجد اور شوق و عشق اور غامضاتِ مسائل، عِلمِ نظر، عِلمِ ریاضت، عِلمِ طبیعت، عِلمِ الٰہی، عِلمِ میزان، عِلمِ انوار، عِلمِ سبحات وجیہہ، عِلمِ شاہدہ، عِلمِ فنا، عِلمِ تسخیر الارواح، عِلمِ استنزالاتِ رُوحانیتِ علوی، عِلمِ حرکت، عِلمِ ابلیس، عِلمِ مجاہدہ، عِلمِ حشر، عِلمِ نشر، عِلمِ موازینِ اعمال، عِلمِ جہنّم، عِلمِ صراط،

جس وتد کے لئے بائیں سمت ہے آسے یہ علوم حاصل ہوتے ہیں۔

عِلمِ اسرار، عِلمِ غیوب، عِلمِ کنُوز، عِلمِ نبات، عِلمِ معدن، عِلمِ حیوان، عِلمِ امُورِ مخفی، عِلمِ آب، عِلمِ تکوین، عِلمِ تدوین، عِلمِ رسوخ، عِلمِ ثبات، عِلمِ مقام، عِلمِ قدم، عِلمِ فصول مقوّمہ، عِلمِ اعیان، عِلمِ سکون، عِلمِ دنیا، عِلمِ جنّت، عِلمِ خلود، عِلمِ تقلبات یعنی تبدیلی۔

جس کے لئے دائیں سمت ہے اُسے یہ علوم حاصل ہوتے ہیں۔

عِلمِ برازخ، عِلمِ ارواحِ برزخیہ، عِلمِ گفتگوئے طائراں، ہواؤں کی زبان کا عِلم، عِلمِ تنزیل، عِلمِ استحالات، عِلمِ زجر، عِلمِ مشاہدۂ ذات، عِلمِ تحریکِ نفوس، عِلمِ میلان، عِلمِ معراج، عِلمِ رسالت، عِلمِ کلام، عِلمِ انفاس، عِلمِ احوال، عِلمِ سماع، عِلمِ حیرت، عِلمِ ہویٰ و خواہشات،

جس کے لئے پچھلی سمت ہے اُس کے لئے یہ علوم ہیں۔

عِلمِ حیات، عقائد سے متعلق عِلمِ احوال، عِلمِ نفس، عِلمِ تجلّی، عِلمِ منصّات، عِلمِ نکاح، عِلمِ رحمت، عِلمِ تعاطف، عِلمِ مودّت، عِلمِ ذوق، عِلمِ شرب، عِلمِ الرّی، عِلمِ جواہر القرآن، عِلمِ دُرّ الفرقان، عِلمِ نفسِ امّارہ۔

جیساکہ ہم نے ذکر کیا ہر وتد کے لئے یہ علوم لازم ہیں تو جو اِس پر اِن سے زیادہ ہے۔ وہ اختصاصِ الٰہی ہے۔ ہم نے اوتاد کے مراتب بیان

کر دیئے ہیں اور ہم اُس باب میں تھے جو پہلے بیان ہُوا اور جو ابدال کے ساتھ مختص ہے اور ہم نے اِس کتاب کی منازل کی فصل میں اُس اَمر کو بیان کر دیا ہے۔ جن اصُولوں کے ساتھ قطب اور دو امام مخصوص ہیں اِسے پُورے طور پر اِس کتاب کے دو سو سترویں باب میں بیان کیا گیا ہے اور اللہ تعالیٰ حق فرماتا اور سیدھا راستہ دِکھاتا ہے۔

اَلحَمدُ لِلّٰہ سولھویں باب کا ترجمہ تمام ہُوا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

سترھواں باب

علومِ کونیہ کے تبدیل ہونے کی معرفت اور علومِ الٰہیہ معاونینِ اصلیہ کا بیان

علوم الکون تنتقل انتقالا ‏ ‏ وعلم الوجہ لا یرجو زوالا
فنثبتھا وتنفیھا جمیعا ‏ ‏ ونقطع نجدھا حالا فحالا
الھی کیف یعلمکم سواکم ‏ ‏ ومثلک من تبارک أو تعالی
الھی کیف یعلمکم سواکم ‏ ‏ وھل غیر یکون لکم مثالا
ومن طلب الطریق بلا دلیل ‏ ‏ الھی لقد طلب المحالا
الھی کیف تھوا کم قلوب ‏ ‏ وما ترجو التألف والوصالا
الھی کیف یعرفکم سواکم ‏ ‏ وھل شیٔ سوا کم لا ولا لا
الھی کیف تبصرکم عیون ‏ ‏ ولست النیرات ولا الظلالا
الھی لا أری نفسی سوا کم ‏ ‏ وکیف أری المحال أو الضلالا
الھی أنت وان انی ‏ ‏ لیطلب من انایتک النوالا
لفقر قام عندی من وجودی ‏ ‏ تولد من غناک فکان حالا
وأطلعنی لیظھرنی الیہ ‏ ‏ ولم یرنی سواہ فکنت آلا
ومن قصد السراب یریدما ‏ ‏ یری عین الحیاۃ بہ زلالا
انا الکون الذی لا شیٔ مثلی ‏ ‏ ومن انا مثلہ قبل المثالا
وذا من اعجب الاشیاء فانظر ‏ ‏ عسالک تری بما لہ استحالا
فما فی الکون غیر وجود فرد ‏ ‏ تنزہ أن یقاوم أو ینالا

علوم کون منتقل ہوتے رہتے ہیں اور علمِ وجہ کے زوال کی اُمید نہیں۔
پس ہم اُن تمام کا اثبات اور نفی کرتے ہیں اور ہم حالاً فحالاً اُس کی بلندی کو قطع کرتے ہیں۔
الٰہی! آپ کو آپ کے سوا کیسے جان سکتے ہیں اور کیا غیر آپ کی مثل ہوگا؟
الٰہی! جو بغیر دلیل کے راستہ تلاش کرتا ہے وہ محال کو تلاش کرتا ہے۔
الٰہی! تالیف و وصال سے ناامید قلوب آپ کی خواہش کیسے کرتے ہیں۔
الٰہی! آپ کے سوا آپ کو کیسے پہچانا جا سکتا ہے۔ کیا آپ کے سوا کوئی چیز ہے نہیں! نہیں۔ اور نہیں۔
الٰہی! آپ کو آنکھیں کیسے دیکھ سکتی ہیں اور آپ نہ نور ہیں نہ سایہ ہیں۔
الٰہی! میں اپنے نفس کو آپ کے سوا نہیں دیکھتا اور نہ محال و گمراہی کو کیسے دیکھ سکتا ہوں۔
الٰہی! آپ آپ ہیں اور بے شک میں میں ہوں تاکہ طالب آپ کی انانیت سے بخشش طلب کرے۔
میرے نزدیک میرا وجود محتاجی اور فقر سے قائم ہوا۔ اور آپ کی غنا سے تولد ہوا تو یہ حال پایا۔
مجھے مطلع کیا گیا تاکہ مجھے اُس پر ظاہر کیا جائے اور مجھے اُس کے سوا نے نہیں دیکھا تو میں آلۂ کار ہوں۔
اور جو پانی کے ارادے سے سراب کا قصد کرتا ہے کیا وہ اس کے

ساتھ چشمۂ حیات سے آبِ زلال دیکھتا ہے۔ میں وہ کائنات ہوں کہ میری مثل کوئی چیز نہیں اور میں وہ ہوں جس کی مثل پہلی مثالیں ہیں۔

اور یہ تعجب خیز اشیاء سے ہے۔ دیکھیں شاید تمہیں اس کی مماثلت محال ہو۔

کائنات میں غیر وجود نہیں۔ وہ اکیلا کسی اور وجود کے قیام اور نہ پہنچنے سے پاک ہے۔

اُس کی ہر روز نئی شان ہے

اللہ تعالیٰ آپ کی مدد فرماتے۔ جاننا چاہیئے کہ عالم میں جو کچھ ہے۔ ایک حال سے دوسرے حال کی طرف منتقل ہوتا ہے پس عالمِ زمان ہر زمانہ میں اور عالمِ انفاس ہر نفس میں اور عالمِ تجلّی ہر تجلّی میں منتقل ہوتا رہتا ہے اور اس میں اللہ تبارک تعالیٰ کا یہ ارشاد علّت ہے۔

كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِي شَانٍ — الرحمٰن آیت ۲۹

وہ ہر روز نئی شان میں ہے۔

اور اس کی تائید اللہ تبارک و تعالیٰ کے اس ارشاد سے ہوتی ہے۔

سَنَفْرُغُ لَكُمْ اَيُّهَ الثَّقَلٰنِ — الرحمٰن آیت ۳۰

جنّوں اور انسانوں ہم عنقریب تمہارے کام نپٹا دیں گے۔

ہر انسان اپنی حرکات و سکنات میں اپنی ذات سے اپنے دل میں طرح طرح کے خواطر پاتا ہے تو اس تبدیلی سے اعلیٰ و اسفل عالم میں نہیں ہلوگا۔

مگر جو ہوگا وہ توجہِ الٰہی سے تجلّیٔ خاص سے عین کے لئے ہوگا۔ تو اُس کا استناد اُس تجلّی سے اُسے اُس کی حقیقت عطا ہونے کی حیثیت سے ہوتا ہے۔

علومِ کونیہ

جان لیں کہ معارفِ کونیہ سے وہ علوم ہیں جو اکوان سے ماخوذ ہیں اور اُن کی معلومات اکوان ہیں اور وہ علوم ہیں جنہیں اکوان سے اخذ کیا گیا اور اُن کی معلومات نسبتیں ہیں اور نسبتیں اکوان نہیں ہیں اور وہ علوم ہیں جو اکوان سے اخذ ہوتے ہیں اور اُن کا معلوم ذاتِ حق تعالیٰ ہے اور وہ علوم ہیں جو حق تعالیٰ سے اخذ کئے جاتے ہیں اور اُن کا معلوم اکوان ہیں اور وہ علوم ہیں جو نسبتوں سے اخذ کئے جاتے ہیں اور اُن کا معلوم اکوان ہیں اور اِن سب کا نام علومِ کونیہ ہے اور یہ بھی اپنی معلومات کی منتقلی کے ساتھ اپنے احوال اور صورتِ انتقال میں منتقل ہوتے رہتے ہیں۔

انسان ابتدا میں اکوان میں سے کسی کون کی معرفت طلب کرتا ہے۔ یا اکوان سے اپنی مطلوبہ کائنات پر دلیل پکڑتا ہے تو جب اُسے یہ مطلوب حاصل ہو جاتا ہے اُس میں اُس کے لئے وجہ الحق کا ظہور ہوتا ہے اور اُس کے لئے یہ وجہ مطلوب نہیں ہوتا تو یہ طالب اُس کے ساتھ تعلق پیدا کر لیتا ہے اور پہلے قصد کو ترک کر دیتا ہے اور علم منتقل ہو کر اُسے طلب کرتا ہے جو اُسے یہ وجہ عطا کرتا ہے۔ اِن میں سے وہ ہے جو اسے پہچان لیتا ہے اور اِن میں سے وہ ہے جس کا یہ حال ہے اور وہ اُسے نہیں پہچانتا جو اُس سے منتقل ہُوا اور جو اُس کی طرف منتقل ہُوا یہاں تک کہ بعض اہلِ طریق ڈگمگا جاتے ہیں۔ پس کہا جب تم ایسے شخص کو دیکھو جو ایک حال پر چالیس روز

رہے تو جان لے کہ وہ آئینہ عجیب ہے اور کیا حقائق یہ بتلاتے ہیں کہ دو زمانوں یا دو نفسوں سے کوئی ایک حال پر باقی رہے تو الوہیت اُسکے حق میں فعل معطل کر دیتی ہے یہ وہ امر ہے جسکا تصور سوائے اِس بات کے نہیں کیا جا سکتا کہ یہ عارف نہیں جانتا کہ امثال میں انتقال منتقل ہونے سے کیا مراد ہے، تو کسی چیز سے اُسکی مثل کی طرف مع التباس کے منتقل ہو تو اُس پر صورت کا التباس اُس پر اُس شخص کے بدلنے سے ہے جس کا پہلا حال اُس کے تخیل میں تھا"

جیسا کہ کہتے ہیں فلاں ما زال الیوم ماشیا و ما قعد اور شک نہیں کہ چلنا بہت سی حرکات ہیں اور یہ ہر حرکت دوسری کی عین نہیں بلکہ یہ اُس کی مثل ہے اور اور آپ جانتے ہیں کہ اِس کے انتقال کے ساتھ منتقل ہو تو کہتے ہیں، ما تغیر علیہ الحال وقد تغیرت علیہ من الاحوال"

فصل۔ علوم الٰہیہ کے انتقالات

رہے علوم الٰہیہ کے انتقالات تو یہ وہ استرسال ہے جس کی طرف امام حرمین ابو المعالی گئے ہیں اور وہ تعلقات ہیں جن کی طرف محمد بن عمر بن خطیب رازی گئے ہیں،

رہے ہم اہل طریقت میں سے قدم راسخ والے حضرات تو وہ یہاں لفظ انتقالات نہیں کہتے کیونکہ حق تعالےٰ کے ہاں چیزیں مشہود و معلوم اور اعیان و احوال انہی صورتوں پر ہیں جن پر تھے۔ اور ان میں سے جو شخص ان اعیان کو اُس طرف پر پاتا ہے جو لا متناہی نہیں تو وہ نہ ابن خطیب کے مذہب پر "تعلقات" کی بات کرتا ہے اور نہ امام حرمین ابو معالی کے مذہب پر استرسال ہو گا اللہ ان سب پر راضی ہو"

درست عقلی دلیل

اور درست عقلی دلیل وہ امر عطا کرتی ہے جس کی طرف ہم گئے ہیں اور یہ وہ ہے جس کا ذکر اہل اللہ نے کیا ہے اور وہ اس پر اُس امر سے واقفیت رکھتے ہیں جو اُنہیں کشف اُس مقام سے عطا کرتا ہے جو طور عقل سے وراء ہے تو تمام نے اِس کی تصدیق کی ہے اور ہر قوت اپنی حیثیت کے مطابق عطا کرتی ہے۔ تو جب اللہ تعالےٰ نے اعیان کو بنایا تو بیشک اُس کے لئے بنایا جو اُس کے لئے نہیں اور یہ اُس کے حالات ہیں جو مکان و زمان کے اختلاف پر مکان و زمان کے ساتھ ہیں تو اُس کے لئے اِن اعیان و احوال سے تتالی و توابع پر ایک کے بعد دوسری چیز کا کشف ہے اور یہ کشف محدود نہیں بلکہ لا محدود و لامتناہی کی طرف ہوگا، تو اللہ تعالےٰ کی طرف نسبت کا امر ایک ہے جیسا کہ اللہ تعالےٰ نے فرمایا!

وَمَآ اَمْرُنَآ اِلَّا وَاحِدَۃٌ کَلَمْحٍ بِالْبَصَرِ[1]

یعنی اور ہمارا کام تو ایک بات کی بات ہے جیسے پلک جھپکنا"

اور نفس میں گنتی کی کثرت ہے اور یہ امر ہمیں اِس وقت حاصل ہے اور ہم پر اِس میں اختلال میں نہیں اور کثرت میں وحدت کا امر نہ ہمارے ہاں غائب ہوتا ہے اور نہ زائل اور اس امر کی ہر وہ شخص گواہی دے گا جو یہاں اِس مثال کو سمجھنے سے ذوق لے گا کہ وحدت میں کثرت اُسی طرح ہے جیسے ایک شخص کے مختلف احوال ہوتے ہیں"

---

[1] القمر آیت ۵۰

صُورت کی صُورت کشی کی گئی جس پر وُہ ہے۔ ایسے ہی ہر شخص ہے اور آپ کے اور اِن صُورتوں کے درمیان پردہ ڈال دیا گیا۔ پس آپ کے لئے اُن سے صُورتیں کھولی جاتی ہیں اور آپ منجملہ اُس کے ہیں جس کے لئے اُس میں صُورت ہے پس پردہ اُٹھنے کے وقت ایک ہی نظر کے ساتھ آپ اُن سب کا اِدراک کرلیں گے۔

پس اِس مطابقت میں اللہ سُبحانہٗ تعالیٰ نے اِن صُورتوں سے اعراض نہیں فرمایا بلکہ اُن کے لئے اُن سے کشف فرمایا اور اُن کے لئے اُن کی حالتِ وجُود کو ملتبس فرمایا۔ پس اُنہوں نے اپنے نفس کا معاتنہ کیا جس پر وُہ صُورتیں ہمیشہ رہیں گی۔ اور حق تعالیٰ کی نظر کے حق میں نہ ماضی کا زمانہ ہے نہ مستقبل کا۔ بلکہ اِس میں صُورتوں کی تعداد کے ساتھ اُن کے مراتب اُسے معلوم ہیں اور اُن کے مراتب تناہی اور حصر کے ساتھ مُتّصِف نہیں اور نہ اُن کے لئے حَد ہے کہ اُس کے نزدیک توقّف ہو۔

اَیسے ہی تمام ممکنات کا اُن کے عدم و وجُود کے حال میں حق تعالیٰ کا اِدراک ہے تو اُس پر اُس کے خیال میں احوال متنوّع ہیں تو اُس کے عِلم میں نہیں۔ اِس عِلم کے لئے اُنہوں نے کشف سے استفادہ کیا ہے نہ کہ اُس حالت پر جو اُن کے نزدیک نہ تھی۔ پس اِس کی تحقیق کریں کیونکہ یہ مسئلہ مخفی اور گہرا ہے جس کا تعلق قدر کے راز سے ہے۔ ہمارے اصحاب میں سے بہت کم لوگ اِس پر واقفیت رکھتے ہیں۔

خُدا کے ساتھ عِلم کی اقسام

رہا ہمارے عِلم باللہ کا تعلق تو یہ دو قِسموں پر ہے۔ قِسمِ اوّل ذاتِ

الٰہیہ کی معرفت ہے اور یہ شہود اور رویت پر موقوف ہے لیکن اس رویت کا احاطہ نہیں کیا جاسکتا۔

قسم دوم اُس کے معبود ہونے کی معرفت ہے اور یہ دو امروں پر یا دونوں میں سے کسی ایک پر موقوف ہے اور وہ امر عطا ہے اور دوسرا امر نظر اور استدلال ہے اور یہ وہی اکتسابی معرفت ہے۔

رہا اُس کے مختار ہونے کا علم؟ تو اختیار اُس کی احدیتِ مشیت کے معارض ہے تو جب اس کے ساتھ توصیف ہو گی تو نسبت حق تعالیٰ کی طرف ہو گی، اور یہ اُس پر ممکن کی حیثیت سے ہے نہ کہ اُس حیثیت سے ہے جو اُس پر حق ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا۔

وَلٰکنُ حق القول منی

اور اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا!

افمن حقت علیہ کلمۃ العزاب

اور فرمایا!

ومایبدل القول لدی ق آیت ۲۹

ہمارے یہاں بات نہیں بدلتی۔

اور یہ آیت کتنے اچھے انداز سے پوری فرمائی۔

وما انا بظلام للعبید ق آیت ۲۹

اور میں بندوں پر ظلم نہیں کرتا۔

اور یہاں قدر کے راز سے خبردار کیا گیا ہے اور اس کے ساتھ اللہ تبارک و تعالیٰ کی اُس کی مخلوق پر حجّتِ بالغہ ہے اور یہ وہ امر ہے جو جنابِ حق تعالیٰ کی شان کے لائق ہے اور یہی وہ امر ہے جو کائنات کی طرف لوٹتا ہے۔

وَلَوْ شِئْنَا لَآتَيْنَا كُلَّ نَفْسٍ هُدَاهَا ۔ السجدہ آیت ۱۳

اور اگر ہم چاہتے تو ہر ایک کو ہدایت پر لے آتے۔

پس ہم نے نہیں چاہا لیکن استدراک توصیل کے لئے ہے کیونکہ ممکن اپنی حقیقت کے اعتبار سے ہدایت اور گمراہی کے قابل ہوتا ہے تو یہ مقام انقسام ہے اور اس پر تقسیم وارد ہوتی ہے اور نفس الامر میں اللہ تعالیٰ کے لئے اس میں نہیں مگر ایک امر اور وہ اللہ تبارک و تعالیٰ کے نزدیک ممکن حال کی جہت سے معلوم ہے۔

مسئلہ :۔ ظاہر اور معقول امر ہے کہ شاہد کے حق میں عدم مثال کی اختراع اللہ تبارک و تعالیٰ کے امر میں ہمیشہ مشہود و معلوم ہے جیسا کہ ہم نے کتاب معرفتِ باللہ میں اللہ تبارک و تعالیٰ کے علمِ بالاشیاء میں مقرر کیا ہے۔

مسئلہ :۔ اسماء الٰہی نسبتیں اور اضافات ہیں جو عینِ واحدہ کی طرف رجوع کرتے ہیں۔ کیونکہ یہاں اس میں وجودِ اعیان کے ساتھ کثرت درست نہیں جیسا کہ اُس اہلِ نظر کا گمان ہے جسے علمِ باللہ حاصل نہیں۔

اگر اعیان کی صفات زائد ہوتیں اور وہ إلٰہ نہیں مگر الوہیت اِن کے ساتھ معلول ہوتی ہیں تو یہ امر خالی نہیں کہ یہ عین الٰہ ہوتیں۔ پس اپنی ذات کے لئے علت نہیں ہوتی یا وہ نہ ہوتی تو اللہ تبارک و تعالیٰ اُس علت

کے لئے معلول نہیں جو اُس کی عین نہیں۔ کیونکہ عِلت رُتبہ کے ساتھ معلول پر مُقدم ہے تو اِس سے اللہ تعالیٰ کے لئے اِن اعیانِ زائدہ کے لئے معلول ہونے سے مُحتاجی لازم آتی ہے جو اُس کے لئے عِلت ہیں اور یہ مُحال ہے۔

پھر یہ امر بھی ہے کہ معلول چیز کے لئے دو عِلّتیں نہیں ہوں گی اور یہ بہت سی ہیں اور اِلٰہ نہیں ہو گا مگر اِن کے ساتھ تو یہ باطل ہے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ کی ذات پر اسماء و صفات اعیانِ زائدہ ہوں اور اللہ تبارک و تعالیٰ ظالموں کے قول سے بلند و بزرگ ہے۔

مسئلہ:۔ آئینے کی صورت میں برزخی جسم ہے جیسا کہ ہونے والا اُس صورت کو دیکھتا ہے جب وہ خارجی صورت کے موافق ہو۔ اور ایسے ہی مُردہ اور مکاشف ہے جب آئینہ ایک خاص شکل پر ہو گا تو جو اُسے برزخ سے عطا کیا جائے گا۔ آئینے کی صورت اُسے بہت سچ دکھائے گی اور جرم کی مقدار خاص ہو گی۔ اگر ایسا نہیں ہو گا تو جو اُسے عطا کیا جائے گا اُس کی پُوری تصدیق نہیں کرے گا۔ بلکہ بعض کی تصدیق کرے گا۔

جاننا چاہیئے کہ دیکھی جانے والی شکلیں مختلف ہیں تو صورتیں بھی مختلف ہیں۔ اگر مرئیات کی طرف انعکاس کے ساتھ دیکھا جائے گا جیسا کہ بعض لوگ دیکھتے ہیں تو دیکھنے والا اُس کا اِدراک اُس حیثیت سے کرتا ہے جس پر اُس کا جرم بڑا یا چھوٹا ہے اور ہم چھوٹے صقیل جسم کو دیکھنے میں بڑی صورت کو فی نفسہٖ چھوٹی کو دیکھتے ہیں۔ ایسے ہی بڑا صقیل جسم دیکھنے والے کی آنکھ میں صورت کو بڑا کر دیتا ہے اور اپنی حد سے نکل جاتا ہے ایسے ہی چوڑا لمبا اور مُوجزن ہے۔

انعکاسات یہ امر عطا نہیں کرتے تو ہمارا کہنا ممکن نہیں مگر یہ کہ صقیل

جسم اُن امُور سے ایک ہے جو صُوَر برزخیہ عطا کرتا ہے۔ لہٰذا اِس میں رویّت کا تعلق نہیں مگر محسُوسات کے ساتھ کیونکہ خیال صُورتِ محسُوسہ کو پکڑتا ہے یا اُسے پکڑتا ہے جو اجزاءِ محسُوسہ سے مرکّب ہو جس کی ترکیب قوّتِ مُصوّرہ سے ہو، پس وُہ صُورت عطا کرتی ہے جس کے لئے حِس میں ہرگز وجُود نہیں لیکن وُہ اجزاء ہیں جن سے اِس محسُوسہ صُورت کی ترکیب ہُوئی۔ اِس لئے دیکھنے والے کو شک نہیں ہوتا۔

مسئلہ :۔ تمام کے نزدیک موجودات میں جو کامل ترین پیدائش ظاہر ہُوئی وُہ انسان ہے۔ کیونکہ انسان صُورت پر پیدا کیا گیا ہے نہ کہ یہ کمال حیوانِ ناطق انسان اور اُس کی صُورت کے لئے ہے لیکن یہ لازم نہیں آتا کہ وُہ اللہ تبارک وتعالیٰ کے نزدیک افضل ہو تو وُہ مجموعی اعتبار سے کامل تر ہو۔ اگر وُہ کہیں کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے۔

لَخَلْقُ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضِ اَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۔ المومن آیت ۵۷

بے شک عقل مندوں کے نزدیک آسمانوں اور زمین کا بنانا آدمیوں کے بنانے سے بہت بڑھ کر ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔

انسان کی بڑائی رُوحانیت کے اعتبار سے ہے

اِس آیت کریمہ سے معلوم ہُوا کہ جرم میں بڑا ہونا مراد نہیں بلکہ معنیٰ میں بڑا ہونا مراد ہے۔ ہم اِس کے لئے کہتے ہیں کہ یہ سچ ہے۔ لیکن کس نے کہا کہ وُہ رُوحانیت میں اِس سے بڑا ہے بلکہ آسمانوں اور

زمین کے معنی اُس حیثیت سے ہیں جو دونوں میں سے ہر ایک پر دونوں کے اجرام کے لئے خاص نظم سے مفرد معنی کے طریق سے دلالت کرتے ہیں تو یہ جسم انسان سے معنی میں بڑے ہیں نہ کہ ہر انسان سے، اس لئے آسمانوں اور زمین کی حرکت سے مولدات و تکوینات کے اعیان کا صدور ہوتا ہے اور انسان اپنے جرم کی حیثیت سے مولدات سے ہے اور یہ انسان سے صادر نہیں ہوتا اس سے ہی عناصر کی طبیعت ہے اس لئے دونوں انسان کی تخلیق سے بڑے ہیں کیونکہ دونوں انسان کے لئے والدین کی طرح ہیں اور یہ اُس امر سے ہے جو آسمان اور زمین کے درمیان نازل ہوتا ہے اور ہم اس امر کو انسان کامل میں دیکھتے ہیں تو کہتے ہیں کہ وہ کامل تر ہے۔ رہا انسان کا اللہ تبارک و تعالیٰ کے نزدیک افضل ہونا ہے تو یہ اللہ تبارک و تعالیٰ وحدہٗ کے لئے ہے۔ کیونکہ مخلوق نہیں جانتی نفس خالق میں کیا ہے سوائے اُس کے جس کا علم اُس کی طرف سے عطا ہو۔

مسئلہ:۔ حق تعالیٰ کے لئے نفسیہ ثبوتیہ صفت نہیں سوائے ایک کے اس کے لئے جائز نہیں کہ اُس کے لئے دو یا زائد صفتیں ہوں۔ کیونکہ اگر ایسا ہوگا تو وہ دونوں سے یا ان سب سے مرکب ہوگا اور ترکیب اُس کے حق میں محال ہے۔ پس ایک صفت پر صفتِ زائدہ ثبوتیہ محال ہے۔

اسماء و صفاتِ الٰہی اشیا نہیں

مسئلہ:۔ صفاتِ خداوندی نسبتیں اور اضافتیں ہیں اور نسبتیں امورِ عدلیہ ہیں اور وہاں تمام وجوہ سے ذاتِ واحد کے سوا کچھ نہیں۔ اس لئے دوسرے امر میں بندوں کا رحمت کئے گئے ہونا جائز ہے اور ان پر اُس کی رحمت

کالاًانتہا کی طرف نہ ہونا سرمدی اور دائمی نہیں ہوگا۔ کیونکہ اس امر میں اس پر کسی کا جبر نہیں اور اسماء وصفات وہ اعیان نہیں جن پر اشیاء میں حکم واجب ہو، پس تمام کے لئے رحمت کی شمولیت سے کوئی امر مانع نہیں اور بالخصوص وارد ہوا ہے کہ رحمت اس کے غضب پر سبقت لے گئی۔ چنانچہ جب غضب رحمت کی طرف منتہی ہوگا رحمت کا حکم ہوگا تو یہ اسی امر پر ہوگا جو ہم نے کہا ہے۔ اس لئے اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے۔

لَوْ يَشَاءُ اللّٰهُ لَهَدَى النَّاسَ جَمِيْعًا

اللہ چاہتا تو سب آدمیوں کو ہدایت دیتا — الرعد آیت ۳۱

پس دنیا میں اس مشیت کا حکم تکلیف کے ساتھ ہوگا۔ آخرت میں تو اس کا حکم اللہ تبارک وتعالیٰ کے اس ارشاد کے لئے ہے۔ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ۔ یعنی وہ جو چاہے کرتا ہے تو جو شخص انداز اً اس پر دلیل لاتا ہے کہ اہلِ نار پر سرمدی عذاب ہے اور لازم ہے کہ عالم میں ایک پر ہو۔ یا سب پر یہاں تک کہ اسمِ معذّب، مبلی، منتقم اور اس کی امثال کا حکم درست ہو اور اسمِ مبلی اور اس کی امثال نسبت و اضافت ہے نہ کہ عین موجودہ اور موجود ذات لاموجود کے تحت کیسے ہو سکتی ہے۔ پس لَوْ شَاءَ اور لَئِنْ شِئْنَا کے ارشاد میں جو بیان ہوا اس اصل کے لئے ہے اور اس کے لئے اطلاق ہے اور وہاں نص نہیں جس کی طرف رجوع ہو اور نہ اس کی طرف سرمدی عذاب کرنے میں احتمال کا طریق ہو جیسا کہ ہمارے لئے سرمدی جنت ہے تو جواز کے علاوہ باقی نہیں اور یقیناً وہ دنیا و آخرت میں رحمٰن ہے۔ اگر آپ اس امر کو جس کی طرف ہم نے اشارا کیا ہے سمجھ لیں گے تو آپ کی تشغیب میں کمی آجائے گی۔ بلکہ بالکل زائل ہو جائے گی۔

مسئلہ :۔ اللہ تبارک وتعالیٰ پر جواز کا اطلاق اللہ تبارک وتعالیٰ کے حضور میں سوئے ادبی ہے اور جواز کا اطلاق ممکن پر کرنے سے مقصود حاصل ہو جاتا ہے اور یہی لائق ہے۔ کیوں کہ نہ اس کے ساتھ شریعت وارد ہوئی ہے اور نہ اس پر عقل دلالت کرتی ہے پس اس پر غور کریں اور اسی قدر کافی ہے کیونکہ علمِ الٰہی احاطہ واستقصاء سے وسیع تر ہے۔

وَاللّٰہُ یَقُوْلُ الْحَقَّ وَھُوَ یَہْدِی السَّبِیْلَ۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ سترھویں باب کا ترجمہ پورا ہوا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝

اٹھارہواں باب

مُتہجدین کے علم اور جو اس کے ساتھ مسائل سے تعلق رکھتے ہیں اور مراتب علوم میں اس کی مقدار سے ہے اور جو وجود میں اس سے علوم ظاہر ہوتے ہیں کی معرفت کا بیان

علم التہجد علم الغیب لیس له — فی منزل العین احساس ولا نظر
ان التنزل یعطیه وان له — فی عینه سوراتعلو به صور
فان دعاه الی المعراج خالقه — بدت له بین اعلام العلی سور
فکل منزلة تعطیه منزلة — اذ تحکم فی اُجنانه السهر
مالم ینم هذه فی لیل حالته — أو یدرك الفجر فی آفاقه البصر
نوافح الزهر لا تعطیك رائحة — مالم یجد بالنسیم اللین السحر
ان اعلوك ان حلت منا صبها — ها مع السوقة الاسرار والسمر

تہجد کا علم علم غیب ہے اُس کے لئے منزل عین میں نہ احساس ہے نہ نظر۔
بے شک اُسے تنزل عطا کرتا ہے اور اُس کی عین میں دیوار ہے جس کے ساتھ صورتیں بلند ہوتی ہیں۔
اگر اُس کا خالق اُسے معراج کی طرف بلاتے تو اُس کے لئے بلند چیزوں کے درمیان دیواریں ظاہر ہوں گی۔

جب اُس کی پلکوں میں بیداری مضبوط ہو جاتی ہے تو ہر منزل اُسے
منزلت عطا کرتی ہے۔
وہ نہیں سوتے گا تو رات میں اُس کی یہی حالت رہے گی یا فجر
اپنے آفاق میں بصر کا اِدراک کرے گی۔
جب تک، نرم نسیمِ سحر نہیں پاؤ گے بوتے گُل آپ کو خوشبو عطا
نہیں کرے گی۔
بے شک بادشاہوں کے مناصب جلی ہیں اُن کے لئے رازوں کے
بازار اور سمر کی معیّت ہے۔

تہجّد گذار کون ہے اور اُس کا اسم

اللہ تبارک و تعالیٰ آپ کی مدد فرمائے۔ جان لیں کہ تہجّد پڑھنے والوں کے لئے اللہ تبارک و تعالیٰ کا خاص اسم نہیں جو اُنہیں تہجّد عطا کرتا ہے۔ اور وہ اِس میں قائم ہیں جیسا کہ پوری رات قیام کرنے والے کے لئے ہے کیونکہ تمام رات قیام کرنے والے کے لئے اسمِ الٰہی ہے جو اُسے اپنی طرف بلاتا ہے اور اُسے متحرک کرتا ہے۔ کیونکہ تہجّد اُس سے عبارت ہے جو قیام کرتا ہے اور سو جاتا ہے اور پھر قیام کرتا ہے اور سو جاتا ہے اور پھر قیام کرتا ہے۔ جو شخص اپنے ربّ کی مناجات میں رات کو اِس طرح نہیں کاٹتا وہ تہجّد گذار نہیں ہو سکتا۔ اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

عربی

وَمِنَ الَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ — بنی اسرائیل آیت ۷۹

//

اور رات کے کچھ حصّہ میں تہجّد کریں یہ خاص تمہارے لئے زیادہ ہے۔

اور فرمایا!

اِنَّ رَبَّکَ یَعْلَمُ اَنَّکَ تَقُوْمُ اَدْنٰی مِنْ ثُلُثَیِ المزمل آیت ۲۰

بے شک تمہارا رب جانتا ہے کہ تم قیام کرتے ہو کبھی دو تہائی رات کے قریب کبھی آدھی رات کبھی تہائی۔

اور حق تعالیٰ کی طرف سے اُس کے لئے خاص علم ہے سوائے اِس کے کہ یہ حالت اسماءِ الٰہیہ میں نہیں پائی جاتی جو اُس کی طرف مستند ہو اور نہ ہی اِس کی طرف اسمِ حق سے قریب تر نسبت کو دیکھا ہے تو اس کی سند اسمِ حق کی طرف ہے اور اِسے یہ اسم قبول کرتا ہے بس ہر وہ علم جو تہجد گذار کے پاس آتا ہے وہ اسمِ حق سے ہوتا ہے۔ کیونکہ حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صائم الدہر اور قائم اللیل شخص کو فرمایا!

ان لنفسك عليك حقا ولعينك عليك حقا فصم وافطر وقم ونم الحديث

بے شک تجھ پر تیرے نفس کا حق ہے اور تجھ پر تیری آنکھ کا حق ہے۔
پس روزہ رکھ اور افطار کر اور قیام کر اور سو جا۔

پس اُس کے لئے قیام اور سونے کے درمیان آنکھ سے حقِ نفس کی ادائیگی کو اور اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف سے حقِ نفس کی ادائیگی کو جمع فرمایا گیا اور حقوق کی ادائیگی سوائے اسمِ حق کے نہیں ہوتی اور اسی سے ہوتی ہے اِس کے علاوہ سے نہیں۔ اِس لئے تہجد گذاروں کا اِستناد اِس اِسم کے لئے ہے۔ پھر تہجد گذار کے لئے دوسرا امر ہے جس کا کسی کو علم نہیں اور مناجات تہجد کا پھل وہی چکھتا ہے اور اُسے ہی اِس کے علوم حاصل ہوتے ہیں جس

کے لئے رات کی نفلی نماز ہے۔

رہا اُس کی فرض نماز کا ناقص ہونا تو آسے اُس کے نوافل سے پورا کیا جاتا ہے اور اگر تہجد گذار بندے کے نوافل فرائض میں غرق ہو جائیں اور اُس کے نوافل باقی نہ بچیں تو وُہ تہجد گذار نہیں اور نہ ہی وہ صاحب نوافل ہے پس اُسے نوافل کے حال اور اُن کے علوم و تجلیات کا حصول نہیں ہوگا۔

تہجد گذار کی نیند اور نماز کا ثمر

جاننا چاہیئے کہ تہجد گذار کی نیند اُس کی آنکھ کا حق ہے اور اُس کا قیام اُس کے رَبّ کا حق ہے۔ اُس کی نیند میں حق تعالیٰ جو علم اور تجلی فرماتا ہے وہ اُس کے قیام کا ثمر ہے اور جو قوت و نشاط اور دونوں کے علوم و تجلیات اللہ تبارک و تعالیٰ اُسے قیام میں عطا فرماتا ہے وہ اُس کی نیند کا ثمر ہے۔ ایسے ہی بندے کے وُہ تمام اعمال ہیں جو اُس پر فرض ہیں۔ تو تہجد گذاروں کے علوم کا داخل ہونا ایسے ہے۔ جیسا کہ زُلف کی لٹ گوندھنے کا تداخل ہے اور یہ علوم نفوس کے لئے اِس التفات کے تلتعف کی حیثیت سے ہیں تو اِس التفات یعنی لپٹنے کے لئے اعلیٰ و اسفل عالم کے اِسرار ظاہر ہوتے ہیں اور اسماء افعال و تنزیہہ پر دلالت کرتے ہیں۔ اور وہ اللہ تبارک و تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے۔

وَالْتَفَّتِ السَّاقُ بِالسَّاقِ   القیامت ۲۹

اور پنڈلی سے پنڈلی لپٹ جائے گی۔

یعنی دُنیا کا اَمر امرِ آخرت کے ساتھ مجتمع ہو گیا اور وہ نہیں مگر دُنیا

آخرت اور یہ وہ مقامِ محمود ہے جو تہجّد کا نتیجہ ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

وَمِنَ الَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ عَسٰٓى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

بنی اسرائیل آیت ۷۹

اور رات کے کچھ حصّہ میں تہجّد پڑھو یہ خاص تمہارے لئے زیادہ ہے۔ قریب ہے کہ تمہارا رب ایسی جگہ کھڑا کرے جہاں سب تمہاری حمد کریں۔

عسیٰ یعنی عنقریب اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف سے واجب ہے اور مقامِ محمود وہ ہے جس کے لئے عواقب ثناء ہے یعنی ہر ثناء اُس کی طرف رجوع کرتی ہے، رہا نمازِ تہجّد کا اندازہ تو وہ عزیز المقدار ہے اور وہ یہ ہے کہ اُس کے لئے وہ اسمِ الٰہی نہ تھا جس کی طرف استناد ہو سکے جیسا کہ تمام آثار جُملہ کی حیثیت سے پہچانے جاتے ہیں۔ پھر وہ امر ہے جس سے صاحبانِ آثار اور آثار غائب ہو گئے تو طلب کیا جو وہ ہے تو نظر نے اُسے اسماءِ الٰہیہ کے کشف کی طرف پھیرا۔ کیا یہ نسبتیں ہیں کہ آثار کا رجُوع دیکھیں؟ کیا یہ رجُوع امرِ وجُودی یا عدمی کی طرف ہے؟ جب نظر نے دیکھا کہ اسماء اعیانِ موجودہ نہیں اور بے شک یہ نسبتیں ہیں تو مستند آثار کو امرِ عدمی کی طرف دیکھا۔ پس تہجّد گذار نے کہا! یہ اُمرکم ہے کہ میرا رجوع عدمی امر کی طرف ہو۔ چنانچہ اس میں نگاہِ امعان کی تو اپنے نفس کو قیام اور نیند کی پیدائش دیکھا اور نیند نفس کا رجُوع اُس کی ذات اور اُس کے طلب کردہ اُمر کی طرف دیکھے گی جب کہ قیام خود پر اللہ تبارک و تعالیٰ کے حق کو دیکھے گا۔

تہجّد گذاروں کا صِلہ

چنانچہ جب اُس کی ذات ان دو اُمروں سے مُرکّب

ہوگی. تو حق کی طرف ذاتِ حق کی حیثیت سے دیکھے گا تو اُس کے لئے یہ ظاہر ہوگا کہ حق جب اپنی ذات کے لئے بذاتہ مُنفرد ہے تو عالم نہیں تھا اور جب عالم کی طرف متوجہ ہُوا تو اِس توجّہ کے لئے عین العالم کا ظہور ہوگیا۔ پس اِن مختلف نسبتوں کی توجّہ سے تمام عالم کو موجود دیکھا۔ اور تہجّد گذار دیکھتا ہے کہ اُس کی ذات عالم کے علاوہ اُس کے نفس کے لئے نظرِ حق سے مرکّب ہے اور یہ سونے والے کے لئے نیند کی حالت ہے اور اُس کی نظر سے جو عالم کی طرف ہے وہ اُس پر حق تعالیٰ کے حق کی ادائیگی کے لئے قیام کی حالت ہے۔

پس معلوم ہُوا کہ اُس کی عین کے وجود کا سبب بحیثیت اُن اسماء کی نسبتوں کے مُعرّا ذات کی طرف استناد کے اشرف الاسباب ہے جنہیں عالم اُس کی طرف طلب کرتا ہے۔ پس متحقق ہوگیا کہ اُس کا وجود وجودِ اعظم اور اُس کا عِلم دوسرے علوم سے درخشاں ہے اور آسے اُس کا مطلوب حاصل ہوگیا اور یہی اُس کی غرض تھی اور اِس کا سبب اُس کی انکساری اور اُس کا فقر تھا پس اپنی طلب اور ضرورت پوری کرنے میں اِس سے متمثل کہا۔

رب لیس بتنہ ما اُتی ۔ بجرہ حق انقضو وطری

من مقام کنت اُعشقہ ۔ بحدیث طیب الخبر

اُس کی خدمت میں کئی راتیں گذار دیں مگر اُس کی فجر نہ آئی کہ میں اپنی ضرورت اور طلب کو پُورا کردوں۔

اُس مقام سے جس کا میں طیبِ خبرِ گفتگو کے ساتھ عاشق ہُوں۔

اور اسماء کے بارے میں فرمایا۔

لم أجد للاسم مدلولا ۔ غیر من قد کان مفعولا

ثم أعطتنا حقیقتہ ۔ کونہ للعقل معقولا

فتلفظنا بہ أبدا ۔ واعتقدنا الامر مجہولا

سوائے مفعول کے میں نے اسم کے لئے مدلول نہیں پایا۔
پھر ہمیں اُس کی حقیقت عطا کی گئی۔ وہ عقل کے لئے معقول تھی۔
پس اُس کے ساتھ ہمارا تلفظ ادب اور ہمارا عقیدہ غیر معروف امر ہے۔

تہجّد گذار کے لئے علوم

اُس کے علم کا اندازہ علوم میں بقدر اُس کے معلوم کے ہے اور وہ ذات معلومات میں ہے پس علم تہجّد کے ساتھ تمام اسماء کے علم کا تعلق ہے اور اِس کے ساتھ اِس کا زیادہ مستحق اسمِ قیوم ہے جو لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ ہے یعنی نہ اُسے اُونگھ پکڑتی ہے نہ نیند اور وہ عبد اپنی مناجات کے حال میں ہے۔
پس وہ اسماء کی تفصیل جانتا ہے یعنی ہر اسم علم ہے جو اُس پر اسرارِ وجودیہ پر اُس حیثیت پر حاوی ہوتا ہے جو حقیقت اُسے یہ اسم عطا کرتا ہے۔
اِس حالت کے ساتھ جن علوم کا تعلق ہے وہ یہ ہیں۔ علم برزخ، صورتوں میں تجلّیٔ الٰہی کا علم، علمِ سُوقِ جنّت اور خوابوں کی تعبیر کا علم نہ کہ اُس کے دیکھنے کی جہت سے نفسِ خواب کا علم اور یہ اُس طرف سے ہے جدھر سے وہ دیکھتا ہے پس کبھی دیکھنے والا وہ ہے جو اپنی ذات کے لئے دیکھتا ہے، اور کبھی اُس کے لئے دوسرا دیکھتا ہے اور اُس کے لئے تعبیر وہ کرتا ہے جسے نبوت کے اجزاء سے علم کی حیثیت سے کوئی جزء میسّر ہو جو اُس صورت کے ساتھ مُراد اور اِس مقام کا صاحب ہے۔

تہجد گذار محسود ہوتا ہے

جاننا چاہیئے کہ تہجد گذار کے لئے جو مقامِ محمود ہے وہ مُعین دُعا والے کے لئے ہوگا اور وہ اللہ تبارک وتعالیٰ کا اپنے نبیٔ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے وہ یہ ارشاد ہے جس کے ساتھ آپ کو امر کیا جاتا ہے۔

وَقُلْ رَبِّ ادْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ — بنی اسرائیل آیت ۸۰

اور کہیں اے ربّ مجھے سچی طرح داخل کر۔

یعنی اِس مقام کے لئے کیونکہ یہ مَوقف خاص حضرت محمّد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے ہے جس میں آپ نے اُن محامد کے ساتھ اللہ تبارک وتعالیٰ کی حمد بیان کی جن کا عِلم اُس وقت ہُوا جب آپ اُس مقام میں داخل ہوئے۔

وَاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ — بنی اسرائیل آیت ۸۰

اور سچی طرح باہر لے جا۔

یعنی جب میں اِس سے علاوہ مقامات کی طرف منتقل ہو جاؤں اور اور مواقف اس کے ساتھ اس لئے اُس کے خروج میں عنایتِ الٰہی ہوگی۔ جیسا کہ اُس کی طرف دخول میں اُس کے ساتھ تھی۔

عربی

وَاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا — بنی اسرائیل آیت ۸۱

اور مجھے اپنی طرف سے مددگار غلبہ دے۔

یعنی اِس میں تنازعہ کرنے والوں سے کیونکہ یہ وہ مقامِ شریف ہے.
جس کے صاحب کا ہمیشہ حسد کیا جاتا ہے. چونکہ نفوس اِس کی طرف نہیں
پہنچتے تو اِس میں اُن کے اِس حال کی تعظیم کے لئے جس پر وہ ہیں، وجوہِ
قدح سے وجہ طلب کرتے ہیں. یہاں تک کہ اِس مقامِ شریف سے اُن کی طرف
نقص منسوب نہ ہو سکے.

پس اِس مقام والا اُس محبّت کے ساتھ نصرت طلب کرتا ہے جو اِس
مرتبہ کے شرف کا انکار کرنے والوں کے لئے دلیل ہو.

قُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ۝
بنی اسرائیل آیت ۸۱

اور فرماؤ کہ حق آیا اور باطل مٹ گیا. بے شک باطل کو مٹنا ہی تھا.
اور اللہ حق فرماتا اور سیدھے راستے پر چلاتا ہے
الحمدُللہ اٹھارویں باب کا ترجمہ ختم ہوا.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ

اُنیسواں باب

علوم کی کمی اور زیادتی کے سبب وَقُل رَبِّ زِدۡنِیۡ عِلۡمًا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ارشاد اِنَّ اللّٰہ لایقبض العلم انتزاعاً ینتزعہ مِن صدور العلماء ولیکن بقبض العلماء کے بیان میں ——— !

تجلی وجود الحق فی فلك النفس ‏ ‏ ‏ دلیل علی مافی العلوم من النقص
وان غاب عن ذالك التجلی بنفسه ‏ ‏ ‏ فهل مدرك ایاه بالبحث والفحص
وان ظهرت للعلم فی النفس کثرة ‏ ‏ ‏ فقد ثبت الستر المحقق بالنص
ولم یبد من شمس الوجود ونورها ‏ ‏ ‏ علی عالم الارواح شیٔ سوی القرص
ولیست تنال العین فی غیر مظهر ‏ ‏ ‏ ولو هلك الانسان من شدة حرص
ولاریب فی قولی الذی قد بثثته ‏ ‏ ‏ وما هو بالزور المموّه والخرص

فلکِ نفس میں وجودِ حق کی تجلّی اُس امر پر دلیل ہے جو علوم کی کمی سے ہے۔
اور اگر اِس تجلّی سے وُہ بنفسہٖ غائب ہو تو کیا مدرس بحث و تلاش سے اُس کا اِدراک کر سکے گا۔
اور اگر نفس میں عِلم کے لئے کثرت ہو تو بے شک نصّ کے ساتھ پردے کا اثبات محقق ہو جاتا ہے۔
شمسِ وجود اور اُس کی روشنی سے عالمِ ارواح پر ٹکیہ سے کوئی چیز

ظاہر نہیں ہوتی۔

اور دوسرے مظہر میں آنکھ نہیں پہنچتی۔ اگرچہ انسان حرص کی شدت سے ہلاک ہو جاتے۔

مَیں نے اپنے جس قول کو نشر کیا ہے وہ لاریب ہے اور یہ مُلمع شدہ دروغ اور اٹکل نہیں۔

علم کا زیادہ ہونا

اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کی مدد فرماتے جاننا چاہیئے کہ ہر ایک حیوان اور ہر ایک موصوفِ اِدراک ہے کیونکہ وہ ہر نفس میں اِس اِدراک کی حیثیت سے علمِ جدید میں ہے لیکن اِدراک کرنے والا شخص کبھی اُن سے نہیں ہوتا جو اِلا مقرر کرتے ہیں۔ یہ علم ہے تو یہ نفس الامر میں علم ہے پس عالم کے حق میں علوم کے نقص کے ساتھ متصف ہونا وہ امر ہے کہ اُس کے اور اشیاءِ کثیرہ کے درمیان اِدراک حائل ہو جاتا ہے جن سے اگر یہ مانع اُس کے ساتھ قائم نہ ہوتا تو اِس کا اِدراک ہو جاتا جیسا کہ وہ شخص جس پہ اندھاپن اور بہرہ پن وغیرہ طاری ہو جاتا ہے چونکہ علوم حسبِ معلوم بلند و پست ہیں اِس لئے ہمتوں کا تعلق اُن علومِ شریفہ وعالیہ کے ساتھ ہے کہ جب انسان اُن کے ساتھ متصف ہو جاتا ہے تو اُس کا نفس پاکیزہ اور اُس کا مرتبہ عظیم ہو جاتا ہے، پس اِس کا اعلیٰ ترین مرتبہ علم باللہ ہے اور علم باللہ کی طرف اعلیٰ ترین راستہ علمِ تجلیات ہے اور اِس کے نیچے علمِ نظر ہے اور علمِ نظر کے نیچے کوئی علم الٰہی نہیں اور سوائے اس کے نہیں کہ وہ عمومِ خلق میں عقائد ہیں نہ کہ علوم اور یہ علوم وہ ہیں جن کی زیادتی طلب کا

اُمر اللہ تبارک و تعالیٰ نے اپنے نبی علیہ السلام کو کیا۔ اِن میں سے اللہ تبارک و تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے۔

وَلَا تَعْجَلْ بِالْقُرْآنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يُّقْضٰى اِلَيْكَ وَحْيُهٗ ؗ وَقُلْ رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا
اور قرآن میں جلدی نہ کرو جب تک اُس کی وحی پوری نہ ہولے۔ اور کہو اے میرے ربّ مجھے علم زیادہ دے
طٰہٰ آیت ۱۱۴

یعنی میرے علم کو اپنے کلام سے زیادہ فرما جو تیرے ساتھ علم کو زیادہ کرے کیونکہ یہاں علم سے زیادہ ہونا وحی کے وقت شرفِ تانی کے ساتھ علم ہے اور معلّم کے ساتھ وہ ادب کرنا ہے جو اس کے ساتھ آپ کے ربّ سے پہلے آیا۔ اِس لئے یہ آیت پیچھے ہے۔ آس کا ارشاد ہے۔

وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ
اور سب منہ جھک جائیں گے زندہ اور قائم رہنے والے کے حضور۔ طٰہٰ آیت ۱۱۰

یعنی ذات تو علوم سے مُراد تجلّی ہے اور تحصیلِ علوم کی طرف تجلّی اشرف راستہ ہے اور یہ علوم اذواق ہیں۔

اسمِ ظاہر کی تجلّی

جاننا چاہیئے کہ زیادہ اور کم کے لئے ایک اور باب ہے۔ اس کا بھی انشاء اللہ العزیز تذکرہ کیا جائے گا اور یہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے ہر چیز کے لئے اور نفسِ انسان کے لئے جملہ اشیاء سے ظاہراً اور باطناً مقرر فرمایا ہے۔ تو وہ امور جن کا ادراک ظاہر کے ساتھ ہوتا ہے اُن کا نام عین ہے، اور جن امور کا ادراک باطن کے ساتھ ہوتا ہے اُن کا نام علم ہے اور حق سبحانہٗ ظاہر و باطن ہے اسی میں ادراک واقع ہوتا ہے کیونکہ ہر ماسوا اللہ کو یہ قدرت

نہیں کہ بنفسہٖ کسی چیز کا اِدراک کرے۔ اور اس کا اِدراک اُس اَمر کے ساتھ ہے جو اللہ تبارک و تعالیٰ نے اِس میں مقرّر فرمایا اور حق کی تجلّی ہر ایک کے لئے جس کے لئے عالمِ غیب یا شہادت سے تجلّی ہے اسمِ ظاہر سے ہے۔

اسمِ باطن سے تجلّی نہیں ہوتی

رہا اسمِ باطن، تو اِس کی نسبت حقیقت سے ہے اِس میں دُنیا و آخرت میں کبھی تجلّی واقع نہیں ہوگی کیونکہ تجلّی اُس کے ظہوُر سے عبارت ہے جس کے لئے اِس تجلّی گاہ میں تجلّی فرماتے۔ اور وہ اسمِ ظاہر ہے کیونکہ نسبتوں کی معقولیت غیر متبدّل ہے۔ اگرچہ اُس کے لئے وہ عینی وجُود نہیں لیکن اُس کے لئے عقلی وجُود ہے تو یہ معقول ہے۔

پس جب حق کی تجلّی اِس میں احسان یا سوال کے جواب میں ہوتی ہے تو ظاہر نفس کے لئے تجلّی کے لئے ہے تو برزخِ تمثّل میں صوُرت میں حِس کے ساتھ اِدراک واقع ہوتا ہے۔

اگر عالمِ شریعت ہے

اگر حاملِ تجلّی علماءِ شریعت سے ہے تو اُس کے نزدیک علوُمِ احکام میں زیادتی ہوگی اور اگر منطقی ہے تو اُس کے علومِ موازین زیادہ ہوں گے اور اگر نحوی ہے تو اُس کے میزانِ کلام کے علوُم میں زیادتی ہوگی۔ ایسے ہی علوُمِ اکوان اور غیر اکوان کے ہر صاحبِ علم کے لئے اُس علم میں فی نفسہٖ زیادتی ہوگی جسے وہ حاصل کرنا چاہتا ہے۔

صاحبانِ کشف

پس اِسے طریقت والے جانتے ہیں کہ یہ زیادتیٔ علم اِس تجلّیٔ الٰہی ان اصناف کے لئے واقع ہوتی ہے. کیونکہ جو اُن کے لئے کشف ہوتا ہے وہ اُس کے انکار پر قادر نہیں جب کہ جو عارفین نہیں ہیں وہ زیادتیٔ علم کو محسوس کرتے ہیں اور اِسے اپنے افکار کی طرف منسوب کرتے ہیں۔ اِن دونوں کے علاوہ جو زیادتیٔ علم کو پاتے ہیں اور اِس زیادتی کو نہیں جانتے اِن کے اشیاف کی مثل میں ہے کہ :

كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ اَسْفَارًا بِئْسَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ الجمعہ آیت ٥

گدھے کی مثال ہے جو پیٹھ پر کتابیں اُٹھائے بُری مثال ہے اُن لوگوں کی جنہوں نے اللہ کی آیتیں جھٹلائیں

اور یہ ہے زیادتیٔ علم اور اِس کی اصل اُن لوگوں پر تعجب ہے جو اِسے اپنے افکار کی طرف منسوب کرتے ہیں اور اُس گروہ کا فرد نہیں جانتا کہ اُس کی فکر و نظر اور مسائل میں سے کسی مسئلہ پر اُس کی بحث میں جو علوم کی زیادتی ہے فی نفسہٖ اُس تجلّی سے ہے جس کا ہم نے ذکر کیا۔

علمِ حال کا حجاب

پس دیکھنے والا اپنی نظر کے متعلق اور اپنے مطلب کی غایت کے ساتھ مشغول ہوتا ہے اور وہ علمِ حال سے حجاب میں ہے۔ پس وہ مزید علم کا شعور نہیں کرتا اور جب اسمِ ظاہر کے ساتھ باطن نفس کے لئے بھی تجلّی واقع ہوتی ہے تو عالمِ حقائق اور موّاد سے مجرّد معانی میں بصیرت کے ساتھ ادراک

واقع ہوتا ہے اور یہ اُس سے نصُوص کے ساتھ تعبیر ہوتا ہے۔ کیونکہ نص وہ ہے جس میں نہ اشکال ہے اور نہ وجُوہ میں سے کسی وجہ کے ساتھ احتمال ہو۔ اور یہ نہیں مگر معانی میں۔

پس صاحبانِ معانی پہ تکلیفِ فکر سے راحت میں آجاتا ہے تو تجلّی کے وقت اُس کے لئے علوُمِ الٰہیہ، علوُمِ اسرار، علوُمِ باطن اور متعلّقاتِ آخرت میں زیادتی ہوتی ہے اور یہ امر ہمارے طریق والوں کے لئے مخصوص ہے تو یہ زیادتیٔ علم کا سبب ہے۔

علم کی کمی کا باعث کیا ہے

رہا اس کے نقص اور کمی کا سبب؟ تو یہ نشاۃ کی اصل میں مزاج میں بُرائی یا اس کی طرف بلانے والی قوت میں عارضی فسادانیت ہے اور یہ زبردستی نہیں جاتی جیسا کہ حضرت خضر علیہ السلام نے لڑکے کے حق میں فرمایا کہ یہ طبعاً کافر ہے اور یہ اصلِ نشاۃ کے بارے میں ہے۔

رہا امرِ عارضی؟ تو اگر قوت میں طبیت کے ساتھ ہوگا تو زائل ہو جائے گا اور اگر نفس میں ہے تو اُس کا حُبِّ ریاست اور اتباعِ شہوات کا شغل اُسے اُن علوُم سے روک دیتا ہے۔ جس میں اُس کا شرف اور اُس کی سعادت تھی تو یہ بھی دائمیؔ حق کے ساتھ اُس کے قلب سے زائل ہو جاتا ہے تو فکرِ صحیح کی طرف رجوع کرتا ہے اور جان لیتا ہے کہ مسافر کی منزلوں سے دُنیا ایک منزل ہے اور وہ پُل کو عبور کر رہا ہے۔

یہاں انسان کا نفس علوم و مکارمِ اخلاق اور طہارت و تنزیہہ سے ملاءِ اعلیٰ کی صفات کا محل نہیں ہوتا اور شہواتِ طبعیہ نظرِ صحیح سے پھیر دیتی

ہیں۔ اور علومِ الہٰیہ سے روک دیتی ہیں تو اس میں وہ شروع کو پکڑتا ہے تو یہ بھی علوم کی کمی کا باعث ہے اور علوم کے نقص اور کمی کا معنیٰ انسان میں عیب نہیں مگر علومِ الہٰیہ کی کمی ہے۔ مگر حقیقت یہ عطا کرتی ہے کہ وہاں ہرگز نقص نہیں۔ اور انسان کو جو اُس کے حواس عطا کرتے ہیں اُس کی جہت سے اور اُس کے نفس و خاطر کے تقلبات کی جہت سے اُس کے علم میں ہمیشہ زیادتی ہوتی رہتی ہے لیکن اس میں نفع نہیں۔ اور گمان و شک نظر و جہل غفلت و نسیان اور اس کی شکل ہر اَمر کے ساتھ علم نہیں ہوگا جس میں آپ گمان و شک، یا نظر یا جہل یا غفلت و نسیان کے حکم میں ہیں۔

علومِ تجلّی کی کمی بیشی

رہی علومِ تجلّی میں کمی یا زیادتی ہ تو انسان دو حالتوں سے ایک پر ہے۔ انبیاء علیہم السّلام کا تبلیغ کے لئے نکلنا یا اولیاء کرام کا وراثتِ نبویہ کے حکم سے تبلیغ کرنا، جیسا کہ حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللّٰہ علیہ کو جب نیابت کا خلعت پہنایا گیا تو اُنہیں فرمایا! میری مخلوق کی طرف میری صفت کے ساتھ نکلیں جو آپ کو دیکھے گا وہ مجھے دیکھے گا تو اُنہیں اپنے رَبّ کے اَمر کی اِتباع کے سوا گنجائش نہ تھی۔ پس وہ اپنے رَبّ کی طرف سے اپنے نفس کی طرف گامزن ہوتے ہی بے ہوش ہو گئے۔ پس جب ندا آئی کہ میرے دوست کو میری طرف لوٹا دو۔ اُس کے لئے مجھ سے صبر نہیں تو وہ حق میں ہلاک ہو چکے تھے۔

بارگاہ سے نکلنے کے بعد

جیسا کہ حضرت ابی عقال مغربی کو اُس مقامِ استہلاک کی طرف لوٹایا گیا۔

جس میں اُن کے لئے ارواحِ متوکلہ مؤیّد تھیں جب اُنہیں نکال دینے کا اُمر ہُوا تو اُنہیں حق کی طرف لوٹا دیا اور اُنہیں تذلّل و محتاجی اور انکساری کا خلعت پہنا دیا تو اُن کی زندگی طیّب ہو گئی اور اُنہوں نے اپنے رَبّ کو دیکھا تو اُن کے اُنس و استراحت میں اُس عاریتاً امانت کو اُٹھانے سے اضافہ ہو گیا جو اُن سے لازماً لے لی جاتی۔

معراجِ انسانی کے مدارج

انسان جس وقت معراج کے زینہ میں ہوتا ہے اُس وقت اُس کے لئے اُس کی معراج کے زینہ کے مطابق اللہ تبارک و تعالیٰ کی تجلّی ہوتی ہے کیونکہ اہلُ اللہ سے ہر شخص کے لئے مخصوص زینہ ہے اُس کے علاوہ اُس میں کوئی ترقّی نہیں کرتا۔ اگر کوئی کسی دوسرے کے زینہ میں ترقّی کر سکتا تو نبوّت اکتسابی ہوتی۔ کیونکہ ہر زینہ اُس کی ذات کے لئے جو خاص مرتبہ عطا کرتا ہے ہر ایک اُسی میں ترقّی کرتا ہے۔ اگر علماء انبیاء کرام کے زینہ میں ترقّی کر سکتے تو اِس ترقّی کے ساتھ اُنہیں بھی نبوّت پہنچتی۔ اور یہ اَمر ایسے نہیں۔

اور تکرارِ اَمر کے ساتھ وُسعتِ الٰہی زائل ہو جاتی ہے؟ اور ہمارے نزدیک ثابت ہے کہ اُس کی جناب میں تکرار نہیں سوائے اِس کے کہ بلندیوں کے دَرجات میں تمام انبیاء و اولیاء اور مومنین و رسُول برابر پر ہیں اور زینے پر زینہ ایک درجہ بھی زیادہ نہیں ہوتا۔ پس پہلا درجہ اِسلام ہے وہ وہ اتباع و اتقیاء ہے۔ دُوسرا درجہ عرُوج میں فنا اور خرُوج میں بقاء ہے اور دونوں کے درمیان جو باقی ہے وہ ایمان و احسا

علم، تقدیس و تنزیہہ، غِنا و فقر، ذِلّت و عزّت اور تلوین ہے اور اگر تُو خارج ہوگا تو تلوین و فنا میں تمکین ہوگی اور اگر تو اُس پر داخل ہوگا تو بقاء ہوگی۔ تیرے خروج میں اُس سے ہر درجہ میں تیرے باطن سے نقص ہوگا۔ بقدر اُن علومِ تجلّی کے زیادہ ہونے کے جو تیرے ظاہر میں دُوسرے درجہ کی طرف مُنتہی ہوتے ہیں، پس اگر تُو نکلے گا تو دوسرے درجہ کی طرف پہنچ جاتے گا جو تیرے ظاہر میں بذاتہٖ تیری قدر پر ظاہر ہے اور تو اُس کی مخلوق میں اُس کا مَظہر ہوگا اور تیرے باطن میں اُس سے ہرگز کوئی چیز باقی نہیں رہے گی۔ اور تجھ سے ایک جملہ تجلّیاتِ باطن زائل ہو جائیں گی۔

عَبد عَبد ہے رَبّ رَبّ ہے

پس جب تجھے اس کے دخُول کی طرف بُلایا جائے گا تو یہ پہلا درجہ ہے جو تیرے لئے تیرے باطن میں بقدر اُس تجلّی کی کمی کے تجلّی کرے گا جو تیرے ظاہر میں دُوسرے درجے کی طرف مُنتہی ہوتی ہے تو وہ تیرے باطن پر بذاتہٖ ظاہر ہوگا اور تیرے ظاہر میں ہرگز تجلّی باقی نہیں رہے گی۔ اس کا سبب یہ ہے کہ بندہ اور رَبّ ہر ایک اپنی ذات کے لئے کمالِ وجود میں ساتھ ہیں۔ پس باوجود اس زیادتی اور کمی کے عَبد ہمیشہ عَبد اور رَبّ ہمیشہ رَبّ ہے:

خُدا کے سِوا ہر موجُود مُرکّب ہے

پس ظاہر و باطن میں علومِ تجلّیات کی کمی بیشی کا یہی سبب اور اُس ترکیب کا باعث ہے اسی لئے اللہ تبارک و تعالیٰ کی پیدا فرمودہ تمام مخلوق کی مُرکّب عین میں اُس کے لئے ظاہر ہے اور اُس کے لئے باطن ہے اور

وہ جسے بسائط میں سُنا جاتا ہے یہ امورِ معقولہ ہیں اِن کے لئے اعیان میں وجود نہیں۔ پس اللہ تبارک و تعالیٰ کے سوا ہر موجود مرکب ہے۔ یہ اَمر ہمیں کشفِ صریح نے عطا کیا ہے جس میں رَیب و مزیت نہیں اور یہی اُس کے لئے محتاجی کو ساتھ رکھنے کا موجب ہے۔ کیونکہ یہ اُس کا ذاتی وصف ہے۔

اگر تُو نے جان لیا ہے تو ہم نے تیرے لئے راستہ واضح کر دیا ہے اور تیرے لئے معراج کا زینہ نصب کر دیا ہے۔ پس راستہ پکڑ اور عروج حاصل کر اور اُسے دیکھ اور اُس کا مشاہدہ کر جو ہم نے تیرے لئے بیان کیا اور جب ہم نے تیرے لئے معارج کے درجے متعیّن کر دیئے تو تیرے لئے اُس نصیحت میں سے کچھ باقی نہیں چھوڑا جس کے ساتھ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے ہمیں حکم دیا تھا۔ اگر ہم تیرے لئے ثمرات و نتائج تصنیف کر دیتے اور تیرے لئے راستہ مقرّر نہ کرتے تو یہ تیرے شوق کے لئے مشکل امر ہوتا کہ تُو اُس کی طرف ملانے والے راستہ کو نہ جان سکتا، قسم ہے اُس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے بے شک یہی معراج ہے۔

اور اللہ سچ فرماتا اور سیدھا راستہ دکھاتا ہے۔

اَلحمدُ للہ انیسویں باب کا ترجمہ تمام ہُوا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

بیسواں باب

علمِ عیسوی کا بیان اور یہ علم کہاں سے آیا اور کہاں منتہی ہوا۔ اور اِس کی کیفیت اور کیا اِس کا تعلق عالم کی لمبائی سے ہے یا چوڑائی سے یا دونوں سے ہے؟

علم عیسی هو الذی	جهل الخلق قدره
کان یحیي به الذی	کانت الارض قبره
قاوم النفخ اذن من	غاب فیه وأمره
ان لاهوته الذی	کان فی الغیب صهره
هو روح ممثل	أظهر الله سره
جاء من غیب حضرة	قد محا الله بدره
صار خلقا من بعدما	کان روحا فقره
وانتهی فیه أمره	نجباه و سره !
من یکن مثله فقد	عظم الله أجره

حضرت عیسٰے علیہ السلام کا علم وہ ہے کہ اُس کی قدر کا مخلوق کو علم نہیں۔

آپ اس علم کے ساتھ اُسے زندہ کرتے تھے جس کی قبر زمین ہوتی۔

اُس میں جو اذن اور اُس کا اَمر غائب ہے اُس کے مقابل میں پھونک آئی۔
بے شک اُس کا لاہوت وہ ہے جس کا سِر غیب میں ہے۔
وہ مثالی رُوح ہے جس کا راز اللہ تبارک و تعالیٰ نے ظاہر فرمایا۔
غیب سے ایک حضرت کا ظہور ہُوا۔ اللہ تبارک و تعالیٰ نے اُس کے بدر کو مِٹا دیا۔
وہ ایک رُوح تھی جو خلق ہُوئی تو اُسے غفلت ہو گئی۔
اُس میں اُس کے اَمر کی انتہا ہُوئی تو آسے اور اُس کے راز سے محبت ہو گئی۔
جو اُس کی مثل ہو گا اللہ تبارک و تعالیٰ اُس کے اَجر کو بڑا کرے گا۔

علمِ عیسوی پھونک ہے

اللہ تبارک و تعالیٰ آپ کی مدد فرمائے۔ جاننا چاہیئے کہ علمِ عیسوی علمِ حرُوف ہے اِس لئے اُنہیں پھونک عطا کی گئی اور یہ ہوا ہے جو جوفِ قلب سے خارج ہوتی ہے اور یہی رُوحِ حیات ہے۔ جب ہوا اپنے خروج کے راستے میں جسم کے منہ کی طرف آتی ہُوئی قطع ہوتی ہے تو اِن مقاماتِ انقطاع کا نام حرُوف ہے اور حرُوف کے وجُود ظاہر ہو جاتے ہیں پس جب حرُوف کا ملاپ ہوتا ہے تو معانی میں حیاتِ حِسّیہ ظاہر ہوتی ہے اور یہی وہ اَمر ہے جو عالم کے لئے حضرتِ الٰہیہ سے پہلے ظاہر ہوتا ہے اور اَعیان کے لئے اُن کے عدم کے حال میں سوائے سمع کے کوئی نسبت نہ تھی، پس اُن کے عدم کے حال میں اُن کی ذوات میں امرِ الٰہی کو قبول کرنے کے لئے مستعد اَعیان تھے جب اُن پر وجُود وارد ہُوا۔

جب اللہ تبارک وتعالیٰ نے اُن کے وجود کا ارادہ کیا تو اُن کے لئے کُنْ فرمایا۔ تو وہ پیدا ہو کر اپنے اعیان میں ظاہر ہو گئے۔ پس کلامِ الٰہی وہ پہلی چیز ہے جس نے اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف سے اُس کلام کا اِدراک کیا جو اللہ تعالیٰ سُبحانہٗ کی شان کے لائق تھا۔

پس پہلا ترکیبی کلمہ کُنْ ہے اور یہ تین حروف سے "کاف" "واؤ" اور "نون" سے مرکب ہے اور ہر حرف میں تین حروف کا جذر ہے اور تینوں سے نَو حروف ظاہر ہوتے ہیں اور یہ پہلے افراد ہیں جو کُنْ سے نَو کے وجود کے ساتھ اعدادِ بسائط مُنتہی ہوتے ہیں پس کُنْ کے ساتھ معدود اور عدد کی عین ظاہر ہوئی۔

اِس سے یہاں مقدمات کی اصلی ترکیب تین سے ہے اگرچہ چار میں ظاہر ہوتی ہے کیونکہ دونوں مقدموں میں واحد کا تکرار ہوتا ہے تو یہ تین ہیں اور کائنات فرد سے پیدا ہوئی ہے واحد سے نہیں۔

حق تبارک وتعالیٰ نے اپنے اِس ارشاد میں ہمیں پہچان کروادی ہے کہ مُولدات کی صُورتوں میں سببِ حیات نفخِ الٰہی ہے۔

فَاِذَا سَوَّیْتُہٗ وَنَفَخْتُ فِیْہِ مِنْ رُّوْحِیْ الحجر:۲۹

توجب میں اُستوار فرما کر اُس میں اپنی رُوح سے پھُونکوں

اور یہ نفس ہے جسے اللہ تبارک وتعالیٰ ایمان کے ساتھ زندہ فرماتا ہے تو وہ ظاہر ہوتا ہے۔ حضُور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے فرمایا:-

اِنَّ نَفَسَ الرَّحْمٰنِ یَاتِیْنِیْ مِنْ قِبَلِ الیَمَنِ!

بے شک مجھے یمن کی طرف سے رحمٰن کی ہَوا آتی ہے!

پس اس نفسِ رحمانی کے ساتھ مومنوں کے دلوں میں ایمان اور احکامِ مشروعہ کی صورت میں زندگی آئی اور حضرت السّلام کو یہ نفخِ الہٰی یعنی خدا کی پھونک اور اس کی نسبت عطا فرمائی گئی تھی۔ پس حضرت عیسےٰ علیہ السّلام پھونک مارتے تو قبر میں صورتِ کائنہ کو یا پرندہ کو جسے مٹی سے بناتے اللہ تعالیٰ کے اُس اِذن سے زندہ کر دیتے جو اس پھونک اور ہوا میں ساری تھا۔

خُدا کو خُدا سے دیکھتے تھے

اگر اس میں اذنِ خُداوندی کا سریان نہ ہوتا تو ہرگز کسی صورت میں حیات حاصل نہ ہوتی۔ پس حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کی طرف جو علمِ عیسوی آیا وہ نفسِ رحمان تھا۔ چنانچہ آپ اپنی پھونک سے مُردوں کو زندہ کرتے تھے اور یہ علم اُن صُورتوں کی طرف منتہی ہوتا ہے جن میں پھونک لگائی جاتی ہے اور یہ وُہ حصہ ہے جو اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف سے ہر موجُود کے لئے ہے اور اس کے ساتھ اُس کی طرف وصال ہوگا۔

جب اُس کی طرف یہ تمام اُمور ہو جاتے ہیں اور جب انسان اپنے پروردگار کی طرف اپنی معراج میں تحلیل ہو جاتا ہے اور اُس کے راستے میں ہر وہ چیز جو اُس کے مناسب ہے لے لی جاتی ہے تو اُس سے باقی نہیں رہتا۔ مگر وُہ راز جو اُس کے پاس اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔ پس وُہ اُسے یعنی خدا کو نہیں دیکھتا۔ مگر اُس کے ساتھ اور اُس کا کلام نہیں سُنتا۔ مگر اُس کے ساتھ کیونکہ اللہ تبارک و تعالیٰ اس سے پاک ہے کہ اُس کا اِدراک ہو سکے مگر اُس کا اِدراک اُسی کے ساتھ ہوتا ہے۔

خدا ہی اپنی حمد بیان کرتا ہے

جب یہ شخص اِس مشہد سے لوٹتا ہے اور وہ صورت ترکیب پاتی ہے جو اُس کی اپنے رَبّ کی طرف معراج میں تحلیل ہو گئی تھی اور اُس کی طرف وہ تمام عالم لوٹا دیا جاتا ہے جو اُس سے اُس کے مناسب لے لیا گیا تھا کیونکہ ہر عالم اپنی جنس سے متعدی نہیں ہوتا تو سب کا اجتماع اِس سرِ الٰہی پر ہو جاتا ہے اور اِس پر شمولیت ہو جاتی ہے، اِسی کے ساتھ صورت حمد کے ساتھ اُس کی تسبیح کرتی ہے اور اپنے رَبّ کی حمد بیان کرتی ہے کیونکہ اُس کی تکلم اُس کے سوا کوئی بیان نہیں کرتا۔

اگر صورت سِرِّ الٰہی کی حیثیت کی بجائے اپنی اس حیثیت سے اُس کی حمد بیان کرتی تو اِس صورت پر اللہ تبارک و تعالیٰ کے فضل و امتنان کا ظہور نہ ہوتا جب کہ اُس کا احسان و امتنان تمام مخلوق پر ثابت ہے۔ پس ثابت ہُوا کہ مخلوق کی طرف سے اللہ تبارک و تعالیٰ کی جو تعظیم و ثناء میں ہوتی ہے اِسی سِرِّ الٰہی سے ہے۔ پس ہر چیز میں اُس کی رُوح سے ہے اور اُس میں کوئی چیز نہیں۔

پس حق وہ ہے جو اپنی ذات کی حمد کرتا ہے اور اپنی ذات کی تسبیح بیان کرتا ہے تو اِس صورت کے لئے اس تحمید و تسبیح کے وقت جو خیرِ الٰہی ہوتی ہے وہ احسان کے باب سے ہے استحقاق کونی کے باب سے نہیں۔ کیونکہ حق تعالیٰ نے اُس کے لئے جو اِستحقاق مقرر فرمایا ہے اِسی حیثیت سے ہے کہ اُس شخص نے اِس اَمر کو خود پر واجب کر لیا۔

کلمات حروف سے بنتے ہیں

کلمات حروف سے ہیں اور حروف ہوا سے ہیں اور ہوا نفسِ رحمانی سے ہے اور اسماء کے ساتھ اکوان میں آثار ظاہر ہوتے ہیں اور اِن کی طرف علم علیوی منتہی ہوتا ہے۔ پھر انسان اِن کلمات کے ساتھ حضرتِ رحمانی مقرر کرتا ہے جو اُسے اپنی ذات سے وہ امر عطا کرتا ہے جس کے ساتھ حیات قائم ہوتی ہے جس میں وہ اِن کلمات کے ساتھ سوال کرتا ہے، تو یہ امر دائمی دوری بن جاتا ہے۔

جاننا چاہیئے کہ حیاتِ ارواح حیاتِ ذاتیہ ہے۔ اِس لئے ہر ذی روح اپنی روح کے ساتھ زندہ ہے اور جب سامری نے حضرت جبریل علیہ السّلام کو دیکھا تو اُس نے جان لیا کہ اُس کی روح اُس کی ذات کی عین ہے اور یہ کہ اُن کی حیات ذاتی ہے اور وہ کسی مقام سے نہیں گذرتے۔ مگر وہ مقام اِن کی صورتِ ممثلہ کی مباشرت سے زندہ ہو جاتا ہے پس اُس نے اُن کے نشانِ قدم سے ایک مٹھی بھری اور یہ اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے جس میں اِس امر کی خبر دی گئی ہے۔

فَقَبَضْتُ قَبْضَةً مِّنْ اَثَرِ الرَّسُوْلِ طٰہٰ آیت ۹۶

تو ایک مٹھی بھر لی فرشتے کے نشان سے پھر اُسے ڈال دیا"

حضرت عیسیٰ روح ہیں

چنانچہ جب سامری نے دھات کا بچھڑا اور اُس کی صورت بنالی تو اُس میں مٹی کی وہ مٹھی ڈال دی تو بچھڑا بولنے لگا۔

حضرت عیسیٰ علیہ السّلام رُوح تھے جیساکہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے اُن کا نام رُوح رکھا اور جیساکہ انسانِ ثابتہ کی صُورت میں رُوح کو پیدا فرمایا۔ جبریل غیر ثابتہ اعرابی کی صُورت میں پیدا ہوتے۔ چنانچہ حضرت عیسیٰ علیہ السّلام اکیلی پھونک کے ساتھ زندہ کر دیتے تھے۔ پھر آن کی تائید رُوحُ القدس سے فرمائی گئی۔ پس وہ امداد کرنے والی رُوح اکوان کے مَیل کچیل سے پاک رُوح کے ساتھ تھی اور اِس تمام کی اصل حیاتِ ابدیت کا سرچشمہ حیّ اِزلی ہے۔

حرُوف کی لمبائی چوڑائی

سوائے اِس کے نہیں کہ ازل و اَبد کی دونوں طرفوں اور وجُودِ عالم اور اُس کے حدوثِ حیّ کا امتیاز کر دیا گیا ہے اور یہ عِلم عالم کے طُول یعنی عِلمِ رُوحانی سے متعلق ہے اور وہ عالمِ معانی واَمر ہے اور اس کا تعلق عالم کے عرض سے ہے اور وہ خلق وطبیعت اور اجسام کا عِلم ہے اور وہ سب اللہ تبارک وتعالیٰ کے لئے ہے۔

اَلَا لَہُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ تَبَارَكَ اللّٰہُ رَبُّ الْعَالَمِیْن الاعراف آیت ۵۴

خبردار خلق واَمر اُس کے لئے ہے۔ سارے جہانوں کا پروردگار بہت برکت والا ہے۔

قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّیْ بنی اسرائیل آیت ۸۵ ۔

فرمادیں رُوح میرے رَبّ کے اَمر سے ہے۔

برکت والا ہے اللہ پروردگار عالموں کا۔

جب آپ ہمارے اہلِ طریق سے کسی کو حروف کے بارے میں گفتگو کرتے سنیں تو وہ کہے گا فلاں حرف کی لمبائی اتنے گز یا اتنے بالشت ہے اور ایسے ہی چوڑائی بیان کرے گا جیسا کہ حلاج وغیرہ ہیں۔ طول سے اُس کی مُراد عالمِ ارواح میں اُس کا فعل ہے اور عرض سے مُراد اُس کا عالمِ اجسام میں یہ فعل ہے۔ یہ مذکورہ مقدار وہ ہے جو اِس کے ساتھ امتیاز کرتی ہے اور یہ اصطلاح حلاج کی وضع کردہ اصطلاحات سے ہے۔

محققین سے جو کُن کی حقیقت کو جان لیتا ہے وہ عالمِ علوی کو جان لیتا ہے اور جو شخص کائنات سے کسی چیز کو اپنی ہمت سے وجود میں لاتا ہے تو یہ امر اِس علم سے نہیں۔

نو کے ہندسے کا ظہور کُن سے ہے

چونکہ نو کا ظہور اِن تین حرفوں کی حقیقت میں ہوا ہے تو اِن سے گنتی کے نو افلاک ظاہر ہوئے اور نو افلاک کی مجموعی حرکات اور کواکب کی رفتار سے دُنیا و مافیہا کو وجود ملا جیسا کہ اِن کی حرکات سے ہی دُنیا برباد ہو گی۔

اِن نو افلاک کی بلند حرکت سے جنت کو اور جو اُس میں ہے پیدا کیا گیا اور اِس بلند حرکت کے وقت وہ تمام کچھ پیدا ہوا جو جنت میں ہے اور بلند حرکت سے ملحقہ دوسری حرکت سے جہنم اور جو اُس میں ہے اور قیامت و بعثت اور حشر نشر پیدا ہوا جس کا ہم نے ذکر کیا تھا کہ دُنیا کا اُن نعمتوں سے امتزاج ہے جن کا امتزاج عذاب سے ہے اور اِس کا بھی ہم ذکر کر چکے ہیں کہ جنت میں تمام نعمتیں ہیں اور جہنم میں تمام عذاب ہے اور یہ

امتزاج اُن کے اہل میں تقسیم ہو جائے گا۔ پس نشاۃِ آخردی نشاطِ دُنیوی کا مزاج قبول نہیں کرتی اور یہ وہ فرمان ہے جو دُنیوی اور آخردی نشاۃ کے درمیان ہے مگر جہنّم کی پیدائش یعنی جہنّمی لوگوں میں جب اللہ تبارک و تعالیٰ کا غضب اور اُس کی مُدتیں منتہی ہو جائیں گی اور رحمت اُس کے ساتھ ملحق ہو جائے گی جو مُدتوں میں سبقت لے گئی ہے تو جہنّمیوں میں اُس کا حُکم رجُوع کرے گا۔ اور اُس کی صُورت ہے تو اُس کی صُورت تبدیل نہیں ہو گی اور اگر تبدیل ہو گی تو اللہ تعالیٰ کے اِذن سے اُن پر پہلے حُکم میں عذاب ہو گا۔

اہلِ جہنّم کے عذاب کا دَورانیہ

فلکِ ثانی کی بُلندی سے حرکت اُس کی تولیّت ہے جس کے ساتھ ہر قابل عذاب کے لئے ہر مقام میں اُن میں عذاب ظاہر ہو گا۔ ہم نے ہر قابل عذاب کے مقام کے بارے میں کہا ہے اِس لئے کہ اِس میں ایسے بھی ہوں گے جو عذاب قبول نہیں کریں گے۔

پس جب یہ مُدّت ختم ہو جائے گی جو کہ بینتالیس ہزار سال ہے اور اِس مّدت میں اہلِ جہنّم پر عذاب ہوتا رہے گا۔ اِس میں مُتّصل اور پیہم عذاب کی مُدت تیئیس ہزار سال ہے پھر اللہ تبارک و تعالیٰ ان پر نیند دار سال فرمائے گا جس میں وہ احساس سے غائب ہو جائیں گے اور وہ اللہ تبارک و تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے۔

یعنی نہ وہ مریں گے اور نہ زندہ ہوں گے۔

اور اہلِ جہنم کے بارے میں حضورِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے۔

ھم الذین ھم اھلھا لا یموتون فیھا ولا یحیون

الحدیث

وہ لوگ جو اہلِ جہنم ہیں نہ اُس میں مریں گے نہ جئیں گے۔

اِن اوقات میں اُن کے حال سے مُراد اُن کا اپنے احساس سے غائب ہو جانا ہے۔ اُس شخص کی مثل جو اہلِ عذاب سے دُنیا میں درد کی شدت اور زیادہ آلام کی قوت سے بے ہوش ہو جاتا ہے ایسے ہی اہلِ جہنم اُنتیس ہزار سال بے ہوش رہیں گے پھر اُن کی بے ہوشی ٹوٹے گی تو اللہ تعالیٰ اُن کی جلدیں دُوسری جلدوں میں تبدیل کر دے گا۔ پس اُنہیں پندرہ ہزار سال عذاب دیا جائے گا پھر اُن پر بے ہوشی طاری ہو جائے گی تو وہ گیارہ ہزار سال بے ہوشی کی حالت میں ٹھہرے رہیں گے پھر اُنہیں افاقہ ہوگا تو اللہ تبارک و تعالیٰ اُن کی جلدوں کو دُوسری جلدوں میں بدل دے گا۔ تاکہ عذاب کا ذائقہ چکھیں تو وہ سات ہزار سال عذابِ الیم میں گرفتار رہیں گے پھر اُن پر تین ہزار سال بے ہوشی طاری رہے گی پھر اُن کی بے ہوشی رفع ہو گی تو اللہ تبارک و تعالیٰ اُنہیں اُس شخص کی مثل لذت اور راحت نصیب فرمائے گا جو تکلیف میں سو جاتا ہے اور بیدار ہوتا ہے اور یہ اُس رحمت سے ہے جو اُس کے غضب پر سبقت لے گئی ہے اور ہر چیز میں وُسعت رکھتی ہے۔

اہلِ جہنم پر رحمت

پس اُس وقت رحمتِ الٰہیہ کا اَبدی حکم اِسمِ واسع سے ہوگا جس کے ساتھ اُس کی رحمت اور علم ہر چیز پر وسیع ہیں، پھر اہلِ جہنم درد دائم نہیں

پائیں گے اور یہ امر اُن کے لئے دائمی ہوگا۔ وہ اِسے غنیمت خیال کرتے ہوئے کہیں گے ہم بھول گئے۔ ہم سوال کرنے سے ڈرتے ہیں کہ ہمارے نفوس یاد دِلا دیں گے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے ہمارے لئے فرمایا ہے۔

اَخْسَاءُ وْا فِیْھَا وَلَا تُکَلِّمُوْنَ   المومنون آیت ۱۰۸

اس میں دھتکارے پڑے رہو اور مجھ سے بات نہ کرو

پس وہ سکوت اختیار کریں گے اور جہنّم میں مُبلس ہوں گے اور اُن پر عذاب کے لوٹ آنے کے خوف کے سوا کوئی عذاب باقی نہیں رہے گا۔ پس جو عذاب اُن پر ہمیشہ رہے گا وہ اسی قدر ہے اور وہ خوف ہے اور وہ نفسی عذاب ہے حِسّی نہیں اور جن اوقات میں وہ اس عذاب سے غافل ہو جائیں گے اُن کے نعیم کو عذابِ حِسّی سے راحت ہوگی جس کے ساتھ اللہ تبارک و تعالیٰ اُن کے دِلوں میں یہ اَمر مقرر کرے گا کہ وہ رحمت والا ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ کا فرمان ہے۔

لَا یَمُوْتُ فِیْھَا وَلَا یَحْیٰی

پس آج کے دن ہم تمہیں بھلادیں گے جیسا کہ تم نے ہمیں بھلادیا تھا۔ جب اہلِ جہنّم کو آلام کا احساس نہیں ہوگا۔ وہ اس حقیقت سے کہیں گے اور ایسے ہی اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

نَسُوااللّٰہَ فَنَسِیَھُمْ   التوبہ آیت ۶۷

وہ اللہ کو بھول گئے تو اللہ نے انہیں بھلادیا۔

وَقِيلَ الْيَوْمَ نَنسَاكُمْ كَمَا نَسِيتُمْ   الجاثیہ آیت ۳۴

اور ایسے ہی آج تمہیں بھلا دیا جائے گا۔

یعنی جہنم میں ترک کر دیا جائے گا کیونکہ نسیان کے معنی ترک کرنا ہے اور ہمزہ کے ساتھ اس کا معنی مؤخر کرنا ہو گا۔ پس اہل جہنم کا جنت سے حصہ عذاب کا واقع نہ ہونا ہے اور عذاب سے اُن کا حصہ عذاب کا متوقع رہنا ہے کیونکہ اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف سے اُن کے لئے اغیار کے طریق سے امان نہیں ہو گی اور وہ بعض اوقات متوقع خوف سے محجوب ہو جائیں گے جس سے ایک وقت دس ہزار سال ایک وقت دو ہزار سال اور ایک وقت چھ ہزار سال کا عرصہ ہو گا۔

یہ مدّت ہمیشہ رہے گی

اس مقدار مذکور سے کبھی نہیں نکلیں گے۔ زمانہ سے لازماً اُن کے لئے اس قدر عرصہ ہو گا۔ جب اللہ تبارک و تعالیٰ اپنے اسم رحمٰن سے اُنہیں نعمت عطا کرنا چاہے گا تو وہ اپنے جس حال میں اُس وقت ہوں گے اور جس عذاب میں وہ تھے اُس سے نکلنے پر غور کریں گے تو نظر سے اسی قدر نعمت پائیں گے۔ اس غور کرنے کی مدت ایک وقت ایک ہزار سال ایک وقت نو ہزار سال اور ایک وقت پانچ ہزار سال ہو گی۔ پس اس مدت میں کمی بیشی بھی ہو گی اور جہنم میں

اُن کا یہ حال ہمیشہ رہے گا۔ کیونکہ وُہ جہنّم میں رہنے والے ہیں۔ یہ جو ہم نے ذکر کیا ہے تمام عیسوی علم سے ہے جو مقامِ محمدیؐ کے وِرثہ سے ہے۔

اور اللہ حق فرماتا ہے اور وُہ ہی سیدھا راستہ دکھاتا ہے۔

اَلحَمدُ لِلّٰہ بیسویں باب کا ترجمہ اختتام پذیر ہُوا۔

عصام حسین ۱/۱

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط

اکیسواں باب

"ثلاثہ علومِ کونیہ کی معرفت اور اُن کا ایک دوسرے میں داخل ہو"

علم التوالج علم الفکر بصحبه — علم النتائج فانسبه الی النظر
هی الادلة ان حققت صورتها — مثل الدلالة فی الانثی مع الذکر
علی الذی اوقف الایجاد احصه — علی حقیقة کن فی عالم الصور
والواو لولا سکون النون اظهرها — فی العین قائمة تمشی علی قدر
فاعلم بان وجود الکون فی فلک — وفی توجهه فی جوهر البشر

علم توالج یعنی ایک کا دوسرے میں داخل ہونا علمِ فکر ہے۔ اُس علم کا نتیجہ پس اس کی نظر نسبت کی طرف ہے۔

یہ دلائل ہیں اگر تم ان کی صورت کو تحقیق کے ساتھ جاننا چاہو تو اس کی مثل مونث میں مذکر کے ساتھ دلالت ہے۔

اُس ذات پر جس نے عالمِ صور حقیقت کُن پر تمام ایجادات کو واقفیت بخشی ہے،
اگر نون ساکن نہ ہوتا تو واؤ عین میں ظاہر کرتی اور وہ اندازے پر چلتی۔
پس جان لیں فلک میں اور اُس کی توجہ میں اور جوہر بشریہ میں وجود کون ہے۔

اللہ تعالیٰ آپ کی مدد فرمائے جاننا چاہیے کہ یہ علم تولد و تناسل ہے اور یہ علومِ اکوان سے ہے اور اس کی اصل علمِ الٰہی سے ہے۔

پس ہم پہلے اُس صورت کو بیان کریں گے جو اکوان میں ہے۔ بعد ازاں آپ کے لئے علمِ الٰہی میں ظاہر کریں گے کیونکہ ہر علم کی اصل علمِ الٰہی سے ہے کیونکہ ہر ماسوا اللہ تبارک و تعالیٰ سے ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔!

وَسَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ جَمِيعًا مِّنْهُ ؕ الجاثیہ آیت ۱۳ "جو زمین و آسمان میں ہے تمام تمہارے لئے مسخر ہے"

پس یہ علم تو لمح ہر چیز میں جاری و ساری ہے۔ اور یہ علم التہام یعنی آپس میں میل جول یعنی نکاح کا علم ہے۔

ان میں سے حسی معنوی اور الٰہی علم ہے۔ پس جاننا چاہیے جب آپ اس کی حقیقت معلوم کرنا چاہیں تو پہلے عالم حس میں نظر کریں پھر عالم طبیعت میں پھر روحانی معانی میں، پھر علم الٰہی میں، علم حس میں اس طرح جان لیں کہ جب اللہ تبارک و تعالیٰ چاہتا ہے کہ تیری ذات کو دو شخصوں کے درمیان ظاہر کرے اُن دونوں سے اس کا نتیجہ برآمد ہوتا ہے۔ اور یہ صحیح نہیں کہ ان دونوں میں تیسرا ظاہر ہو جب تک کہ دونوں کے ساتھ تیسرا حکم قائم نہ ہو۔

یہ ایسے ہی ہوگا؛

اور یہ ایسے ہوگا کہ دونوں میں سے ایک دوسرے کے ساتھ مجامعت کی صورت مل جائے چنانچہ جب مخصوص وجہ اور شرط کے ساتھ اجتماع ہوگا اور مقام ولادت کے قابل ہو اور جب بیج کو قبول کرے تو اُسے فاسد نہ کر دے اور بیج اُس میں صورتِ افتتاح کو قبول کرے اور یہ اجتماع دو شرم گاہوں کا ملاپ اور شہوت کے ساتھ پانی یا ہوا کا انزال ہے۔

قبول کرے تو لازماً تیسرے کا ظہور ہوگا اور اُس کا نام بیٹا ہوگا اور دونوں کا نام والدین ہوگا اور تیسرے کے ظہور کا نام ولادت اور دونوں کے اجتماع کا نام نکاح یا سفاح ہوگا۔ یہ امر حیوان میں محسوس اور وقوع پذیر ہوتا ہے۔

ہم نے مخصوص وجہ اور مخصوص شرط کا ذکر کیا ہے کیونکہ نکاح کے ساتھ

مذکر و مونث کے اجتماع سے اولاد پیدا نہیں ہوتی مگر اُس شرط کے حصول کے ساتھ پیدا ہوتی ہے جس کا ہم نے ذکر کیا ہے۔ عنقریب ہم اس کے معنی وضاحت سے بیان کریں گے جبکہ یہی مطلوب ہے۔

عالمِ طبعیات میں ہے کہ جب آسمان سے بارش کا پانی اترتا ہے اور زمین اُس کو قبول کر کے سیدھی ہوتی ہے۔ تو یہ اُس کا حمل ہے۔

ایک جنس سے مسرور و شادمان جوڑے اگاتی ہے ایسے ہی کھجور اور درخت کے پیوند کے لئے ہے۔ تو الد کے لئے فرمانِ خداوندی ہے۔

وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ "ہم نے ہر چیز سے جوڑے پیدا کئے"

(الذاریات آیت نمبر ۴۹)

اشیاء یا مفرد ہیں یا مذکر

رہے معانی تو جان لیں کہ اشیاء دو قسموں پر ہیں مفردات اور مرکبات چنانچہ مرکبات کے علم سے مفرد کا علم مقدم ہے اور مفرد کا علم صفت اور حد کے ساتھ اور مرکب کا علم دلیل و برہان سے ہوتا ہے۔

جب آپ جاننا چاہیں کہ کیا وجودِ عالم سبب سے پہلے ہے تو دو مفردوں کی طرف اعتماد کریں یا اُس پر جو مقدمہ شرطیہ کی مثل دو مفردوں کے حکم میں ہے۔ دونوں میں سے ایک مفرد کو مبتدا کا موضوع مقرر کریں یا دوسرے مفرد کو اس کے ساتھ طریقِ اظہار پر عمل کریں پھر کہیں کُل حادث ہے۔ اور اس کا نام مبتدا اس لئے ہے کہ اس کے ساتھ آپ نے ابتدا کی، کیونکہ یہ موضوع اوّل ہے جسے اس لئے وضع کیا ہے کہ اس پر اُسے حمل کیا جائے۔ جس کے ساتھ آپ اس سے خبر دیں۔

اور وہ مُفرد ہے کیونکہ اسم مضاف مفرد کے حکم میں ہے ضروری ہے کہ آپ صفت کے ساتھ مدوث کے معنی جان لیں اور ہر اُس چیز کے معنی جان لیں جو اس کی طرف مضاف ہے۔ اور اُس کے لئے جیسا کہ محیط فصیل یعنی حصار قائم کیا گیا ہو کیونکہ زبان میں وضع کے ساتھ ہر چیز حصر کا اقتضاء کرتی ہے۔

جب آپ حادث کو جان جائیں گے اُس وقت آپ اُس پر دُوسرے مفرد کو حمل کریں گے اور یہ آپ کا قول ہے۔ تو اس کے لئے ایک سبب ہے جس کے ساتھ آپ اس سے خبر دیں گے تو ضروری ہے کہ آپ اس سبب کے معنی اور وضع میں اُس کی معقولیت کو بھی جان لیں۔

مفردات کا یہ وہ علم ہے جو حد کے ساتھ مختص ہے پس ان دونوں مُفردوں سے صُورت مرکبہ قائم ہوئی جیسا کہ حیوانیت اور گفتگو سے انسان کی صورت قائم ہوئی پس اس میں آپ انسان کو حیوان ناطق کہیں گے۔ مفردین کی ترکیب کو ایک دُوسرے پر حمل کرنے سے کچھ نتیجہ برآمد نہیں ہوتا۔ مگر یہ وہ دعوٰی ہے جس کا مدعی اُس کی صحت پر دلیل کا محتاج ہے یہاں تک کہ موضوع سے اُس خبر کی تصدیق ہو جس کی اُس کے ساتھ خبر دی ہے۔

ہم سے یہ امر اُس وقت تسلیم کیا جائے گا جب دعوٰی میں خاص طور پر ضرب المثل کے طور پر خوفِ طوالت ہو۔ اور میری یہ کتاب معانی کے میزان کا مقام نہیں اور سوائے اس کے نہیں کہ یہ علم منطق پر موقوف ہے کیونکہ ضروری ہے کہ ہر مفرد معلوم ہو اور جس کے ساتھ مفرد موضوع سے خبر دی جائے وہ حسّی بدیہی یا نظری بُرہان کے ساتھ دونوں کی طرف راجع ہے۔

پھر آپ دُوسرا مقدمہ طلب کریں اور اُس میں وہی عمل کریں جو پہلے میں کیا اور لازم ہے کہ دونوں مذکور مفردوں کے دونوں مقدموں میں سے کوئی ایک ہو۔

اور یہ ترکیب کی صورت میں چار اور معنی میں تین ہیں۔ انشاء اللہ ہم اس کا ذکر کریں گے۔ اور اگر اس طرح نہیں ہوگا تو ہرگز نتیجہ برآمد نہ ہوگا۔

پیدائش عالم سبب سے ہے

آپ کہیں گے کہ جس مسئلہ کی مثال ہم نے دوسرے مقدمہ میں بیان کی ہے عالم حادث ہے؟ اور اس میں عزد کے سامنے اس علم کو طلب کریں گے جو معرفت عالم سے پہلے مقدمہ میں طلب کیا تھا اور اسے اپنے قول حادثات کے ساتھ آپ نے حدوث پر حمل کیا ہے اور یہ قول حادثات جس مقدمے میں حمل کیا جائے گا وہ پہلے مقدمہ میں موضوع ہے۔ جب اس سبب پر حمل کیا تو دونوں مقدموں میں حادث کی تکرار ہوگی۔ اور دونوں کے درمیان رابطہ کرنے والا ہوگا۔

جب یہ ارتباط ہوگیا تو اس ارتباط کا نام وجہ دلیل ہوگا اور دونوں کے اجتماع کا نام دلیل اور برہان ہوگا اور نتیجہ یہ نکلے گا کہ حدوث عالم کے لئے لازماً سبب ہے۔ پس علت حدوث اور حکم سبب ہے تو حکم علت سے عام ہے۔ کیونکہ اس علم میں شرط ہے کہ حکم علت سے عام یا مساوی ہو اور اگر ایسا نہیں تو ان امور عقلیہ میں مصدق نہیں۔

اگر آپ شریعت میں اخذ کرنا چاہیں گے تو جب اس مثل کو جاننا چاہیں گے کہ نبیذ حرام ہے تو اس طریقہ سے کہیں گے کہ ہر نشہ والی چیز حرام ہے اور نبیذ نشہ لاتی ہے تو وہ حرام ہے۔

حرمت کے اور سبب بھی ہیں

اس میں آپ کا اعتبار امور عقلیہ میں اعتبار کرنے کی صورت میں ہوگا جیسا

کہ ہم نے آپ کے لیے مثال بیان کی پس تحریم کا حکم ہے اور علت اس کا حالیہ ۔
یعنی نشہ کی حالت ہے ۔ پس حرمت کے لئے حکم عقل موجبہ سے عام ہے کیونکہ
تحریم کے لئے دوسرے امر میں نشے کے علاوہ دوسرا سبب بھی ہو سکتا ہے ۔
جیسا کہ غصب، سرقہ اور گناہوں میں حرکت ہے اور یہ وجود تحریم کی محرمات
میں ملتبس ہیں ۔

پس اس خاص وجہ سے سچ نکلا اور آپ کے لئے اس تقریب کے ساتھ
معانی کا میزان اور نتائج ہیں ۔

فردیت کے علاوہ نتیجہ نہیں

سوائے اس کے نہیں کہ وہ لوازم کے ساتھ ان دونوں مقدموں میں ظاہر ہوتے
جو حس میں ماں باپ کی طرح ہیں اور یہ دونوں تین سے یا اس سے مرکب ہیں جو
تین کے حکم میں ہیں ۔ کیونکہ اضافت اور شرط میں جملہ کے لئے ایک ہی معنی ہوتا ہے
پس فردیت کے علاوہ نتیجہ ظاہر نہیں ہوتا ۔

اصل فاعل خدا

کیونکہ اگر شفع ہو اور ایک ساتھی کی خاص صحبت نہ ہو تو شفع سے کبھی کوئی
درست چیز نہیں پائی جائے گی ۔ پس وجودِ عالم میں شریک باطل ہے اور ایک کا
فعل ثابت ہے اور موجودات سے اُس کے وجود کے ساتھ موجودات کا ظہور ہوا
تو آپ کے لئے ظاہر ہے کہ اگرچہ فعل بندوں سے ظاہر ہوتے ہیں مگر اللہ تبارک
و تعالیٰ نہ ہوتے تو فعل ظاہر نہ ہوتا، یہ میزان صورت اور ایجاد کے ساتھ بندوں
کی طرف اعمال کی اضافت کے درمیان ہے جو افعال اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں ۔

اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے۔!

وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ "اور اللہ تعالیٰ نے تمہیں اور تمہارے
صفات آیت ۹۶ اعمال کو پیدا کیا۔

یعنی تمہارے اعمال کو پیدا کیا تو عمل اُن کی طرف منسوب ہیں اور ایجاد اللہ تعالیٰ کی طرف مضاف ہے۔ خلق کا لفظ ایجاد کے معنوں میں بھی ہے اور تقدیر کے معنوں میں بھی جیسا کہ لفظ خَلق فِعل کے معنوں میں بھی پایا جاتا ہے۔ جسکی مثال اللہ تعالیٰ کے اِس ارشاد میں ہے۔

مَآ اَشْهَدْتُّهُمْ خَلْقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ میں نے زمین اور آسمانوں کے بنانے
الکہف آیت ۵۱ کے وقت انہیں گواہ نہ بنایا تھا۔

نیز خَلق کا معنی مخلوق بھی ہوتا ہے جس کی مِثال اللہ تعالیٰ اِس فرمان میں ہے۔

خَلَقَ اللّٰهُ فِیْٓ اَرْحَامِهِنَّ جو اللہ تعالیٰ نے اِس کے ارحام میں پیدا
البقرہ آیت ۲۲۸ کیا۔

جاننا چاہیئے کہ یہ توالج و توالد علمِ الٰہی میں ہے اور حق تعالیٰ کی ذات سے ان میں ہرگز کوئی چیز ظاہر نہیں ہوتی۔

اہلِ حق کا مذہب

اُس کی ذات کی طرف دوسرا اَمر منسوب نہیں ہو سکتا اور اہلِ سنّت اہلِ حق کے نزدیک اِس ذات کی طرف یہ نسبت ہے کہ وہ ایجاد پہ قادر ہے یا اُس کی طرف احتیاج ہے۔ ولیکن اِس کے سیاق میں اہلِ حق کے مخالفین سے غرض ہے تاکہ اِس کے نزدیک تقریر کریں کہ اُس کی ذات کے لئے وجودِ عالم کی نسبت

اُس کی ذات ہونے کی بنا پر نہیں جبکہ وُہ عالم کو اُس کے وجُود کے ساتھ عِلت جزئی سے منسُوب کرتے ہیں لہٰذا ہم ان کا مقالہ وارد کرتے ہیں باوجُود یکہ یہ نسبت اُس کے قادر ہونے پر ہے تو لازماً تیسرا اَمر ہوگا اور وُہ اِس عین مقصُودہ کے لئے ایجاد کا ارادہ ہے۔ کہ اسے وجُود دیا جائے لازم ہے کہ وہ قصداً توجہ کے ساتھ قدرت کے ساتھ عقلاً اور شرعاً ایجاد کی طرف ہوگا۔

وجُود کائنات فردیت سے ہے احدیت سے نہیں

خلقت کا وجُود میں آنا فردیت سے ہے نہ کہ احدیت سے کیونکہ اُس کی احدیت دُوسرے کو قبول نہیں کرتی اِس لئے کہ احدیت عدد نہیں پس علمِ الٰہی میں ظہورِ عالم تین حقائق معقُولہ سے ہے اور وُہ ایک دُوسرے تو الد میں سرائیت کئے ہوئے ہے۔ اِس لئے کہ اُس کی اصل کی یہی صُورت ہے۔ اِس باب میں اس قدر کافی ہے۔ یقیناً اِس انتباہ سے مقصُود حاصل ہو گیا ہے کیونکہ یہ فنِ اہلِ اللہ کی طریق کی مثل میں ہے اس سے زیادہ کا متحمل نہیں، اِس لئے کہ یہ کتاب علومِ فکر سے نہیں۔

سوائے اِس کے نہیں کہ یہ علوم تلقی وہبی سے ہیں اس میں اس کے علاوہ دُوسرے میزان کی طرف حاجت نہیں۔ اگرچہ اُس کا اس کے ساتھ ارتباط ہو کیونکہ اُس سے ایک جُملہ نہیں نِکلتا مگر اس کے مُفردات کے عِلم سے مقدمات کی دُرستگی کے بعد جو اُس کی صِفت ہے وُہ منع نہیں کرتی اور مقدمات اُس برہان کے ساتھ ہیں جو اِس باب میں اللہ تبارک و تعالیٰ کے اِس ارشاد کے ساتھ دُور نہیں ہوتی۔

لَوْ كَانَ فِيهِمَآ اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ   اگر دونوں میں زمین و آسمان، کے درمیان

لَفَسَدَتَا﴾ الانبیاء آیت ۲۲ اللہ کے علاوہ معبود ہوتا تو برباد ہو جاتے

تو یہ وہ اَمر ہے جس کے ساتھ ہمیں اس باب میں اس آیت اور اس کی مثل آیات کے پیش نظر اس فن کو بیان کرنے کی ضرورت محسوس ہوئی، اس فن کے ساتھ علوم میں باب کشف سے اہل اللہ مشغول نہیں ہوتے تاکہ تضیع اوقات نہ ہو اور انسان کی عمر عزیز ہے۔ انسان کا حق ہے کہ اسے سوائے اپنے ربّ کی مجالس اور اس کے ساتھ اس کی مشروع گفتگو کرنے کے اسے بسر نہ کرے

والله يقول الحق وهو يهدى السبيل

الحمد للہ پندرھویں جزء اور اکیسویں باب کا ترجمہ تمام ہوا۔

مکاتم چشتی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بائیسواں باب

منزل منازل کے علم اور تمام علوم کونیہ کی ترتیب کی معرفت

عجبا لاقوال النفوس السامیہ	ان المنازل فی المنازل ساریہ
کیف العروج من الحضیض الی العلی	الا انقھر الحضرۃ المتعالیہ
فصناعۃ التحلیل فی معراجھا	نحو اللطائف والامور السامیہ
وصناعۃ الترکیب عند رجوعھا	بسنا الوجود الی ظلام الھاویہ

نفوس سامیہ کے اقوال عجیب ہیں، کہ منزلوں میں منزلیں جاری وساری ہیں۔

پستی سے بلندی کی طرف کیسے عروج ہے مگر حضرت متعالیہ کے غلبہ کے ساتھ۔

پس اُس کی معراج میں لطائف اور امور سامیہ کی طرف صنعت تحلیل ہے اُس کے رجوع کے وقت صنعت ترکیب وجود کی روشنی کے ساتھ جہنم کے اندھیروں کی طرف ہے۔

علوم الٰہیہ کے علاوہ علوم ترکیبی ہیں

اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کی تائید فرمائے جاننا چاہیئے کہ جب کہ علم اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف منسوب ہوگا تو کثرت وترتیب کو قبول نہیں کرتا کیونکہ اِس کا اکتساب واستفادہ نہیں ہوتا، بلکہ اُس کا علم عین اُس کی ذات ہے۔ جیسا کہ اُس کی طرف منسوب ہونے والے اسماء وصفات ہیں اور ماسوی اللہ کے

علوم لازماً مرتبہ محصورہ میں ہوں گے خواہ علوم دہبی ہوں یا کسبی برابر ہیں اس لئے کہ وہ ہماری بیان کردہ ترتیب سے خالی نہیں ہوتی اور وہ پہلے علمِ مفرد ہے پھر علم ترکیب پھر علمِ مرکب اور اس کے لئے چوتھا علم نہیں۔

اگر ترکیب کو قبول نہ کرنے والے مفردات سے ہے تو اُس کا علمُ مفرد ہے اور ایسے ہی باقی ہیں کیونکہ ہر معلوم لازماً مفرد ہوگا یا مرکب اور مرکب لازماً علم ترکیب تقدم کی استدعا کرتا ہے اور اُس وقت علمِ مرکب ہوتا ہے۔ تمام علوم کی یہ ترتیب آپ جان چکے ہیں چنانچہ ہم آپ کے لئے اس منزل میں منزلوں کا حصور بیان کرتے ہیں۔ اور وہ کثیر ولاتحصیٰ ہیں۔

مراتبِ اُمّہات کی تعداد

ان میں سے ہم اُسی قدر بیان کریں گے جن کا تعلّق ہماری شریعت کے ساتھ ممتاز و مختص ہے نہ کہ اُن کے ساتھ جن میں ہمارے اور دُوسرے تمام مذاہب اور ملتوں کے علوم کے درمیان اشتراک واقع ہوتا ہے۔

جملہ مراتب اُمّہات انیس ہیں ان میں سے وہ ہیں جو منازل کی طرف متفرع اور بعض کی فروع نہیں۔

اَب ہم ان مراتب کے اسماء کا ذکر کرتے ہیں اور کیونکہ ہم حضرتِ الٰہیہ میں اس کے ساتھ ایسی ہی پہچان چاہتے ہیں اور ادب اَولیٰ ہے، لہذا ان ہم ان منزلوں کے القاب اور اُن کے محقق ارباب واقطاب کے احوال وصفات کو بیان کریں گے اور ان احوال سے ہر ایک کے حال کے وصف کا ذکر کریں گے پھر ان کے بعد انشاء اللہ ان انیس میں سے ہر صنف کا بیان ہوگا اور ان میں سے اُس کا ذکر بھی آئے گا جس پر منازل سے نہیں بلکہ بعض

امہاتِ منازل پر مشتمل ہیں کیونکہ علامات و دلالات کی منزلوں سے انوارِ جلی سے ایک سو سے زیادہ منزل کو بلکہ ہزاروں منزلوں کو شامل ہے اور اسرارِ خفیہ اور خواص جلیہ پر حاوی انتہائی منزلیں بہت تھوڑی ہیں پھر ہم اُس ذکر کی تلاوت کریں گے جو قدیم و جدید موجوات سے ان منازل کے لئے مشابہت رکھتا ہے اور پھر انشاءاللہ تعالیٰ اُن بعض معانی کا ذکر کریں گے، جن کا تعلق تقریب و اختصار پر اس منازل سے ہے۔

منزلوں کے القاب اور اُن کے اقطاب کی صفات

۱۔ اِن میں سے ثنا و مدح کی منزلیں ہیں اور وہ اربابِ کشف و فتح کے لئے ہیں۔

۲۔ ان میں سے رموز و اشارات کی منزلیں ہیں جو اہلِ حقیقت و مجاز کے لئے ہیں۔

۳۔ ان میں سے منازلِ دُعا اہلِ اشارات و بُعد کے لئے ہیں۔

۴۔ منازلِ اعمال اہلِ احوال و اتصال کے لئے ہیں۔

۵۔ منازل ابتداء اہلِ ہواجس و ابتداء کے لئے ہیں۔

۶۔ منازل تنزیہہ مناظرات و استنباط میں اہلِ توجیہہ کے لئے ہیں۔

۷۔ منازلِ ترکیب عزباء عاشقانِ الٰہی کے لئے ہیں۔

۸۔ منازل توقع اہلِ براقع کے سبحات کی بناء پر ہیں۔

۹۔ منازلِ برکات اہلِ حرکات کے لئے ہیں۔

۱۰۔ منازلِ اقسام روحانیین سے اہلِ تدبیر کیلئے ہیں۔

۱۱۔ منازلِ دھر اہلِ ذوق کے لئے ہیں۔

۱۲۔ منازلِ ابینت البصار سے مشاہدہ کرنے والوں کے لئے ہیں۔

۱۳۔ منازلِ لام الف اخلاقِ الٰہیہ سے متخلق ہونے والوں کے التفات کے لئے ہیں اور اہلِ ستر کے لئے ہیں، جس کا انکساف نہیں ہوتا۔

۱۴۔ منازلِ تقریرِ علمِ کیمیا اور طبعیات اور روحانیت والوں کے لئے ہیں۔

۱۵۔ منازلِ فناء اکوان ضنائن المخدرات کے لئے ہیں۔

۱۶۔ منازلِ اُلفت اہلِ ایمان اور اہلِ غرفہ کے لئے ہیں۔

۱۷۔ منازلِ وعید عرشِ مجید کے ساتھ قائم متمکنین کے لئے ہیں۔

۱۸۔ منازلِ استغبار اہلِ اسرارِ دقیقہ کے لئے ہیں۔

۱۹۔ منازلِ اُم آن میں اُس کے راز کے حقائق کی تحقیق کرنے والوں کے لئے ہیں۔

اہلِ استنباط وُہ ہیں جو غلط بھی کرتے ہیں اور درست بھی اور وُہ معصوم نہیں۔

غُربا کے لئے انکسار اور لوائح ہے۔

اہلِ براقع کے لئے خوف اور ڈر ہے۔

اہلِ حرکت کے لئے اسباب کا مُشاہدہ کرنا ہے۔

مدبرین کے لئے فکر اور ممکنین کے لئے صعُود ہیں۔

اہلِ مشاہدہ کے لئے انکار اور اہلِ بردہ کے لئے سلامتی ہے۔

اہلِ علم کے لئے معلوم پر حُکم ہے۔

اہلِ سترِ پردہ اُٹھنے کا انتظار کرتے ہیں۔

اہلِ امن خُفیہ تدبیر کے مقامِ خوف میں رہتے ہیں۔

اہلِ قیام کے لئے بیٹھنا ہے۔

اہلِ الہام کے لئے تحکم و زبردستی کا حکم۔
اہلِ تحقیق کے لئے تین کپڑے ہیں، ایمان کا کپڑا، کفر کا کپڑا، منافقت کا کپڑا۔

اُن کے احوال کا ذکر

جاننا چاہیئے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے نازل کے لئے منازل بنائے۔
مُعاقل کو روندنے کے لئے عاقل اور منزلیں طے کرنے کے لئے راحل ہیں۔
عالم کے لئے اعلیٰ معالم اور قاسم کے لئے فضلِ مقاسم ہے۔
ٹوٹنے والوں کے لئے توڑنے والے اور عُواصم کے لئے عواصم ہیں۔
بیٹھنے والوں کے لئے قواعد مُتَبد کئے گئے، اور راصد کے لئے مراصد ترتیب دیئے گئے۔
سواروں کے لئے سواریاں مسخر کی گئیں اور جانے والوں کے لئے مذاہب کو قریب کیا گیا۔
تعریف کرنے والوں کے لئے محامد اور قصد کرنے والوں کے لئے آسان مقاصد ہیں۔
عارف کے لئے مَعارف پیدا کئے گئے اور ٹھہرنے والوں کے لئے مواقف ثبت کئے گئے ہیں۔
سالک کے لئے راستے مشکل کئے گئے، اور ناسک کے لئے عین مناسک ہیں۔
شاہد کو مشاہد کے لئے کو ننگا کیا گیا اور سونے والے کے فراقد کو نگہبان

بنایا گیا۔

اُن کی صفات کے احوال

اللہ تبارک و تعالیٰ نے نازل کو مقدر اور عاقل کو مفکر مقرر فرمایا رحلت کرنے والے کو تیار اور عالم کو مشاہد بنایا۔

قاسم کو تکلیف اٹھانے والا اور قاصم کو مجاہد بنایا۔

عاصم کو معاون اور قاعد کو عارف بنایا۔

راصد کو واقف اور سوار کو محوّل بنایا۔

جانے والے کو معلول اور حمد کرنے والے کو مسئول بنایا۔

قاصد کو مقبول عارف کو منجوت اور واقف کو مبہوت ٹھہرایا۔

سالک کو مردود، ناسک کو معبود، شاہد کو محکم اور راقد کو مسلم مقرر فرمایا۔

اُمّہاتِ منازل کا بیان

ہم نے اُن کی اِن اُنیس صفات کا ذکر اُن کے احوال کی صنف میں کیا ہے۔
اَب ہم اُمّہات منازل کا تذکرہ کرتے ہیں۔ جو ہر صنف کو متضمن ہے
ان اُمّہات سے منازل سے ہر منزل چار اصناف پر مشتمل ہے۔

پہلی صنف کا نام منازلِ دلالات ہے۔

دُوسری صنف کا نام منازلِ حُدود ہے۔

تیسری صنف کا نام منازلِ خواص ہے۔

چوتھی صنف کا نام منازلِ اسرار ہے۔ ان کی کثرت بے شمار ہے اِن

میں سے ہم اُنیس منازل پر اختصار کرتے ہیں۔ اور اُن اعداد کا ذکر کرتے ہیں جو
اِن پر اتِّجاہات سے محیط و منطوی ہیں اور یہ پہلی منزل مدح ہے۔ اس کے لئے
منزلِ فتحِ سرین اور منزلِ مفتاح الاوّل ہے۔ ہمارے لیے اس میں جزو ہے
جس کا نام ہم نے مفاتیح الغیوب، منزلِ عجائب، منزلِ تسخیر الاسداج برزیار اور
منزلِ ارواحِ علویہ، رکھا ہے اور اُس کے ہم نے بعض معانی کو منظوم کیا ہے۔

منازل المدح والتباهي — منازل مالها تناهي
لاتطلبن في السمو مدحا — مدائح القوم في التذي هي
من ظمئت نفسه جهاداً — يشرب من أعذب المياه

مدح و مباہات کی منازل لامتناہی ہیں۔
بلندی میں مدح نہ طلب کریں قوم کی مدحتیں اس ہی میں ہوتی ہیں۔
جس کا نفس جہاد میں پیاسا ہے وہ لذیذ و شیریں پانی پیئے گا۔

غلام اس تعریف کا مستحق نہیں

ہم کہتے ہیں کہ غلام اس مدح کا مستحق نہیں کہ وہ آقا کے اوصاف سے
متصف ہو جائے کیونکہ ایسا کرنا سوئے ادب ہے البتہ آقا چاہے تو غلام
کی صفات اپنا سکتا ہے۔ کیونکہ اس پر حکم نہیں لہٰذا اپنے غلام کی طرف اس
کا نزول غلام پر احسان کرنا ہے تاکہ اُسے سرور و انبساط حاصل ہو اس لئے
کہ غلام کے دل میں آقا بہت بڑا اجلال ہے جو اس پر دلالت کرتا ہے۔ خواہ
اس کی طرف اس کا نزول نہ ہوتا اور غلام کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ اپنے آقا کے اوصاف
کو اپنائے نہ اس کی حضوری میں اور نہ اپنے غلام بھائیوں کے نزدیک خواہ آقا
نے اُسے اُن پر حاکم بنایا ہو۔ جیسا کہ حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

نے فرمایا!

أَنَا سَيِّدُ وُلْدِ آدَمَ وَلَا فَخْرَ۔

میں اولادِ آدم کا سردار ہوں اور اِس پر فخر نہیں۔

اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

تِلْكَ الدَّارُ الْآخِرَةُ نَجْعَلُهَا لِلَّذِينَ لَا يُرِيدُونَ عُلُوًّا فِي الْأَرْضِ

یہ آخرت کا گھر ہے ہم ان کے لئے کر دیں جو زمین میں تکبّر نہیں چاہتے۔

القصص آیت ۸۳

کیونکہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے زمین کو مطیع کیا ہوا ہے۔ اور غلام عاجز و درماندہ ہوتا ہے۔ اور عجز بلندی کا اقتضاد نہیں کرتا پس جس نے اپنی قدر سے تجاوز کیا وہ ہلاک ہو گیا اور کہتے ہیں کہ جو اپنی قدر کو پہچان لیتا ہے وہ ہلاک نہیں ہوتا۔ اور یہ قول کہ "مالا تناہی" یعنی اُس کے لئے انتہا نہیں تو اِس میں کہتے ہیں کہ عبد میں اُس کی عبودیت کی انتہاء نہیں کہ جس انتہاء کی طرف پہنچ کر وہ رَبّ ہونے کی طرف آپ جائے۔ ایسے ہی رَبّ کے لئے انتہا نہیں، جس کی طرف منتہی ہو کر پھر وہ عبد بن جائے۔

پس نہایت غیر کی طرف رَبّ رَبّ ہے اور غیر نہایت کی طرف عبد عبد ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ اللہ ہی رہتا ہے اور عبد عبد۔

اِس لئے فرمایا! کہ لوگوں کی اچھائیاں اور تعریفیں شری میں ہیں۔ اور یہ جگہ ساری زمین سے پست ہے۔ اور فرمایا پانی کی لذت کو پیاسا جانتا ہے اور اتصافِ عبودیت کی لذت وہی جانتا ہے، جو اتصاف ربوبیت کے وقت آلام کا ذائقہ چکھے۔

خُدا ہی رزق دے سکتا ہے

اور اُس کی طرف مخلوق کی احتیاج حضرت سلیمان علیہ السلام کی مثل ہے جب انہوں نے اللہ تبارک و تعالیٰ کے حضور میں عرض کرتے ہوئے طلب کیا کہ اپنے بندوں کی روزی اُن کے ہاتھ دے دے۔

چنانچہ اُس وقت کھانے کی جو چیزیں تھیں وہ تمام ان کے پاس حاضر کر دی گئیں۔ تو سمندر کے جانوروں سے ایک جانور نکلا اور اُس نے اپنا کھانا طلب کیا۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے اُسے کہا کہ جس قدر کھانا تم ایک روز کھاتے ہو اس سے کھا لو۔

اس نے کھانا شروع کیا تو سارا کھانا ختم ہو گیا یہاں تک آخری لقمہ لیتے وقت اُس نے کہا! میرا کھانا اور زیادہ کریں اس لئے کہ مجھے اللہ تعالیٰ اتنا کھانا ہر روز دس مرتبہ عطا فرماتا ہے۔ جب کہ میرے علاوہ مجھ سے بڑے جانور موجود ہیں جو مجھ سے زیادہ رزق پاتے ہیں۔ پس حضرت سلیمان علیہ السلام نے اپنے رب کے حضور میں توبہ کی اور جان لیا کہ جو خالق تعالیٰ کی شان کے لائق ہے وہ مخلوق کی وسعت میں نہیں۔ کیونکہ انہوں نے اللہ تبارک سے ایسا ملک طلب کیا تھا جو اُن کے بعد کسی کو نہیں ملا۔ جب انہوں نے دیکھا کہ تمام جہات سے جانور جمع ہو کر ان سے اپنا اپنا رزق طلب کر رہے ہیں تو انہوں نے اس سے اپنے دل میں تنگی محسوس کرتے ہوئے اپنے سوال سے رجوع کر لیا۔

چنانچہ اس توبہ سے انہوں نے بے حد لذت حاصل کی جب کہ اللہ تعالیٰ نے اُن کا سوال قبول کر لیا تھا۔

منزلوں کا حال

اللہ تعالیٰ آپ کو توفیق عطا فرمائے جان لیں کہ اگر ان میں سے کوئی منزل ہو تو وہ منازل پر حاوی ہوتی ہے ان میں سے وحدانیت، منزلِ عقلِ اوّل اور عرشِ اعظم اور صدا و عماء سے عرش کی طرف آنا۔ علمِ نقش، منزلِ قلوب و حجاب منزلِ استواء فہوانی، الوہیتِ سار یہ اور اسمداو کہاں تہ دہر ہیں۔ اور وہ منازل ہیں جن کے لیے ثبات نہیں اور ان میں سے کسی کے لیے ثبات نہیں اور ان میں سے منزلِ برازخ الٰہیہ اور زیادت و غیرت، منزلِ فقد و وجدان، منزل رفع شکوک اور وجود مخزون، منزلِ قہر و خسف اور منزلِ ارض الواسع۔

کشادہ زمین کی دلچسپ اور انوکھی منزل

میں جب اس وسیع زمین کی منزل میں داخل ہوا تو میں تیونس میں تھا مجھ سے وہاں ایسی چیخ نکلی جس کا مجھے علم نہیں کہ وہ مجھ سے واقع ہوئی سوائے اس کے جس نے مجھ سے یہ آواز سنی۔ اُن میں سے ایسا کوئی شخص باقی نہ رہا جو غش کھا کر نہ گرا ہو۔ جو ہمسایہ عورتیں سطح پر تھیں وہ زمین پر گر گئیں اور اُن میں سے بعض چھتوں کی بلندی سے گھر کے صحن میں گریں اور انہیں کوئی تکلیف نہیں پہنچی۔

سب سے پہلے مجھے ہوش آیا اور ہم امام کے پیچھے نماز پڑھ رہے تھے میں نے وہاں سب کو بے ہوش پایا پھر اس سے کچھ عرصہ بعد وہ ہوش میں میں آگئے۔ تو میں نے کہا تمہیں کیا ہوا تھا؟

انہوں نے کہا آپ کا کیسا حال ہے؟ بے شک آپ نے ایسی چیخ

ماری تھی جس کے اثرات اس جماعت پر واقع ہوئے جو آپ دیکھ رہے ہیں۔
میں نے کہا! خدا کی قسم مجھے کچھ خبر نہیں کہ میں نے چیخ ماری تھی۔
علاوہ ازیں منزلِ آیاتِ غریبہ اور حکمِ الٰہیہ ہے اور منزلِ استعداد زینت ہے اور وہ امر جس سے اللہ تبارک و تعالیٰ نے افلاک سماویہ کو روکا ہوا ہے۔ اور منزل ذکر و سلف ہیں ان منازل میں میں نے کہا!

منازل الکون فی الوجود — منازل کلها رموز
منازل للعقول فیها — دلائل کلها تجوز
لما أتی الطالبون قصدا — لنیل شیٔ وذاك جوزوا
فیاعبید الکیان جوزوا — هذا الذی ساقکم وجوزوا

تمام منازلِ کون جو وجود میں ہیں وہ تمام منازلِ رموز ہیں۔
عقلوں کی منازل کے لئے ان میں تمام مجوزہ دلائل ہیں۔
جب طالبین کسی چیز کے حصول کے لئے قصد کر کے آتے ہیں تو وہ اس کا بدلہ ہوتی ہے۔
اے بندگانِ کیان یہ چیز لے لو ۔ اور گذر جاؤ یہ وہی ہے جو تمہیں چلا کر لائی ہے۔

رمز و لغز کے معنے

رمز اور لغز وہ کلام جو وہ معنے ظاہر نہ کرے جو اس کے قائل کا مقصد ہے ایسے ہی وجود میں منزلِ عالم ہے۔ جیسے اللہ تبارک و تعالےٰ اس کی عین کے لئے وجود میں نہیں لایا بلکہ اللہ تعالےٰ نے اسے اپنی ذات کے لئے پیدا کیا ہے۔

پس عالم اُس غیر کے ساتھ مشغول ہوا جو اُس کے لئے پیدا کیا گیا ہے تو یہ اُس کے مُوجِد کے مقصد کے خِلاف ہے۔

اِس لیے عارفین کی ایک جماعت جِس کا حال دُوسروں سے اچھا ہے نے کہا! اللہ تبارک وتعالیٰ نے ہمیں ہمارے لئے پیدا فرمایا ہے۔ جب کہ محقق اور عبد یہ بات نہیں کہتا بلکہ وہ یہ بات کہتا ہے۔ ہمیں اُس نے اپنے لئے پیدا فرمایا ہے اور اُس کی طرف اِس کی محتاج نہیں یعنی انسان کو اپنے لئے پیدا فرمانے کے باوجُود اس کا محتاج نہیں۔

پس جو میرے رَب کے لغز اُس کی رمز اور اشعار غاز کو جانتا ہے وہ ہمارے ارادے کو جانتا ہے۔

جو ارادہ ہو گا وہی ملے گا

یہ شعر کہ جب طالبین کسی چیز کے حصُول کے لئے قصد کر کے آتے ہیں تو وہ اُس کا بدلہ ہوتی ہے تو یہ مجازات سے ہے۔ کہتے ہیں کہ جس امر کے لئے اللہ تعالیٰ کے لئے طلب کیا جائے وہ اُس کے طلب کے مطابق مِلتا ہے اور اُسے اِس کے عِلاوہ نہیں پہنچتا۔

یہ شعر کہ "اے بندگانِ کائنات یہ چیز لے کر گذر جاؤ یہ وہی ہے جو تمہیں لے کر آئی"، تو اس کا معنیٰ یہ ہے کہ بندہ جس چیز کے لئے اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتا ہے وہ چیز اُس کا معبُود اور رب بن جاتی ہے اور اللہ تبارک وتعالیٰ اُس سے بریت فرمالیتا ہے اور وہ اُس کے لئے ہے جس کا وہ بندہ ہے۔

اور یہ کہنا کہ "خُوذُوا" یعنی وہ چیز لو جس کے لئے آئے ہو یعنی جس کے باعث آئے ہو "خُذُوا" یعنی ہم سے چلے جاؤ کیونکہ تم ہماری طرف اور ہماری درجہ

سے نہیں آئے۔

منزلِ دُعا

یہ منزل اُن منزلوں پر حاوی ہے جن میں سے منزلِ النسان بالشَبیہ، منزلِ تقدی، منزلِ مکر و لطائف و عجب، منزلِ مقامیر و ابتلا، منزلِ جمع و تفرقہ و منع، اور منزلِ نواشی و تقدیس ہے۔ اس منزل میں مَیں نے کہا ہے۔

لنا به الرحمن فيك منازل	فاجب نداء الحق طوعا یافل
رفعت اليك للرسلات أكفها	ترجو النوال فلا يخيب السائل
أنت الذى قال الدليل بفضله	ولنا عليه شواهد ودلائل
لولا اختصاصك بالحقيقة مازهت	بنزولك الاعلى لد منازل

اس میں رحمٰن نے تیرے لئے منزلیں رکھی ہیں اے کاہل! ندائے حق کا خوشی سے جواب دے۔

مرسلات نے تیری طرف ہتھیلیاں اُٹھا رکھی ہیں۔ یہ بخشش و نوال کی امید رکھتی ہیں۔ سائل کو خالی ہاتھ نہیں لوٹایا جاتا۔

تو وہ ہے جس کے ساتھ اُس کے فضل کی دلیل ہے۔ اور ہمارے لئے اس پر شواہد و دلائل ہیں۔

اگر فی الحقیقت تیرا اختصاص نہ ہوتا تو نزولِ اعلیٰ کے ساتھ تیرے سامنے منازل نہ ہوتیں۔

مَیں کہتا ہوں کہ اپنے بندے کو حق تعالیٰ کی ندا مرسلات کی زبان ہے جو اُس کے اسماء سے اسم طلب کرتی ہے اور یہ بندہ اُس وقت ان اسماء کے زیرِ تسلط ہوتا ہے۔ اور مرسلات لطائفِ خلق ہیں وہ اُس کی طرف ہتھیلیاں

اُٹھاتی ہیں۔ جس کے دونوں ہاتھوں میں اسماء ہیں تاکہ وہ طالبِ اسماء پر جود و بخشش کرے اور ہمیشہ اُس سے سوال کیا جاتا ہے جو اسماء کی حفاظت کا اہتمام رکھتا ہو۔

جیسا کہ علیم اسے خبیر و حسیب اور محصی و مُقیل پر تقدم حاصل ہے۔ لہٰذا فرمایا! کہ تو وہی ہے جو کہتا ہے کہ دلیل اُس کے فضل کے ساتھ ہے۔ اور وہ حقیقت جو اُس کے ساتھ مخصوص ہے۔ اور اسماء الٰہیہ سے اسماء نے اپنے تحت مرتبہ میں اُس کا احاطہ کر رکھا ہے۔ کیونکہ قادر! مرید کے مرتبہ سے نیچے ہے اور عالم اپنے مرتبہ میں مرید سے اونچا ہے۔ اور حیّ کا مرتبہ ہر ایک کے اُوپر ہے۔

پس جو منازل اسمِ جامع کے احاطہ کے تحت ہیں وہ اپنی طرف اس کے نزول کے ساتھ فخر کرتی ہیں کہ یہ اُن کے سوال کا جواب ہیں۔

منزلِ افعال

منزلِ افعال متعدد منازل پر مشتمل ہے جن میں سے منزلِ فضل والہام، منزلِ اسرار، روحانی منزلِ تلطف اور منزلِ ہلاک ہے۔

ان منازل میں میں نے کہا!

لمنازل الافعال برق لامـع	دریاحها ترجی السحاب زعازع
وسهامها فی العالمین نوافـذ	وسیوفها فی الکائنات قوامع
ألفت الی العز المحقق أمرها	فالعین تبصر والتناول شاسع

منازلِ افعال کے لیے برقِ لامع ہے۔ ان کی ہوائیں لرزنے والے بادلوں کو چلاتی ہیں۔

ان کے تیر تمام جہانوں میں نافذ ہیں اور ان کی تلواریں کائنات میں کاٹنے

والی ہیں۔

اس کے امر کو عزِ محقق کی طرف ڈال دیا پس آنکھ دیکھتی ہے اور اس تک پہنچنے میں دُور کا فاصلہ ہے۔

افعال دو قسم کے ہیں

بندوں کے افعال پر لوگوں کی دو قسمیں ہیں، ایک طائفہ افعال کو بندوں کی طرف سے دیکھتا ہے۔ اور ایک طائفہ افعال کو اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف سے دیکھتا ہے۔ ہر طائفہ ظاہر ہے باوجود اس کے کہ اُس کا اعتقاد ہے کہ یہ چمکنے والی بجلی کے مشابہ ہے جس میں سے ایک گھڑی اس امر کے لئے عطا کی جاتی ہے جس سے وہ اس فعل کو منسوب کرنے کی نفی کرتا ہے۔ اور ہر طائفہ کے لئے اُس کے اور نسبتِ فعل کے درمیان ایک بادل حائل ہے جو اُس کے لئے اس سے غضب ناک ہے۔

یہ شعر کہ اُس کی ہوائیں سندِ ید ہیں اس کا معنیٰ یہ ہے کہ یہ وہ اسباب و دلائل ہیں جس کے لئے نظر کے ساتھ مضبوط نسبت ہے۔ اور اُن لوگوں کے نفوس میں اُن کے تیروں کی صفت چل رہے ہیں جو یہ اعتقاد رکھتے ہیں اور ایسے ہی اُن میں کاٹنے والی تلواریں ہیں۔

اور کہا کہ اَلْقَتَ اِلَی الْعِزِّ الْمُحَقِّقِ تو اس کا معنیٰ یہ ہے کہ اس کی ایسی مضبوط حمایت کی گئی ہے جو مخالفت کو مؤثر ہونے سے روکتی ہے۔ پس وہ ہر ایک اُس پر باقی رہتا ہے۔ جس پر اُس میں اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارادہ ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا!

كَذٰلِكَ زَيَّنَّا لِكُلِّ اُمَّةٍ عَمَلَهُمْ — ایسے ہی ہم نے ہر اُمت کو اُن کے

الانعام آیت ۱۰۸ عمل اچھے دکھائے ہیں۔

اور یہ قول فَالعَینُ تَبصُر ؟ تو اِس میں یہ کہا ہے کہ جس بندے کے فعل کا مشاہدہ کرتی ہے اور انسان اسے اپنے نفس سے پاتا ہے جس کے ساتھ اُس کے لئے اُس میں اختیار رہے۔

اور یہ قول کہ ! التناول متناسع تو اُس کا معنیٰ یہ ہے کہ جو اُسے جس عطا کرتی ہے اُس کی نسبت دُوسرے کی طرف کرنا اور نفس میں فاصلے کی دُوری ہے مگر ضروری ہے کہ ' برقِ لامع ' یعنی چمکتی ہُوئی بجلی اس فعل میں اُسے اُس کے لئے نسبت عطا کرے جس سے اُس کی نفی کی ہو اور اُس کے انکار پر قدرت نہ رکھتا ہو۔

منزلِ ابتداء

یہ منزل کئی منزلوں پر مشتمل ہے جن میں سے منزلِ غلظۂ دسجات، منزلِ تنزلات، علم بالتوحید الٰہی، منزلِ رحموت، منزلِ حق و فزع ہیں۔ اور اس منزل میں میں نے کہا!

للابتداء شواهد ودلائل	وله اذا خط الركاب منازل
يحوى على عين الحوادث حكمه	ويمده الله الكريم الفاصل
مابينه نسب وبين الاهه	الا التعلق والوجود الحاصل
لاتسمعن مقالة من جاهل	مبنى الوجود حقائق واباطل
مبنى الوجود حقائق مشهودة	وسوى الوجود هو المحال الباطل

ابتداء کے لئے سواہد و دلائل ہیں۔ اور اُس کے منازل پر سواروں کا اُترنا ہے۔

حادثوں کے چشمہ پر اُس کا حکم جاری ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کریم و فاعل مددگار رہے۔

اُس کے اور اللہ تبارک و تعالیٰ کے درمیان نسبتیں نہیں ہیں مگر تعلق اور وجود حاصل۔

اُس جاہل کی گفتگو نہ سُن جو کہے کہ وجود حقائق و باطل پر مبنی ہے۔ وجودِ حقائق مشہود پر مبنی ہے اور جو وجود کے علاوہ ہے وہ محال اور باطل ہے۔

میں نے کہا کہ ابتدائے اکوان عالم کے لئے اس میں شواہد ہیں وہ اپنے نفوس کے لئے نہیں تھے پھر ہو گئے کہ کی ضمیر ابتدا پر لوٹتی ہے جب سوار اتریں یعنی کہاں سے آیا تو اُس کا بچھا کر دو تو وہ اسی کے پاس ہوگا جس نے انہیں وجود دیا۔ اس لئے اُس کے لئے بقا ہے اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے!

مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ النحل آیت ۹۶

جو کچھ تمہارے پاس ہے وہ ختم ہو جاتا ہے اور جو اللہ کے پاس ہے وہ باقی رہنے والا ہے۔

جب آپ اُس کے پاس اُتریں گے تو اُس سے اُس کی اُس منزل کو جان لیں گے جس میں وہ تھا کیونکہ وہ اپنی ذلت کے لئے نہ تھا پس یہ اول منزل الٰہی ہے۔ اُس کا ارشاد ہے! هُوَ الْاَوَّلُ اور اس اولیت سے صُدورِ ابتداء ہے۔ اور اس سے عام حوادث کو مدد حاصل ہوتی ہے۔ اور وہ اس میں حاکم ہے۔ اور یہ اُس کے حکم پر جاری ہے اور اُس سے نسبتوں کی نفی کرتی ہے۔ کیونکہ حق تعالیٰ کی اولیت بندے کی اولیت کی

مدد گار ہے۔ اور کائنات کی اولیت کی کوئی چیز مدد گار نہیں۔ پس وہاں سوائے عنایت الٰہیہ کے نسبتیں نہیں۔ اور نہ اس کے حکم کے سوا سبب ہے۔ اور نہ اس ازل کے بغیر کوئی وقت ہے۔ کہ اس گروہ کا مذہب ہے۔

اور جو باقی ہے وہ ان تین کے حصر کے تحت داخل نہیں پس وہ اندھا پن اور تلبیس ہے۔ اس کی صراحت صاحب محاسنِ مجالس نے اسی طرح کی ہے۔

اور یہ قول کہ وجود حقائق دا باطیل پر مبنی ہے۔ تو یہ نادرست ہے۔ کیونکہ باطل عدم ہے اور یہ درست ہے۔

اس لئے کہ وجود مستفاد عدم کے حکم میں ہے۔ اور وجود حق کا وجود اپنی ذات کے لئے ہے۔ پس جو عدم وجود میں آیا تو وہ وجود میں نہیں آیا مگر اس وجود سے جو اپنی ذات کے لئے نہیں اپنے غیر کے لئے موصوف تھا اور استفادہ کرنے والا وجود اس کی عین کے تھے تھا تو وہ محال باطل ہے جس کا وجود نہ اپنی ذات کے لئے ہے اور نہ اپنے غیر سے۔

منزلِ تنزیہہ۔

یہ منزل کئی منازل پر مشتمل ہے جن میں سے چند یہ ہیں۔ منزلِ شکر، منزل الیاس، منزل لنشر، منزلِ لفرد جمع اور منزلِ ربح و خسران و استحالات اور ہم نے اس میں اشعار کہے ہیں۔

لمنزل التنزیہ والتقدیس — سر مقول حکمہ معقول
علم یعود علی المنزہ حکمہ — فردوس قدس روضہ مطلول
فنزہ الحق المبین مجوز — ماقالہ لحرامہ تفضیل

تنزیل و تقدیس کی منازل کے لئے گفتگو کا راز اور اُس کا حکم معقول ہے۔
یہ وہ علم ہے جس کا حکم منزہ پر لوٹ آتا ہے۔ جو فردوسِ قدس اور دمنۂ مطلول ہے۔
پس حق المبین منزہ و مجوز ہے۔ جو اُس نے کہا لؤ اُس کا مرام گمراہی ہے۔
کہا! حقیقت پر منزہ وہ ہے جس کی ذات کے لئے تنزیہہ ہے اور جو اُس کی تنزیہہ بیان کرتا ہے جائز ہے کہ اُس پر اُس سے تنزیہہ ہو اور وہ مخلوق ہے۔ اس لئے تنزیہہ منزہ پر لوٹتی ہے۔ حضورِ رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے فرمایا!
اِنَّمَا ھِیَ اَعْمَالُکُمْ تُرَدُّ عَلَیْکُمْ ط یہ تمہارے اعمال تم پر لوٹا ئے جائیں گے۔ الحدیث
پس جس کا عمل تنزیہہ ہو گا اُس پر تنزیہہ لوٹ آئے گی اور اُس کا مقام اِس سے منزہ ہو گا جس سے وہ اپنے اِس اعتقاد کے ساتھ قائم ہے۔ جو حق تعالیٰ کی شان کے لائق نہیں اور یہاں جس نے سُبحانی یعنی میں پاک ہوں کہا! اللہ تبارک و تعالیٰ کے جلال کی تعظیم کے لئے کہا! اِس لئے دمنۂ مطلول یعنی طلائی یا باغ کہا کہ وہ اِس بندہ کے محل کی طرف نزولِ تنزیہہ ہے۔ جو اپنے خالق کی تنزیہہ بیان کرتا ہے۔
وَاللّٰہ یقول الحقّ وَیھدی السبیل

منزلِ تقریب

یہ منزل دو منزلوں پر مشتمل ہے ان میں سے ایک منزل خرقِ عادت اور دوسری منزل احدیتِ کُن ہے اور میں نے اس میں شعر کہے ہیں۔

لمنازل التقریب شرط یعلم | ولها علی ذات الهیکل تحکم
فاذا اُتی شرط القیامتو استوی | جبارھا خنع الوجود ویعدم
ھیہات لا تجنی النفوس ثمارھا | الا التی فعلت وانت مجسم

منازلِ تقریب کی شرط معلوم ہونا چاہیئے اور اِن کے لئے ذاتِ اکوان پر تحکم و زبردستی ہے۔
جب قیامت آئے گی اور شرط قائم ہوگی وجودِ جبار کے حضور میں پست اور خام ہوں گے
افسوس نفوس وہی پھل چنیں گے جو انہوں نے کیا ہوگا۔ اور تو مجسم ہوگا۔
کہا کہ اقتریب صفاتِ محدثات سے ہے کیونکہ محدثات تقریب اور اُس کی ضد کو قبول کرتے ہیں۔ اور حق تعالیٰ جل مجدہٗ الکریم قریب ہے۔ اگرچہ اُس کی ذات اُس سے موصوف ہے کہ وہ اِس کے ساتھ قریب ہے۔ اور اس سے مُتصوّر تقریب و تقرب ہے۔
اور جب کہا اشرط کا علم ہو تو وہ قبول تاثیر ہے۔ کہا کہ یہ عموماً سرائے آخرت کے معروف و منکشف نہیں ہوتا۔
اور کہا النفوس وہی پھل چنیں گے جو انہوں نے اس دُنیا میں خیر و شر کی صُورت میں کیا ہوگا۔ پس اُس کے لئے تقریب اُس کے اعمال سے ہوگی۔
فَمَنْ یَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّۃٍ خَیْرًا یَّرَہٗ پس جس نے ذرہ برابر اچھا عمل کیا ہوگا اُسے دیکھے گا۔
الزلزال آیت ۷
وَمَنْ یَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّۃٍ شَرًّا یَّرَہٗ اور جس نے ذرہ برابر بُرا عمل کیا ہوگا اُسے دیکھے گا۔
الزلزال آیت ۸

منزلِ توقع

یہ منزل بھی دو منزلوں پر مشتمل ہے۔ منزلِ طریقِ الٰہی اور منزلِ سمع اور اس میں نظم ہے۔

ظهرت منازل التوقع باديه وقطوفها لبد المقرب دانيه
فاقطفن اغصان الدنو ثمارها لا تقطفن من الغصون العاديه
لا تخرجن عن اعتدالك والزمن وسط الطريق تر الحقائق باديه

توقع کی روشن تر منزلیں ظاہر ہو گئیں اور اُس کے اثمار چننے کے لیے قریبی ہاتھ کے قریب ہوں گے۔

قربت کی شاخوں سے اُن کے پھل اتار لیں اور حد سے بڑھتی ہوئی شاخوں سے پھل نہ اتاریں۔

اپنے اعتدال سے نہ نکل اور طریقِ وسط کو لازم کر لے گا تو حقائق کو ظاہر دیکھے گا۔

کہتے ہیں کہ انسان کی جو توقع تھی وہی ظاہر ہوتی ہے۔ کیونکہ وہ جس چیز کا متوقع ہوتا ہے اس کے باطن میں اُس کا ظہور ہوتا ہے۔ تو بے شک اس کے غائب سے وہ امر ظاہر ہوا جو اُس کے اس باطن کی طرف ظاہر ہوا جس کی اُسے توقع تھی۔

پھر وہ اُس کے ظہور کا عالمِ شہادت میں متوقع ہوتا ہے۔ تو پہنچنے میں قریب تر ہوتا ہے۔ اور یہ قول کہ قطوف دانیہ یعنی پھل چننے والا اُس کے ہاتھ کے قریب ہو جاتا ہے۔ کہا کہ اعتدال کے طریق کا تحفظ کرو اور اُس سے انحراف نہ کرو اور یہاں تمہاری حقیقت کی تمہارے لئے ملازمت کے

معنے میں ہے۔ اس سے مت نکلنا جیسا کہ تکبر کرنے والے نکل گئے اور جس کا برزخ دو طرفوں کے درمیان ہو گا اس کے لیئے دونوں پر استشراف یعنی آگاہی حاصل کرنا ہے۔ جب وہ ایک کی طرف مائل ہو گا تو دوسرے سے غائب ہو جائے گا۔

منزلِ برکات

یہ منزل بھی دو منزلوں پر مشتمل ہے۔ منزلِ جمع و تفرقہ اور منزلِ خصامِ برزخی۔

اور یہی منزل ملک اور قہر ہے اور اس میں میں نے کہا ہے!

لمنازل البركات نور يسطع	وله محبات القلوب توقع
فيها التزيد لكل طالب مشهد	ولها الى نفس الوجود تطلع
فاذا تحقق سر طالب حكمة	بحقائق البركات شد المطلع
فالحمد لله الذى فى كونه	أعيانه مشهودة تسمع

برکات کی منازل کے لئے ایک درخشندہ نور ہے اور اسے محبتِ قلوب کے ساتھ توقع ہے۔

اس میں مشاہدہ کے طالب کے لئے زیادتی ہے۔ اور اس کے لئے نفسِ وجود کی طرف اطلاع ہے۔

جب طالبِ حکمت کا راز حقائق برکات کے ساتھ محقق ہو جائے تو بلندی کے لئے شدت ہے۔

شکر ہے اس ذات کا جس کے کون میں اس کے اعیان ظاہر سماعت کرتے ہیں۔

برکات افزونی کو کہتے ہیں اور یہ شکر کے نتائج سے ہیں اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنی ذات کو شاکر وشکور کے اسم کے ساتھ مسمّٰی نہیں کیا مگر یہ کہ ہم اس عمل کو زیادہ کریں جو ہمارے لئے مشروع ہے۔ اور اس کے ساتھ عمل کریں جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ ہمارے شکر کرنے کے ساتھ نعمتوں کو زیادہ فرماتا ہے۔ پس ہر نفس افزونی پر مطلع ہے۔

کہا جب حکمتوں کے طالب کے لئے زیادہ ہونا متحقق ہو جاتا ہے تو وہ امور کے ساتھ منفرد ہو جاتا ہے۔ اور جدوجہد کرتا ہے کہ اس میں اس کا کوئی شریک نہ ہو تاکہ اس نوع سے زیادہ سے زیادہ حاصل کرے یہ مقام رکھنے والا اس حال کے لئے مراقبہ کی حالت میں ہوتا ہے۔ جیسے وہ طلب کرتا ہے۔

منزلِ اقسام وایلاء

یہ منزل متعدد منازل پر مشتمل ہے جن میں سے یہ ہیں۔

منزلِ فہوانیاتِ رحمانیہ، منزلِ قاسم روحانیہ، منزلِ رقوم، منزلِ مساقطِ نور، منزلِ شعرا، منزلِ مراتبِ روحانیہ، منزلِ نفسِ کلیہ، منزلِ قطب، منزلِ انفاق الانوار علیٰ عالم الغیب، منزلِ مراتب نفسِ ناطقہ منزلِ اختلافِ طرق، منزلِ مودّت، منزلِ علومِ الہام، منزلِ نفوسِ حیوانیہ، اور منزلِ صلوٰۃ الوسطیٰ۔

منازل الاقسام فی العرض	أحكامها فی علم الارض
تجری بافلاك السعود علی	من قام بالسنة والفرض
وعلمها وقف علی عینها	وحكمها فی الطول والعرض

اور میں نے اس میں کہا:

منازلِ اقسام عرش میں ہیں۔ اور اُن کے احکام عالمِ عرض میں ہیں۔
وہ فلاکِ سعود کے ساتھ اُس پر جاری ہوتی ہیں جو سنت اور عرش
کے ساتھ قائم ہو۔

اُن کا علم اُن کی عین پر وقف ہے اُن کا حکم طول وعرض پر جاری ہے۔
کہا! کہ قسم تہمت کا نتیجہ ہے اور حق تعالیٰ جل شانہٗ مخلوق کے ساتھ
وہی معاملہ کرتا ہے جس پر وہ مخلوق ہے نہ کہ اُس حیثیت سے جس پر وہ خود
ہے۔ لہٰذا اللہ تبارک و تعالیٰ نے ملائکہ کے لئے قسم نہیں کھائی کیونکہ وہ
عالمِ تہمت سے نہیں اور نہ مخلوق کا حق ہے کہ وہ مخلوق کی قسم کھائے۔
یہ ہمارا مذہب ہے۔ اگر کوئی مخلوق کی قسم کھاتا ہے تو وہ ہمارے نزدیک
گنہگار ہے۔ اور اس کا کفارہ نہیں۔ جب کہ وہ جس میں واقع ہے اُس پر توبہ
کرے اور کچھ نہیں۔

اور اللہ تبارک و تعالیٰ نے مخلوقات کے ذکر کے ساتھ کھائی تو بنفسہ
کھائی اور اسم کا حذف کرنا کتاب عزیز سے متعدد مقامات میں اظہارِ اسم
پر ہے۔ مثلاً اُس کا یہ ارشاد ہے!

فَوَرَبِّ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ — پس آسمان اور زمین کے رب کی قسم

الذاریات آیت ۲۳

بِرَبِّ الْمَشٰرِقِ وَالْمَغٰرِبِ — مجھے تمام مشرقوں اور مغربوں کے رب
کی قسم

المعارج آیت ۴۰

تو یہ اعلام اُن مقامات میں ہیں جہاں اسم کے لئے ظاہر طور پر ذکر
جاری نہیں۔ کیونکہ وہاں اللہ تعالیٰ سبحانہٗ کے ارادہ کے لئے اسمِ امر

غائب ہوتا ہے۔ اسے نبی اور دلی ملہم سے وہی جانتا ہے جسے حق تعالیٰ اس کا عرفان عطا فرمائے۔ کیونکہ قسم اُس کی تعظیم پر دلیل ہوتی ہے جس کی قسم کھائی جائے اور بلا شک و ریب اللہ تبارک و تعالیٰ نے ہر بینا و نابینا کے لئے اس کا ذکر قسم میں کیا ہے۔

پس اس میں بلند و پست، مرضی و مغضوب، محبوب و غیر محبوب مومن و کافر اور موجود و معدوم داخل ہیں۔

اور منازلِ اقسام کو نہیں جانتا مگر وہ جسے عالم الغیب کی معرفت حاصل ہے۔

پس گمانِ غالب ہے کہ اسمِ الٰہی یہاں مضمر ہے۔ اور ہم نے آپ کو اس کی پہچان کرا دی ہے کہ عالمِ غیب طول اور عالمِ شہادت عرض ہے

عالمِ انیت

یہ منزل متعدد منازل پر مشتمل ہے جن میں سے منزلِ سلیمان علیہ السلام دوسرے انبیاء کے علاوہ منزلِ سترہ کامل منزلِ اختلافِ مخلوقات منزلِ روح اور منزلِ علوم اور میں نے اس میں کہا!

أنية قدسية مشهودة ‏ لوجودها عند الرجال منازل
تفنى الكيان اذا تجات صورة ‏ في سورة أعلامها تتفاضل
وتوبك قبل وجودها بنعوتها ‏ خلف الظلال وجودها لك شامل

حقیقتِ قدسیہ مشہودہ ہے مردوں کے نزدیک اس کے وجود کے لئے منزلیں ہیں۔

جب کسی صورت میں جس کی نشانیاں فاضل ہوں کوئی صورت تجلی پذیر

ہوتی ہے تو کائنات فنا ہو جاتی ہے۔

اور تجھ میں اپنے وجود کی تعریفوں کے ساتھ تجھے دیکھتی ہے اِس کا وجود تیرے لئے سالوں کے پیچھے شامل ہے۔

کہا کہ حقیقتِ الہٰیہ معوریہ تنزیہہ کی تعریفوں کے ساتھ ہے۔ جو اِس کا مشاہدہ ہوتا ہے۔ تو اِن کے سوا ہر ذات فنا ہو جاتی ہے۔ اگرچہ اِس کے مشاہد شخصِ واحد میں اُس کے احوال کی حیثیت سے بڑھ گئے ہوں، اور اشخاص میں اُن کے احوال کے مختلف ہونے کی صورت میں ہے۔ چونکہ حقیقت یہ دیتی ہے کہ ہم سے کوئی مشاہدہ کرنے والا اس کا مشاہدہ نہیں کر سکتا مگر اپنی ذات کے ساتھ۔

جیسا کہ یہ حقیقت ہم سے سوائے اپنی ذات کے کسی چیز کا مُشاہدہ نہیں کرتی۔ پس ہر حقیقت دوسری حقیقت کے لئے آئینہ ہوتی ہے۔

المومن مرأة اخیه — یعنی مومن اپنے بھائی کا آئینہ ہوتا ہے۔

لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ — اللہ تعالیٰ کی مثل کوئی شئے نہیں۔

الشوریٰ آیت ۱۱

منزلِ دھُور

یہ منزل متعدد منازل پر حاوی ہے جن میں سے،

منزلِ سالبة، منزلِ عزّت، منزلِ روحانیتِ افلاک، منزلِ امرِ الٰہی، منزلِ ولادت، منزلِ موازنہ، منزلِ لبشارت باللقاء۔

اور اس میں میں نے کہا!

ومن المنازل مایکون مقدرہ مثل الزمان فانہ متوھم
دلت علیہ الدائرات بدورھا وله التصرف والمقام الاعظم

اور منازل سے جو زمانے کی مثل مقدر ہوں گی وہ ہم میں ہیں۔
اُس پر دائرے گردش کے ساتھ دلالت کرتے ہیں اور اُس کے ساتھ
تصرف اور مقام اعظم ہے۔
کہا! کہ جب حق تعالیٰ کے حق میں ازل امر متواہم تو زمانہ بھی حق
تعالیٰ کے حق میں امر متواھم ہو گا۔ یعنی قدرت متواھمہ جیسے حرکت
افلاک قطع کرتی ہیں کیونکہ ازل مخلوق کے لئے زمانہ کی طرح ہے پس
اس پر غور کریں۔

منزلِ لام اِلف

یہ منزل التفاف ہے اور اس پر اعتلاف غالب ہے نہ کہ اختلاف
اللہ تبارک و تعالیٰ نے ارشاد فرمایا!

وَالْتَفَّتِ السَّاقُ بِالسَّاقِ اِلٰى رَبِّكَ يَوْمَئِذِ نِالْمَسَاقُ
اور پنڈلی سے پنڈلی لپٹ جائے گی آپ کے رب کی طرف اُس دن روانگی ہے۔

القیامۃ آیت ۳۰

اور یہ کئی منازل پر حاوی ہے۔ جن سے مجمع البحرین و جمع الامرین
اور منزلِ تشریف محمدی ہے۔ جو منزل محمدی کی جانب ہے۔ اور اس
میں میں نے کہا ہے!

منازل اللام فی التحقیق والالف عند اللقاء انفصال حال وصلھما

هما الدلیل علی من قال ان أنا　　سرّ الوجود ذاتی عینہ فہما

نعم الدلیلان اذ دلا بحالهما　　لا کالذی دل بالاقوال فانصرما

تحقیق میں لام اور الف ... کی منازل بقائے الفصال کے وقت دونوں کے وصل کا حال ہے۔

دونوں اُس پر دلیل ہیں جو کہتا ہے کہ میں سرّالوجود ہوں اور میں اس کے فہم کی عین ہوں۔

دونوں دلیلیں اچھی ہیں جب دونوں کے حال کے ساتھ دلالت کریں نہ کہ اُس کی طرح جو اقوال کے ساتھ دلالت کرتا ہے اور الگ ہو جاتا ہے۔

کہا کہ اگر لام اور الف کا ارتباط منعقد ہو تو دونوں کی عین ایک ہو جاتی ہے اور یہ حروف اٹھائیس مقامات میں واؤ اور یاء کے درمیان کے ازدواج سے ظاہر ہیں۔ پس لام اور الف دونوں کے لئے صحت و اعتدال ہے جب الف میں علت ہے اور لام میں صحت ہے ہو تو اس کے اور دونوں حرفوں کے درمیان مناسبت واقع ہو گئی۔ پس صحیح ہے حرف صحت ہوا اور معتل ہے حرفِ علت پس اُس کے دونوں ہاتھ رحمت کے ساتھ کھلے ہوئے ہیں۔ اور اُس کی نقیض اور ضد کے ساتھ بند ہیں۔ اور لام الف کے لئے مفرد نظم میں صورت نہیں بلکہ وہ اُس میں پوشیدہ ہے اور واؤ اور یاء کے درمیان اُس کے حال پر مرتبہ اور اُس کی جگہ میں زا، حاء، اور طاء یا لبسہ قائم مقام ہوئے پس اُس کے لئے اُس غائب میں ساتواں آٹھواں اور نواں مرتبہ ہے۔

اور اُس کے لئے بدر و ہلال کے درمیان قمر کی منزل ہے۔

پس اُس کے غیب ذظہُور میں اُس کے ساتھ ہمیشہ رتبہ برزخیہ ہے تو وُہ چوبیسواں ہے جب کہ اُس کے لئے زاء کے ساتھ ساتواں حاء کے ساتھ آٹھواں اور طاء کے ساتھ نواں مرتبہ ہے۔ اور دن چوبیس گھنٹوں کا ہوتا ہے۔ آپ اِس کے ساتھ کسی بھی ساعت میں عمل کریں۔ میزان عمل پر دمنع ہونے کے ساتھ آپ کا عمل کامیابی حاصل کرے گا۔ کیونکہ وہ حرُوفِ رقم میں ہے نہ کہ طبعی حرُوف میں کیونکہ اُس کے لئے سوائے لام کے حرُوفِ طبعی نہیں۔ اور وہ حلق اور دونوں ہونٹوں کے درمیان حرُوف لسان سے ملا ہوا ہے۔ جب کہ الف حروف طبع سے نہیں تو وہ نائب نہیں ہوتا مگر ایک حرف کا نائب ہوتا ہے۔ اور وہ لام ہے جس سے الف اُس وقت پیدا ہوتا ہے جب اُس کی حرکت کو پُر کیا جائے پس اگر اُس کی حرکت سیر نہیں ہو گی تو ہمزہ ظاہر ہو گا۔

ایسے ہی بعض عُلماء نے لفظ طبعی میں نہیں رقم وضعی میں الف کو نصف حرف اور ہمزہ کو نصف حرف مقرر کیا ہے۔

لام اور الف کا ملاپ کیسے ہے؟

پھر ہم لوٹتے ہیں اور کہتے ہیں کہ لام الف کے ساتھ انعقاد پذیر ہُوا جیسا کہ ہم نے کہا کہ وہ عین واحد یعنی ایک ذات ہو گئے کیونکہ ان کی دونوں راہیں اُن کے دو ہونے پر دلالت کرتی ہیں پھر اُس کے اِسم کے ساتھ عبارت اُن کے دو ہونے پر دلالت کرتی ہے پس وہ دو اسموں سے ایک اِسم مرکب ہے۔ دو ذالتوں کے لئے ایک ذات لام ہے اور دُوسری الف ولیکن جب شکل میں ایک صورت پر ظاہر ہُوئے تو دیکھنے والا دونوں کے درمیان

فرق نہیں کر سکتا اور وہ امتیاز نہیں کر سکتا کہ دونوں رانوں میں لام کون سا ہے
جس سے پتہ چلے کہ دوسری ران الف ہو۔ پس اس میں اختلاف کتابت ہے
چنانچہ ان میں سے بعض نے اس میں تلفظ کی رعائیت کی ہے اور بعض
نے اُس خط کے ابتدائی مقام کو اُس کا اوّل مقرر کیا ہے پس وہ دونوں جمع
ہوئے کہ لام کو الف پر مقدم کیا جائے کیونکہ الف یہاں یقیناً لام سے پیدا ہوا
ہے۔ اور ایسے ہی ہمزہ لام کے عقب میں ہے جیسا کہ!

لانتم اشد رهبة ۔ اور اس کی امثال ہیں۔

یہ حرف یعنی لام الف افعال میں حرفِ التباس ہیں پس مخلوق کے ہاں
ظاہر فعل خالص نہیں پاتا جس شخص کے لئے آپ نے کہا! کہ وہ اللہ کے
لئے ہے۔ تو آپ نے صحیح کہا اور اگر کہا! کہ وہ مخلوق کے لئے ہے تو
صحیح کہا! اور اگر یہ نہ ہوتا تو تکلیف اور بندے کے لئے اللہ تبارک وتعالیٰ کی
طرف سے اضافتِ عمل درست نہ ہوتی۔ حضورِ رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ
نے فرمایا ہے کہ تمہارے یہ اعمال تم پر لوٹائے جائیں گے۔ اور اللہ تبارک
وتعالیٰ کا ارشاد ہے۔

وَمَا تَفْعَلُوا مِنْ خَيْرٍ فَإِنَّ اللَّهَ كَانَ بِهِ عَلِيمًا النساء آیت ۱۲۷ — اور تم جو کچھ نیکی کرتے ہو اللہ سب جانتا ہے۔

اور ارشادِ باری تعالیٰ ہے!

اِعْمَلُوا مَا شِئْتُمْ إِنَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ حٰم السجدة آیت ۴۰ — اب جو تمہارا جی چاہے کرو بیشک وہ تمہارے سب کام دیکھ رہا۔

اللہ تبارک وتعالیٰ نے حق فرمایا ہے۔ ایسے ہی دونوں رانیں لام یا
الف مقرر کی ہیں تو آپ نے صحیح کہا! اگرچہ علماء کے نزدیک شکل ہیں وضع کرنے

میں اختلاف محمل ہے۔ اور ہر وہ شخص جو صورت کے ساتھ تحقق کے لئے دونوں رالوں سے دلالت کرتا ہے کہ دوسرے کے بغیر ایک کے لئے فعل ہے۔ اور اس کا ساتھی منقطع ہو جاتا ہے اور ثابت نہیں ہوتا۔ اور اگر اس کے علاوہ اس میں اس شان کا مالک اُس کا مخالف ہے اور اپنے گمان میں دلالت کرتا ہے۔ اس قول کے ساتھ جیسا کہ اُس کے مخالف کے ساتھ ہے تو یہ امر متعارض اور مشکل ہے۔ مگر اُس شخص پر مشکل نہیں جس کی بصیرت کو اللہ تبارک وتعالیٰ نے روشن فرمایا ہے اور اُسے سیدھے راستے کی ہدایت کی ہے۔

منزلِ تقریر

تقررت المنازل بالسکون	و رجحنا الظهور علی الکمون
ودلت بالعیون علی عیون	منفجرة من الماء المعین
ودلت بالبروق سحاب مزن	اذا لمحت علی النور المبین

منازل کا تقرر سکون کے ساتھ ہے اور ظہور پوشیدگی پر راجح ہے۔

ہم نے چشموں پر ایمان کے ساتھ دلالت کی ہے جو مصفا پانی سے جاری ہوئے۔

ہم نے برسنے والے بادل کے ساتھ دلالت کی جب ہم نے نورِ مبین پر روشنی دیکھی۔

اللہ تعالیٰ آپ کی مدد فرمائے جاننا چاہیئے! کہتے ہیں کہ ثبوت منازل کو مقرر کرتا ہے تو جو ثابت ہوا وہ ثابت ہوا۔ اور ہر علم کے لئے اس کی حقیقت پر ظاہر ہوا۔ کیا آپ نے دیکھا کہ جو آپ کو حرکت میں تیزی دی گئی تو اس سے شبہ واقع ہوتا ہے۔

تو ناظر کسی چیز پر اُس کے خلاف حکم دیتا ہے جس پر وہ چیز ہے۔
پس وہ آگ کے حق میں کرتا ہے جس میں چنگاری یا سر میں بتی ہوتی ہے
جب اُسے عرض میں تیزی سے حرکت دی جاتی ہے تو وہ خطِ مستطیل بن جاتا ہے
یا اُسے تیزی سے پھیرتا ہے۔ تو ہوا میں آگ کا دائرہ دیکھتا ہے اور اس کا
سبب عدم ثبوت ہے۔ جبکہ منازل کا ثابت ہونا اس پر دلالت کرتا ہے جو
علوم الہیہ سے اُس پر حاوی ہے۔

منزلِ مشاھدہ

فی فناء الکون منزل	روحہ فینا تنزل
انہ لیلۃ قدری	مالہ نور ولا ظل
ھو عین النور صرفا	مالہ عنہ تنقل
فانا الامام حقا	ملك فی الصدر الاول
عندہ مفتاح أمری	فیولیکم ویعزل
سمھر یانی طوال	لست بالسماك الاعزل
فالمقام الحق فیکم	دائم لا یتبدل
وھو القاھر منہ	وھو الامام الاعدل
لیس بالنور الممثل	بل من المھاۃ أکمل
وأنا منہ یمینا	جمان السر الافضل
فبعین العین أسمو	وبامر الامام أنزل

فنائے کون میں ایک منزل ہے۔ ہم میں اُس کی روح نازل ہوتی ہے
بے شک وہ لیلۃ القدر ہے اور اُس کے لئے نہ نور ہے نہ ظل
وہ عین نور پھرتا ہے اُس کے لئے اُس سے منتقل نہیں کیا جاتا۔
پس میں امامِ برحق ہوں اور صدرِ اوّل میں بادشاہ ہوں۔

میرے امرِ الٰہی اُس کے پاس سے وہ منہیں عالم بناتا ہے اور معزول کرتا ہے۔

میری تاریکیاں طویل ہیں، میں معزول ہونے والی بلندی سے نہیں ہوں۔
پس تم میں ہمیشہ حق کا مقام ہے جو تبدیل نہیں ہوتا۔
اور وہ اُس سے غالب ہے۔ اور وہ امام عادل ہے۔
وہ نورِ متمثّل کے ساتھ نہیں بلکہ آب دی گئی تلوار سے کامل تر ہے۔
میں یقیناً سِرِّ افضل کے مکان کے ساتھ اُسی سے ہوں۔
پس عین العین کے ساتھ بلند ہوں اور امرالامر کے ساتھ اُترتا ہوں۔

کہا کہ! لیلۃ القدر کی مثل حالتِ فناء میں نہ نور ہے نہ ظل پھر کہا! وہ ضیاء حقیقی اور ظلِ حقیقی ہے۔ کیونکہ یہ وہ اصل ہے جس کی ضد نہیں۔ اور الانوار کے مقابل ظل ہے اور یہ اُس کے مقابل کوئی چیز نہیں اور کہا میں امام ہوں تو اس کا معنیٰ یہ ہے کہ اُس خاص وجہ سے حق کے لئے حق کا شہود ہے اور وہ مدد اوّل ہے اور اس مقام سے صورتوں میں تفصیل کثرت۔ اور اعداد واقع ہوتے ہوتے ہیں۔ اور تاریکیوں کو عالم میں تاثیر قیومہ سے کنایہ مقرر کیا۔ اور اس کے لئے ثبوت ہے۔ اور یہ اس لئے کہا کہ تاریکیاں تبدیل نہیں ہوتیں۔ اور اُس کے لئے غلبہ اور عقل ہے جو تشبیہ کو قبول نہیں کرتا ہے۔

پس میں شہودِ ذات کے ساتھ بلند ہوتا ہوں اور امرِ الٰہی کے ساتھ اُترتا ہوں۔ اور عالم میں امام ہوں۔

منزلِ الفت

اور یہ منزل ایک ہی ہے اس میں میں نے کہا!

منازل الالفة مالوفة | وهی بهذ النحت معروفة
ففقل لمن عرس فیھا أقم | فانها بالامن محففه
وھی علی الاثنین موقوفه | وعن عذاب الوتر مصروفه

اُلفت کی منزلیں مالوف ہوتی ہیں اور یہ اس نعت کے ساتھ پہچانی جاتی ہیں۔

جس کی نئی شادی ہوئی ہے اُسے کہیں کہ اس میں قائم ہو کیونکہ وُہ اَمن کے ساتھ احاطہ کی گئی ہے۔

اور یہ دو پر موقوف ہے اور اکیلے کے عذاب سے پھیری گئی ہے۔

یہ منزل شادیوں اور سُرور فرحت کی منزل ہے اور یہ اللہ تبارک وتعالیٰ کے اُس احسان کے ساتھ ہے جو اُس نے اپنے نبی کریم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر فرمائے تو فرمایا!

لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ

اگر آپ تمام زمین میں جو کچھ ہے خرچ کر دیتے تب بھی ان کے دلوں کو باہم نہ ملا سکتے۔

الانفال آیت ۶۳

آپ پر ارادہ فرمایا تو ارشادِ ربانی ہُوا!

وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَیْنَهُمْ

الانفال آیت ۶۳

لیکن اللہ تعالیٰ نے اُن کے دِلوں کو آپس میں ملا دیا۔

اِس سے یہ مُراد ہے کہ وہ آپ سے مودّۃ رکھتے ہیں اور آپ کی اطاعت کرتے ہیں اور آپ کی تصدیق کرتے ہیں۔

منزلِ استخبار

یہ منزل متعدد منازل پر مشتمل ہے جن میں سے یہ ہیں منزلِ منازعتِ روحانیہ
منزلِ حلیتِ السعداء، کیف تنظہر علی الشقیاء، منزل الکون قبل الانسان،
اِس میں مَیں نے کہا ہے!

اذا استفهمت عن أحباب قلبي — أحالوني على استفهام لفظي
منازلهم بلفظك ليس الا — فيا شؤمي لذالك وسوء حظي
وعظت النفس لا تنظر اليهم — فما التفتت بخاطرها لوعظي
لفظهمو عسى أحظى بكون — فكانوا عين كوني عين لفظي
ومن عجب انى أحن اليهمو — واسأل عنهم من أرى وهمو معي
وترصدهم عيني وهم في سوادها — وبشتاقهم قلبي وهم بين أضلعي

جب آپ نے میرے قلبی احباب کے بارے میں پُوچھا تو انھوں نے
مجھ پر استفہام لفظی پر محال کر دیا۔
اُن کی منازل آپ کے لفظ کے ساتھ نہیں مگر افسوس میری شومیٔ قسمت
اور اِس کے لئے میرا حصّہ اچھا نہیں۔
میں نے نفس کو نصیحت کی کہ ان کی طرف نہ دیکھ تو اُس نے اپنی خاطر
طبعی کے ساتھ میری نصیحت پر التفات نہ کیا۔
میں نے اُن سے یہ لفظ کہا کہ شاید کون کے ساتھ حصّہ حاصل کروں
تو وہ عین میرا کون ہے اور عین میرا لفظ ہے۔
عجیب ہے کہ میں اُن کی طرف راغب ہوں اور اُن سے سوال کرتا ہوں
جنہیں دیکھتا ہوں کہ وہ میرے ساتھ ہیں۔
میری آنکھ اُن کا انتظار کرتی ہے اور وہ میری آنکھ کی سیاہی میں ہے۔

میرا دل ان کا مُشتاق ہے اور وہ میرے پہلو کے اندر ہیں۔

کہا کرا جب میں نے اُن سے پُوچھا تو وہ میری زبان ہیں جب میں نے اُن کی طرف دیکھا تو وہ میری آنکھ کی سیاہی میں ہیں، جب میں نے اُن میں غور و فکر کیا تو وہ میرے دل میں ہیں میں اُن کی طرف مشتاق ہُوا تو وہ حال میں میرے ساتھ ہیں۔

پس وُہ میری آنکھ ہیں اور میں اُن کی آنکھ نہیں ہُوں۔ کیونکہ اُن کے پاس مجھ سے وُہ نہیں جو اُن سے میرے پاس ہے

منزلِ وعید

یہ منزل ایک ہی ہے جو کون کے ساتھ تمسک کرنے اور جور و زبردستی پر حاوی ہے۔ اور اس میں میں نے کہا!

ان الوعید لمنزلان هما لمن　　ترك السلوك على الطريق الاقوم
فاذا تحقق بالكمال وجوده　　ومشى على حكم العلو الاقدم
عادا نعيما عنده فنعيمه　　في النار وهي نعيم كل مكرم

بے شک وعید دو منزلوں کے لئے ہے۔ اور وہ دونوں اس کے لئے ہیں جس نے معتبر طریق پر چلنا چھوڑ دیا۔

جب اُس کا وجوُد کمال کے ساتھ مُتحقق ہُوا اور رعلوِ قدیم کے حکم پر چلا۔

وُہ اُس کے پاس نعمت کی صُورت میں لوٹ آئیں پس اس کی نعمت آگ میں ہے اور یہ نعیم ہر اکرام والے کا ہے۔

منزلِ روحانی عذابِ نفوس اور منزل جسمانی عذاب محسوس ہے اور یہ نہیں ہوتا مگر اُس کے لئے جو طریقِ شرع سے اپنے ظاہر و باطن سے

بھر جاتا ہے۔ جب اس کے لئے استقامت ہوتی ہے اور اس کے لئے عنایت سبقت لے جاتی ہے تو وہ اس سے محفوظ ہو جاتا ہے۔
اور اس سے مجاہدہ کی آگ کی زمزمہ کے ساتھ جنت کا مشاہدہ کرتا ہے۔

منزل امر

یہ کئی منازل پر مشتمل ہے جن میں سے یہ ہیں۔ منزلِ ارواح برزخیہ، منزلِ تعلیم، منزلِ سری، منزلِ سبب، منزلِ تمائم، اور منزلِ قطب و امامین، اور ہم نے اس میں یہ کہا ہے۔

منازل الامر هو انية الذات	بها تحصل افراحي ولذاتي
فليتني قائم فيها مدى عمري	ولا أزول الى وقت الملاقاة
فقرة العين للمختار كان له	اذا تعرز في صدر المناجاة

منازلِ امر از وہ انیت ذات ہے جس کے ساتھ فرحتیں اور لذتیں حاصل ہوتی ہیں۔
کاش میں عمر کی پوری مدت اس میں قائم رہتا اور ملاقات کے وقت تک زائل نہ ہوتا۔
پس آنکھ کی ٹھنڈک مختار کے لئے ہوتی ہے اور یہ اس کے لئے اس وقت ہوتی ہے جب وہ صدرِ مناجات میں ظاہر ہو۔
امر الٰہی صفتِ کلام سے ہے اور وہ شریعت کی جہت سے اولیاء اللہ کے سوا مسدود ہے اور حضرتِ الٰہیہ میں کوئی امر تکلیفی نہیں بمرد شروع ہوگا۔

پس وہ... کے لئے اس سماع کے وجود کچھ باقی نہیں۔ جب انبیائے کرام کو امر ہوا تب تو اُس کی سماعت کے وقت یہ لذت اُس کے وجود میں جاری و ساری ہو جاتی ہے۔ لیکن اولیاء اللہ کے لئے وہ مُناجات باقی رہتی ہے جس میں کہانی اور گفتگو نہیں تو اہلِ کشف سے ہر وہ شخص جو یہ کہتا ہے کہ وہ اپنی حرکات و سکنات میں امرِ الٰہی کے ساتھ مامور ہے۔ تو یہ امر شرعی محمدی، تکلیفی کے مخالف ہے تو بے شک اس امر پر التباس ہے اگر وہ اِس میں سچا ہے اور کہتا ہے کہ اُس نے سُنا تو یہ اس کے سوا ممکن نہیں کہ اُس کے لئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صورت میں تجلیٔ الٰہی ظاہر ہو۔

پس اللہ تبارک و تعالیٰ اپنے نبی سے مخاطب ہو یا اپنے نبی کو خطاب کرتے وقت سماع میں اُس ولی کو قائم فرمائے اور یہ اس لئے ہے کہ وہ حق تعالیٰ سے اس امر کو پہنچا ہے۔ جو امر اللہ تبارک و تعالیٰ نے اپنے نبیؐ کے ساتھ مقرر فرمایا ہے۔ اور ممکن ہے کہ وہ حق تعالیٰ سے کسی حضرت میں اُس امر کو سُن لے جو حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پہلے لائے ہیں۔ تو وہ کہے کہ مجھے حق تعالیٰ نے اس کا امر فرمایا ہے اور یہ اُس کے حق میں تعریف ہے۔ جس کے ساتھ اُسے امر ہوا۔ اور یہ سبب حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ منقطع ہوا۔ اور اللہ تعالےٰ کے مشروع اوامر سے اس میں اولیاء اللہ کے لئے راسخ قدم ہے۔

پس یہ اُن منازل سے وہی اصناف لائی گئی ہیں جن کا ذکر ہم نے کیا ہے اب ہم ہر منزل سے خاص صفات کا ذکر کرتے ہیں۔

منزلوں کی خاص صِفات : وصل منزل لاح میں خاص صفات

کا تعلق لامتناہی علم کے ساتھ ہے۔

منزلِ رموز کی صفات کا خاص تعلق خواص کے ساتھ اعداد و اسماء کا علم ہے۔ یہی کلمات و حروف ہیں اور اس میں سیمیا کا علم ہے۔

منزلِ دُعا کی خاص صفات علومِ اشارہ اور تجلیہ یعنی آراستہ ہونے سے ہے۔

منزلِ افعال کی خاص صفات علمِ آلان یعنی علمِ وقت ہے۔

منزلِ ابتداء کی خاص صفات علمِ مبدأ و معاد اور معرفتِ اوّلیات سے ہر چیز ہے۔

منزلِ تنزیہہ کے لئے خاص صفات لباس پہننے اور اُتارنے کا علم ہے۔

منزلِ تقریب کی خاص صفات علمِ دلالات ہے۔

منزلِ توقیع کی خاص صفات علمِ نسبت و اضافات ہے۔

منزلِ برکات کی خاص صفات علمِ اسباب و شروط اور علل اور دلائل و حقیقت ہے۔

منزلِ اقسام کی خاص صفات علومِ عظمت ہیں۔

منزلِ دہر کی خاص صفات علمِ ازل اور وجود کی حیثیت سے اللہ ربّ العزت کی ہمیشگی ہے۔

منزلِ انیت کی خاص صفات علمِ ذات ہے۔

منزلِ لام الف کی خاص صفات مکوّن کی طرف کون کی نسبت ہے

منزلِ تقریر کی خاص صفات علمِ حضور ہے۔

منزلِ فناءِ کائنات کی خاص صفات علمِ قلبِ اعیان ہے۔

منزلِ الفت کی خاص صفات علمِ التحام ہے
منزلِ استفہام کی خاص صفات "لیس کمثلہ شئ" کا علم ہے
منزلِ امر کی خاص صفات علمِ عبودیت ہے۔

وصل : جاننا چاہیئے کہ ان انتیس منازل سے ہر منزل ممکنات سے ہے پس ان میں ملائکہ کی صنف ہے۔ اور وہ صنفِ واحد ہے اگرچہ اُن کے احوال میں اختلاف ہے۔

اٹھارہ علم اجسام

علمِ اجسام اٹھارہ ہیں جن میں سے افلاک کی گیارہ انواع ہیں ارکان چار ہیں، مولدات تین ہیں۔

اور اس کے لئے دُوسری وجہ بھی ہے۔ حضرتِ الٰہیہ میں ان کے ممکنات سے ان کا مقابلہ ذات کے لئے جو ہر ہے اور وہ اوّل ہے۔ دوسرا اعراض ہیں اور وہ صفات کے لئے ہیں تیسرا زمان ہے اور وہ ازل کے لئے ہے۔ چوتھا مکان ہے اور وہ استواء کی تعریفوں کے لئے ہے۔ پانچواں اضافات ہے جو اضافات کے لئے ہے۔ چھٹا فہوانیہ ہے جو انواع کے لئے ہے۔ ساتواں کمیات ہے جو اسماء کے لئے ہے۔ آٹھواں کیفیات ہے جو تجلیات کے لئے ہے۔ نواں تاثیرات ہے جو وجود کے لئے ہے۔ دسواں انفعالات ہے جو اعتقاد کی صورتوں میں ظہور کے لئے ہے۔ گیارھواں خاصیت ہے اور یہ احدیت کے لئے ہے۔ بارھواں حیرت ہے اور یہ نزولِ و فرحت اور قرض کے ساتھ اور ان کی مثل وصف کے لئے ہے تیرھواں حیاتِ کائنات ہے۔ جو زندہ کے لئے ہے۔

چودھواں معرفت ہے جو علم کے لئے ہے۔ پندرھواں ہوا جس ہے جو ارادہ کے لئے ہے۔ سولہواں البصار ہے جو بصیرت کے لئے ہے۔ سترھواں سمع ہے جو سمیع کے لئے ہے۔ اٹھارواں النسان ہے جو کمال کے لئے ہے اُنیسواں انوار اور اندھیرا ہے جو روشنی کے لئے ہے۔

اُنیس منزلوں کے نظائر

وصل : اِن کے نظائر قرآن سے وُہ حرُوفِ تہجی ہیں جو صُورتوں کے اوّل میں ہیں۔ یہ چودہ حرف ہیں، جن میں اکیلا، ثنائیہ، ثلاثیہ، رُباعیہ، اور خماسیہ پانچ مرتبے ہیں، اِن کے نظائر جہنم کے اُنیس خازن فرشتے ہیں۔

تاثیر میں اُن کے نتائج بارہ بُرج اور سات ستارے ہیں۔ قرآن مجید سے اِن کے نظائر بسم اللہ کے حرُوف اور رجال سے اُن کے نظائر بارہ نقیب اور سات ابدال ہیں۔ ان سات ابدالوں سے چار اوتاد دو امام اور ایک قُطب ہیں۔

حضرت الٰہیہ سے اور اکوانِ عالم سے ان منازل کے کثیر نظائر ہیں۔

امامِ مبین نے گھیرا ہوا ہے

وصل : جاننا چاہیئے کہ منزلِ منازل اُس منزل سے عبارت ہے جو اُن تمام منزلوں کو جمع کرے جو عالمِ دنیا میں اور اس سے ثریٰ تک ہو اور یہ امام مبین سے موسوم ہے۔

اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے!

وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ فِيْٓ اِمَامٍ مُّبِيْنٍ ۔ یٰس آیت ۱۲ — اور ہر چیز کو امام مبین میں گھیر رکھا ہے۔

اللہ تبارک و تعالیٰ کے ارشاد "اَحْصَیْنَاہُ" سے اس پر دلیل ہے کہ اسے علوم لامتناہیہ ودیعت کئے گئے ہیں۔

پس ہم نے دیکھا کہ کسی ایک کے لئے اس کا عدد منحصر ہے پس وہ باوجود متناہی ہونے کے خارج ہیں۔ کیونکہ اس میں نہیں ہے۔ مگر وہ جو اللہ تبارک و تعالیٰ نے تخلیق عالم کے دن اس کی طرف کا حال گزر جانے تک رکھا۔ اور عمارتِ آخرت کی طرف منتقل ہو جائے گی۔

پس ہم نے ثقہ علمائے باللہ سے پوچھا کہ کیا ان علوم کی امہات اسی پر منحصر ہیں۔ جس پر یہ امامِ مبین حاوی ہے۔

اس نے کہا! ہاں مجھے ایک ثقہ امین سچے ساتھی نے خبر دی ہے اور مجھ سے عہد لیا کہ میں اس کے نام کا تذکرہ نہ کروں۔ کہ اُمہاتِ علوم اُتم کو متضمن ہیں۔ جو کثرت کی بنا پر بے شمار ہیں۔ ان کے تعداد علوم میں سے ایک لاکھ ایک نوع سے انتیس ہزار اور ایک نوع سے چھ صد ہے۔ ہر نوع لاتعداد علوم پر حاوی ہے۔ جنہیں منازل سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

اللہ تعالیٰ کے شکر

میں نے اس ثقہ آدمی سے پوچھا کہ یہ اللہ تعالیٰ کی مخلوق سے کسی کو پہنچی ہیں۔ اور اس علم کے ساتھ کسی نے احاطہ کیا ہے؟

اُس نے کہا! نہیں۔

پھر کہا!

وَمَا يَعْلَمُ جُنُودَ رَبِّكَ إِلَّا هُوَ — اور آپ کے رب کے لشکروں کو آپ کے ربّ کے سوا کوئی نہیں جانتا

مدثر آیت ۳۱

جب لشکروں کا علم سوائے اللہ تعالیٰ کے کسی کو نہیں اور حق تعالیٰ کے لئے کسی کا جھگڑا نہیں کہ اُسے مقابلے کے لئے ان لشکروں کی احتیاج ہو۔ اُس نے مجھے کہا تعجب نہ کریں۔

فَوَرَبِّ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ — پس قسم ہے آسمان اور زمین کے رب کی۔

الذاریات - آیت ۲۳

نے کہا! وہ کیا؟

حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ کے حق میں فرمایا ہے۔!

بے شک اللہ آپ کا مولیٰ ہے اور علاوہ ازیں جبریلؑ اور نیک مومن اور ملائکہ آپ کے مددگار ہیں۔

التحریم آیت ۴

تو یہ لشکروں سے عجیب تر ہے۔ پس اللہ تعالیٰ کے عجیب اسرار ہیں۔ جب اُس نے مجھے یہ کہا تو میں نے اللہ تبارک وتعالیٰ سے سوال کیا کہ وہ مجھے اس مسئلہ کے فائدہ پر مطلع فرمائے اور اس کی جو حکمت ہے جسے اللہ تبارک وتعالیٰ نے فی نفسہٖ اس کے مقابلہ میں مقرر فرمایا ہے اور جبریلؑ اور نیک بندے اور ملائکہ۔ تو مجھے اس کی خبر دی گئی تو مجھے کسی چیز کے ساتھ اتنی شادمانی حاصل نہیں ہوئی جو اس معرفت کے ساتھ ہوئی۔

ازواجِ مطہراتؓ کا کس پر بھروسہ تھا؟

مجھے یہ علم بھی حاصل ہوا کہ حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دونوں

ازواجِ مُطہرات کو کس کا بھروسہ تھا اور انہیں کس چیز سے تقویت حاصل ہوئی تھی چنانچہ اگر اللہ تبارک و تعالیٰ اس نصرت و امداد میں اپنی ذات کا ذکر نہ فرماتا تو فرشتوں اور مومنوں کو یہ استطاعت نہ تھی کہ آپ کی ازواجِ طاہرات مُطہرات کے بالمقابل کھڑے ہوتے۔ اور مجھے یہ بھی معلوم ہو گیا کہ اُن دونوں کو علم باللہ حاصل تھا اور جو تاثیر اُن دونوں کو عالم میں اس قوّت نے عطا کی یہ اُسی علم سے تھی جیسا کہ وہ ہیبت پوشیدہ ہے۔

میں اللہ تبارک و تعالیٰ کا سپاس گزار ہوں کہ اُس نے میری اس پر مدد فرمائی تو میرا یہ گمان نہیں کہ مخلوق میں سے کسی اور نے بھی ایسا بھروسہ کیا ہو جو حضورِ رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ان دونوں ازواجِ مطہرات نے کیا ہے۔ حضرت لوط علیہ السلام کا بیان قرآن مجید میں اس طرح آیا ہے

لَوْ اَنَّ لِیْ بِکُمْ قُوَّۃً اَوْ اٰوِیْٓ اِلٰی رُکْنٍ شَدِیْدٍ

اگر تمہارے مقابلے کی مجھ میں طاقت ہو یا کسی مضبوط رکن کا سہارا ہوتا تو میں اُس کی پناہ لیتا۔

ھود آیت نمبر ۸۰

اور اُن کے پاس مضبوط رُکن موجود تھا اور وہ اُسے نہیں جانتے تھے۔ پس حضورِ رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کی شہادت دیتے ہوئے فرمایا!

یَرْحَمُ اللّٰہُ اَخِیْ لُوْطاً لَقَدْ کَانَ یَاوِیْ اِلٰی رُکْنٍ شَدِیْدٍ۔

اللہ تعالیٰ میرے بھائی لوط علیہ السلام پر رحم فرمائے، وہ مضبوط رُکن کی طرح پناہ مانگتے تھے۔

الحدیث

جب کہ اُمّ المومنین حضرت عائشہ صدیقہ اور اُمّ المومنین حضرت حفصہ

رضی اللہ تعالیٰ عنہا اس رُکن کو جانتی تھیں اگر لوگوں کو اس بات کا علم ہوتا جس پر اُن دونوں کو آگاہی حاصل تھی تو :

- اس آیت کریمہ کے معنی جان لیتے۔

اور اللہ تعالیٰ ہی حق فرماتا ہے اور سیدھے راستے پر چلاتا ہے۔

الحمدللہ بائیسویں باب کا ترجمہ ختم ہوا

تئیسواں باب

اقطاب مصونین اور اُن کی حفاظت کے اسرار کی معرفت

ان لله حكمة أخفاها في وجودي فليس عين تراها
خلق الجسم دار لهو وأنس فبناها وجوده سوّاها
ثم لما تعدّلت واستقلت جاء روح من عنده أحياها
ثم لما تحقق الحق علما حبه وانقياده لهواها
قال للموت خذ اليك عبيدي فدعاه له بما أحلاها
وتجلى له فقال الهي أين أنسي فقال ما تنساها
كيف أنسى دارا جعلت قواها من قوا كم فهي التي لا تناهى
يا الهي وسيدي واعتمادي ما عشقنا منها سوى معناها
أعلمتنا بما تريدون منا بلسان الرسول من أعلاها
فقطعنا أيامنا في سرور بك يا سيدي فما أحلاها
قال ردوا عليه دار هواه صدق الروح انه يهواها
فرددنا مخلدين سكارى لم يزل دائما الى سكناها
وبناها على اعتدال قواها وتجلى لها بما قوّاها

بے شک اللہ تبارک و تعالیٰ کے لئے پوشیدہ حکمت ہے میرے وجود میں اُس کو دیکھنے والی آنکھ نہیں۔

جسم کو لہو و لعب اور اُنس کا گھر تخلیق کیا۔ بس اُس نے وجود کی عمارت بنا کر راست کر دی۔

جب وہ گھر برابر ہو کر قائم ہوا تو اُسے زندہ کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے روح آگئی۔

موت کو فرمایا میرے بندوں کو اپنے پاس لے آ۔ تو اُسے اُس کے لقا

کے ساتھ بلایا۔

اُس کے لئے تجلی ہوئی تو اُس نے کہا! الٰہی میرے اُنس کا گھر کہاں ہے؟

تو کہا! تو اُسے بھول نہیں سکتا۔

میں اُس گھر کو کیسے بھول جاؤں جس کے قوٰی تمہارے قوٰی سے مقرر ہیں

تو یہ وہ ہے جس کے مشابہہ نہیں۔

اے میرے اللہ اور میرے سردار اور میرے اعتماد ہم نے اس سے سوائے

اس کے معنوں کے عشق نہیں کیا۔

آپ نے ہمیں اُس چیز کا علم دیا جو ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی زبان

سے چاہتے ہیں وہ رسول جو بلندی سے آتے ہیں۔

فرمایا! اُس پر اُس کی خواہش کا گھر لوٹا دو روح نے سچ کہا ہے کہ

وہ اس کی خواہش رکھتا ہے۔

پس ہمیں ہمیشگی کے نسخے کی طرف لوٹا دیا۔ اور ہم وہاں ہمیشہ رہنے

والوں سے خوش ہیں۔

اُسے قوٰی کے اعتدال پر تعمیر کیا اور اُس کے لئے اور اُس کے لئے

تجلی فرمائی جس کے ساتھ تقویت دی۔

اللہ تعالیٰ آپ کی مدد فرمائے جاننا چاہیئے کہ اس باب میں اللہ تبارک

وتعالیٰ کے اُن بندوں کا ذکر ہوگا جن کا نام ملامتیہ ہے یہ وہ لوگ ہیں

جو ولایت کے انتہائی درجہ کو پہنچ جاتے ہیں اور سوائے نبوّت کے

ان کے اوپر کوئی درجہ نہیں۔ ولایت میں اس مقام کا نام مقامِ قربت

ہے۔ اور قرآن مجید سے اُن کی آیت یہ ہے

حُور، مَقصُورات فی الخیام — خوبصورت حُوریں خیموں میں پردہ
الرّحمٰن آیت ۷۲ — نشین ہیں۔

اُس نے اِن کی خبر جنتی عورتوں کی تعریف سے دی ہے اور اُس کی حوریں اللہ تبارک و تعالیٰ کے اُن بندوں کو کہا ہے جو اُس کی طرف قطع ہو چکے ہیں یعنی علائق دنیوی کو ترک کر چکے ہیں۔

وُہ محبُوس محفُوظ ہیں

انہیں غیرتِ الٰہی کی حفاظت نے کائنات کے گوشوں کے خیموں میں محفوظ و محبُوس کر رکھا ہے۔ تاکہ اُن کی طرف نظر بڑھ کر انہیں مشغول نہ کر دے۔ نہیں خدا کی قسم! انہیں اُن کی طرف خلقت کی نظر انہیں مشغول نہیں کر سکتی لیکن مخلوق میں یہ وسعت نہیں کہ اس طائفہ کے منصب کی بلندی کے لیے ان کا حق ادا کرنے پر کھڑے رہ سکیں۔

چنانچہ بندے اس امر میں ٹھہر جاتے ہیں اور اُن کی طرف کبھی نہیں پہنچ سکتے کیونکہ اُن کے اعمال ظاہرہ سے ظواہر عادات و عبادات کو محبوس کر دیا جاتا ہے اور وُہ اس سے فرائض و نوافل کی دائماً پابندی کرتے ہیں

خرق عادات سے مشہور نہیں ہوتے

یہ لوگ خرقِ عادت کے ساتھ متعارف نہیں ہوتے اور لوگ اُن کی تعظیم نہیں کرتے۔ اور ان کی طرف اُس درستگی اور اصلاح کا اشارہ کرتے ہیں۔ جو عُرف عام میں پائی جاتی ہے۔ باوجود اس کے کہ اُن میں فساد ظاہر نہیں ہوتا، پس یہ لوگ چھپے ہوئے، نیک اور امین ہوتے ہیں۔ اور دُنیا میں

لوگوں سے چھپے رہتے ہیں۔

حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے پروردگار عزوجل سے روایت بیان کی ہے۔

اِنَّ اَغْبَطَ اَوْلِیَائِیْ عِنْدِیْ لَمُؤْمِنٌ خَفِیْفُ الْحَاذِ ذُوْحَظٍّ مِنْ صَلٰوۃٍ اَحْسَنَ عِبَادَۃَ رَبِّہٖ وَاَطَاعَہٗ فِی السِّرِّ وَالْعَلَانِیَۃِ وَکَانَ غَامِضًا فِی النَّاسِ۔ الحدیث

میرے بہترین دوستوں سے میرے نزدیک وہ مومن ہے جو سبک سار نمازی اور جو اپنے پروردگار کی احسن طریقے سے عبادت کرتا ہے۔ اور ظاہر چھپے اُس کی عبادت کرتا ہے اور لوگوں میں پوشیدہ ہو کر رہتا ہے۔

مراد یہ ہے کہ یہ لوگ بہت بڑی بڑی عبادات کے ساتھ لوگوں میں پہچانے نہیں جاتے۔ اور ظاہر چھپے حرام چیزوں کے نزدیک نہیں جاتے۔

یہ سیاہ رُو ہوتے ہیں

بعض لوگوں نے ایک عارف سے ان کی صفت پوچھی تو اُس نے کہا یہ لوگ دنیا آخرت میں اسود الوجہ یعنی سیاہ رو ہوتے ہیں۔ کیونکہ اس سے مراد وہ امر ہے جو ہم نے اس طائفہ کے احوال سے ذکر کیا سیاہ روئی سے مراد یہ ہے کہ تجلیات حق تعالیٰ میں دُنیا و آخرت کے تمام اوقات میں یہ لوگ فارغ ہوتے ہیں۔

ہمارے نزدیک انسان کے لئے آئینہ حق میں جو تجلی ہوتی ہے وہ اُس میں اپنی ذات اور مقام کے علاوہ نہیں دیکھتا اور وہ اکوان سے ایسا کون ہے اور کون حق کی روشنی میں ظلمت ہوتی ہے چنانچہ اس کا مشاہدہ وہ اپنی سیاہ

ے علاوہ نہیں کرتا۔ کیونکہ کسی چیز کی وجہ یا اُس کا چہرہ اُس کی حقیقت اور اُس کی ذات ہوتی ہے۔ اور تجلّی دائمی نہیں ہوتی مگر بطورِ خاص یہ تجلّی اِس طائفہ کے لئے ہوتی ہے۔ لہذا یہ لوگ دنیا و آخرت میں حق تعالیٰ کے ساتھ ہیں ہم اُن کی دائمی تجلّی کا ذکر کر چکے ہیں اور وہ افراد ہیں ۔ لیکن اگر تصویر سے مراد سیادت ہو اور وجہ سے مراد حقیقتِ انسان ہو یعنی دنیا و آخرت میں اُس کی سیادت ہے۔ تو یہ ممکن ہے اور یہ امر رسولوں کے لئے مخصوص ہے۔ کیونکہ یہ اُن کا کمال ہے۔ اور اولیاء میں کمی پائی جاتی ہے۔

کیونکہ رسول اظہارِ شریعت میں اضطراری حالت میں ہوتے ہیں اور اولیاء کے لئے یہ امر نہیں۔ کیا آپ نے دیکھا کہ اللہ تعالیٰ سبحانہٗ نے جب دین کو مکمل فرمایا تو اُس سورت میں آپ کو آپ کے وصال کی کیسے خبر دی جس میں آپ کی طرف سے یہ آیات نازل فرمائیں۔

إِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۙ وَرَأَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُونَ فِي دِينِ اللّٰهِ أَفْوَاجًا ۙ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ۚ إِنَّهُ كَانَ تَوَّابًا ۚ نصر آیت اوّل تا آخر،

جب اللہ کی مدد اور فتح آ پہنچے اور آپ لوگوں کو دین میں فوج در فوج داخل ہوتا دیکھ لیں تو اپنے پروردگار کی تسبیح و تحمید اور استغفار کریں یقیناً وہ بڑا توبہ قبول کرنے والا ہے۔

یعنی آپ اپنی ذات اپنے رب کریم کی اُس پاکیزگی اور ثنا بیان کرتے میں مشغول رکھیں۔ جو اُس کی شان کے لائق ہے چنانچہ جب تبلیغ رسالت کا وہ کام مکمل ہو گیا جو اللہ تبارک و تعالیٰ کی مراد تھا۔ تو اس امر کے ساتھ دنیا سے آپ کا انقطاع کر دیا اور استغفار کے ساتھ اِس امر کو طلب کیا تاکہ آپ کو اپنی حفاظت کے حجاب میں مخلوق سے پوشیدہ کر دے اور مخلوق سے الگ

ہو کر اب کا تعلق اُس کی ذات کے ساتھ ہمیشہ ہمیشہ کے لئے منفرد ہو جائے کیونکہ تبلیغ و ارشاد کے زمانہ میں آپ حقوقِ رسالت کی ادائیگی میں مشغول تھے۔

چنانچہ اس میں بھی آپ کے لئے ایک ایسا وقت مقرر تھا جس میں آپ کے پروردگار کے سوا اور کسی کی گنجائش نہ تھی اور وہ تمام اوقات جن میں آپ خلقت کے امور پر نظر رکھتے تھے۔ آپ کو اس ایک وقت کی طرف لوٹا دیا اور آپ خلقت کے ساتھ جن اوقات میں مشغول رہتے تھے ان کا حائل ہونا ختم کر دیا اگرچہ آپ کی وہ مشغولیت بھی حق تعالیٰ کے امر سے تھی۔

پھر اللہ تبارک و تعالیٰ کا یہ ارشاد کہ "اِنَّهٗ کَانَ تَوَّابًا" یعنی اللہ تبارک مصاحبت کا رجوع فرمانے والا ہے۔ ان میں متعدد وجود کی وجہ سے مخلوق کے لئے آپ کے پاس اس میں مداخلت نہیں ہوگی

حضرت ابوبکرؓ کا رونا

جب حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سورت کی تلاوت فرمائی تو باقی مجلس کے برعکس حضرت ابوبکر صدیقؓ اکیلے رونے لگے جب کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اللہ تبارک و تعالیٰ اس امر کا علم عطا فرما دیا گیا تھا کہ حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ اقدس کا وصال ہو جائے گا اور ابوبکر اس امر کو زیادہ جاننے والے تھے اور حاضرین اُن کے رونے سے متعجب ہو گئے اور رونے کے سبب کو نہ جان سکے۔

ولی اپنا اختیار خدا کے سپرد کر دیتا ہے

اولیاءِ کبار جب اپنے نفوس کو ترک کر دیتے ہیں تو ان میں سے کوئی

ایک بھی ظاہر ہونے کا ہرگز اختیار نہیں رکھتا، کیونکہ انہیں علم ہوتا ہے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے انہیں اُن کے لئے پیدا نہیں فرمایا اور نہ مخلوق میں سے کسی ایک کے لئے پیدا کیا ہے کہ وہ قصدِ اوّل کے ساتھ اُس سے تعلق رکھے اور بے شک اللہ تعالیٰ سبحانہٗ نے انہیں اپنے لئے پیدا فرمایا ہے۔ تو انہوں نے اپنے نفوس کو اُس کام میں مشغول کر لیا جس کے لئے انہیں پیدا کیا گیا تھا چنانچہ اگر حق تعالیٰ انہیں اُن کے اختیار کے بغیر ظاہر فرما دے جس کے ساتھ مخلوق کے دلوں میں اُن کی تعظیم مقرر کر دے تو یہ امر اللہ تعالیٰ سبحانہٗ کی طرف اس میں اُن کا عمل اپنا نہیں اور اگر انہیں پوشیدہ فرما دے تو لوگوں کے دلوں میں قدر اور تعظیم پیدا نہ فرمائے تو یہ بھی اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف ہے تو ان کو اللہ تبارک و تعالیٰ کے اختیار کے ساتھ کوئی اختیار نہیں اور اگر انہیں اختیار حاصل ہو جائے تو لازماً اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف سے مخلوق سے پردہ اور اخفاء کر لیتے ہیں۔

جب کہ اُن کا حال اپنے نفوس سے اپنے مرتبوں کو چھپانا ہے۔ تو وہ اپنے غیر سے کیسے پردہ نہیں کریں گے۔

یہ لوگوں میں رہتے ہیں مگر؟

ہم پر لازم ہے کہ اُن کی حفاظت کی منزلیں بیان کریں چنانچہ اُن کی حفاظت کی منزلوں سے یہ ہے کہ وہ جماعت کے ساتھ فرائض نماز کی ادائیگی اور لوگوں کے ساتھ ہر شہر میں داخل ہوتے ہیں۔ اور وہ اُس شہر کے لوگوں کی پوشاک نہیں پہنتے اور نہ ہی مسجد میں کسی مقام کو اپنا ٹھکانا بناتے ہیں بلکہ مسجد میں اُن کے ٹھکانے مختلف ہوتے ہیں جس میں جمعۃ المبارک نماز ہوتی

ہے یہاں تک کہ اُن کی آنکھ سے لوگوں کی کثرت میں ضیاع نہ ہو۔ جب لوگ گفتگو کرتے ہیں تو وہ بھی اُن کے ساتھ کلام کرتے ہیں۔ اور اس پر اپنے کلام میں حق تعالیٰ کو رقیب دیکھتے ہیں اور جب لوگوں کا کلام سنتے ہیں تو ایسے ہی سنتے ہیں اور سوائے اپنے ہمسائے کے دُوسرے لوگوں کے ساتھ مجلس نہیں کرتے یہاں تک کہ اُن کا شعور نہیں کیا جاسکتا۔ وہ چھوٹے بچوں اور بیوگان کی ضرورتیں پوری کرتے ہیں اور اللہ تبارک و تعالیٰ کی رضا کے مطابق اپنی اولاد اور اپنے اہل خانہ سے ہنستے کھیلتے اور مزاح کرتے ہیں۔ اور حق کے سوا کچھ نہیں کہتے۔ اور اگر کسی مقام میں پہچانے جائیں تو دوسرے مقام کی طرف منتقل ہو جاتے ہیں۔ اگر منتقل کسی کے لئے ممکن نہ ہو تو اپنے جاننے والوں سے لوگوں کی حاجات پوری کرنے میں الحاح کے ساتھ سفارش کرتا ہے۔ جس کی وجہ سے لوگ اُس سے منہ پھیر لیتے ہیں اور اگر اُس کے پاس صورتوں میں تحویل کا مقام ہو تو تحویل کر لیتے ہیں یعنی دُوسری صورت میں آجاتے ہیں۔ جیسا کہ روحانی بنی آدم کی صورت میں متشکل ہو جاتے ہیں۔ اور اُن کی پہچان نہیں ہوتی کہ یہ فرشتے ہیں۔ کذیب البان کا حال یہی تھا۔ اور یہ تمام اُس وقت تک ہوتا ہے جب اللہ تبارک و تعالیٰ اُس کے اظہار اور اُس کی شہرت کا ارادہ نہیں کرتا کہ وہ پہچانا جائے۔

وہ اللہ کے ساتھ ہوتے ہیں

پھر یہ طائفہ اُس مرتبہ کو پہنچ جاتا ہے جو اللہ تبارک و تعالیٰ کے ہاں ہے اس لئے کہ اُن کے قلوب غیر اللہ کی مداخلت سے محفوظ ہو جاتے ہیں۔

یا یہ کہ وہ سوائے اللہ تعالیٰ کے کائنات میں سے کسی کے ساتھ تعلق

پیدا نہیں کرتے۔
اُن کا اُٹھنا بیٹھنا اور بات کرنا اللہ تعالیٰ کے ساتھ ہوتا ہے۔
وہ اللہ تبارک و تعالیٰ میں دیکھتے ہیں۔
وہ اللہ تعالیٰ کی طرف کوچ کرتے اور پھرتے ہیں۔
وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے کلام کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے سنتے ہیں۔
اُن کا توکّل اللہ تعالیٰ پر ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک رہتے ہیں۔
اُن کے لئے اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معروف مشہور نہیں۔
وہ اپنے نفوس سے اپنے نفوس کی حفاظت کرتے ہیں۔
اور اُن کے نفوس انہیں نہیں جانتے۔

پس وہ غیابات الغیاب میں پردہ نشین ہیں۔ وہ اللہ تعالیٰ کے پسندیدہ اور مخلصین لوگوں میں سے ہیں۔ وہ کھانا کھاتے ہیں۔ اور بازاروں میں چلتے ہیں مگر اُن کا ہونا اُن کا پردہ ہے۔ اور کھانا اُن کا حجاب ہے۔ اس باب میں مذکور اس طائفہ کی یہی حالت ہے۔

تتمّہ شریفہ

اِس باب سے ہم بیان کرتے ہیں کہ اِس حضرت سے رسولوں کی بعثت ہوتی ہے اُن سب پر اللہ تعالیٰ کا سلام ہو۔ وہ شارع ہوتے ہیں اور اُن کے ساتھ اِن لوگوں کو اتباع کرنے والا پایا جاتا ہے۔ اور اُن کے امر کے ساتھ اور اُن کی عینِ واحدہ سے اُن کے امر کے ساتھ اُن کا قائم ہونا ہے۔ جس سے انبیاء و رُسل علیہم السّلام اپنی شریعتوں کو اخذ کرتے ہیں۔ اور اسی سے اولیاء اللہ اخذ کرتے ہیں۔ جو اس میں ان کی اتباع کرتے ہیں تو وہ عالمین کی

بصیرت پر تابعین ہیں۔ جس امر کے ساتھ اُن کی اتباع کرتے ہیں اور جس امر میں اُن کی اتباع کرتے ہیں۔

یہ عارفین رسولوں کی منزلوں کو جاننے والے ہوتے ہیں اور اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف سے راستوں کے طریقوں اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک اپنے مقدرول کو جانتے ہیں۔

اور اللہ تعالیٰ سچ فرماتا ہے اور وہی سیدھے رستے پر چلاتا ہے۔
الحمد للہ سولہویں جز اور بیسویں پارے کا ترجمہ ختم ہوا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

چوبیسواں باب

علوم کونیہ اور اُن کے ضمن میں آنیوالے عجائبات کی معرفت اور عالم سے ان علوم کو حاصل کرنے والوں کا بیان اور اُن کے اقطاب کے مراتب اور دونوں شریعتوں کے درمیان اسرارِ اشتراک اور عالم الفاس اور انفاس کے ساتھ عشق رکھنے والے قلوب اور اُن کی اصل اور ان کے لئے منزلوں کی انتہا کا بیان۔

تعجبت من ملك يعود بملكه — ومن مالك أضحى لمملوكه ملكا
فللملك ملك الملك ان كنت ناظما — من اللؤلؤ المنثور من علمنا سلكا
فخذ من وجود الحق علما مقدسا — ليأخذ ذاك العلم من شاء عنكا
فان كنت مثلى فى العلوم فقد ترى — بأن الذى فى كونه نسخة منكا
فهل فى العلى شئ يقاوم أمركم — وقد فتكت أسيافكم فى الورى فتكا
فلو كنت تدرى يا حبيبى وجوده — ومن أنت كنت السيد العلم الملكا
وكان الخلق يأتيك ضخما — أتيت اليه ان تحققته ملكا

مجھے اُس بادشاہ سے تعجب ہے جس کی ملکیت ہمارے ساتھ لوٹتی ہے۔ اور اُس بادشاہ سے تعجب ہے جو اپنی مملوک کے لئے بادشاہ ہے۔

تو یہ ملک کا بادشاہ ہے اگر ہمارے علم سے بکھرے ہوئے موتیوں کو پرونا چاہو تو پرو لو۔

وجودِ حق سے پاکیزہ علوم لے لیں تاکہ خواہش مند آپ سے علم کو اخذ کرے

اگر آپ علوم میں مجھ جیسے ہیں تو اُس کے ساتھ دیکھیں جو آپ سے اُس کی کون میں نسخہ ہے۔

تو کیا بلندی میں کوئی چیز تمہارے امر کے مقابل ہو پس تمہاری تلواریں وری میں جرأت کرتی ہیں۔

اے میرے حبیب اگر آپ اس کے وجود کو جان لیتے اور یہ جان لیتے کہ آپ کون ہیں تو پرچم کے سردار اور بادشاہ ہوتے۔

اگر آپ خلقت نے معبود کو تحقق کے ساتھ بادشاہ مان لیتے تو وہ آپکے پاس اس سے کئی گنا زیادہ آتا جتنا آپ اس کے پاس آتے۔

بادشاہ رب تعالیٰ ہے

اللہ تعالیٰ آپ کی مدد فرمائے جان لیں کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا ہے!

ادْعُونِي أَسْتَجِبْ لَكُمْ — تم مجھ سے دعا کرو میں تمہاری دعا قبول کروں گا

المومن آیت ۶۰

جب آپ نے یہ جان لیا تو جان لیں کہ یقیناً اللہ تبارک و تعالیٰ ہر چیز کا رب اور اس کا مالک ہے۔ اور جو اللہ تعالیٰ کے سوا ہے اس رب کا مربوب اور اس حق سبحانہ تعالیٰ بادشاہ کی ملکیت ہے۔ اور اللہ تعالیٰ عالم کا بادشاہ ہونا انہی معنوں میں ہے اور اسی کا عالم میں تصرف ہے اور وہ اس پر بغیر رکاوٹ کے جو چاہے کرے اور عالم اسی بادشاہ، سردار جل و علا کا محل تاثیر ہے۔

جواب در جواب

پس وہ حالات متنوع ہیں جن پر عالم ہے اور وہ اس میں حق تعالیٰ کا تصرف ہے جو چاہے حکم کرے۔ پھر ہم دیکھتے ہیں کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے ارشاد فرمایا!

كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلَىٰ نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ — تمہارے رب نے اپنی ذات پر رحمت لکھ دی ہے

الانعام آیت ۵۴

پس حق تبارک و تعالیٰ نے رحمت کے وجوب میں اپنی ذات کے ساتھ اپنے بندے کو شریک کیا ہے اگرچہ وہی ذات ہے جس نے خود پر اُسے واجب کیا جو واجب لیا، پس اُس کا کلام سچا اور اُس کا وعدہ حق ہے جیسا کہ انسان ابتداء میں اپنی ذات پر نذر واجب کر لیتا ہے۔ جو اس پر حق تعالیٰ نے واجب نہیں کی تو جب اللہ تبارک و تعالیٰ اُس پر واجب کر دیتا ہے جو انسان نے خود پر واجب کر لیا تھا تو اُس نذر کو پورا کرنے کا حکم دیتا ہے۔

پھر ہم نے دیکھا کہ اللہ تبارک تعالیٰ بندے کی دعا قبول نہیں کرتا مگر اُس کے دُعا کرنے کے بعد جیسا کہ مشروع ہے۔

جیسا کہ عبد حق تعالیٰ کو اُس وقت جواب دیتا ہے جب اُسے حق تعالیٰ اُس امر کی طرف بلاتا ہے اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے! "فلیستجیبوالی" یعنی لوگ میری اطاعت کریں۔

پس عبد اور عالم جو کہ حق تعالیٰ کی ملکیت ہے اس میں تصرفِ الٰہی امری کی جانب ہے جس کا ذاتی طلب ہیں حقیقتِ عالم اقتضاء کرتی ہے اور دوسری تصرف وہ ہے جس کا اقتضاء شریعت کا وضع ہونا کرتا ہے۔

جب یہ امر اُس بات پر ہے جس کا ہم نے ذکر کیا کہ حق تعالیٰ بندے کے امر کو اُس وقت قبول فرماتا ہے جب وہ دعا کرتا ہے۔ اور اُن سے سوال کرتا ہے جیسا کہ بندہ اللہ تبارک و تعالیٰ کے امر کو قبول کرتا ہے جب وہ اسے حکم دیتا ہے اور وہ اللہ تبارک و تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے!

وَاَوْفُوْا بِعَهْدِیْۤ اُوْفِ بِعَهْدِكُمْ — تم میرا عہد پورا کرو میں تمہارا عہد پورا کروں گا۔

البقرہ آیت ۴۰

توقیفیہ میں شرکت ہے جب کہ حق تعالیٰ بذاتہ اس امر کا اقتضاء کرتا ہے کہ اس کے لئے بندے کا تذلل یعنی عجز و نیازمندی ہے اور یہ برابر ہے کہ اس نے اپنے بندے کے لئے اعمال مشروع کئے ہوں یا نہ کیئے ہوں۔

ایسے ہی اس کے وجودِ عین کی بقاء کے ساتھ بندہ کے لئے حفاظت حق ہے اور برابر ہے کہ حق تعالیٰ اس کی شریعت کو مشروع کیا ہو یا نہ کیا ہو۔ پھر جب بندہ کے لئے اعمال مشروع فرمائے اور جب بندے نے اس پر عمل کیا تو اپنی ذات کیلئے قانون بنایا کہ اس فعل پر بندے کو جزاء عطاء فرمائے جس کے ساتھ اسے مکلف فرمایا تھا۔

پس وہ جنابِ عالی اس ملک یعنی عالم کی بادشاہ ہے جس کے ساتھ اس میں سوال کے وقت بندے کا اثر عطاء سے ظاہر ہوتا ہے۔ تو اس پر اس صفت کا اطلاق ہوگا جس سے مالک الملک ہونا تعبیر ہوتا ہے تو وہ سبحانہٗ اس کا مالک اور بادشاہ ہے۔ جس کے ساتھ اپنے بندوں کو حکم فرماتا ہے اور وہ سبحانہٗ بادشاہ ہے کہ اس کے حکم کے مطابق بندہ کہتا ہے "رب اغفرلی" یعنی اے میرے پروردگار مجھے بخش دے جیسا کہ حق تعالیٰ نے اسے فرمایا ہے۔

اَقِمِ الصَّلٰوۃَ لِذِکْرِیْ — اور میری یاد کے لئے نماز قائم رکھیں

طٰہٰ آیت ۱۴

خدا کا حکم بندے کی دعا

پس حق تعالیٰ کی جانب سے جو کچھ بندے کے لئے ہوتا ہے اس کا نام امر یعنی حکم ہے۔ اور جو کچھ بندے کی طرف سے حق تعالیٰ کے لئے، ہوتا ہے اس

کا نام دعائے ادبِ الٰہی ہے اور یہ حقیقت امر پر ہے۔ کیونکہ یہ صفت ایک ساتھ دو اُمروں پر مشتمل ہے اور میرے علم میں سب سے پہلے اس اسم کی یہ اصطلاح محمد بن علی حکیم ترمذی سے آئی ہے۔ اور اس کے علاوہ یہ لفظ ہم نے کسی سے نہیں سُنا۔ ہو سکتا ہے کہ اس سے پہلے بھی کسی نے یہ اصطلاح استعمال کی ہو اور ہمیں نہ پہنچی ہو مگر یہ امر درست ہے۔

اللہ تبارک و تعالیٰ پر عقلاً کسی امر کا واجب ہونا متکلمین میں سے اہلِ نظر کے درمیان اختلافی مسئلہ ہے چنانچہ بعض اس کے قائل ہیں اور بعض نہیں مگر واجباتِ شرعیہ؟ تو ان کا انکار وہی کر سکتا ہے جو خدا کے نازل کردہ پر ایمان نہیں لاتا

اسم نسبت سے قائم ہوتا ہے

جاننا چاہیئے کہ دو اضافتوں والے کے لئے لازم ہے کہ دونوں اضافتوں سے ہر ایک کے لئے ایک اسم ہو جو اُسے اضافت عطا کرتا ہے جب آپ "زید" کہیں گے تو وہ بلا شک انسان ہے اس سے اس کے علاوہ نہیں سمجھا جائے گا۔ اگر آپ عمرو کہیں گے تو وہ انسان ہے اس کے علاوہ نہیں سمجھا جائے گا چنانچہ جب آپ کہیں گے کہ زید بن عمرو یا زید عبد عمرو تو بلا شک زید کے لئے بیٹا ہونے کی بات ہوئی اور جب کہا کہ ابنِ عمرو تو زید کے اسم باپ کی بات ہوئی تو زید کی بنوت عمرو کو ابوّت اور زید کو بنوت عطا کرتی ہے تو دونوں اضافت والوں میں سے ہر ایک نے اپنے ساتھی کے لئے وہ معنی پیدا کئے جس سے وہ اضافت سے پہلے متصف نہ تھے۔

ایسے ہی زید عبد عمرو عبدیت عطا کرتا ہے کہ زید مملوک ہو اور عمرو مالک ہو تو بے شک مملوکیت زید نے عمرو کے لئے اسم مالک پیدا کیا اور عمرو

کی ملکیت نے زید کو اسم مملوک دیا تو اُس کے حق میں مملوک اور عمرو کے کے حق میں مالک کہا گیا۔

پس ان دونوں میں سے کسی ایک کے لئے اس اضافت کے پائے جانے سے پہلے یہ دونوں نام نہیں کہے جاتے تھے۔ پس حق حق ہے اور انسان انسان۔

اللہ تعالیٰ بادشاہ ہے

جب آپ کہیں گے کہ انسان یا لوگ اللہ تعالیٰ کے بندے ہیں تو اس سے لازماً آپ نے یہ کہا کہ اللہ تبارک و تعالیٰ لوگوں کا بادشاہ ہے اگر آپ اس کے بادشاہ ہونے کے ایک جملہ کو ذہن سے وجود عالم کو اٹھانے پر قادر نہیں تو ارتفاعِ عالم کے لئے وجود حق تعالیٰ کو نہیں اٹھایا جا سکتا اور بادشاہ کے معنی میں حق تعالیٰ سے ارتفاعِ وجود لازمی ہے۔

چونکہ وجودِ حق تعالیٰ کے ساتھ وجودِ عالم فعلاً اور مملاحیتاً مربوط ہے لہذا اللہ تبارک و تعالیٰ کے لئے اسم ملک ازلی ہے اور اگرچہ عین عالم عین میں معدوم ہے لیکن جو موجودہ مفعولیت اسم مالک کے ساتھ مربوط ہے وہ وجوداً اور تقدیراً اور قوۃً اور فعلاً اللہ تبارک و تعالیٰ کی مملوک ہے پس اس پر غور فرمائیں اور سمجھ لیں کہ حق اور عالم کے درمیان امتیازِ حقائق کے سوا ہرگز دوری کا شعور نہیں ہوتا۔

معیتِ الٰہی کیسے ہے؟

اللہ تبارک و تعالیٰ پاک اور سبحان ہمیشہ سے ہے ایسے ہی ہمیشہ

رہے گا ایسے ہی اُس کے ساتھ کوئی چیز نہیں تو ہمارے ساتھ اُس کی معیت اُس طرح ہے جس طرح اُس کے جلال کا حق ہے اور جیسا کہ اُس کے جلال کو حق پہنچتا ہے۔ اگر وہ اپنی ذات کے لئے یہ نسبت نہ فرماتا کہ وہ ہمارے ساتھ ہے تو عقل اس کا اقتضاء نہیں کرتی کہ اُس پر معیت کے معنوں کا اطلاق کیا جائے جیسا کہ عقل سلیم اس سے نہیں سمجھ سکتی۔

جب اللہ تبارک و تعالیٰ نے معیت کا اطلاق اپنی ذات پر کیا تو یہ دنیا کی ایک دوسرے کے ساتھ معیت ہے کیونکہ "لیس کمثلہ شیئ" یعنی اُس مثل کوئی چیز نہیں اور اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

وَهُوَ مَعَكُمْ أَيْنَ مَا كُنتُمْ — اور تم جہاں کہیں بھی ہو وہ تمہارے ساتھ ہے۔

سورہ حدید آیت ۴

اور حضرت موسیٰ اور حضرت ہارون علیہما السلام کے لیئے فرمایا!

إِنَّنِي مَعَكُمَا أَسْمَعُ وَأَرَىٰ — میں تمہارے ساتھ ہوں سب کچھ سنتا اور دیکھتا ہوں۔

طٰہٰ آیت ۴۶

پس ہم کہتے ہیں کہ حق تعالیٰ اُس صفت پر ہمارے ساتھ ہے جو اُس نے بیان فرمائی اور اس معنیٰ کا ساتھ ہے جو اُس کا ارادہ ہے اور ہم نہیں کہتے کہ ہم حق کے ساتھ ہیں کیونکہ یہ وارد نہیں ہوا اور نہ ہی عقل یہ امر عطا کرتی ہے کہ ہم خود کو حق کے ساتھ کہیں اور نہ ہمارے لئے عقلی اور شرعی وجہ ہے جس کے ساتھ یہ اطلاق ہو سکے کہ ہم حق کے ساتھ ہیں اور اہل اسلام سے جو اس انیت کی نفی کرتا ہے تو وہ ناقص الایمان ہے کیونکہ عقل اس سے انیت کے معنوں کی نفی کرتی ہے اور شرع سنت میں ثابت ہے نہ کہ کتاب میں، جو لفظِ انیت کے اطلاق کا اللہ تبارک و تعالیٰ پر اثبات کیا

جائے تو یہ نہ متعدی ہے اور نہ اس پر قیاس کیا جا سکتا ہے اور اس کا اطلاق اُس مقام پر ہوگا جہاں شارع نے اطلاق فرمایا ہے۔

خدا کہاں ہے؟

حضور رسالتمآب صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے اُس سیاہ کنیز کو فرمایا جسے اُس کے آقا نے مارا تھا کہ اللہ کہاں ہے؟ اُس نے آسمان کی طرف اشارا کر دیا، پس آپ نے اُس کے اشارے کو قبول فرمایا اور اُس کے آقا سے فرمایا! اسے آزاد کر دے کیونکہ یہ مومنہ ہے۔

پس انیت کے لئے سوال کرنے والا تمام لوگوں سے زیادہ عالم ہے اور وہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم ہیں۔ بعض علمائے رسوم نے اس کنیز کے آسمان کی طرف اشارہ کو رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے قبول فرمانے کی یہ تاویل کی ہے کہ زمین میں لوگ اللہ تبارک وتعالیٰ کے علاوہ معبودوں کو پوجتے ہیں یعنی انہوں نے زمین پر معبود بنا رکھے تھے جب کہ یہ تاویل امر واقعی کو نہ جاننے والے جاہل کی ہے کیونکہ ہم جانتے ہیں کہ عرب آسمان کے ستارے کی عبادت کرتے تھے جس کا نام شعری تھا اور جسے اُن کے لئے ابوکشبہ نے مقرر کیا تھا اور اُن لوگوں کا اس میں یہ یہ اعتقاد تھا کہ وہ رب الارباب ہے مجھے اُن کی مناجات پر ایسے ہی واقفیت حاصل ہوئی ہے اور اللہ تبارک وتعالیٰ نے اس لئے فرمایا ہے۔

وَاَنَّهٗ هُوَ رَبُّ الشِّعْرٰى — اور یہ کہ وہی ستارہ شعری کا رب ہے۔

سورہ النجم آیت ۴۹

اگر آسمان میں ستارے کی پرستش نہ ہوتی تو اس تاویل کرنے والے

کے لئے اس تاویل کی گنجائش ہوتی اور یہ ابو کبشہ جس نے شعری کی عبادت رائج کی تھی حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی والدہ مکرمہ کے اجداد کے خاندان سے تھا اور اسی لئے عرب کے لوگ حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نسبت اُس کی طرف کرتے ہوئے کہتے ابن ابی کبشہ نے کیسا دین نکالا ہے جس میں ایک معبود کی عبادت کے لئے کہا جاتا ہے جیسا کہ ابو کبشہ نے کی بدعت جاری کی تھی۔

اِس مقام کے اقطاب

اس مقام کے اقطاب میں سے ہم سے پہلے محمد بن علی حکیم ترمذی اور ہمارے مشائخ سے ابو مدین رحمۃ اللہ علیہ تھے، جب کہ عالم علوی میں ابی نجادیہ تھے جن کا نام اہلِ روحانیت میں معروف ہے وہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے تھے قرآن مجید سے میری سورت "تَبَارَكَ الَّذِي بِيَدِهِ الْمُلْكُ" ہے۔

اسی بنا پر ہم اُن کے حق میں کہا کرتے ہیں کہ وہ دو اماموں میں سے ایک امام ہیں کیونکہ یہ امام کا مقام ہے۔

پھر ہم کہتے ہیں کہ اللہ تبارک و تعالیٰ عبدِ مضطر کی اُس دعا کو قبول فرماتا ہے جو اُس نے سوال کیا تھا تو وہ اس متصرف کی مانند ہے۔ اسی لئے ابو مدین نے اپنے قول میں اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ وہ مالک الملک ہے۔

اور رہی اس اضافت کی صحت تو یہ اس لئے ہے کہ بندے کے ہر سانس میں یہ امر متحقق ہو جائے کہ وہ اللہ تبارک و تعالیٰ کی ملکیت ہے، بغیر اس کے کہ اس حال کے دعویٰ میں تناقض خلل انداز ہے۔

جب یہ مشابہت ہو گی تو اُس وقت اس پر صادق آئے گا کہ وہ اس کے

نزدیک ملکیت ہے۔ اگرچہ دعوٰی سے اُس کا کچھ حِصّہ پہنچا ہو اور یہ اس طرح کہ وہ اللہ تبارک وتعالٰی کی ملکیت میں اُس کے حقوق سے عاری ہو کر اپنی ذات کے لیے ملکیت کا دعوٰی کرے تو یہ وُہ اَمر ہے جس کا اُس نے اپنی ذات کے لیے ملک نام رکھا اور ملک اس مقام پر نہیں اور نہ اُس کے لیے درست ہے کیونکہ حق تعالٰی کے لیے کہا جاتا ہے کہ وہ مالک الملک ہے اگرچہ نفس الامر میں ایسے ہو مگر اُس نے اپنے جہل سے اِس دعوٰی کے ساتھ خود کو اِس سے نکال دیا کہ وہ اللہ تبارک وتعالٰی کی ملکیت ہے خواہ وہ کسی اَمر میں غافل ہوا۔

پس اِس مقام والا میزانِ عظیم کا محتاج ہے جس سے وُہ اپنے ہاتھوں سے اور اپنے نصب العین سے نہیں نکلتا۔

دو شریعتوں کا اشتراک

وصل: رہا! دونوں شریعتوں کے درمیان اشتراک کے اسرار کا بیان تو وہ اللہ تبارک وتعالٰی کے اس ارشاد کی مثل ہے۔

وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِىْ — میری یاد کے لئے نماز قائم رکھیں

سورہ طٰہٰ آیت ۱۴

یہ مقام ختم الاولیاء کا ہے اور اِن دونوں اِس کے رجال حضرت خِضر اور حضرت الیاس علیہما السّلام ہیں اور یہ ثانوی تقریر ہے جسے اوّل نے اُس وجہ سے ثابت کیا ہے جو اُسے مغایرتِ زمان کے باوجود ثابت کرتی ہے تاکہ متقدّم ومتاخر درست ہوں۔

بیک وقت دو شریعتوں والے

جب مکان اور حال تبدیل نہ ہو تو دوسرے کے لئے علین سے تکلیف کے ساتھ وہ خطاب واقع ہوتا جو اوّل کے لئے واقع ہوا تھا۔ اور جب یہ وجہ وہ ہو جو بغیر زمانے کے قید کے دونوں کو جمع کرتی ہے۔ اور اُس سے اخذ کرنا بھی زمانہ کی قید کے ساتھ نہیں تو دو شخصوں سے شریعت میں اشتراک جائز ہے۔ مگر عبارت اس کے زمانے اور اس کی زبان کو مختلف کردے گی۔ بشرطیکہ دونوں ایک ہی وقت میں ایک زبان کے ساتھ گفتگو کریں جیسا کہ حضرت موسیٰ اور حضرت ہارون علیہا السلام ہیں۔ ان دونوں کے لئے اللہ تبارک و تعالیٰ نے ارشاد فرمایا!

اِذْهَبَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى — جاؤ طرف فرعون کے اُس نے سر اُٹھایا۔

سورہ طٰہٰ آیت ۴۳

باوجود اس کے اِن دونوں کو فرمایا!

فَقُوْلَا لَهٗ قَوْلًا لَّيِّنًا — سو کہو اِس سے بات نرم

سورہ طٰہٰ آیت ۴۴

اللہ تبارک و تعالیٰ نے اپنے ارشاد قولاً کو نکرہ بیان فرمایا اور حضرت موسیٰ علیہ السلام بالمخصوص فرماتے تھے کہ حضرت ہارون علیہ السلام مجھ سے زیادہ فصیح اللسان ہیں۔

پس ممکن ہے کہ دو شخص ایک مجلس میں عبارت میں مختلف ہو ہو جائیں۔ چنانچہ دونوں کو ایک شخص یعنی فرعون کی طرف ایک رسالت

کے ساتھ ایک مقام اور ایک وقت میں مبعوث فرمایا۔

ہمارے اصحاب و شیوخ سے ایک جماعت نے اس مثال کے وجود کو منع کیا ہے جیسا کہ ابو طالب مکی اور اُن کے علاوہ وہ شخص جو یہ بات کہتا ہے اور اس طرف گیا ہے اور یہی ہمارے نزدیک درست ہے کیونکہ اللہ تبارک و تعالیٰ ایک شخص پر تجلی کی تکرار نہیں فرماتا اور نہ اس میں وسعت الٰہی کے لئے دو شخصوں کے درمیان اشتراک کرتا ہے۔ اور سوائے اس کے نہیں کہ دیکھنے اور سُننے والے کا اس مشابہت کے لئے وہم ہے۔ جیسے علیحدہ کرنا اس کے لئے دُشوار ہے۔

مگر اہلِ کشف اور متکلمین میں سے اس کے قائلین کو دُشوار نہیں جن کا کہنا ہے کہ عرض دو زمانوں میں باقی نہیں رہ سکتا۔

اور وسعتِ الٰہی سے ہے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے ہر چیز کو اس کی تخلیق عطا فرمائی اور عالم میں امر کے ساتھ ہر چیز میں امتیاز کیا۔ یہ وہ امر ہے۔ جس سے اس کے غیر سے تمیز ہوتی ہے۔ اور یہ ہر چیز کی انفرادیت ہے تو ایک مزاج میں دو چیزوں کا اجتماع نہیں ہوتا۔

وفی کل شیءٍ له آیة　　تدل علی انه واحد

اس کے لئے ہر چیز میں نشانی ہے جو اس کے واحد ہونے پر دلالت کرتی ہے

خدا اجتماعِ ضدین پر قادر ہے۔

چنانچہ سوائے ہر چیز کی احدیت کے علاوہ نہیں اور اس امر میں دو چیزیں ہرگز جمع نہیں ہوتیں جس میں امتیاز واقع ہو اور اگر اس میں اشتراک واقع ہوتا تو امتیاز نہ ہوتا جب کہ عقلاً اور کشفاً امتیاز ثابت ہے۔

اِس باب میں اِس منزل سے چھوٹے بڑے کے اور تنگ پر کھلے کے وارد ہونے کا علم ہوتا ہے بغیر اس کے کہ تنگ کو وسیع یا وسیع کو تنگ کیا جائے یعنی کسی چیز کو اُس کے حال سے تبدیل نہ کیا جائے نہ کہ اُس کی وجہ پر جس میں متکلمین سے حکماء اور اہلِ نظر گئے ہیں وہ صدِ حقیقت میں دونوں کے اجتماع کی طرف گئے ہیں نہ کہ جرمیہ میں کیونکہ کسی چیز کا بڑا چھوٹا ہونا دونوں کے لئے حقیقت جامع میں مؤثر نہیں ہوتا۔

اِس باب میں یہ بھی ہے جو ابو سعید فرازؒ نے کہا!

ما عرف الله الا بجمعه بين الضدين	یعنی اللہ تبارک وتعالیٰ نہیں پہچانا گیا مگر اُس کے دو ضدّوں کے درمیان جمع کرنے سے۔

پھر اُنھوں نے یہ آیت تلاوت کی۔

هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ	وہ اوّل اور آخر اور ظاہر و باطن ہے

سورہ حدید آیت ۳

اُن کی مراد ایک وجہ سے ہے نہ کہ مختلف نسبتوں سے جیسا کہ علماءِ رسوم سے اہلِ نظر اُسے دیکھتا ہے۔

حضرت عیسٰی علیہ السلام کی شریعت کیا ہوگی

جاننا چاہیئے کہ حضرت عیسٰی علیہ السّلام لازماً نزول فرمائیں گے اور حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی شریعت کے ساتھ ہم میں لازماً حکم دیں گے جس کے ساتھ اللہ تبارک وتعالیٰ اُن کی طرف اُن کے نبی ہونے کی وجہ سے وحی فرمائے گا۔ کیونکہ نبی سوائے اپنے مُرسل کے شریعت

نہیں لیتا۔ چنانچہ فرشتہ اُن کے پاس اُس شریعت کی خبر لایا کرے گا جس کے ساتھ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے ہیں۔

پس اللہ تبارک وتعالیٰ اُنہیں الہام فرمائیں گے تو آپ اشیاء کی حلت وحرمت میں وہی حکم فرمائیں گے جو حکم حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے۔ اور اگر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام موجود ہوتے تو یہی حکم فرماتے۔ اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کے ساتھ مجتہدین کے اجتہاد اُٹھ جائیں گے۔ اور ہم میں وہ اُس شریعت کے ساتھ حکم نہیں دیں گے جس پر وہ اپنے رسالت و دولت کے زمانہ میں تھے اور جس میں آپ، اُس کے ساتھ بحیثیت وحیِ الٰہی کے عالم تھے اور وہ جس کے ساتھ رسول اور نبی تھے اور وہ اُس شریعت پر ہونگے جس پر حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تھے کیونکہ وہ اس امر میں آپؐ کے تابع ہونگے اور کبھی اُن کو بحیثیتِ کشف حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روحِ مبارک پر اطلاع ہوگی۔ اور وہ آپ سے اُس امر کو اخذ کریں گے جو اُن کے لئے اللہ تعالیٰ کی شریعت ہوگی اور وہ اِس کے ساتھ حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اُمت میں حکم دیں گے۔

حضرت عیسیٰؑ حضورؐ کے صحابی ہونگے

پس حضرت عیسیٰ علیہ السلام اِس درجہ سے آپؐ کے تابع اور صحابی ہونگے اور اِس درجہ سے قائم الاولیاء ہونگے اور حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ شرف حاصل ہے کہ نبی اور صاحبِ کرامت رسول جو کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہیں آپ کی اُمت کے ختم الاولیاء ہوں گے۔

اور وہ اس اُمتِ محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسّلام میں افضل ہیں۔

دو حشر ہوں گے

حکیم ترمذی نے اپنی کتاب ختم الاولیاء میں یہ خبر دی ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام حضرت ابُوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ اور دُوسرے لوگوں سے افضل ہیں۔ کیونکہ حضرت عیسیٰ علیہ السّلام اگرچہ اس اُمّت اور ملّتِ محمدّیہ کے ولی ہیں مگر نفس الامر میں وہ نبی اور رسُول ہیں۔

پس قیامت کے دِن اُن کے دو حشر ہوں گے ایک حشر نبوت و رسالت کے پرچم کے ساتھ انبیاء مرسلین علیہم السّلام کے ساتھ اپنے صحابیوں اور تابعیوں میں ہوگا اور ایک حشر حضوُر رسالتمآب صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے پرچم کے نیچے اس اُمّت کے اولیاء کی جماعت میں ہمارے ساتھ ہوگا، وہ حضوُر رسالتمآب صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تابع ہونگے۔ اور حضرت آدم علیہ السّلام سے لے کر دنیا کے آخری ولی تک تمام اولیاء اللہ سے آگے ہوں گے یعنی اُن کے پیشوا ہوں گے۔ پس اللہ تبارک وتعالیٰ اُن کے لیئے ظاہر طور پر ولایت اور نبوّت کو جمع فرمائے گا۔ اور قیامت کے دن سوائے حضرت محمدّ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے کوئی ایسا رسُول نہیں ہوگا جس کی اتّباع رسُول نے کی ہو۔

کیونکہ قیامت کے دِن حضرت عیسیٰ اور حضرت الیاس علیہ السّلام کا حشر حضوُر رسالتمآب صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے متبعین میں ہوگا اگرچہ حضرت آدم علیہ السّلام سے لیکر تمام نبی میدانِ محشر میں حضوُر رسالتمآب صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے ہی پرچم کے نیچے ہوں گے اور آپؐ کا یہ پرچم عام ہوگا۔

مخصوص ختم کا مقام

حضور رسالتمآب صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی اُمت کے ساتھ ہر حرم کے بارے میں ہمارا کلام مخصوص ہے۔ اور ولائیت محمدیہ مخصوصہ کے لئے اس شریعت کے ساتھ جو حضرت محمّد مصطفےٰ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے لئے نازل ہوئی ایک مخصوص ختم ہے۔ جس کا رُتبہ حضرت عیسیٰ علیہ السّلام سے کم ہے۔ اِس لئے کہ وُہ رسُول ہیں۔ اور ختم ہمارے زمانے میں پیدا ہوا اور میں نے اُسے دیکھا بھی اور میں نے اُس سے ملاقات کی۔ اور اُس میں ختمیّت کی نشانی دیکھی پس اُس کے بعد ہر ولی اُسی کی طرف راجع ہوگا۔

جیسا کہ حضور رسالتمآب صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا مگر آپ کی طرح راجع ہوگا۔ جیسا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہیں پس قیامت تک ہر ولی کی نسبت اِس ختم کے بعد ولائیت میں اُس طرح ہو گی۔ جیسا کہ ہر نبی کی نسبت نبوّت میں حضرت محمّد مصطفےٰ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے بعد ہے۔ جیسا کہ اِس اُمّت میں حضرت الیاس، حضرت عیسیٰ اور حضرت خضر علیہم السلام ہیں۔

میں نے آپ کے لئے حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کے نزول کا بیان کر دیا ہے اِس کے بعد جو چاہیں کہہ لیں اگر چاہیں تو دونوں شریعتوں کو عینِ واحدہ کہہ لیں اور اگر چاہیں تو شریعتِ واحدہ کہہ لیں۔

انفاس کا تعشّق

وَصل: دِلوں کا انفاس کے ساتھ معاشقہ ہے کیونکہ ارواح

روحانیہ کے خزائن نے مناسب کے لئے انفاسِ رحمانیہ کے ساتھ عشق کیا ہے۔

یمن سے رحمان کی ہوا

حضور رسالتِ مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! مجھے یمن کی جانب سے رحمان کی ہوا آتی ہے۔ مگر یہ کہ روحِ حیوانی نفس ہے۔ اور ان انفاس کی اصل عشاق کے دلوں میں ہے جس کے ساتھ وہ نفسِ رحمانی ہے جو یمن کی طرف سے ہے جس کو اس کے وطن سے نکالا گیا اور اس کو اس کے مسکن اور اس کی سکونت کے درمیان حائل کیا گیا تو اس میں کرب اور دکھوں کو دور کرنے کا ذکر کیا گیا ہے۔

اور حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا!

اِن للہ نفحاتٍ فتعرضوا النفحات ربکم۔ — اللہ تعالیٰ کے لئے ہوائیں ہیں پس اپنے رب کی ہواؤں سے لپٹ جاؤ۔

انفاس کی تعداد

اِن انفاس کی تعداد تین سو (۳۰۰) منازل کو منتہی ہوتی ہے۔ اور ان منزلوں سے ہر منزل میں تینتیس (۳۳) نفس ہیں جو تین سو تیس (۳۳۰) کو تین سو تیس (۳۳۰) سے ضرب دینے سے نکلتے ہیں۔ پس حاصل ضرب ان انفاس کی تعداد ہے جو عالمِ بشری میں حق تعالیٰ کی طرف سے اس کے اسمِ رحمان سے پیدا ہوتے ہیں یعنی ۳۳۰ × ۳۳۰ = ۱۰۸۹۰۰

میں نے اِن منازل کی جو تحقیق کی ہے اس کے مطابق خاص حضرت

انفہوانیہ میں منازلِ انفاس کی تعداد دو سو سے زیادہ ہے۔

جب تین سو تیس ۳۳۰ کو پانچ سو تیس ۵۳۰ سے ضرب دی جائے گی تو اس ضرب کے بعد آپ کے لئے جو عدد نکلیں گے وہ عالمِ انسانی میں انفاسِ رحمانیہ کی تعداد ہے یعنی ۱۷۴۹۰۰ = ۵۳۰ × ۳۳۰۔

صاحبِ منزل

وہ منازل جو غیر کے لئے نہیں اُن سے ہر نفس خاص تجلّیِ الٰہی سے مُستقل علمِ الٰہی ہے۔ تو جو اِن انفاس سے خوشبو سونگھ لیتا ہے وہ ان کی مقدار کو جان لیتا ہے میں نے اِن اہلِ منازل میں سے کسی کو نہیں دیکھا جنہیں لوگ پہچانتے ہوں یہ حضرات اکثر طور پر بلادِ اندلس میں رہتے ہیں اِن میں سے میری ایک شخص سے بیت المقدس اور مکّہ معظمہ میں ملاقات ہوئی تو میں نے ایک روز اُس سے ایک مسئلہ کے بارے میں سوال کیا اُس نے مجھے کہا! کیا تو نے کسی چیز کی خوشبو سونگھی ہے اس سے میں نے جان لیا کہ یہ اس مقام پر فائز ہے اُس نے کچھ عرصہ میری خدمت کی علاوہ ازیں میرے والدِ گرامی کے سگے بھائی یعنی میرے سگے چچا جن کا نام عبدُاللہ بن محمّد عربی تھا وہ اس مقام پر حساً اور معناً فائز تھے۔ میں نے اپنے دورِ ناواقفیت اور اس طریق کی طرف رجوع کرنے سے پہلے اُن سے اس امر کا مشاہدہ کیا تھا اور اللہ تعالیٰ حق فرماتا اور راہِ ہدایت پر چلاتا ہے۔

الحمدللہ چوبیسویں باب کا ترجمہ ختم ہوا

محمّد حبیب

پچیسواں باب

وتد مخصوص معمر کی معرفت اور علوم اور ستر منزل سے اربعہ اصناف کے ساتھ مختص اقطاب کے اسرار و منازل اور اُس کا بیان جو اس میں عالم سے داخل ہوا

ان الامور لها حد ومطلع من بعد ظهر و بطن فیه تجتمع
فی الواحد العین سر لیس یعلمه الامراتب أعداد بها تقع
هو الذی أبرز الاعداد أجمعها وهو الذی ماله فی العد متسع
مجاله ضیق وحب فصورته کناظر فی مراه حین ینطبع
فما تکثر اذا أعطت مراتبه محکثرا فهو بالتنزیه یمتنع
کذلك الحق ان حققت صورته بنفسه ویکم تعلو وتتضع

یقیناً امور کے لئے پُشت کے پیچھے اور پیٹ میں حد اور مطلع ہے جس میں اُن کا اجتماع ہوتا ہے۔

ایک عین میں ایک بھید ہے جسے اُن مراتب اعداد کے علاوہ کوئی نہیں جانتا جو اس کے ساتھ واقع ہوتے ہیں۔

وہی اللہ تعالیٰ ہے جس نے تمام اعداد کو ظاہر فرمایا اور وہی ہے جس کے لئے عدد میں وُسعت اور گنجائش نہیں۔

اس کا میدان تنگ و وسیع ہے پس اُس کی صُورت اُس ناظر کی طرح ہے جو آئینے میں خود کو منطبع ہونے کے وقت دیکھتا ہے۔

پس کثرت نہیں جب مراتب عطا کئے جاتے ہیں تو کثرت ہوتی ہے اور وہ تنزیہ کے ساتھ منع کرتا ہے۔

ایسے ہی حق تعالیٰ ہے اگر اپنی ذات کے ساتھ اُس کی صورت کا

تحقق حاصل رہیں تو آپ کے ساتھ بلندی اور پستی ہے۔

حیاتِ خضر علیہ السلام

اے دوست! اللہ تعالیٰ آپ کی مدد فرمائے جاننا چاہیئے کہ بندہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھی حضرت خضر علیہ السلام ہیں۔ اللہ تبارک و تعالیٰ نے اس وقت تک ان کی عمر طویل کی ہوئی ہے اور ہم نے اس شخص کو دیکھا ہے جس نے انہیں دیکھا ہے۔ اور ہمارے لئے اُن کی شان میں امر عجیب ہے۔

خضر علیہ السلام سے پہلی ملاقات

یہ اس طرح ہے کہ ہمارے شیخ ابوالعباس عربی رحمۃ اللہ علیہ اور میرے درمیان ایک ایسے شخص کے حق میں مسئلہ چل نکلا جس کے ظہور کی بشارت حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دی تھی۔

شیخ ابوالعباس نے مجھے کہا وہ شخص فلاں بن فلاں ہے۔

میں اس کو شخص کو نام سے جانتا تھا مگر دیکھا نہیں تھا مگر اس کے پھوپھی زاد بھائی کو میں نے دیکھا تھا، میں نے اس میں توقف کیا اور اُن کی بات کو قبول نہ کیا کیونکہ میں اپنے امر میں بصیرت پر تھا مگر بلاشبہ شیخ ابا العباس کا تیر اس امر پر لوٹ آیا اور اُن کو باطنی طور پر تکلیف پہنچی اور میں اس بات کو نہ جان سکا کیونکہ میں اپنے امر کے ابتدائی دور میں تھا چنانچہ اُن کی خدمت سے اپنے گھر کو لوٹ آیا۔

میں راستے ہی میں تھا کہ میری ملاقات ایک شخص سے ہوئی جے

نہیں جانتا تھا، اُس نے ایک محبّ دمشق کے سلام کے انداز سے مجھ پر سلام کی ابتداء کی اور مجھے کہا! اے محمّد ابن العربی شیخ اباالعباس نے تیرے ساتھ فلاں شخص کے بارے میں جو ذِکر کیا تھا وہ سچّے ہیں اور مجھے اُس شخص کا نام بتایا جس کا ذِکر اباالعباس عربی نے کیا تھا۔

میں نے کہا! ٹھیک ہے اور اُس کے ارادے کو جان کر اُسی وقت شیخ کی طرف لوٹ آیا تاکہ انہیں یہ ماجرا بتاؤں، چنانچہ جب میں اُن کی خدمت میں حاضر ہُوا تو اُنھوں نے مجھے فرمایا! اے اباعبداللہ! جب میں تجھے کوئی مسئلہ بتاتا ہُوں تو تُو اُسے قبول کرنے پر توقّف کرتا ہے۔ اور مجھے تیرے ساتھ حضرت خضر علیہ السّلام کی ضرورت پڑ جاتی ہے کہ وہ تیری طرف اِس مسئلہ کو لوٹائیں اور تجھے کہیں کہ فلاں شخص نے جو تیرے ساتھ بات کی ہے وہ سچّی ہے اور تیرے لئے اِس میں کہاں تک اتفاق ہوگا کہ تو مجھ سے جو مسئلہ سُنتا ہے اُس میں ہی توقف کر لیتا ہے؟

میں نے کہا! توبہ کا دروازہ کھلا ہُوا ہے۔

اُنھوں نے فرمایا! توبہ کی قبولیّت واقع ہوگئی۔

پس میں نے جان لیا کہ وُہ شخص حضرت خضر علیہ السلام ہیں اور اِس میں شک نہیں کہ میں نے شیخ سے استفہام کیا کہ کیا وُہ وُہی تھے؟

اُنھوں نے فرمایا! ہاں وُہ خضر علیہ السّلام تھے۔

حضرت خضر علیہ السّلام سے دُوسری مُلاقات

پھر دُوسری مرتبہ اُن سے ملاقات کا اتفاق ہُوا میں تیونس کی بندرگاہ پر کشتی میں سوار ہُوا تو میرے پیٹ میں درد شروع ہوگیا۔

اہلِ کشتی سوئے ہوئے تھے اور میں کشتی کی ایک جانب کھڑا تھا، اُس رات چاند کی چودھویں تھی میں نے چاند کے طلوع کے بعد چاندنی میں سمندر کی طرف ایک شخص کو دیکھا جو پانی پر چلتا ہوا میرے پاس آگیا اور کھڑا ہو گیا اُس نے ایک پاؤں اٹھایا اور دُوسرے پاؤں کو اُس کا سہارا بنا لیا تو میں نے اُس کی پُشت پا کو دیکھا جسے تری نہ پہنچی تھی پھر اُس نے دُوسرا پاؤں اُٹھا کر پہلے پاؤں کا سہارا بنایا تو وہ بھی ویسے ہی تھا یعنی اُس میں بھی پانی کی تری کا نشان نہ تھا۔

پھر اُس نے میرے ساتھ جو گفتگو کرنا تھی، کی اور سلام کہہ کر اُس مینار کی طلب میں لوٹ گئے جو ساحلِ سمندر پر ایک ٹیلے کے اُوپر تھا۔ ہمارے اور اُس مینار کے درمیان دو میل سے زیادہ فاصلہ تھا اور اُنھوں نے یہ فاصلہ دو یا تین قدموں میں طے کر لیا، میں نے اُن کی آواز سُنی جو مینار پر ظاہر ہوتی تھی کہ وہ اللہ تبارک وتعالیٰ کی تسبیح پڑھ رہے ہیں۔

تصدیق اِس ملاقات کی

ایک مرتبہ میں اپنے شیخ جراح بن غیس کتانی کی خدمت میں حاضر ہوا اور وُہ قوم کے سرداروں میں سے تھے اور عیذون کی بندرگاہ میں رہائش پذیر تھے میں اُسی شب اُن کی خدمت میں حاضر ہو گیا تھا جس رات میری اُس شخص سے ملاقات ہوئی تھی جو پانی پر چل کر آیا تھا۔

چنانچہ جب میں صُبح کو شہر میں داخل ہوا تو میری ملاقات ایک صالح شخص سے ہوئی اُس نے مُجھے کہا! حضرت خضر علیہ السّلام کیساتھ آپکی گذشتہ شب کیسی رہی؟ آپ نے اُن سے کیا کہا اور اُنھوں نے آپ سے کیا کہا؟

تیسری ملاقات ہوا میں

اِس تاریخ کے بعد جب میں بحرِ محیط کے ساحل کی طرف سیر کو نکلا تو میرے ساتھ ایک ایسا شخص تھا جو صالحین کے خرقِ عادات کا انکار کرتا تھا، میں اور میرا یہ ساتھی ایک ویران مسجد میں نماز پڑھنے کے لئے داخل ہوئے تو ہم پر ایسے سیاحوں کی ایک جماعت داخل ہوئی جنھوں نے دنیا سے انقطاع کر رکھا تھا۔ وہ لوگ نماز پڑھنے کا ارادہ کر رہے تھے اور اُن میں وہ شخص بھی تھا جس نے مجھ سے تمہید پر گفتگو کی تھی اور جس کے متعلق بتایا گیا تھا کہ وہ حضرت خضر علیہ السلام ہیں۔

علاوہ ازیں ان میں ایک بڑی قدر و منزلت والا بہت بڑا آدمی بھی تھا اور اُس کے ساتھ میری اِس سے پہلے بھی دوستی کی ملاقات تھی۔ میں نے کھڑے ہو کر اُسے سلام کہا تو اُس نے مجھے سلام لوٹایا اور میرے ساتھ ملنے پر اظہارِ مسرت کیا اور آگے کھڑے ہو کر ہمیں نماز پڑھائی۔

جب ہم لوگ فارغ ہوئے تو امام باہر نکلا اور میں بھی اُس کے پیچھے نکلا اور مسجد کے دروازہ پر آ گئے یہ دروازہ بحرِ محیط کے سامنے مغربی جانب اُس جگہ تھا جسے بکہ کہتے ہیں، میں مسجد کے دروازہ پر کھڑا اُن سے گفتگو کر رہا تھا کہ اسی اثناء میں وہ شخص بھی آ گیا جس کے بارے میں میں نے بتایا تھا کہ وہ حضرت خضر علیہ السلام تھے۔

انھوں نے مسجد کی محراب سے ایک چھوٹا سا مصلّٰی اٹھا کر ہوا میں کھول دیا۔ یہ مصلی زمین سے سات گز کے قریب بلندی پر کھولا گیا تھا۔ اور وہ ہوا میں اِس مصلّے پر کھڑے ہو گئے۔ اور نوافل ادا کرنے لگے۔

میں نے اپنے ساتھی کہا! تو نے اُس شخص کو دیکھا کہ وہ کیا کر رہا ہے؟

اُس نے کہا! جا کر اُن سے پوچھ لیں۔

مَیں نے اپنے ساتھی کو وہیں پر کھڑے چھوڑا اور اُن کی طرف آ گیا وہ نماز سے فارغ ہُوئے تو میں نے انہیں سلام کہا۔ اور اپنی ذات کے لئے نظم پڑھی۔

شغل المحب عن الهواء بسره	فی حب من خلق الهواء وسخره
العارفون عقولهم معقولة	عن کل کون ترتضیه مطهره
فهمو لدیه مکرمون وفی الوری	أحوالهم مجهولة ومستره

محبّ نے ہوا سے روکا ہُوا ہے اور اُس کی محبّت میں اُسے مسرور کرتا ہے جس نے ہوا کو پیدا کیا اور مسخر کی

عارفوں کی عقلیں ہر کون سے معقول ہوتی ہیں وُہ پسند ہیں کیونکر وہ پاک ہیں۔

اُن کے احوال دری میں غیر معروف اور پوشیدہ ہیں اور وہ اللہ تبارک و تعالیٰ کے ہاں صاحبِ تکریم ہیں۔

انھوں نے مجھے فرمایا! اے فلاں تُو نے کیا کیا تو نے جو کچھ دیکھا ہے اُس منکر کے حق میں ہے اور میرے ساتھی کی طرف اشارا کیا جو خرقِ عادات کا اِنکار کرتا تھا اور مسجد کے صحن میں بیٹھا اُس کی طرف دیکھ رہا تھا۔

"اور یہ اِس لیے ہے" تاکہ وُہ جان لیں کہ اللہ تبارک و تعالیٰ جو چاہے جس کے ساتھ کر سکتا ہے۔

پس میں نے اُس منکر کی طرف رُخ کرتے ہُوئے کہا! آپ کیا کہتا ہے؟

اُس نے کہا! جو دیکھنے کے بعد کہا جاتا ہے وہی کہوں گا۔

پھر میں اپنے ساتھی کی طرف لوٹ آیا اور وُہ مسجد کے دروازہ پر میرا منتظر

تھا۔ میں نے اس کے ساتھ ایک ساعت گفتگو کی اور اُسے کہا! یہ شخص کون ہے جس نے ہوا میں نماز پڑھی!

اُس نے کہا! یہ حضرت خضر علیہ السّلام ہیں حالانکہ میں نے اُس کے ساتھ ان سے اپنی پہلی ملاقات کا ذکر نہیں کیا تھا۔ پھر ہم خاموش ہو گئے اور وہ جماعت واپس لوٹ گئی تو ہم بھی موضع ردطہ کی طرف لوٹ آئے۔ جہاں دنیا سے انقطاع کر لینے والے صالحین رہا کرتے تھے۔ یہ جگہ بحرِ محیط کے ساحل پر شنکصار کے قریب ہے۔

بہرکیف! یہ وہ ماجرا ہے جو ہمیں اس دند کے ساتھ پیش آیا اللہ تبارک وتعالیٰ اُس کی روحت سے ہمیں فائدہ پہنچائے۔

اُس کو یعنی حضرت خضر علیہ السلام کو علمِ الدنی اور ہر شخص کے مرتبے کے لائق عالم کے ساتھ رحمت حاصل تھی اور بے شک اللہ تبارک وتعالیٰ نے اِس پر اُن کی ثناء کی ہے۔

حضرت خضر کا خرقہ

ہمارے مشائخ میں سے ایک شخص علی بن عبداللہ بن جامع سے میری ملاقات ہُوئی، علی بن عبداللہ علی متوکل اور ابی عبداللہ قضیب البان کے ساتھی تھے۔ قضیب البان مقلی ہیں۔ اور موصل کے باہر اُن کا باغ تھا اور حضرت خضر علیہ السّلام نے علی بن عبداللہ کو قضیب البان کی موجودگی میں خرقہ پہنایا تھا اور شیخ نے اُس مقام پر مجھے خرقہ پہنایا جہاں اُس باغ میں حضرت خضر علیہ السلام نے انہیں اُن کے باغ میں خرقہ پہنایا تھا۔ اور اُسی صورت میں پہنایا جو اُن کے پہننے میں ظاہر ہُوئی تھی۔

حضرت خضر کا دُوسرا خرقہ

علاوہ ازیں میں نے حضرت خضر علیہ السلام کا خرقہ دُوسرے طریق سے اپنے ساتھی تقی الدین عبدالرحمٰن بن علی بن میمون بن اب الورزی کے ہاتھ سے پہنا تھا اور اُنھوں نے دیارِ مصر کے شیخ الشیوخ صدرالدین ابنِ حمویہ کے ہاتھ سے پہنا تھا۔ اُس وقت سے میں خرقہ پہننے کے لیئے کہتا ہُوں اور لوگوں کو پہناتا ہوں۔ جب میں نے دیکھا کہ حضرت خضر علیہ السلام اسے مُعتبر گردانتے ہیں جب کہ پیش ازیں میں اس وقت تک خرقہ معروف کا قائل نہیں تھا کیونکہ ہمارے نزدیک خرقہ سے مراد یہ تھی کہ صُحبت و ادب اور تخلق کو اختیار کیا جائے۔ اس لیئے کہ خرقہ پہنا حضُور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے ساتھ متصل نہیں یعنی آپؐ خرقہ نہیں پہناتے تھے ولیکن ادب اور صحبت کا اتصال پایا جاتا ہے اور وہ لباس تقویٰ کے ساتھ عبارت ہے۔

خرقہ کیوں پہناتے ہیں؟

پس اصحابِ احوال کی عادتِ جاریہ ہے کہ اپنے ساتھیوں میں سے جب کسی میں نقص یا کمی پاتے ہیں تو چاہتے ہیں کہ اس کا حال مکمّل کر دیں تو اس کا شیخ اُس کے ساتھ متحد ہو جاتا ہے۔ چنانچہ اس اتحاد کے بعد شیخ کا لباس اُس کے حال میں حال وارد کر دیتا ہے چنانچہ شیخ اُس لباس کو اُتار کر اُسے پہنا دیتا ہے جس کے حال کو مکمل کرنے کا ارادہ ہوتا ہے تو یہ حال اُس میں سرایت کر جاتا ہے۔

ہمارے نزدیک یہی لباس معرُوف ہے اور ہمارے مشائخ میں سے

محققین سے بھی منقول ہے۔

مردانِ خدا کے چار مرتبے

جاننا چاہیئے کہ مردانِ خدا چار مراتب پر ہیں۔

۱- وہ رجال جن کے لئے ظاہر ہے

۲- وہ رجال جن کے لئے باطن ہے

۳- وہ رجال جن کے لئے حد ہے

۴- وہ رجال جن کے لئے مطلع ہے

کیونکہ اللہ تبارک نے جب دوسری مخلوق پر نبوت اور رسالت کا دروازہ بند کر دیا ہے تو ان کے لئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس امر میں فہم کا دروازہ کھلا رکھا۔ جس کے ساتھ اپنی کتاب عزیز میں اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف وحی فرمائی تھی۔

حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے تھے حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد وحی کا سلسلہ منقطع ہو گیا۔ اور ہمارے ہاتھوں میں کچھ باقی نہیں مگر وہ جس کا اللہ تبارک و تعالیٰ اس قرآن مجید سے بندے کو فہم عطا فرما دے۔

ہمارے اصحاب اہلِ کشف کا اس حدیث کی صحت پر اتفاق و اجماع ہے۔ کہ حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قرآن مجید کے بارے میں فرمایا!

قرآن مجید کی ہر آیت کے لئے ایک ظاہر ہے ایک باطن ہے ایک حد ہے اور ایک مطلع ہے۔

ان مراتب سے ہر مرتبہ کے لئے رجال ہیں اور ان گروہوں سے ہر طائفہ کے لئے ایک قطب ہے اور اس قطب پر اُس کشف کے فلک کا دورہ ہے۔

مردانِ خُدا کی تقسیم

میں غرناطہ میں اہلِ باغہ سے اپنے شیخ ابی محمد عبداللہ شکاز کی خدمت میں ۵۹۵ھ میں حاضر ہوا، اس طریق میں جن حضرات سے میری ملاقات ہوئی وہ ان میں بہت بڑے آدمی تھے میں نے اس طریق میں اُن کی مثل اجتہاد میں کسی کو نہیں دیکھا۔ اُنھوں نے مجھے فرمایا! رجال چار قسم کے ہوتے ہیں۔

۱۔ رِجَالٌ صَدَقُوا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ جنہوں نے اپنا وعدہ اللہ تعالیٰ سے کیا تھا سچ کر دکھایا۔
سورہ احزاب آیت ۲۳

اور یہ رجال ظاہر ہیں۔

۲۔ رِجَالٌ لَّا تُلْهِيهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ایسے لوگ جنہیں کوئی سودا اور خرید و فروخت ذکرِ الٰہی سے نہ روکے
سورہ نور آیت ۳۶

۳۔ یہ رجال باطن ہیں حق تعالیٰ کے جلیس ہیں اور اُن کے مشورت سے ہے۔

رجالِ اعراف اور یہ رجال حد ہیں اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے!

وَعَلَى الْاَعْرَافِ رِجَالٌ اور ایک پردے پہ آدمی
سورہ اعراف آیت ۴۶

یہ لوگ سونگھنے والے تمیز کرنے والے اور اوصاف سے الگ تھلگ ہوتے ہیں اور ان کے لئے کوئی صفت نہیں ان میں سے حضرت بایزید بسطامیؒ تھے۔

۴ یہ وہ رجال ہیں جنہیں حق تعالیٰ اپنی طرف بلاتا ہے تو جواب دینے کے لئے بغیر سواریوں کے تیزی سے اُس کی طرف آتے ہیں۔

وَاَذِّنْ فِی النَّاسِ بِالْحَجِّ یَاْتُوْکَ رِجَالًا اور لوگوں میں حج کے لئے ندا کریں کہ تیری طرف پاپیادہ چل کر آئیں

الحج آیت ۲۷

اور یہ رجال مُطلع ہیں۔

رِجال ظاہر کا تصرّف

پس رجالِ ظاہر وہ لوگ ہیں جن کے لئے عالم مُلک و شہادت میں تصرّف ہے اور یہ وہ لوگ ہیں جن کی طرف شیخ محمد بن قائد اوانی نے اشارا کیا ہے۔ اور یہ وہ مقام ہے جسے شیخ عاقل ابُوسعود بن شبل بغدادی نے اللہ تبارک و تعالیٰ کے اَدب کی وجہ سے چھوڑ دیا تھا۔

مجھے ابوالبدر تماشکی بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے خبر دیتے ہوئے کہا! محمد بن قائد اوانی ابی مسعود سے ملے تو انھوں نے کہا! ابی مسعود اللہ تبارک و تعالیٰ نے میرے اور آپ کے درمیان مملکت کو تقسیم کر دیا ہے آپ اس میں تصرّف کیوں نہیں کرتے جیسا کہ میں کرتا ہوں!

ابی سعود نے کہا! اے ابنِ قائد میں نے اپنا حصّہ تجھے دے دیا ہم نے اپنے لئے تصرّف کرنا حق تعالیٰ پر چھوڑ دیا ہے اور وہ اللہ تبارک و تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ فَاتَّخِذْہُ وَکِیْلًا نہیں کوئی معبود مگر وہ تو اُس کو وکیل پکڑ۔

المزمّل آیت ۹

تو میں اللہ تبارک و تعالیٰ کے حکم کی اتباع کرتا ہوں۔

ابُو البَدر نے مجھے کہا کہ مجھ سے ابُو سعُود نے کہا! مجھے اُس کو چھوڑنے کے قول کی تاریخ سے پندرہ سال قبل سے عالم میں تصرّف کرنا عطا کیا گیا ہے اور مجھ پر اس سے کوئی چیز ظاہر نہیں ہُوئی۔

رجالِ باطن کا تصرّف

رہے رجالِ باطن! تو یہ وہ لوگ ہیں جن کے لئے عالم غیب و ملکوت میں متصرّف ہونا ہے یہ لوگ اپنی ہمتوں سے ارواحِ علویہ کو اتار لیتے ہیں اور جو چاہتے ہیں تصرّف کرتے ہیں یعنی ارواحِ کواکب کو ملائکہ کی ارواح کو نہیں اُتارا جا سکتا اور یہ امر مانعِ الٰہی قویٰ کے لئے ہے جس کا اقتضاء فرشتوں کا قائم رہنا کرتا ہے اور جس کی خبر اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور میں حضرت جبریلؑ کے قول میں دیتے ہوئے فرمایا!

وَمَا نَتَنَزَّلُ اِلَّا بِاَمْرِ رَبِّكَ ہم نہیں اُترتے مگر آپ کے رب کے امر سے۔

مریم آیت ۶۴

تو اپنے پروردگار کے علم سے اترتا ہے اُس میں خاصیت مؤثرہ نہیں ہوتی اور نہ اُسے اتارا جا سکتا ہے۔ ہاں! ارواحِ کواکب کو اسماء دبخورات اور ان کی رشل سے اُتارا جا سکتا ہے کیونکہ یہ تنزلِ معنوی ہے اور اس کے لئے اس میں خیالی صورتوں کا مُشاہدہ ہوتا ہے، کیونکہ کواکب کی ذات کو آسمان سے اپنی جگہ سے نہیں ہٹایا جا سکتا اور بے شک اللہ تبارک و تعالیٰ نے ان کی شعاعوں کو عالم کون و فساد میں عارفوں کے نزدیک ان کے ساتھ عادت کی گئی تاثیرات کا ٹھکانہ بنایا ہے۔ جیسا کہ پانی پینے کے وقت پیاس کھانے کے وقت بھوک اور بارش اترنے کے ساتھ دخولِ فصل کے وقت دانے کی نباتات اور علیم حکیم

عزّوجلّ کا اُسے صحو حکمت ودیعت کرنا تو اِن رجال کے لئے نازل شدہ کُتب، پاک صحیفوں اور تمام کلام باطن میں کھولا جاتا ہے، اور حروف و اسمار کی تنظیم اُن کی معانی کی جہت سے جو ان لوگوں کے علاوہ کے لئے نہیں ہوتی اختصاص الٰہی ہے۔

رجالِ حد کا تعارف

رہے رجالِ حد! تو یہ وہ لوگ ہیں جن کے لئے عالم ارواحِ ناریہ، عالم برزخ اور اور عالمِ جبروت میں تصرف کرتا ہے کیونکہ وہ جبر کے تحت ہے۔

کیا آپ اسے دُمدار ستاروں کے تسلط کے تحت مقہور نہیں دیکھتے اور یہ طائفہ وہ ہے جن میں سے شہاب ثاقب ہیں، چونکہ اُن کا قہر اپنی جنس کے ساتھ ہوتا ہے چنانچہ اِن رجال کے نزدیک رُوحوں کا اتارنا اور انہیں حاضر کرنا ہے۔ اور یہ رجالِ اعراف ہیں۔ جب کہ اعراف ایک دیوار ہے جو جنت اور دوزخ کے درمیان برزخ ہے، اُس دیوار کا باطن وہ ہے جس میں رحمت ہے اور اُس کا ظاہر وہ ہے جو اُس کا عذاب قبول رہتا ہے پس سعیدوں کے گھر اور شقیوں کے گھر کے درمیان اور دارِ روائیت اور دارِ حجاب کے درمیان حد ہے۔

یہ رجال اُس دیوار کی معرفت کے ساتھ اسعد الناس ہیں اور اُن کے لئے ہر دو نقیضوں کے درمیان خطوطِ متوہمہ کا شہود ہے اللہ تعالیٰ کے اِس ارشاد کی مثل۔

بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيَانِ	دونوں کے درمیان برزخ ہے دونوں
الرحمٰن آیت ۲۰	بغاوت نہیں کرتے۔

چنانچہ یہ حد سے تجاوز نہیں کرتے اور یہ وہ رجالِ رحمت ہیں جو ہر چیز سے وسیع ہے پس اُن کے لئے حضرت میں دخول و استشراف ہے۔

اور یہ اُن صفات کی معرفت رکھتے ہیں جن کے ساتھ موجوداتِ عقلیہ حسیہ سے ہر موجود کا اس کے غیر سے امتیاز واقع ہوتا ہے۔

رجالِ مطلع کا تعارف

رہے رجالِ مطلع! تو یہ وہ لوگ ہیں جن کے لئے اسماء الٰہیہ میں تصرف کرنا ہے۔ پس یہ اس کے ساتھ اُن اسماء کو اُتارتے ہیں جنہیں اللہ تبارک و تعالیٰ چاہے اور یہ عمل ان کے علاوہ دُوسروں کے لئے نہیں اور یہ اس چیز کے ساتھ اس چیز کو اتار لیتے ہیں۔ جو رجالِ حد، رجالِ ظاہر اور رجالِ باطن تینوں کے زیرِ تصرف ہے۔ اور یہ رجالِ اعاظم اور اہلِ ملامتہ میں یہ ان کی مخفوتہ میں ہے اور ان پر کوئی چیز ظاہر نہیں ہوتی۔

اِن میں سے ابوسعود بن شبل ہیں جن کا ظہور بعجز اور تسخیر ہوا۔ ہیں وہ اور لوگ برابر ہیں۔ اور ان رجال میں ابوسعود کا امتیاز ہے بلکہ وہ ان میں بہت بڑے تھے۔ اور جو ہم نے بیان کیا ہے ابوالبدر نے اُن سے بالمشافہ سنا ہے اُنہوں نے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے رجال سے وہ بھی ہیں جو خاطر یعنی دل پر کلام کرتے ہیں اور وہ خاطر کے ساتھ نہیں ہوتا یعنی اسے اپنے ساتھی کا علم نہیں ہوتا اور نہ اس کے ساتھ تعریف کا قصد ہوتا ہے۔

جب عمر بزاز اور ابوالبدر وغیرہ ہمارے نے ہمیں اس شیخ کے اوصاف بتلائے تو ہم نے اسے اس صنف عالی کے احوال سے جان دیکھا، ابوالبدر نے مجھے کہ وہ اکثر طور پر یہ شعر پڑھا کرتے تھے اور میں نے یہ شعر ان کے سوا کسی سے نہیں سنا۔

واثبت فی مستنقع الموت رجله
وقال لها من دون أخمصك الحشر

اُس کا پاؤں موت کے چشمے میں ثابت ہے اور اُس کے لئے کہتا ہے۔
تیری ایڑی تلے حشر ہے۔

وہ کہتے ہیں پنجگانہ نماز انتظارِ موت کے سوا کچھ نہیں اور اس کلام کیلئے بڑا علم ہے۔ اور کہا کرتے تھے مردِ خدا اللہ تعالیٰ کے ساتھ دوڑتے ہوئے پرندے کی طرح ہے۔ جس کا منہ مشغول اور پاؤں دوڑ رہا ہے۔ اور یہ تمام اللہ کے ساتھ رجال کے بہت بڑے حالات ہیں۔ کیونکہ رجال میں سے بڑا آدمی وہ ہے جو ہر مقام کے ساتھ وہی معاملہ کرتا ہے جس کا وہ مستحق ہو، اور ممکن نہیں کہ محقق اس دنیا کے مقام سے وہ معاملہ کرے جس کا ذکر اُس شیخ نے کیا ہے۔

جب اس دار یعنی دنیا میں کسی شخص سے اس معاملہ کے خلاف ظاہر ہوتا ہے تو علم ہو جاتا ہے کہ پھر وہ اور ذات ہو گی اور لازماً وہ مامور ہو گی جس کے ساتھ اُس سے ظاہر ہوا اور وہ رسول اور انبیا علیہم السلام ہیں اور اُن کے بعض ورثاء کے لئے ایک وقت میں ایک امر ہوتا ہے اور وہ خفیہ تدبیر ہے کیونکہ یہ اُس مقامِ عبودیت سے علیحدہ ہوتا ہے جس کے لئے انسان کو پیدا کیا گیا۔

منزلوں کا راز

رہا منزل و منازل کا راز ؟ تو یہ حقائق اللہ تعالیٰ کا اپنے ماسوا تمام صورتوں میں تجلی کے ساتھ ظہور رہے ہے اگر ہر چیز کے لئے اُس کی تجلی نہ ہوتی تو اُس چیز کا چیز نہ ہونا ظاہر نہ ہوتا۔ اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے !

اِنَّمَا قَوْلُنَا لِشَیْءٍ اِذَآ اَرَدْنٰهُ اَنْ نَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ — جو چیز ہم کرنا چاہتے ہیں اُسے ہم کہتے ہیں ہو جا۔

النحل آیت ۴۰

اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد " ارد نا ہ" یعنی جب ہم اُس کا ارادہ کرتے ہیں تو یہ اُس چیز کے پیدا کرنے کے لئے اللہ تبارک و تعالیٰ کی توجہ ہے۔ پھر فرمایا " اَنْ نَقُوْلَ لَہٗ کُنْ " یعنی اُن کے لئے کہتے ہیں ہو جا تو حق تعالیٰ کے خطاب کو اُس چیز کے نفس کا سن لینا اُس چیز کا ہو جاتا ہے۔ اور یہ متعدد منازل میں بمنزلہ ایک سریان کے ہے چنانچہ ان منازل میں ایک وجود کے ساتھ لا متناہی اعداد کا ظہور ہو جاتا ہے۔ اور اگر اُس میں اس کی عین کا وجود نہ ہوتا تو اعیانِ اعداد کا ظہور نہ ہوتا اور نہ اُن کے لئے اسم ہوتا۔

اگر اس منزلت میں واحد یعنی ایک اس اسم کے ساتھ ظاہر ہوتا اس عدد کے عین ظاہر نہ ہوتی اور اس کی عین اُس کا اِسم کبھی ایک ساتھ جمع نہ ہوتے اور لا متناہی تک ایک، دو، تین، چار، پانچ کہا جاتا اور جو معین عدد سے واحد یعنی ایک کو ساقط کرتا ہے۔ اُس عدد کا اِسم زائل ہو جاتا ہے۔ اور اُس کی حقیقت زائل ہو جاتی ہے۔

ایک ہی حفاظت کرتا ہے۔

واحد اعیانِ اعداد کے وجود کو تحفظ دیتا ہے۔ اور اپنے اسم کے ساتھ اُسے معدوم کرتا ہے۔ ایسے ہی جب آپ قدیم کہیں گے تو حادث فنا ہو جائے گا اور جب آپ اللہ کہیں گے تو عالم فنا ہو جائے گا۔ اور جب آپ خیال کریں گے کہ عالم اللہ تعالیٰ کی حفاظت سے ہے۔ تو عالم کا وجود نہ ہو گا اور وہ فنا ہو جائے گا اور جب اللہ تعالیٰ کی حفاظت عالم میں ساری ہو گی تو عالم باقی اور موجود ہو گا۔

پس اُس کے ظہور اور تجلی کے ساتھ عالم کی بقا ہے اور اسی پر ہمارے بعض —

کا طریقہ ہے اور یہی طریقہ نبوت ہے اور متکلمینِ اشاعرہ بھی اسی پر ہیں اور وہ اعراض کی ذات کے لئے انعدام کے قائل ہیں۔ اور اس کے ساتھ اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف عالم کی اپنی بقا کے لئے ہر سانس میں محتاجی درست ہے۔ اور اللہ تبارک و تعالیٰ علی الدوام ہمیشہ خالق ہے۔

اِن کے علاوہ جو اہلِ نظر میں سے ہیں اُن کے لئے یہ مقام درست نہیں اور علمائے رسوم میں سے اہلِ نظر کی ایک جماعت نے مجھے خبر دی ہے کہ حکماء کے ایک طائفہ کو اس امر کی واقفیت حاصل ہے۔ اور اُس نے ابنِ سید بطلیوسی کی کتاب میں اُس کا یہ مذہب دیکھا ہے جو اُس نے اِس فن پر تالیف کی ہے۔

واللہ یقول الحق وھو یھدی السبیل

الحمد للہ چھبیسویں باب کا ترجمہ تمام ہوا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

چھبّیسواں باب

اقطاب رموز کی معرفت اور طریق میں اُن کے اسرار و علوم کی تلویحات کا بیان

ألاان الرموز دلیل صدق — علی المعنی المغیب فی الفؤاد
وان العالمین له رموز — والغاز لیدعی بالعباد
ولولا اللغز کان القول کفرا — وادّی العالمین الی العناد
فهم بالرمز قد حبوا فعالوا — ماهراق الدماء وبالفساد
فکیف بنالواُن الامر یبدو — بلاستر یکون له استنادی
لقام بنا الشقاء هنا یقینا — وعند البعث فی یوم التنادی
ولکن الغفور أقام سترا — لیسعد با علی رغم الاعادی

خبردار دلوں میں مخفی معنوں پر رموز دلیل صداقت ہیں۔
بے شک عالمین کے لئے رموز اور غاز ہیں تاکہ بندوں کی دعوت دی جائے
اگر غاز نہ ہو تا تو بات کفر ہوتی اور عالمین عناد کی طرف لوٹ جاتے۔
پس وہ رمز کے ساتھ گمان کرتے ہیں اور خون ریزی اور فساد کرنے کے لئے کہتے ہیں۔
ہمارے ساتھ کیسی بیتے گی کہ وہ امر ظاہر اور بے پردہ ہو گیا جس کے لئے سند ہو گی۔
ہمارے ساتھ یقیناً یہاں اور قیامت کے دن حشر کے وقت شقاوت اور بدبختی قائم ہو جاتی۔

ولیکن بخشنے والے نے پردہ کھڑا کر دیا تاکہ دشمن کے بالکس ہمیں سعادت نصیب کرے۔

اللہ تعالیٰ کی مثالیں

اے مخلص دوست اللہ تعالیٰ آپ کی روح القدس سے مدد فرمائے جاننا چاہئے اور آپ کو فہم عطا فرمائے کہ رموز اور غاز راس کی ذات کے لئے مراد نہیں اور مراد وہ ہے جس کے لئے رمز ہوتی ہے۔ اور جس میں معمہ ہوتا ہے۔ اور یہ قرآن مجید کے مقامات اور معتبر آیات سے ہیں۔ اور اس پر اللہ تبارک و تعالیٰ نے اپنے اس ارشاد میں آگاہ فرمایا ہے!

وَتِلْكَ الْأَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ — ہم یہ مثالیں لوگوں کے لئے بیان فرماتے ہیں۔

سورہ حشر آیت ۲۱

پس امثال اپنی ذات کے لئے مطلوب نہیں اور یہ اس لئے آتی ہیں تاکہ اس سے اس امر کا علم ہو جائے جس کے لئے ان کی ضرب اور نصب ہے۔

جیسا کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے ارشاد فرمایا!

اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَسَالَتْ اَوْدِيَةٌ بِقَدَرِهَا فَاحْتَمَلَ السَّيْلُ زَبَدًا رَّابِيًا وَمِمَّا يُوقِدُونَ عَلَيْهِ فِى النَّارِ ابْتِغَاءَ حِلْيَةٍ اَوْ مَتَاعٍ زَبَدٌ مِّثْلُهٗ كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ الْحَقَّ وَالْبَاطِلَ فَاَمَّا الزَّبَدُ فَيَذْهَبُ جُفَآءً

اس نے آسمان سے پانی اتارا تو نالے اپنی سمائی کے مطابق پانی لے کر بہہ نکلے تو پانی کی رو ابھرے ہوئے جھاگ اٹھا لی اور جن چیزوں کو زیور یا دوسرا سامان بنانے کے لئے آگ میں دہکاتے ہیں ان سے بھی ایسے جھاگ اٹھتے اسی طرح اللہ حق اور

باطل کی مثال بیان فرماتا ہے۔ پس میل
سورۃ الرعد آیت ۱۷
کچیل کا جھاگ مٹ جاتا ہے۔

تو اُس جھاگ کو اللہ تبارک و تعالیٰ نے باطل کی طرح مقرر فرمایا جیسا کہ فرمایا!
"وَ زَهَقَ الْبَاطِلُ"، یعنی باطل مٹ جانے والا ہے پھر فرمایا!

وَ اَمَّا مَا يَنْفَعُ النَّاسَ فَيَمْكُثُ فِي الْاَرْضِ — جس میں انسان کا نفع ہے وہ زمین میں ٹھہری ہوئی ہے۔

الرعد آیت ۱۷

تو اس کی مثال حق کے لئے دی ایسے ہی اللہ تبارک و تعالیٰ مثالیں بیان فرماتے ہیں اور فرمایا!

فَاعْتَبِرُوْا يٰاُولِي الْاَبْصَارِ — تو اے بصیرت والو اس سے عبرت حاصل کرو۔

الحشر آیت ۲

اِشاروں کی زبان

یعنی استعجاب و مسرت سے گزرتے ہوئے اُس کی طرف عبور کرو جس کا اس تعریف کے ساتھ ارادہ کیا ہے۔

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّاُولِي الْاَبْصَارِ — بے شک اس میں اہل بصار کے لئے عبرت ہے۔

الِ عمران آیت ۱۳

وادی کو عبور کرنا اُس وقت ہے جب گذر جاؤ ایسے ہی اشارہ ایماء ہے اللہ تبارک و تعالیٰ نے اپنے نبی حضرت ذکریا علیہ السلام کو فرمایا!

اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ اِلَّا رَمْزًا — لوگوں سے تین دن گفتگو نہ کریں مگر

یعنی اشارے سے کلام کریں اور ایسے ہی حضرت مریم علیہا السلام کے قصّہ میں آیا ہے " فَاَشَارَتْ اِلَیۡہِ "، یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف اشارا کر دجب اُنھوں نے رحمان کے لئے خاموش رہنے کی منت مانی تھی۔

یہ علم بڑے لوگوں کا ہے۔

اِس علم کے لئے بڑے بڑے عالی رجال ہوتے ہیں اُن کے اسرار سے ازل و ابد کا راز، حال و خیال، رؤیا و برازخ اور ان کی مثل نسبتِ الٰہیہ کا علم ہے اور ان کے علوم سے حروف و اسماء کے خواص کا جاننا اور عالمِ طبعی کی ہر چیز سے مرکب و مفرد کے خواص کا علم ہے۔ اور یہ طبعیت مجہولہ ہے۔

ازل کیا ہے!

رہا رازِ ازل کا علم؟ تو جاننا چاہئیے کہ ازل نفیٔ اولیت سے عبارت ہے۔ جس کے لئے وہ اس کے ساتھ موصوف ہے۔ اور وہ وصف اللہ تبارک وتعالیٰ کے لئے اُس کے الٰہ ہونے سے ہے۔ اور جب اللہ تبارک وتعالیٰ کے الٰہ ہونے کی بنا پر اُس سے اولیت کی نفی ہو گی تو وہ متکلم ہونے کی وجہ سے اس پر اسم کے ساتھ ازل سے ہے جس کے ساتھ اُس کی ذات موسوم ہے۔

پس وہ عالم حی، مرید، قادر، سمیع، بصیر، متکلم، خالق، باری مصوّر اور ملک ہے۔ اور ہمیشہ ان ناموں سے موسوم ہے۔ اور اُس سے اولیت کی قید کی نفی ہو گئی۔ تو سننے والے کا سننا اور دیکھنے والے کا دیکھنا ہے وغیرہ وغیرہ۔

اعیانِ مستورات۔ اہم سے ہیں اور مبصرات معدوم غیر موجود ہیں اور وہ انہیں ازل سے دیکھتا ہے۔ جیسا کہ انہیں ازل سے جانتا ہے۔ اور ان کی تمیز و تفصیل ازل سے کرتا ہے۔ اور ان کے لئے وجود نفسی عینی میں عین نہیں بلکہ یہ مرتبۂ امکان میں اعیانِ ثابتہ ہیں۔

پس امکانیت ان کے لئے ازل سے جب اگر ان کے لئے یہ حال ہے اور ابد ان کی ذات کے لئے ہرگز واجب نہیں ہوگا۔

پھر ممکن کی طرف لوٹ آئے اور محال نہ تھے پھر ممکنہ کی طرف لوٹ آئے بلکہ وجودِ ذاتی کا وجوب اللہ تبارک و تعالیٰ کے لئے ازلی ہے۔ ایسے ہی عالم کے لئے وجوبِ امکان ازلی ہے۔

ممکن معدوم ہو یا موجود ممکن ہے

پس اللہ تبارک و تعالیٰ اپنے اسماء کے مرتبہ میں تعریف و توصیف کیا گیا ہے۔ پس نسبتِ اول اس کے عین نسبتِ آخر اور ظاہر باطن ہے۔ اور نہیں کہتے کہ نسبتِ اول ایسے ہے۔ اور نہ نسبتِ آخر کے ساتھ کہا جائے گا۔ کیونکہ ممکن اپنے وجود میں واجب الوجود کے ساتھ مربوط ہے اور وجود میں اس کے عدم کا ارتباط اس کی محتاجی کی طرف ہے۔ کیونکہ اسے وجود دیا گیا تو وہ ہمیشہ اپنے امکان میں تھا اور اگر وہ معدوم تھا تو ہمیشہ اپنے امکان سے تھا۔

جیسا کہ ممکن پر اس کے عین کی وجود میں معدوم ہونے کے بعد اسے امکان سے زائل کرنے کی صفت داخل نہیں جو اس کی ذات کے لئے اس کے وجود کے وجوب کو زائل کر دے پس حق کا شعور نہیں ہوتا مگر اسی طرح اور نہ ممکن کا شعور کیا جا سکتا ہے۔

مگر اسی طرح اگر آپ نے اسے سمجھ لیا ہے تو آپ حدوث کے معنی اور قدم کے معنی جان لیں گے بعد ازاں جو چاہیں کہیں۔

اوّلیت و آخر کا مفہوم

عالم کی اولیت اور اس کی آخریت اضافی امر ہے۔ اگرچہ اس کے لئے آخر ہے۔ رہا وجود میں ارباب کشف کے نزدیک اس کے لئے ہر زمانے میں آخر فرد اور انتہا ہے۔ اور حسبانیہ نے اس پر موافقت کی ہے۔ جیسا کہ اشارہ نے موافقت کی ہے۔ کہ عرض دو زمانوں میں باقی نہیں رہ سکتا۔

اوّل عالم سے اس نسبت کے ساتھ ہے۔ جو اس کے اندر تخلیق ہوا۔ اور آخر عالم سے اس نسبت کے ساتھ ہے۔ جو اس سے پہلے پیدا ہوا ایسے ہی اوّل و آخر اور ظاہر و باطن کے ساتھ اللہ تبارک و تعالیٰ کے اسم کی متعددیت ہے۔

عالم متعدد ہیں اور حق تعالیٰ واحد ہے اور متعدد نہیں اور ہمارے لئے اس کا اوّل ہونا درست نہیں ہوگا۔ کیونکہ اس کے مرتبے کی ہمارے مرتبے سے مناسبت نہیں اور ہمارا مرتبہ اس کی اوّلیت کو قبول نہیں کرتا۔ اور اگر ہمارا مرتبہ اس کی اوّلیت کو قبول کرے تو ہم پر اسم اوّل محال کیسے ہوگا۔ بلکہ ہم پر اس کی اوّلیت کے لئے اسم ثانی کا اطلاق ہوگا۔ اور ہم اس اللہ تبارک و تعالیٰ کے ثانی نہیں ہیں تو وہ ہمارے لئے اوّل نہیں۔

یہی وجہ ہے کہ اس کی اوّلیت عین اس کی آخریت ہے اور اس کا ادراک زبردست مشکل ہے۔ جس شخص کو ان علوم الٰہیہ کے ساتھ انس نہیں جو نظر اور تجلّی شیخ کے ساتھ عطا ہوتے ہیں۔ اس کا تصور اس بات کو جاننے سے

معقود اور قاصر ہے۔

ابوسعید خراز نے اسی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا ہے میں نے اللہ تبارک وتعالیٰ کو اجتماعِ ضدین کرنے سے پہچانا ہے پھر پڑھا!

هُوَ الْأَوَّلُ وَالْآخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ

ہم نے آپ کو رازِ ازل کے بارے میں بتا دیا ہے کہ وہ سلبی تعریف ہے، رہا رازِ ابد؟ تو وہ آخریت کی نفی ہے۔ کیونکہ جنت اور اس میں قیام نہایت کیلئے ہے۔ ایسے ہی اولیت موجوداتِ زمانیہ کی ترتیب کی نسبت کے ساتھ معقولہ موجود ہے۔

چنانچہ عالم اس اعتبارِ الٰہی کے ساتھ ہے اس میں اول و آخر نہیں کہا جائے گا اور دوسرے اعتبار کے ساتھ وہ دو مختلف نسبتوں کے ساتھ اول و آخر ہے۔ اور حق تبارک وتعالیٰ پر اس اطلاق کے بارے میں علماء باللہ کے نزدیک اختلاف پایا جاتا ہے۔

حال کا راز

رہا حال کا راز؟ تو وہ دائمیت ہے۔ اور اس کے لئے اول و آخر نہیں اور وہ ہر موجود کا وجودِ عین ہے، پس ہم نے آپ کو ان بعض اسرار و رموز سے آگاہ کر دیا ہے۔ جنہیں رجال جانتے ہیں۔ اور بہت سے اسرار و رموز سے خاموشی اختیار کر لی ہے۔ کیونکہ اس کا دروازہ وسیع ہے۔ اور علم سڑیا برزخ اور نسبتِ الٰہیہ اسی قبیل سے ہے اور اس میں گفتگو کرنا باعثِ طوالت ہے۔

حروف و اسماء کی تاثیر

رہے حروف و اسماء میں ان رجال کے علوم ؟ تو جاننا چاہیئے کہ حروف کے لئے خواص ہیں۔ اور یہ تین اقسام پر ہیں ان میں سے حروفِ رقمیہ، لفظیہ اور مستحضرہ ہیں۔ مستحضرہ کے معنی وہ حروف ہیں جنہیں انسان اپنے وہم اور تخیل و تصور میں موجود کرتا ہے۔

اگر حروفِ رقمیہ یا حروفِ لفظیہ کو حاضر کرتا ہے تو وہاں حروف کے لئے دوسرا مرتبہ ہے۔ چنانچہ موجود کئے گئے الفاظ کے ساتھ وہ وہی کرے گا جو کتابت و تلفظ کیئے گیئے حروف کے ساتھ کرتا ہے۔

رہے حروفِ تلفظ یعنی لفظی حروف ؟ تو یہ اسماء کے علاوہ کچھ نہیں ہوتے اور یہ اسماء کے خواص ہیں۔

رہے حروفِ مرقومہ یعنی تحریر کئے گئے حروف ؟ تو ان کے لئے اسماء نہیں ہوتے۔

اس علم کے اصحاب میں حروفِ واحد کا اختلاف ہے۔ کہ آیا وہ کام کرتا ہے یا نہیں ؟ تو میں نے ان میں سے ان لوگوں کو دیکھا جو اس سے منع کرتے ہیں اور اس میں شک نہیں۔

جب میں نے ان کے ساتھ اس مسئلہ میں غور کیا تو انہیں اس میں ان کی اس غلطی پر آگاہ کیا جس کی طرف وہ گئے تھے۔ اور جو اس سے درست تھا۔ اور جو نقص تھا انہیں بتایا اور غلط اور درست مقام کی نشاندہی کی تو انھوں نے اعتراف کیا جیسا کہ دوسروں نے اعتراف کیا تھا۔

ورنہ حرفوں کی تاثیر بتاتا

میں نے اُن دونوں گروہوں کے لئے وہی کہا جس پر تمہیں مطلع کیا اور جو ہم نے تمہارے لئے بیان کیا اِس میں تم تجربہ کرو اُن لوگوں نے اس میں تجربہ کیا تو وہی اَمر پایا جس کا ہم نے ذکر کیا تھا۔ تو وہ اس کے ساتھ خوش ہوئے۔

اگر میں نے اپنے آپ کے ساتھ مضبوط عہد نہ کیا ہوتا کہ میں حرف کی تاثیر ظاہر نہ کروں گا تو وہ اس سے عجائبات کو دیکھتے۔

حرف کی تاثیر کب ظاہر ہوتی ہے؟

جاننا چاہیئے کہ حرفِ واحد یعنی اکیلا حرف خواہ مرقومہ ہو یا ملفوظہ برابر ہے۔ جب قاصد اس کے ساتھ عمل کے لئے رقم یا لفظ کی صورت میں اُسے اپنے خیال میں حاضر نہیں کرتا تو وہ صرف عمل نہیں کرتا اور جب اُس کے ساتھ موجود ہوتا ہے تو عمل کرتا ہے۔ کیونکہ موجود ہونے والے حرف کا مرکب بولنے یا لکھنے سے ہوتا ہے۔ اور اکیلے حرف کے ساتھ موجود کرنے کی صورت دونوں گروہوں سے غائب ہے۔

چنانچہ اکیلے حرف کے ساتھ ارادے عمل موجودگی کا اتفاق ہوا اور وہ موجودگی سے غافل رہا تو اس نے عمل کی نسبت اکیلے حرف کے لئے کردی اور جیسے اکیلے حرف کے ساتھ تلفظ یا رقم کا حرف کی موجودگی کے بغیر اتفاق ہوا اور اُس حرف نے کسی چیز کا عمل اثر ظاہر نہ کیا تو اُس شخص نے اس سے روک دیا یعنی یہ حرف بے تاثیر ہے۔ اور ان میں سے کسی نے

بھی استحضار یعنی موجود ہونے کے معنی پر غور نہ کیا۔

یہ حروفِ مرکبہ مثال ہیں۔ جیسا کہ دو داؤ د وغیرہ تھا پس جب ہم نے انہیں اس مثل پر خبردار کیا تو انہوں نے اس کا تجزیہ کیا اور اُسے درست پایا اور یہ عقلاً اور شرعاً علمِ ممنوعات ہے۔

یہ علمِ اولیاء اللہ کا ہے

حروفِ نقلیہ کے لئے عمل میں کئی مرتبے ہیں اور بعض حروف بعض سے عملاً عام ہیں۔ پس داؤ عملاً حروفِ خام سے ہے کیونکہ اس میں تمام حروف کی قوت ہے اور ہاء حروف سے عملاً بہت چھوٹی ہے اور جو حروف سے ان دونوں کے درمیان ہے وہ اُن مراتب کے اعتبار سے عمل کرتا ہے۔ جو ہم نے کتاب البادی والغایات میں مقرر کئے ہیں۔ جس میں آیات کے عجائبات سے حروفِ معجم اُسے شامل ہیں۔

اس علم کا نام علم اولیاء ہے اور اس کے ساتھ کائنات کے اعیان کا ظہور ہوتا ہے۔ کہ آپ نے دیکھا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنے ارشاد کُن فیکون میں آگاہ کیا ہے۔

ظہورِ کائنات حرفوں سے ہے۔

کائنات کا ظہور حروف سے ہے۔ اور اسی سے یہاں ترمذی نے اسے علم اولیاء قرار دیا ہے۔ اسی سے ایسے حرف کے ساتھ عمل کرنے سے منع کیا گیا ہے۔ کیونکہ اُس نے دیکھا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ اقتدارِ الٰہی کے باوجود استعمال کئے ایک حرف غیبی اور دو ظاہر۔

جب کائن یعنی پیدا ہونے والا ایک ہو تو کاف اور نون کہا جاتا ہے اور اگر ایک پر زیادہ کرنا ہو تو تین حرف ظاہر ہوتے ہیں ۔ تو یہ ان رجال کے علوم ہیں جن کا ذکر اس باب میں کیا گیا اس علم کے بہت سے جاننے والوں نے جدول بنائے ہیں ۔ اور ان میں غلطی کی ہے جو درست نہیں ۔

میں نہیں جانتا کہ انھوں نے یہ عمل قصداً کیا ہے۔ یہاں تک کہ لوگوں کو اندھیرے میں چھوڑ دیا یا انھیں واقفیت نہ تھی کرتا آخر اس میں متقدم کے طریقے پر چلتا رہا اور اسی کے ساتھ سیدنا امام جعفر صادق علیہ السلام کے شاگرد اور دوسروں نے کہا ہے اور یہ وہ جدول ہے جو حروف کے طبائع کے بارے میں ہے۔

ترر	خشک	سرد	گرم
د	ج	ب	ا
ح	ز	و	ھ
ل	ک	ی	ط
ع	س	ن	م
ر	ق	ص	ف
خ	ث	ت	ش
غ	ظ	ض	د

گرم سرد اور خشک و تر حروف

ان میں سے ہر وہ حرف جو حار یعنی گرم کے جدول میں داخل ہے۔ وہ گرم ہے

اور جو بارد یعنی سرد کے جدول میں واقع ہے وہ سرد ہے اور ایسے ہی خشکی اور تری کا معاملہ ہے اور میں نے ہر عمل میں اس ترتیب کو درست نہیں دیکھا بلکہ اتفاق کے ساتھ عمل کرتے ہیں ۔ جیسا کہ اعداد وفق ہیں ۔

جاننا چاہیئے کہ ان میں سے ایک خاصیت ان کے حروف ہونے سے نہیں بلکہ ان کے لئے خاصیت ان کی اشکال ہونے سے ہے پس حسب اشکال کی ذوات ہوں گی شکل کی خاصیت ہو گی ۔ اس لئے قلموں کے اختلاف سے ان کا عمل مختلف ہو جاتا ہے ۔

حروفِ تحریر زائل ہو سکتے ہیں

رہے حروفِ رقمیہ ؟ تو ان کی شکل آنکھ کے ساتھ محسوس کی جاتی ہے جب اُن کی ذوات اور اُن کی ارواح کی صحبت اور اُن کی حیاتِ ذاتیہ پائی جائے چنانچہ حرف کی خاصیت اُس کی شکل اور اس کی روح کے ساتھ اُس کی ترکیب کے ساتھ ہو گی ایسے ہی شکل دو یا تین یا زیادہ حرفوں سے مرکب ہوتی ہے شکل کے لئے دوسری روح ہوتی ہے اور وہ روح نہیں ہوتی ۔ جو حرف کے لئے اُس کی انفرادیت پر ہوتی ہے ۔

کیونکہ یہ روح چلی جاتی ہے اور اس کے ساتھ حرف کی زندگی باقی رہتی ہے اس لئے وہ ایک شکل کو سوائے ایک روح کے تدبیر نہیں کرتا اور حرفِ واحد کی یہ روح روحوں کے ساتھ برزخ کی طرف منتقل ہو جاتی ہے ۔ کیونکہ شکل کی موت اُس کے زائل ہونے اور مِٹ جانے سے ہوتی ہے اور یہ وہ دوسری شکل ہے جو دو یا تین حرفوں سے مرکب ہو یا دہ حرفِ اوّل کی عین نہ ہو اور وُہ جو مرکب نہ ہو کیونکہ عمر زائد عین نہیں اگرچہ اُس کی مثل ہے ۔

حروفِ لفظی زائل نہیں ہوتے

رہے حروفِ لفظیہ؟ تو یہ ہوا میں شکل ہو جاتے ہیں اس لئے وہ اُس صورت پر سماعت کے ساتھ متصل ہوتے ہیں جس صورت کے ساتھ متکلم کا نطق ہوتا ہے چنانچہ جب یہ ہوا میں متشکل ہوتے ہیں تو ان کے ساتھ رد میں قائم ہو جاتی ہیں۔ اور ان حروف کو ہوا زائل نہیں کرتی۔ اور ان پر ان کی شکلیں ٹھہرائے رکھتی ہے۔

اگرچہ ان کا عمل ختم ہو جائے کیونکہ ان کا عمل اُس وقت ہوتا ہے جب پہلے ہوا میں متشکل ہوں بعد ازاں یہ تمام اُمتوں کے ساتھ ملحق ہو جاتے ہیں تو ان کا، شغل اپنے رب کی تسبیح ہوتا ہے اور بلندی کی طرف چڑھتے ہیں۔ طیب کلمات اوپر چڑھتے ہیں اور کلمہ کی شکل میں عین وہی ہوتی ہے جو کہ اللہ تبارک وتعالیٰ تسبیح پڑھنے والے کی ہوتی ہے۔ اور اگر کفر یہ کلمہ ہو تو اُس کا، بال اُس متکلم پر لوٹ آتا ہے جس نے یہ کلمہ کہا نہ کہ اُن حروف پر اس لئے شارع علیہ السلام نے فرمایا ہے!

ان الرجل لیتکلم بالکلمۃ من سخط اللہ ما لا یظن ان تبلغ ما بلغت یہوی بھا فی النار سبعین خریفا	بے شک انسان ایسا کلمہ کہہ دیتا ہے جس سے اللہ تبارک وتعالیٰ ناراض ہوتے ہیں اور اسے گمان بھی نہیں ہوتا کہ اس کی بات وہاں تک پہنچے گی جہاں پہنچ گئی جس کے ساتھ وہ ستر سال جہنم میں چلا جاتا ہے۔

سزا متکلم کو ہے کلمات کو نہیں

عقوبت اور سزا لفظ کہنے والے کے لئے اس سبب کے ساتھ مقرر کی جاتی

ہے ۔ اور یہ انہیں یعنی لفظوں کو پیش نہیں آتی ۔

اللہ سبحانہٗ تعالیٰ کا وہ کلام جو مصحفوں میں رقم ہوتا ہے اُس کی تعظیم اور تمجید و تقدیس کی جاتی ہے اور اُسے اللہ تعالیٰ کی قربت کی جہت سے پڑھا جاتا ہے اور اس میں وہ تمام جو یہودیوں اور عیسائیوں نے اللہ تبارک وتعالیٰ کے حق میں کفر اور سب و شتم کیا ہے اِن کفریہ کلمات کا وبال اُس کے قائل پر لوٹتا ہے اِس کے دروازہ پر کلمات باقی رہتے ہیں جو قیامت کے دن کہنے والوں کا عذاب یا اُن کی نعمتوں کے متولی ہوں گے۔

حرُوفِ لفظیہ زِندہ رہتے ہیں

اِن حرُوفِ ہوائیہ لفظیہ کو حرُوفِ رقمیہ کے بالعکس اِن کے وجُود کے بعد موت کا سامنا نہیں ہوتا کیونکہ حرُوفِ رقمیہ اور کلمہ رقمیہ یعنی تحریر کردہ حرُوف و کلمات تغیّر و زوال کو قبُول کر لیتے ہیں اِس لئے یہ قبُول کرنے کے محل میں ہیں اور اشکال لفظیہ ایسے محل میں ہیں جو اسے قبُول نہیں کرتے اسی وجہ سے ان کے لئے بقا ہے ۔

پس وُہ تمام جو کلامِ عالم سے مملُو ہے اور اہلِ کشف اسے قائم صُورتوں میں دیکھتے ہیں اور حرُوفِ مستحضرہ یعنی متصورہ حرُوف بھی ایسے ہی باقی ہیں کیونکہ اِن کی اشکال کا وجُود برزخ میں ہے جس میں نہیں اور ان کا فعل تمام حرُوف سے زیادہ قوی ہے۔

حرُوف کی خاصیّت کا ظہور

لیکن جب ان کے استحضار یعنی موجودگی کا تسلّط مستحکم ہو جاتا ہے اور

اُس کے لئے مستحضر یعنی ذہن میں موجود لفظ کے لئے اتحاد ہو جاتے اور اس میں اس کے علاوہ کے لئے گنجائش نہیں ہے۔ اور اُس کی جو خاصیت ہے اسے وہ جانتا ہو۔ یہاں تک کہ اُسے خیال میں موجود کرلے تو اس کے اثر کو دیکھے گا پس فعل کی یہ نسبت ہمت کے ساتھ ہوتی ہے اگرچہ اُسے نہ جانتا ہو یہاں تک کہ وہ خیال جو اُسے عطا کیا گیا ہے کیونکہ وہ اس کے وجود میں واقع ہو جاتا ہے۔ اور اسے اس کا علم نہیں ہوتا۔

ایسے ہی ہر مرتبہ میں تمام حروف کی شکلیں ہیں اور یہ خیال میں موجود کیے گئے حرف کے ساتھ جس کا اُسے علم نہیں ہوتا ہمت اور صدق سے تعبیر ہوتی ہیں اور ایسے ہوتا نہیں ہے

اگرچہ خیال میں حاضر کئے گئے حرف کے لئے ہمت روح ہوتی ہے مگر متصوّر حرف کی عین شکل نہیں ہوتی اس حضرت میں تمام لفظی اور تحریری حروف عام ہیں۔ جب آپ خواصِ اشکال کو جان لیں گے تو اس کے ساتھ علمی طور پر کتابتاً یا تلفظاً فعل واقع ہوگا اور اگر انفعال کی ماہیت کے ساتھ ارتباط کا تعین نہیں ہوگا تو اُس کا علم نہیں ہوگا۔

قرآن مجید کی آیت کے اثرات

ہم نے ایک شخص کو قرآن مجید کی آیت پڑھتے دیکھا اور اُسے خبر نہ تھی تو اس نے دورانِ تلاوت میں عجیب وغریب اثر دیکھا وہ ایک ذہین آدمی تھا اُس نے جلد ہی تلاوت کی طرف رجوع کیا تاکہ اس آیت کو دیکھے جس آیت کے ساتھ یہ اثر مختص تھا پس اُس نے پڑھنا شروع کیا اور نظر رکھی جب وہ اس آیت پر پہنچا جس کا یہ اثر تھا تو اس کے فعل کو دیکھ کر آگے گزر گیا تو اس

اثر کو نہ پایا پھر واپس لوٹ کر اُس آیت کو بار بار پڑھا یہاں تک کہ اُسے متحقق ہو گیا اور اُس نے اِس کے انفعال و تاثیر کو اخذ کر لیا اور جب کبھی اِس انفعال کو دیکھنے کا ارادہ کرتا ہے اِس آیت کی تلاوت کرتا تو اُس کے لئے اُس کا اثر ظاہر ہوتا۔

اور یہ علمِ فی نفسہٖ عجیب ہے مگر اِس سے سلامت رہنا عزیز ہے چنانچہ اِس کی طلب کو ترک کرنا اَولیٰ ہے کیونکہ یہ وہ علم ہے جس کے ساتھ بجملۂ اولیاء اللہ کا اختصاص ہے۔

اگرچہ اِس علم میں سے بہت کم دوسرے لوگوں کے پاس بھی ہے لیکن وہ صالحین کے علاوہ طریق سے حاصل کرتے ہیں اِس لئے عوام الناس میں جس کے پاس یہ علم ہوتا ہے وہ شقی اور بدبخت ہوتا ہے اور سعادت مند نہیں ہوتا اللہ تبارک وتعالیٰ ہمیں علماء باللہ کے زمرہ سے کرے اور اللہ ہی حق فرماتا ہے اور سیدھے راستے پر چلاتا ہے۔

الحمدللہ چھتیسویں باب کا ترجمہ ختم ہوا۔

صائم چشتی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ستائیسواں باب

"منزل فقد نو بیت و صالک" کے اقطاب کی معرفت کا بیان یہ منزل عالم نورانی سے ہے"

ولولا النور ما اتصلت عیون — بعین المبصرات ولا رأتہا

ولولا الحق ما اتصلت عقول — باعیان الامور فادرکتہا

اذا سئلت عقول عن ذوات — تعدّ مغایرات أنکرتہا

وقالت ما علمنا غیر ذات — تمد ذوات خلق أظہرتہا

ھی المعنی ونحن لہ حروف — فہما عینت أمر اعنتہا

اور اگر روشنی نہ ہوتی تو آنکھیں دیکھنے والوں کی عین سے متصل نہ ہوتیں اور نہ اسے دیکھ پاتیں۔

اور اگر حق نہ ہوتا تو امور کے اعیان کے ساتھ عقلیں متصل نہ ہوتیں کہ ان کا ادراک کر سکیں۔

جب عقلوں سے ذوات کے بارے میں پوچھا گیا تو انھوں نے ذوات کو مغائرات میں شمار کر کے انکار کر دیا۔

اور کہا ہمیں اس ذات کے علاوہ کا علم نہیں جو مخلوق کی ذوات کی مددگار اور انہیں ظاہر کرنے والی ہے۔

یہ معنی ہیں اور ہم اس کے حروف ہیں پس متعین امر ان کی تکلیف کا باعث ہے۔

لہ: نماز پڑھ بے شک میں نے محبت کی تیرے وصال کی یا یہ کہ وصال طلب کر میں نے تیرے وصال کی نیت کی ہے

عشق اوّل در دلِ معشوق کی مثال

اے محبوبِ دوست اللہ تبارک و تعالٰی اپنی عنایت کے ساتھ آپ کی مدد فرمائے جاننا چاہیئے کہ اللہ تبارک و تعالٰی نے اپنی کتاب عزیز میں ارشاد فرمایا ہے۔

فَسَوْفَ یَاْتِی اللّٰہُ بِقَوْمٍ یُّحِبُّھُمْ وَیُحِبُّوْنَہٗ	عنقریب اللہ تعالٰی ایسے لوگوں کو لائے گا جن سے اللہ محبت کرتا ہے اور وہ
المائدہ آیت ۵۴	اُس سے محبت کرتے ہیں۔

پس اللہ تبارک و تعالٰی نے اُن کی محبت پر اپنی محبت کو مقدم رکھا اور فرمایا!

اُجِیْبُ دَعْوَۃَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ فَلْیَسْتَجِیْبُوْا لِیْ	میں دعا کرنے والے کی دعا کو قبول کرتا ہوں جب وہ مجھے پکارے تو
البقرہ آیت ۱۸۶	وہ میری اطاعت کریں

اللہ تبارک و تعالٰی نے ہماری دعا کے قبول ہونے کو مقدم رکھا ہماری دعا کی قبولیت پر جب ہم دعا کریں اور جب وہ ہمیں بلائے اور قبولیت بندہ دل سے موثر کی اس لئے کہ وہ اجابت سے زیادہ پہنچی ہے کیونکہ اللہ تعالٰی سبحانہٗ کو قبول کرنے سے کوئی مانع نہیں جب وہ اللہ تبارک و تعالٰی سے اُس کی طرف دعا کرے اور یہ امور خواہش، نفس، شیطان اور دنیا ہیں اس لئے قبول کرنے کا حکم دیا، کیونکہ استفعال کا صیغہ مبالغہ میں افعال کے صیغہ سے زیادہ سخت ہے" اور استخراج سے اخراج کہاں ہے۔

خدا مدد کرتا ہے مدد مانگتا نہیں

یہی وجہ ہے کہ کائنات اپنے افعال میں اللہ تبارک وتعالیٰ سے مدد طلب کرتی ہے اللہ تبارک وتعالیٰ پر محال ہے کہ وہ مخلوق سے مدد طلب کرے چنانچہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے ہماری تعلیم کے لئے اس باب سے ہمیں فرمایا کہ ہم! "وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنَ" کہیں یعنی ہم تجھی سے مدد مانگتے ہیں۔

چنانچہ اس باب میں کہا! "صَلِّ فَقَدْ نَوَیْتُ وِصَالَکَ" یعنی نماز پڑھ میں نے تیرے وصال کی نیت کی تو اس کے لئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے ارادت کو مقدم کیا گیا تو فرمایا صَلِّ، جب تو وصل میں تعمیل کرے گا تو یہ تیرے ساتھ عین اس کا وصل ہے۔ اس لئے اُسے عمل کی بجائے نیت قرار دیا اور فرمایا! فقد نویت

خُدا بندے سے بڑھ کر قریب ہوتا ہے

حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے!

یقولُ اللّٰہُ تعالیٰ مَن تقرّبَ اِلیَّ شِبرًا تقرّبتُ منہُ ذراعاً الحدیث۔

اللہ تبارک نے فرمایا! جو شخص میری طرف ایک بالشت آتا ہے میں اس سے ایک ہاتھ قریب ہوتا ہوں

اس مخصوص قرب کا مرجع اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف اعمال واحوال سے تقرب حاصل کرنا ہے۔ کیونکہ عام قرب میں اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے!

وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْہِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِیْدِ — ق آیت ١٦

اور ہم اُس کی شہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہیں۔

وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْكُمْ وَلٰكِنْ لَّا تُبْصِرُوْنَ — اور ہم تو تمہاری جان سے بھی زیادہ قریب ہیں مگر تم جانتے نہیں ۔

الواقعہ آیت ۸۵

پس قُرب کو ہاتھ سے تشبیہہ دے کر دوگنا کر دیا کیونکہ ہاتھ بالشت سے دُوگنا ہوتا ہے ۔ یعنی اُس کا فرمان ہے مِنّی اور یہ قرب ہے پھر اُس کی طرف بالشت کی قربت ہے تو تجھ پر ظاہر ہوگا کہ تُو نے اُس کی طرف قُربت حاصل نہیں کی مگر اُس کے ساتھ کیونکہ اگر وہ تجھے نہ بلاتا اور تیرے لئے قُربت کا راستہ بیان نہ کرتا اور راس میں تیری پیشانی کو اخذ نہ کرتا تو تیرے لئے ممکن نہ تھا کہ تو اُس راستے کو جان لیتا جس سے اُس کی قُربت حاصل ہُوئی ہے اور اگر جان بھی لیتا تو تیرے لئے طاقت اور قوّت نہ تھی مگر اس کے ساتھ

چُونکہ تقرب سُلوک اور اُس کی طرف سفر کے ساتھ حاصل ہوتا ہے اِس لئے نُور کی صِفت میں سے ہے کہ اُس کے ساتھ راستہ دیکھا جا سکے جیسا کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے !

وَهُوَ الَّذِىْ جَعَلَ لَكُمُ النُّجُوْمَ لِتَهْتَدُوْا بِهَا فِىْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ — وہی ہے جس نے تمہارے لئے ستارے بنائے تاکہ تم اُن سے خُشکی اور تری کی اندھیریوں میں راستہ پاؤ

الانعام آیت ۹۷

بَر یعنی خشکی کا سُلوک ظاہری ہے جو اعمال بدنیہ کے ساتھ تعلق رکھتا اور بحر یعنی تری کا سلوک باطنی معنوی ہے جس کا تعلق اعمالِ نفسیہ سے ہے ۔

یہ معارف اکتسابی ہیں

اِس باب کے اصحاب کے معارف وہبی نہیں اکتسابی ہیں اور اُن کا کھانا

اُن کے قدموں کے نیچے ہے یعنی اُن کے لئے اُن کے کسب سے حاصل ہوتا ہے اور اس کے اصُول میں ان کا اجتہاد ہے اور اگر اُن کے لئے حق تعالیٰ کا ارادہ نہ ہوتا تو انہیں توفیق نہ ہوتی اور نہ وہ عمل کر سکتے جب انھیں معنیٰ کے ساتھ دُور ہٹایا اور انہیں امر کے ساتھ بلایا تو اُنہیں اُس اسباب کے استعمال سے جسے انھوں نے حضرتِ قرب سے وصُول کا طریق مقرر کیا اُس کے وصول سے محرُوم کر دیا۔ اور اس کے لئے انھیں بشارت دیتے ہُوئے فرمایا! "مَن فَقَدَ لَوبَتُہُ وِصَالِکُ"

نماز میں منزلیں ہیں

اُن کے لئے عنایت سبقت لے گئی تو وہ چلنے لگے اور یہ وہ لوگ ہیں جنہیں اللہ تبارک و تعالیٰ نے نماز میں جوتے پہنے کا حکم دیا ہے کیونکہ بیٹھنے والا جوتا نہیں پہنتا اور بے شک یہ چلنے والے کے لئے بنایا گیا ہے۔ اس میں دلیل یہ ہے کہ نماز پڑھنے والا اپنی نماز میں اور اُن آیات میں اپنے پروردگار کی مناجات میں جس میں وُہ منزل منزل مناجات کرتا ہے ہر آیت منزل اور حال ہے اور اُن کے لئے فرمایا!

یَا بَنِیْ آدَمَ خُذُوا زِینَتَکُمْ عِندَ کُلِّ مَسْجِدٍ — اے اولادِ آدم ہر نماز کے وقت خود کو آراستہ کرو۔

ایک صحابی فرماتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہُوئی تو ہمیں جوتوں سمیت نماز پڑھنے کا حکم ہُوا تو یہ نماز پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے خبردار کیا گیا ہے کہ وہ اپنی نماز میں قرآن مجید کی سُورتوں سے جو تلاوت کرتا ہے منزلوں کی طرف چلتا ہے کیونکہ لُغت میں ان سُورتوں کا نام منازل ہے نابغہ نے کہا ہے!

الم تر أن الله أعطاك سورة
ترى كل ملك دونها يتذبذب

حضرت مُوسیٰ کا نعلین اُتارنا

سُورت سے مُراد منزلت ہے ۔ اور حضرت مُوسیٰ علیہ السّلام کو فرمایا! "اُخلَعَ نعلیکَ" یعنی اپنی نعلین اتار دیں آپ اپنی منزل کو پہنچ گئے ہیں اللہ تبارک وتعالیٰ نے اُن سے بغیر واسطہ کے اور بغیر ترجمان کے کلام فرمایا اس لئے ہمارے لئے اس تعریف میں مصدر کے ساتھ تاکید فرمائی پس اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا!

وکلم اللّٰہ مُوسیٰ تکلیما — اور اللہ نے مُوسیٰؑ سے غور کلام کیا۔

النّسا آیت ۱۶۴

اور جو منزل تک پہنچ جاتا ہے وہ نعلین اُتار دیتا ہے ۔ تو ظاہر ہو جاتا ہے کہ جُوتے سمیت نمازی کا کیا مرتبہ ہے اور یہ بھی ظاہر ہو جاتا ہے کہ نماز میں مناجات کے کیا معنی ہیں ۔ اور یہ اُس کلام کے معنی نہیں جو حضرت مُوسیٰ علیہ السّلام کو حاصل ہوئے کیونکہ نمازی کے حق میں فرمایا کہ وہ مناجات کرتا ہے اور مناجات دو فاعلوں کا فعل ہے تو نعلین پہننا ضروری ہوا کہ نمازی دو حقیقتوں کے درمیان متردد ہوتا ہے اور تردد دو عملوں کے درمیان چلنے والے کو دونوں کے درمیان نعلین پہننے کے لفظ کے ساتھ معنی کے ساتھ دلالت کرتا ہے۔

نماز کی تقسیم

اس پر اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد دلالت کرتا ہے ۔ جس کی ترجمانی حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کرتے ہوئے فرمایا !

قَسَمتُ الصَّلوٰۃَ بَینِی وَبَینَ عَبدِی نِصفَینِ فَنِصفُھَا لِی وَنِصفُھَا لِعَبدِی — میں نے نماز کو اپنے اور اپنے بندے کے درمیان تقسیم کیا ہے پس نصف میرے لئے اور نصف میرے بندے کے لئے ۔

الحدیث

پھر فرمایا! بندہ کہتا ہے الحمدللہ رب العلمین تو الحمد للہ رب العلمین کے قول میں اُس کا وصف اُس کی ذات کے ساتھ ہے جیسے اُس کا خالق اور مناجات کرنے والا دونوں سُنتے ہیں۔

پھر بندہ اپنے قول کی منزل سے اپنی سماعت کی منزل کی طرف چلتا ہے تاکہ اس قول پر اللہ تعالیٰ کے جواب کو سُنے اور یہی وہ سفر ہے۔ پس اس لئے وہ نعلین پہنتا ہے تاکہ دونوں جوتوں کے ساتھ اُس راستے پر چلے جو ان دونوں منزلوں کے درمیان ہے۔

نماز میں منزلیں طے کرنا

چنانچہ جب وہ اپنی سمع کی منزل کی طرف آغازِ سفر کرتا ہے تو حق تعالیٰ اُس کی بات سُن کر اُس کے لئے فرماتا ہے۔ میرے بندے نے میری تعریف کی ہے پس وہ سمع کی منزل سے اپنے قول کی طرف روانہ ہوتا ہے تو کہتا ہے الرحمٰن الرحیم، جب فارغ ہوتا ہے تو وہ سمع کی منزل کی طرف روانہ ہوتا ہے جب وہ اس منزل پر اُترتا ہے تو اللہ تبارک و تعالیٰ اُس کی بات سُن کر اُس کے لئے فرماتا ہے میرے بندے نے مجھ پر میری ثنا کہی، تو ہمیشہ وہ اپنی مناجات میں قول سے تردد کرتا رہتا ہے۔

پھر اُس کے لئے نماز میں حالتِ قیام سے دوسری روانگی اُس کے رکوع کی حالت کی طرف ہے۔ تو صفتِ قیومیہ سے صفتِ عظمت کی طرف روانگی ہوتی ہے تو کہتا ہے۔

سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ — پاک ہے میرا پروردگار عظمت والا اور اُس کی حمد ہے۔

پھر اُٹھتا ہے تو یہ مقامِ تعظیم سے مقامِ نیابت کی طرف روانگی ہے تو کہتا ہے "سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ" یعنی اللّٰہ تعالیٰ سنتا ہے جو اُس کی حمد کرتا ہے۔

حضورِ رسالتمآب صلی اللّٰہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا ہے! کہ اللّٰہ تبارک وتعالےٰ اپنے بندے کی زبان پر فرماتا ہے "سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ" تو کہو رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ" یعنی اے ہمارے رب تیرے لئے حمد ہے" چنانچہ اسی لئے ہم نے رکوع سے سر اٹھانے کو حق کی طرف سے نیابت اور قیومت کی طرف رجوع کرنا مقرر کیا ہے۔

جب سجدہ کرتا ہے تو رفعتِ الٰہیہ میں عظمت مندرج ہو جاتی ہے۔ تو سجدہ کرنے والا کہتا ہے سبحانہٗ رَبِّیَ الْاَعْلٰی وَبِحَمْدِہٖ - کیونکہ سجود بلندی کی نقیض ہے جب سجدہ کرنے والا اللّٰہ تعالیٰ کے لئے بلندی کو خالص کر لیتا ہے تو پھر سجدے میں سر اُٹھا لیتا ہے اور سیدھا ہو کر بیٹھ جاتا ہے۔ اور وہ اللّٰہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے۔

اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى — رحمٰن نے عرش پر غلبہ فرمایا۔

طٰہٰ آیت ۵

پس بندہ کہتا ہے۔

رَبِّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاھْدِنِیْ وَارْزُقْنِیْ وَاجْبُرْنِیْ وَعَافِنِیْ وَاعْفُ عَنِّیْ۔

اے رب مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما اور مجھے راستہ دکھا اور مجھے رزق عطا فرما اور مجھے اجر عطا فرما اور مجھے عافیت عطا فرما اور مجھ سے درگزر فرما۔

نماز میں نعلین کیوں نہیں پہنتے؟

تو نماز میں یہ تمام فعل منزلیں اور چشمے ہیں وہ یعنی نمازی ایک حال سے دوسرے

حال کی طرف سفر کرتا ہے تو جس کا حال دائمی سفر ہے۔ اُسے کیسے نہ کہا جائے کہ وہ نعلین پہن لے یعنی اپنی سیر میں کتاب و سنت سے استعانت چاہو اور یہ ہر نماز کی زینت ہے۔

کیونکہ نماز کے احوال اور جو اس میں اللہ تبارک و تعالیٰ کے کلام سے طاری ہوتا ہے۔ اور جو اس میں غوامض و دقیق آیات میں شُبہ سے تلاوت کیا جاتا اور جو اس میں تعرّض ہوتا ہے یہ اُس سے ہے۔

نعلین کیا ہے؟

انسان نماز میں ہو تو اللہ تبارک و تعالیٰ کو با قبلہ مقرر کرتا ہے تو اسے پا لیتا ہے تو یہ سب کچھ بمنزلہ راستے کے کانٹوں اور خس و خاشاک کے ہے اور بالخصوص راستہ تکلیف دہ ہے۔ اس لئے نعلین پہنے کا حکم ہوا تاکہ دونوں پاؤں کے ساتھ اُس اذیت سے محفوظ رہے جس کا ہم نے ذکر کیا سالک کے دونوں پاؤں اُسکے ظاہر اور باطن سے عبارت ہیں لہٰذا ہم نے دونوں کو قرآن سنت قرار دیا ہے۔

حضرت موسیٰ نے نعلین کیوں اتارے؟

رہے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی نعلین تو وہ دونوں یہ ہیں کیونکہ اُن کے لئے اُن کے رب نے فرمایا!

اخلع نعلیک انک بالوادی المقدس — آپ جوتے اتار لیں بے شک آپ پاک وادی میں ہیں۔

ہم سے روایت بیان کی گئی ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے نعلین مردار گدھے کے چمڑے سے بنے ہوئے تھے تو ان میں تین اسماء جمع تھیں۔

ایک یہ کہ وہ بہرہ تھا اور وہ ظاہر امر تھا یعنی آپ ہر احوال میں ظاہر کے ساتھ نہ ٹھہرا۔

دوسری یہ گدھے کی طرف بلادت و حماقت منسوب ہے۔

تیسری یہ کہ وہ مرا ہوا اور ناپاک تھا اور موت جہل ہے۔ جب تو مرا ہوا ہو گا تو اُس کا شعور نہ کر سکے گا جو لوٹے گا اور جو تجھ سے کہا جائے گا۔

اور مناجات کرنے والا لازماً اس صفت کے ساتھ ہوتا ہے کہ جو وہ کہے اور اُس سے کہا جائے اُس کا شعور رکھتا ہو کلام کے مواقع کے ساتھ زندہ دل و ذہین اور اُن معانی میں غوطہ لگانے والا ہو اور جس کے ساتھ مناجات کر رہا ہے، اُس کے ساتھ قصیدہ کو جانتا ہو پس جب نماز سے فارغ ہو تو حاضرین کو سلام کہے وہ سلام جو اپنے رب کے پاس سے اپنی قوم کے پاس تحفہ لے کر آیا تھا۔

ہم نے آپ کو نماز میں ظاہر امر میں نعلین پہننے کی مراد بتا دی ہے اور اُس مراد سے بھی آگاہ کر دیا ہے جو راہِ خدا پر چلنے والے عارفوں کے نزدیک ہے

نماز نُور ہے

حضور رسالتمآب صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کا ارشاد ہے کہ صلواۃ نُور ہے تو یہ لوگ محمدی موسوی ہیں انہیں نُور کی زبان کے ساتھ بید کے درخت سے منسوب کیا جاتا ہے جو مصباح یعنی چراغ کے مشابہ ہوتا ہے وہ نُور ظاہر ہے جسے تاثیرِ جہات سے منزہ خطِ اعتدال میں زیتون کے مبارک درخت کے تیل میں نور باطن امداد دیتا ہے۔

تیل چراغ کا مددگار ہے

جیسا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لئے درخت سے کلام ہُوا تھا تو وہ نُورٌ علیٰ نُور ہے یعنی نُورٌ مِن نُور تو مِن کا لفظ علیٰ سے بدل گیا جیسے قرینۂ حال کے

ساتھ سمجھا جا سکتا ہے اور کبھی علی اُس کے دروازے پر ہوتا ہے کیونکہ چراغ کی روشنی ظاہر میں حسّی طور پر تیل کی روشنی پر بلند ہوتی ہے۔ اور باطنی طور پر تیل چراغ کی امداد کرتا ہے۔

اگر تیل کی رطوبت چراغ کی مددگار نہ ہو تو چراغ کو یہ دوام حاصل نہ ہو ایسے ہی علم کو تقوے کی امداد حاصل ہوتی ہے جس سے اللہ تبارک و تعالیٰ کے ان ارشادات میں ہے۔

وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۖ وَيُعَلِّمُكُمُ اللّٰهُ — اور اللہ سے ڈرو اور اللہ تمہیں سکھاتا ہے

البقرہ آیت ۲۸۲

اِنْ تَتَّقُوا اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّكُمْ فُرْقَانًا — اگر تم اللہ سے ڈرتے رہے تو تمہارے لئے فرقان مقرر کر دے گا

الانفال آیت ۲۹

اس کے قطبوں کے راز

یہ علمِ الٰہی قطع نہیں ہوتا کیس تیل کی روشنی تیل میں پوشیدہ ہے جو اس میں محمول ہے اور اس سے چراغ کے نور کی بقاء کے لئے رقائقِ غائب سے رقیقہ میں لطیف معنی کا سریان ہے۔

اس مقام کے قطبوں کے لئے بہت سے راز و اسرار ہیں جن میں سے سرِ امداد سرِ نکاح، سرِ اعتصار، سرِ غیرت، اور سرِ عنین ہے اور عنین وہ ہے جو نکاح کے ساتھ قائم نہ ہو سکے اور سرِ دائرۂ زمہریر، اور سراب میں سرِ وجودِ حق، سرِ حجاباتِ الٰہیہ پرندوں اور حیوانات کے نطق کا راز، سرِ بلوغت اور سرِ صدیقین۔

"واللہ یقول الحق وھو یھدی السبیل"

الحمدللہ ستائیسویں باب کا ترجمہ تمام ہوا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اٹھائیسواں باب

اَلَم تر کَیفَ کے اقطاب کی معرفت کا بیان

العلم بالكيف مجهول ومعلوم — لكنه بوجود الحق موسوم
فظاهر الكون تكييف وباطنه — علم يشار اليه فهو مكتوم
من أعجب الامر أن الجهل من صفتي — بما لنا فهو في التحقيق معلوم
وكيف أدركه من بالعجز أدركه — وكيف أجهله والجهل معدوم
قد حرت فيه وفي أمري ولست أنا — سواه فالخلق ظلام ومظلوم
ان قلت اني يقول الان منه أنا — أو قلت انك قال الان مفهوم
فالحمد لله لا أبغي به بدلا — وانما الرزق بالتقدير مقسوم

علمِ کیف کے ساتھ مجہول و معلوم ہے لیکن وہ وجودِ حق کے ساتھ موسوم ہے
کائنات کا ظاہر کیف اور اس کا باطن علم ہے۔ اس کی طرف وہ اشارہ کیا جاتا ہے
جو چھپا ہوا ہے۔

تعجب خیز امر ہے کہ جہل میری وہ صفت ہے جسے ہم نہیں جانتے اور وہ تحقق میں
معلوم ہے۔

میں اس کا ادراک کیسے کروں جس کا ادراک عجز سے ہوتا ہے اور اس کا علم
کیسے نہ حاصل کروں جب کہ جہل معدوم ہے۔

یقیناً میں اس میں اور اپنے امر میں متحیر ہوں اور میں اس کے سوا نہیں ہوں
پس مخلوق تاریکیاں اور ظلمتیں ہیں۔

اگر میں کہتا ہوں انی یعنی میں ہوں تو وہ کہتا ہے کہ میں اس وقت اس سے ہوں

یا میں کہوں انکَ یعنی تُو ہے تو فرمایا اس وقت مفہوم ہے۔

پس الحمدللہ میں نے اس کے بدلہ کے ساتھ تجاوز نہیں کیا اور بے شک رزق تقدیر کے ساتھ مقسوم ہے۔

اللہ تعالیٰ سے کیسے سوال کریں ؟

جاننا چاہیئے کہ اُمہات مطالب چار ہیں اور ان میں سے ھَل وجود سے سوال ہے اور مَا اُس حقیقت سے سوال ہے جس سے ماہیت کو تعبیر کیا جاتا ہے اور کَیف حال سے سوال ہے اور لِم علیت اور سبب سے سوال ہے۔ اور اس میں لوگوں کا اختلاف ہے۔ کہ ان میں سے کون سا امر درست ہے جس کے ساتھ حق تعالیٰ سے سوال کیا جائے تو کلمہ ھَل پر انھوں نے اتفاق کیا ہے کیونکہ اس کے ساتھ حق تعالیٰ سے سوال کا تصور کیا جا سکتا ہے۔

ان میں سے جو باقی اُمہات مطالب ہیں اُن میں اختلاف کرتے ہیں چنانچہ اُن میں سے بعض لوگ منع کرتے ہیں اور بعض لوگ جائز کہتے ہیں اور ان میں سے جو منع کرتا ہے وہ فلسفی ہے۔ اور ایک گروہ سے ایک جماعت نے اسے عقلاً منع کیا ہے۔ اور ایک جماعت نے اسے شرعاً منع کیا ہے۔

خُدا مرکب نہیں

رہی اُن کی عقلاً منع کرنے کی صورت ؟ تو یہ مَا کے مطلب میں کہتے ہیں کہ وہ ماہیت سے سوال کرتا ہے۔ تو وہ سوال حد سے ہے۔ اور حق سبحانہ تعالیٰ لامحدود ہے۔ کیونکہ حد جنس اور فصل سے مرکب ہے۔

اور یہ امر حق تعالیٰ کے حق میں منع ہے کیونکہ اُس کی ذات اُس امر سے غیر مرکب

ہے ۔ جس میں اشتراک واقع ہو جب کہ اُس کے ساتھ شراکت جنس میں ہوگی اور اس امر میں امتیاز واقع ہے اور وہاں اللہ تبارک وتعالیٰ اور مخلوق ہے جب کہ اللہ تبارک وتعالیٰ اور عالم کے درمیان اور صانع اور مصنوع کے درمیان نہ مناسبت ہے نہ مشارکت ہے نہ جنس ہے اور نہ فصل ہے ۔

جو شخص عقلاً جائز اور شرعاً منع کرتا ہے اُس کا کہنا ہے کہ میں یہ نہیں کہتا کہ حد جنس اور فصل سے مرکب ہے ۔ بلکہ میں کہتا ہوں کہ اُس امر کے ساتھ سوال کرنا ہے جس سے اُس کی اُس حقیقت کے ساتھ سوال کیا جائے جس کا علم طلب کیا جاتا ہے ۔ اور لازماً ہر معلوم یا مذکور کے لیے حقیقت ہے جو فی نفسہٖ کے لئے اُس پر برابر ہے ۔ خواہ اُس کے لئے اُس حقیقت پر اس میں اشتراک واقع ہو یا حقیقت پر اُس کے لئے اُس میں اشتراک واقع نہ ہو ۔

پس سوال اُس سے ہے جس کے ساتھ متصوّر ہو ۔ لیکن شریعت اِس کے ساتھ وارد نہیں پس ہم نے اِس کے ساتھ اللہ تبارک وتعالیٰ سے سوال کرنا منع کیا ہے اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ یعنی اُس کی مثل کوئی چیز نہیں ۔

کیفیت کے ساتھ سوال

رہا اُن کا کیفیت کے متعلق سوال کرنے سے منع کرنا ؟ تو یہ سوال کیف کے ساتھ ہے ۔ اور اِس میں بھی وہ لوگ دو قسموں میں تقسیم ہو گئے ہیں ۔

چنانچہ ان میں سے ایک گروہ ہے جو کہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ سبحانہٗ کیلئے کیفیت نہیں کیونکہ حال امرِ معقول اُس کی ذات ہونے پر زائد ہے اور جب امر وجودی اُس کی ذات کے ساتھ قائم ہوگا تو دو ازلی ذاتوں کے لئے واجب الوجود کے

دخود کا مطالبہ کرے گا۔ جب یہ اس محال پر دلیل قائم ہو چکی ہے۔ کیونکہ اس کے علاوہ اپنی ذات کے لئے کوئی واجب نہیں۔

تو کیفیت عقلاً محال ہے۔

اور جو کہتا ہے کہ اس کے لئے کیفیت ہے۔ ولیکن میں اسے نہیں جانتا تو یہ شرعاً ممنوع ہے نہ کہ عقلاً کیونکہ ہمارے نزدیک کیفیات معقولہ سے خارج ہے پس اُسے نہیں جانتے اور بے شک فرمایا! لَیْسَ کَمِثْلِهٖ شَیْئٌ" یعنی ہر اُس اَمر میں جو اُس کی طرف منسوب ہے اور جسے اُس نے اپنی ذات کی طرف منسوب کیا ہے کہا کہ وہ اُس اَمر پر ہے جیسے حق تعالیٰ کی طرف منسوب کیا جاتا ہے۔ اگر لفظ میں اشتراک واقع ہو تو معنی مختلف ہیں۔

لفظِ لِمَ کے ساتھ سوال کرنا۔

رہا لِمَ کے ساتھ سوال؟ تو یہ بھی ممنوع ہے۔ کیونکہ اللہ تبارک وتعالیٰ کے افعال کے لئے علتیں نہیں اس لئے کہ علت فعل کا موجب ہوتی ہے۔ تو حق تبارک وتعالیٰ موجب کے تحت داخل ہوگا۔ اور اس کی ذات پر یہ فعل زائد واجب ہوگا اور اس کے علاوہ دوسروں نے ابطال کیا ہے۔ کہ لِمَ یعنی کیوں کا اطلاق شرعاً اس کے فعل پر نہیں ہوتا۔

اس کے ساتھ کہا کہ اُس کی طرف وہ اَمر منسوب نہ کرو جو اُس نے اپنی ذات کی طرف خود منسوب نہیں کیا۔

تو میرا یہ قول کہ یہ عمل شرعاً نہیں اور جو ہم نے اس کے شرعاً منع ہونے پر سبب ذکر کیا ہے۔ اس کی نہی اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف سے وارد ہو چکی ہے اور یہ تمام کلام مدخول ہے اس سے صحت وفساد کے ساتھ تخلیص یعنی خلاصی واقع نہیں ہوتی

مگر عظیم طوالت کے بعد اور یہ وہ طریقہ ہے جس کا ذکر ہم نے منع سے کیا ہے۔

جن علماء نے جائز کہا

رہا! علماء کا ان مطالب کے ساتھ اس سے حق تعالیٰ کے متعلق سوال کو جائز کہنا تو یہ علماء اہلِ شریعت ہیں اور ان میں سے ان کی اجازت کا سبب اس لئے ہے کہ یہ کہتے ہیں شریعت نے ہمیں جس چیز سے روکا ہے ہم اُس سے رک گئے ہیں اور ہم پر اس میں غور و خوض واجب نہیں اور جس امر میں منع نہیں کیا گیا اور نہ ہی وہ واجب ہے تو وہ معاف ہے۔ اگر ہم چاہیں تو اُس میں کلام کریں اور اگر نہ چاہیں اُس سے خاموش رہیں۔ اور اُس سبحانہٗ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زبان پر فرعون کو اُس کے سوال سے منع نہیں کیا جو اُس نے کیا تھا کہ "وَمَا رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ"، یعنی رب العلمین کیا ہے؟ بلکہ جنابِ الٰہی سے اُس کے لائق جواب دیا۔

اگر سوال کے مطابق جواب واقع نہیں ہوا تو یہ اصطلاح قائم کرنے والے کی اصطلاح کو لازم ہے۔ کہ وہ اس کے ساتھ ماہیتِ مرکبہ کے علاوہ سوال نہیں کر سکتا۔

اور اصطلاح اس جواب پر ہے کہ اُس شخص کے لئے اس کے ساتھ جواب نہیں ہو گا جو مَا کے ساتھ سوال کرتا ہے۔ اور یہ اصطلاح مخالفت کرنے والے کو لازم نہیں تو اس صیغہ کے ساتھ اس سوال کا اطلاق اُس پر منع نہیں کیونکہ الفاظ اپنی ذات کے لئے مطلوب نہیں اور یہ اس لئے مطلوب ہوتے ہیں کہ اُن معانی پر دلالت کریں جو اُن کے لئے وضع ہوتے ہیں۔ کیونکہ وہ وضع کے حکم کے ساتھ ہیں اور جو الفاظ ہر طائفہ نے مَا کے مقابلہ میں وضع کئے ہیں دوسرے طائفہ نے وہ وضع نہیں کئے پس یہ اختلاف عبارت میں ہو گا۔ نہ کہ حقیقت میں اور خلاف کا اعتبار نہیں مگر معانی میں

کیفیت میں اجازت دینے والے

رہا یہ امر کہ انھوں نے" اللہ تبارک وتعالیٰ" کی کیفیت میں اجازت دی ہے تو اُن کی یہ اجازت ما کے ساتھ سوال کرنے کی مثل ہے۔ اور وہ اس میں اللہ تبارک وتعالیٰ کے اس ارشاد سے حجت پکڑتے ہیں۔

سَنَفْرُغُ لَكُمْ اَيُّهَ الثَّقَلٰنِ ۚ
الرحمٰن آیت ۳۱

اے جنوں اور انسانوں ہم عنقریب تمہیں فارغ کر دیں گے۔

حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے اللہ تعالیٰ کی آنکھ ہے اور آنکھیں ہیں۔ اور ہاتھ ہے اور اس کے ہاتھ میں میزان ہے جسے نیچے اُوپر کرتا ہے اور یہ تمام کیفیات ہیں اگرچہ اس میں عدم شبہ کے لئے غیر معروف ہیں۔

لِمَ کے ساتھ اجازتِ سوال دینے والے

رہا اُن کا لِمَ کے ساتھ سوال کی اجازت دینا؟ تو یہ سوال علت سے ہے اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ ۝

تو لیعبدون کا لام علت اور سبب ہے۔ کیونکہ اس میں اُس کے سوال کا جواب ہے جو کہے" لِمَ خَلَقَ اللّٰہُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ" یعنی اللہ تبارک وتعالیٰ نے جنوں اور انسانوں کو کیوں پیدا کیا؟ تو اللہ تبارک وتعالیٰ نے اس سائل کے لئے فرمایا" لِيَعْبُدُوْنَ، یعنی میری عبادت کریں۔

پس جو مُتّقی ان عبارات کے اطلاق میں منع کرتا ہے۔ تو اُس پر دلیل کے ساتھ

بات کرنا واجب ہے۔ چنانچہ تمام مشترع جائز کہنے والوں اور منع کرنے والوں کو کہا جائے گا۔ آپ نے جو سب کچھ کہا ہے وہ صحت کو نہیں پہنچا اور آپ نے منع اور جواز میں جو چیز بیان کی ہے اس میں تمہارا اپنا دخل ہے باوجود اس کے کہ آپ مشترع ہیں آپ کو منع یا جواز میں توقف بہتر تھا۔

غیر شرع لوگوں کا باعث کرنا

یہ حکماء سے غیر شرع لوگ تو اُن کے ساتھ اس میں غور و خوض کرنا جائز نہیں۔ ہاں! اگر شریعت میں یہ مباح ہو یا اُسے واجب کہا گیا ہو تو غور کر سکتے ہیں اور اگر شارع علیہ السلام اِس میں غور و خوض کے متعلق وارد نہیں ہُوا تو اس میں اُن کے ساتھ بحث و تحیص میں کوئی راستہ نہیں۔ پس اِس کے متعلق حکم میں توقف کیا جائے اور اس میں خوض اور بحث کرنے والے کے حق میں نہ صحیح کا حکم دیا جائے گا نہ وہ غلطی پر ہے۔ ایسے ہی اُس کے حق میں ہے جس نے بحث چھوڑ دی ہے۔ کیونکہ شریعت کے سلاوہ حکم نہیں اس کے جواز میں لفظ کہا جائے یا نہ کہا جائے، یہ اطاعت ہو گی یا نافرمانی

خدا تعالیٰ سے مشابہت نہیں ہو سکتی

اے دوست ہم نے آپ کے لئے ان مطالب میں لوگوں کے مآخذ تفصیل سے بیان کر دیئے ہیں۔

رہا اس میں نفع بخش علم! تو اس میں میں یہ کہوں گا کہ جیسے اللہ تعالیٰ سبحانہٗ کی کسی چیز سے مشابہت نہیں ایسے ہی اشیاء میں مشابہت نہیں اور معنی کے طریق سے تشبیہہ کی نفی اور تنزیہہ کے اثبات پر عقلی اور شرعی دلیل قائم ہو چکی ہے اور کوئی اَمر باقی نہیں مگر اللہ تبارک و تعالیٰ پر اُس لفظ کے اطلاق میں جس کا اُس پر اطلاق

ہمارے لئے قرآن مجید یا اُ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبان پر مباح قرار دیا جا چکا ہے۔

رہا اُس پر اس کا اطلاق! تو یہ اُس اَمر سے خالی نہیں کہ اس اطلاق کے ساتھ وہ عبد مامور ہوگا تو اس کا یہ اطلاق کرنا اطاعت اور فرض ہے اور یہ لفظ کہنے والا ماجور و مطیع ہوگا۔

اس کی مثل تکبیرِ تحریمہ میں اللہ اکبر کہنا اور یہ لفظ اُس کا وزن ہے جو مفاضلت کا اقتضا کرتا ہے۔ اور وہ سبحانہ تعالیٰ مفاضل نہیں ہے یعنی تفضیل میں اُس کے مقابلہ میں اور کوئی موجود ہی نہیں کیونکہ اکبر اصغر کے مقابلہ میں ہوتا ہے؛

رہا اختیار دیا جا تو یہ لفظ کہنے والے کے حسب قصد اور اس میں اللہ تبارک و تعالیٰ کے حسبِ حکم ہوگا۔" اور جب ہم اس کا اطلاق کریں گے تو انسان اس امر سے خالی نہ ہوگا کہ اس کا اطلاق کرے اور اس اطلاق میں اُس کی ذات اس کے اُس معنیٰ و مفہوم کے ساتھ ہو جو اُس سے وضع میں اس زبان کے ساتھ ہیں۔

شرعی حکم سے اطلاق کیسے ہوگا؟

یا اس کا اطلاق نہیں کرے گا مگر شرعی حکم سے اس میں جو اللہ تبارک و تعالیٰ کی مراد ہے اُس تصورِ معنیٰ کے بغیر ہے جو اس زبان میں اُس کے لئے وضع کیا گیا ہے۔ جیسا کہ اہلِ فارسی جو عربی زبان کو نہیں جانتا اور وہ تلاوتِ قرآن پاک کرتا ہے۔ اور اُس کے معنے کو نہیں جانتا تو اُس کے لئے تلاوت کا اجر ہے۔

ایسے ہی عرب کا رہنے والا قرآن و سنت سے اُس لفظ کے مشابہہ کی تلاوت کرتا ہے "جس کا معنیٰ دوسرا ہے۔" یا اُن کے ا تو اپنے رب کا ذکر للہ تعالیٰ کی اُس مراد پر کرتا ہے جس میں وہ اپنی کسی مخصوص کردہ ذات کی طرف میلان نہیں۔

کرنا۔

کیونکہ تنزیہہ اور نفی تشبیہ اُس سے طلب کرتی ہیں کہ ان آیات کی تلاوت کے وقت اُس کے وہم کے ساتھ توقف ہو۔

خُدا کی طرف لَوٹا دو

بندے کے حق میں بہتری اور سلامتی یہی ہے کہ وہ ان الفاظ کا اطلاق اللہ تبارک وتعالیٰ کی اُس کی اپنی مراد کی طرف لوٹاتا ہے مگر یہ کہ اللہ تبارک وتعالیٰ اُسے اِس پر مطلع فرمادے۔

ان الفاظ کی مراد کیا ہے؟ اِس سے نبی، ولی، مُحدّث یا مُلہم جانتا ہے، جو اِس میں اُس کے رَب کی طرف سے اُس پر ظاہر ہُوا یا الہام ہُوا یا کلام کیا گیا تو یہ اُس کے لئے مُباح بلکہ اُس پر واجب ہے۔ کہ اُس مفہوم کا اعتقاد رکھے۔ جو اُسے الہام کیا گیا یا گفتگو میں بتایا گیا۔

آیات متشابہات آزمائش ہیں

جاننا چاہیئے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف سے آیات متشابہات کا نزول بندوں کی آزمائش کے لئے ہوا ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ سبحانہ نے اپنے بندوں کی نصیحت کے متعلق خبر پہنچائی ہے۔ اور انہیں متشابہات کے حکم کے ساتھ اتباع کرنے سے منع فرمایا یعنی وہ اس پر کسی چیز کے ساتھ حکم نہ دیں کیونکہ اللہ تبارک وتعالیٰ کے سوا ان کی تاویل کو کوئی نہیں جانتا ہاں اگر علمائے راسخین کو ان کا علم ہے تو وہ اللہ تبارک کے اعلام سے ہے نہ کہ اُن کے فکر واجتہاد سے" اِس لئے کہ یہ بہت بڑا اَمر ہے جس کا مُستقل ادراک بغیر اخبارِ الٰہی کے معقول نہیں

کر سکتے۔ پس تسلیم کر لینا بہتر ہے۔ اور تمام تعریفیں اللہ رب العلمین کے لئے ہیں۔

الم تر کیف میں کیفیت

رہا ارشادِ خداوندی اَلَمْ تَرَ کَیْفَ ؟ تو نظر کا اطلاق کیفیات پر ہے اس لئے کہ اس کے ساتھ بدیہی مراد مکیفات ہے۔ تکییف نہیں کیونکہ تکییف اُس حالتِ معقولہ کی طرف راجع ہے جس کی نسبت مکیف کی طرف ہے اور وہ یعنی مکیف اللہ تبارک وتعالیٰ کی ذاتِ اقدس ہے۔ اور اشیاء کی ایجاد کے وقت اِن کے ساتھ قدرتِ الٰہیہ کے تعلق کا کوئی شاہد نہیں اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے!

مَا اَشْهَدْتُّهُمْ خَلْقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ — میں نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کرتے وقت انہیں گواہ نہیں بنایا۔

الکہف آیت ۵۱

پس کیفیاتِ مذکورہ وہ ہیں جن کی طرف ہمیں نظر کرنے کے ساتھ امر ہوا ہے نہ کہ اُن کیفیتوں میں گفتگو کرنے کا اور یہ اس لئے ہے کہ تاکہ ہم اِس سے عبرت پکڑیں اور ان کے لئے دلالت ان کی کیف سے ہے یعنی اِن میں کیفیات موجود موجود ہے۔ اور یہ وہ ہیئتیں ہیں جن پر مخلوقات مکیفات ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے۔

اَفَلَا یَنْظُرُوْنَ اِلَى الْاِبِلِ كَيْفَ خُلِقَتْ — کیا وہ اُونٹ کی طرف نہیں دیکھتے کہ کیسے پیدا کیا گیا ہے۔

الغاشیہ آیت ۱۷

وَاِلَى الْجِبَالِ كَيْفَ نُصِبَتْ — اور وہ پہاڑوں کی طرف نہیں دیکھتے کہ کیسے نصب کئے گئے ہیں

الغاشیہ آیت ۱۹

اور اِس کے علاوہ بھی فرمایا ہے اور اُن کی موجودگی کے بغیر اُن کا دیکھنا درست نہیں پس اس کی طرف دیکھیں کہ ان کی ہیئتوں کا اختلاف کیسے ہے۔

اور اگر کیف کے ساتھ حالتِ ایجاد مراد ہے تو یہ نہیں فرمایا کہ اس کی طرف دیکھیں کیونکہ وہ موجود نہیں۔

معلوم یہ ہوا

پس ہم نے جان لیا کہ کیفِ مطلوب رویت اشیاء کے منافی ہے اور یہ وہ نہیں جس کا اس کے ساتھ وہم ہوتا ہے جس کا اُسے علم نہیں۔

کیا آپ نے دیکھا کہ اللہ سبحانہٗ تعالیٰ کی مراد جب نظر سے فکر ہوتی ہے تو اس کے قریب حرفِ فی کو کر دیتا ہے اور کیف کو اس لفظ کا ساتھی نہیں بنایا پس اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا۔

اَوَلَمْ یَنْظُرُوْا فِیْ مَلَکُوْتِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ — کیا انھوں نے آسمانوں اور زمین کی بادشاہی کو نہیں دیکھا

اعراف آیت ۱۸۵

اس میں ینظروا کے معنی یفکروا ہیں تو جان لیں کہ یہ اپنی ذات کے ساتھ قائم نہیں بلکہ اُسے دوسرے نے قائم کیا۔ اور یہ نظر ہے۔

اور اس سے اُس نظر کی مثل اعیان کا وجود لازم نہیں آتا جو پہلے بیان ہوئی۔

آنکھ سے نہیں فکر سے دیکھیں وہ مشابہ نہیں

انسان اپنی فکر کے ساتھ نظر کرنے کا مکلّف ہے نہ کہ اپنی آنکھ کے ساتھ ملکوت سے وہ جو غیب ہے اور وہ جو جانتے ہیں تو ہمیں حرفِ فی کے ساتھ ہرگز امر نہیں کیا گیا مگر مخلوقات میں نہ کہ اللہ تعالیٰ کے حق میں تاکہ اس پر اس کے ساتھ استدلال کریں کہ وہ مخلوق کے مشابہ نہیں۔ کیونکہ اگر وہ اس کے مشابہ ہوتا تو اس پر مشابہت کے لحاظ سے وہ امر جائز ہوتا جو مخلوق پر جائز ہے اور یہ

امر دو فسادوں میں سے ایک کی طرف لے جاتے گا۔

اوّل یہ کہ وہ جمیع وجوہ سے مخلوق کے ساتھ مشابہت رکھتا ہو اور یہ محال ہے اس کا ذکر ہم کر چکے ہیں۔ یا بعض وجوہ سے مشابہ ہوتا ہے اور بعض سے مشابہ نہ ہوتا ہو اس طرح اس کی ذات دو امروں سے مرکب ہوتی ہے اور حق تعالیٰ کی ذات میں ترکیب محال ہے پس تشبیہ محال ہے۔ اور جو کلام اس باب کے لائق ہے اس کو مجموعی طور پر ایک باب میں وارد کرنے میں معذوری ہے۔ اس لئے کہ کمزور افہام کے لئے اس میں دقائق کا سمجھنا دشوار ہے لیکن ہم نے اس کتاب کے ابواب میں اس مسئلہ کو بکھیر دیا ہے پس آپ اس کتاب کے ابواب میں اس باب کے پورے مجموعہ کو پڑھیں گے تو جان لیں کے بالخصوص جہاں آپ کے لئے اللہ تبارک وتعالیٰ کی تجلّی کا مسئلہ واقع ہو تو وہاں توقف کریں اور اس بات کو دیکھیں جو ہم نے آپ کے لئے اس باب کے لائق ذکر کی ہے تو اسے پالیں گے۔

قرآن مجید کیفیات سے بھرا ہوا ہے کیونکہ کیفیات احوال ہیں اور ان میں سے مکیف کے لئے احوال ذاتی بھی ہیں اور غیر ذاتی بھی۔ ان کا حکم مکیف کے حکم کے برابر ہے مکیف اپنی کیفیت میں مکیف سے استدعا کرے یا اپنی تکییف کے لئے مکیف سے استدعا نہ کرے بلکہ اس کی یعنی اللہ تبارک وتعالیٰ کی کیفیت عین اس کی ذات ہے اور اس کی ذات غیر کو طلب نہیں کرتی کیونکہ وہ اس کی ذات کے لئے ہے ایسے ہی یہ اس کی کیفیت ہے کیونکہ وہ اس کی عین ہے اور اس کی غیر نہیں اور نہ اس پر زائد ہے پس اس پر غور کریں اور اللہ تبارک وتعالیٰ حق کہتا ہے اور سیدھے راستے پر چلاتا ہے۔

الحمد للہ اٹھائیسویں باب کا ترجمہ تمام ہوا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اُنتیسواں باب

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے راز اور اہلِ بیت سے اُن کے الحاق کی معرفت میں اور اُن کے وارث ہونے والے اقطاب اور اُن کے اسرار کا بیان

العبد مرتبط بالرب لیس له — عنه انفصال یری فعلا وتقدیرا

والابن انزل منه فی العلی درجا — قد حرر الشرع فیه العلم تحریرا

فالابن ینظر فی أموال والده — اذ کان وارثه شحا وتقتیرا

والابن یطمع فی تحصیل رتبته — وان یراه مع الاموات مقبورا

والعبد قیمته من مال سیده — الیه یرجع مختارا ومجبورا

والعبد مقداره فی جاه سیده — فلا یزال بستر العز مستورا

الذل یصحبه فی نفسه أبدا — فلا یزال مع الانفاس مقهورا

والابن فی نفسه من أجل والده — عز فیطلب توقیرا وتعزیرا

عبد رب کے ساتھ مربوط ہے اُس کے لئے انفصال اور علیحدگی نہیں وہ فعل اور تقدیر میں دیکھتا ہے۔

بیٹا بلندی درجات میں باپ سے نیچے ہوتا ہے۔ شریعت نے اس علم میں تحریر رقم کی ہے۔

بیٹا اپنے باپ کے اموال میں دیکھتا ہے جب اُس کا وارث کنجوسی اور بخل سے کام لے۔

بیٹا باپ کے حصول کا لالچ کرتا ہے۔ اگرچہ اُسے قبر میں مُردوں کے ساتھ دیکھتا ہے۔

عَبد کی قیمت اُس کے آقا کے مال سے ہوتی ہے وہ مختاری و مجبُوری میں اُسی کی طرف رجُوع کرتا ہے۔

عَبد کی قدر و قیمت اُس کے آقا کے جاہ و مرتبہ میں ہوتی ہے تو وہ ہمیشہ عزت کے ستر میں مستوُر رہتا ہے۔

اُس کے نفس میں اُس کی صحبت کا طرز ہمیشہ رہتا ہے اور وہ انفاس کے ساتھ ہمیشہ ملغوب رہتا ہے۔

بیٹا فی نفسہٖ اپنے باپ کی عزت سے ہوتا ہے پس وہ عزت و توقیر طلب کرتا ہے۔

مخلوق سے کِنارہ کشی

اللہ تعالیٰ آپ کی مدد فرمائے جاننا چاہیے کہ ہم سے حضرت امام جعفر صادق کی حدیث روایت کی گئی جو اُنھوں نے اپنے باپ حضرت امام محمد باقر بن علی سے انھوں نے اپنے باپ علی بن حُسین سے اُنھوں نے اپنے باپ حسین بن علی سے انھوں نے اپنے والدِ گرامی علی ابن ابی طالب علیہم السّلام سے اور اُنھوں نے حضورِ رسالتمآب صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے روایت کی ہے آپؐ نے فرمایا!

"مولیٰ القوم منھم" یعنی قوم کا مولیٰ قوم سے ہوتا ہے۔

الحدیث

اور ترمذی نے رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے حدیث کی تشریح کی کہ آپؐ نے فرمایا!

اَہلَ القرآن ھم اہل اللہ وخاصتہ، الحدیث — اہلِ قرآن اہل اللہ اور اس کے خاص لوگ ہیں۔

اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنے مخصوص بندوں کے حق میں "ابلیس" سے فرمایا!

اِنَّ عِبَادِیْ لَیْسَ لَکَ عَلَیْھِمْ سُلْطٰنٌ الحجر آیت ۴۲ میرے بندوں پر تیرا تسلط نہیں ہوگا

ہر وہ اللہ کا بندہ جس پر مخلوق کا حق ہوگا اُس حق کے مطابق اُس کی اللہ تبارک وتعالیٰ کے لئے عبودیت ناقص ہوگی کیونکہ یہ مخلوق اُس سے اپنا حق طلب کرے گی اور اُس کا اِس عبد پر تسلط ہوگا تو یہ شخص محض اللہ تعالیٰ کے لئے مخلص بندہ نہیں ہو اور یہ وہ امر ہے جس کی طرف مخلوق سے انقطاع کرنے والے منقطعین رجوع کرتے ہیں اور خود پر سیر وسیاحت اور جنگلوں اور دریاؤں کے کناروں پر رہنا لازم کر لیتے ہیں اور لوگ سے فرار حاصل کر کے حیوانیت کے ملک سے نکل جاتے ہیں اِس لئے کہ وہ تمام کو ان سے حُریت اور آزادی چاہتے ہیں۔

جب میں نے دُنیا سے انقطاع کیا

میرے ایام سیاحت میں مجھ سے ایک بڑی جماعت کی ملاقات ہوئی اُس زمانہ سے مجھے اس میں یہ مقام حاصل ہوا کہ میری ملکیت میں ہرگز کوئی حیوان نہیں تھا بلکہ میرے پاس کپڑا بھی نہیں تھا جسے میں پہن لیتا، کیونکہ میں کپڑا نہیں پہنتا تھا مگر اس معین شخص سے لے کر پہنتا تھا جو مجھے عاریتاً دے کر اُس میں تصرف کی اجازت دے دیتا۔

اور وہ زمانہ جس میں کوئی چیز میری ہوتی ہے اُس وقت میں اُس حال سے نکل جاتا ہوں۔

مگر یہ کہ اُس چیز کو ہبہ کر دوں یا آزاد کر دوں اگر وہ میں اُسے آزاد کر دیتا ہوں یہ مقام مجھے اُس وقت حاصل ہوا جب میں نے اللہ تبارک وتعالیٰ کے لئے مخصوص عبودیت کے تحقق کا ارادہ کیا مجھے کہا گیا کہ یہ مقام تیرے لئے درست نہیں

یہاں تک کہ تجھ پر کسی کی محبت قائم نہ ہو۔

میں نے کہا اگر اللہ تبارک وتعالیٰ چاہے تو اللہ تعالیٰ کے لئے بھی محبت قائم نہ ہو۔

مجھے کہا گیا یہ تیرے لئے کیسے درست ہے کہ تجھ پر اللہ تعالیٰ کے لئے محبت قائم نہ ہو۔

میں نے کہا محبتیں انکار کرنے والوں پر قائم ہوتی ہیں نہ کہ اعتراف کرنے والوں پر، اور محبتیں دعویٰ کرنے والوں اور حصہ لینے والوں پر قائم ہوتی ہیں نہ کہ اُس پر جو کہتا ہے میرا کوئی حق اور حصّہ نہیں۔

اہلِ بیت کو پاک کر دیا گیا ہے۔

حضورِ رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، بد محض مجھے اللہ تبارک وتعالیٰ نے آپ کو پاک فرمایا اور آپ کے اہلبیتِ کرام کی تطہیر فرمائی اور اُن سے ہر رجس کو دُور فرما دیا اور رجس وہ ہے جو انھیں معیوب کرتا ہے۔ کیونکہ عربوں کے نزدیک رجس قذر کو کہتے ہیں۔ ایسے ہی فرائنے کہا ہے!! اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے!

اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا

سوائے اس کے نہیں کہ اہلبیت اللہ تو بس چاہتا ہے کہ تم سے رجس کو دُور کر کے تمہیں خوب خوب پاکیزہ فرما دے

احزاب آیت ۳۳

پس اہلبیت کی طرف پاک النسان کی اضافت ہوگی۔ اور لازم ہے کہ یہ مضاف اُن کی طرف اُن سے مشابہت رکھنے والے کے لئے ہو اور وہ اپنی ذوات کے لئے نسبت اور اضافت قبول نہیں کرتے مگر جس کے لئے طہارت اور تقدیس کا حکم ہو۔

حضرت سلمانؓ فارسی کا اعزاز

تو یہ شہادت حضور رسالتماب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لئے طہارت، عصمت اور حفاظتِ خداوندی کا ہونا ہے حضور رسالتماب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس میں فرمایا سلمانؓ ہمارے اہلبیت سے ہیں اور اللہ تبارک وتعالیٰ نے اہلبیت کی طہارت اور اُن سے رجس کو دور کرنے کی گواہی دی ہے۔ اب جب کہ اہلبیت کرام کی طرف سوائے پاک اور مطہر کے نسبت واضافت نہیں ہو سکتی تو اُسے اکیلی اضافت کے ساتھ عنایتِ الٰہی حاصل ہو گئی۔

اہلبیت کے گناہ بخش دیئے گئے ہیں

اہلبیت کے نقدس میں تیرا کیا گمان ہے؟ وہ پاک ہیں بلکہ وہ عین طہارت ہیں۔ اور یہ آیت اس پر دلالت کرتی ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے اہلبیت کرام کو اپنے ارشاد میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ شریک کیا ہے۔

لِّيَغْفِرَ لَكَ اللَّهُ مَا تَقَدَّمَ مِن ذَنبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ — تاکہ اللہ تعالیٰ آپ کو پہلے اور پچھلے ذنبؒ سے بری کر دے

الفتح آیت ۲

گناہوں سے زیادہ اور کون سا میل کچیل اور غلاظت ہے۔ پس اللہ تعالیٰ سبحانہ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مغفرت کے ساتھ پاک فرما دیا۔

ذنب کا معنی گناہ بھی ہے اور الزام بھی یہاں الزام ہی مناسب تھا مگر شیخ ابنِ عربی نے گناہ کے معنوں میں لیا ہے واللہ اعلم

وہ امر جو ہماری طرف ذنب کی نسبت سے ہے اگر حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے واقع ہو تو وہ صورتاً ذنب ہو گا نہ کہ معنی میں کیونکہ اس پر اللہ تبارک وتعالےٰ کی طرف سے اور شرعاً ہماری طرف سے حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ذم کا اطلاق نہیں ہوتا۔

پس اگر اس کا حکم ذنب کا حکم ہوتا تو آپ کے لئے ذنب مذمت کے معنوں میں ہوتا اور اللہ تبارک وتعالیٰ کے اس ارشاد کی تصدیق نہ ہوتی۔

لِيُذْهِبَ عَنكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا — اے اہل بیت تم سے رجس کو دور کرکے خوب خوب پاکیزہ فرما دے۔

الاحزاب آیت ۳۳

اہلبیت بخشے ہوئے اٹھائے جائیں گے

اس میں حضرت سیدہ فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا کی اولاد پاک سے قیامت تک تمام شرفاء سادات اس آیت کے حکم سے غفران میں داخل ہیں اور وہ جو حضرت سلمان فارسیؓ کی مثل ہیں۔ پس اہل بیت کرام اللہ تبارک وتعالیٰ کے اختصاص وعنایت سے حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے شرف کے لئے پاک اور مطہر ہیں اور اہل بیت کے لئے اس شرف کا حکم دار آخرت میں ظاہر ہو گا، اس لئے کہ وہ بخشے ہوئے اٹھائے جائیں گے۔

اگر اہلبیت پر حد قائم ہو۔

رہا دنیا میں ان میں سے جس پر حد قائم کی جائے؟ جیسا کہ تائب جب حاکم کو اس کا امر پہنچے کہ اس سے زنا وسرقہ یا شراب پینا سرزد ہوا ہے تو اس پر مغفرت

کے متحقق ہونے کے باوجود وعدہ قائم کی جائے گی جیسا کہ عزت اور اس کی امثال اور اس کی مذمت جائز نہیں اور ہر مسلمان کا حق ہے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ کے ساتھ ایمان لائے اور اللہ تبارک و تعالیٰ کے نازل فرمودہ اس حکم کی تصدیق کرے۔

اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا۔ الاحزاب آیت ۳۳

اے اہلبیت اللہ تو یہی چاہتا ہے کہ تم سے رجس کو دُور کر کے تمہیں خوب پاکیزہ تر فرما دے۔

مومن کیا کرے؟

مومن کو چاہیئے کہ اہل بیت کرام سے صادر ہونے والے تمام امور میں یہ عقیدہ رکھے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے انہیں معاف فرما دیا ہے اور کسی مسلمان کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ ان کے ساتھ مذمت اور برائی کو ملائے اور انہیں عیب لگا کر اس سے رُخ پھیر لے جن کی طہارت اور اس کے گناہوں کو دُور کرنے کی گواہی اللہ تبارک و تعالیٰ نے دی سو اور یہ اعزاز اس عمل کے ساتھ نہیں جو انھوں نے کیا اور نہ کسی کی خیر اور بھلائی کی بنا پر ہے جو انھوں نے کی بلکہ ان کے ساتھ اللہ تبارک و تعالیٰ کی عنایت نے سبقت کی ہے۔

ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝

یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے جسے چاہتا ہے عطا فرماتا ہے اور اللہ صاحب فضل عظیم ہے۔

حضرت سلمانؓ فارسی بھی پاک ہیں

جب حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حق میں وارد ہونے والی خبر

درست ہو گی تو اُن کیلئے یہی درجہ ہے۔ کیونکہ اگر حضرت سلمانؓ ظاہر شرع میں کسی معیوب امر پر ہوں اور ان کے عامل کے ساتھ مذمت اور برائی لاحق ہو تو اس کا مضاف اُس اہلبیت کی طرف ہو گا جس سے رجس کو دُور نہیں کیا اور اہلِ بیت کے لئے اُس سے اُسی قدر رہو گا جو اُن کی طرف مضاف ہوا اور وہ نص کے ساتھ پاک ہیں۔

تو بلاشک سلمانؓ ان سے ہیں۔

مجھے امید ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم اور حضرت سلمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اولاد کو یہ عنایت لاحق ہو گی جیسا کہ حضرت امام حسن اور حضرت امام حسین علیہما السلام کی اولاد و عقب اور اہلبیت کرام کے موالی کو لاحق ہو گی کیونکہ اے دوست اللہ تبارک و تعالیٰ کی رحمت وسیع ہے۔ اور جب اللہ تبارک و تعالیٰ کے نزدیک مخلوق کی منزلت اس مشابہت کے ساتھ ہو گی تو اُن سے منسوب ہونے والا اُن کے شرف کے ساتھ مشرف ہو جائے گا۔ اور اُن کا شرف اُن کی ذات کے لئے نہیں بلکہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے انھیں برگزیدہ فرما کر شرف کا حلہ پہنایا ہے۔

جو خدا سے منسوب ہو جائے

اے دوست وہ شخص کیسا ہو گا جو اُس ذات کی طرف منسوب ہو جس کی ذات کے لئے حمد و تعریف اور شرف و مجد ذاتی ہے پس وہ سبحانہ تعالیٰ بزرگی والا ہے۔ اُس کے بندوں سے جو لوگ اُس کی طرف منسوب ہیں وہ اُس کے بندے ہیں۔ اور یہ وہ لوگ ہیں جن پر آخرت میں مخلوق میں سے کسی کا تسلط اور غلبہ نہیں ہو گا، اللہ تبارک و تعالیٰ نے ابلیس لعین کو فرمایا!

”مِنْ عِبَادِیْ“ یعنی جو میرے بندے ہیں،، پس انھیں اپنی طرف منسوب کر کے فرمایا لَیْسَ لَکَ عَلَیْهِمْ سُلْطَانٌ، یعنی اُن پر تیرا غلبہ اور تسلط نہیں ہو گا۔

اللہ تبارک وتعالیٰ کی پاک ذات کی طرف منسوب ہونے سے قرآن مجید میں نہیں پائے جاتے مگر جو بطورِ خاص سعید اور خوش قسمت ہیں جب کہ دو سرط کے حق میں عباد کا لفظ آیا ہے۔ پس تیرا معصومین ومحفوظین کے ساتھ کیا گمان ہے جو اپنے آقا کی حدود کے ساتھ اس کے مراسم کے پاس قائم اور ٹھہرے ہوئے ہیں۔ پس ان کا شرف اعلیٰ واتم ہے۔ اور یہ وہ لوگ ہیں جو اس مقام کے قطب ہیں اور اقطاب میں سے حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ ہیں جنہوں نے مقام اہلبیت کے شرف کی وراثت پائی۔

اللہ تعالیٰ کے اس کے بندوں پر حقوق اور بندوں پر جو ان کے اپنے اور دوسری مخلوق کے حقوق ہیں کو حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ لوگوں سے زیادہ جانتے تھے اور ان حقوق کی ادائیگی میں لوگوں سے زیادہ طاقتور تھے حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سلسلہ میں فرمایا ہے !

"لَوْ كَانَ الْاِيْمَانُ بِالثُّرَيَّا لَنَالَهٗ رِجَالٌ مِنْ فَارِسْ" یعنی ایمان ثریا پر پہنچ جائے تو فارس کے مرد اتار لیں گے۔

الحدیث

اور اس میں حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کی طرف اشارہ ہے اور اس حدیث میں آپؐ کا دوسرے کواکب کے بالعکس ثریا کے ذکر کی تخصیص فرمانا سبعہ صفات کا اثبات کرنے والوں کے لئے بدعت ہے کیونکہ وہ سات ستارے ہیں۔

تو اس پر غور کریں۔

حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کو اپنے اہل بیت میں شامل کرنا اور ان کے معاہدے کی ادائیگی کرنا حضرت

سلمانؓ فارسی کے لئے باعثِ مسرت تھا۔ اس میں عجیب نقطہ ہے اور وہ یہ ہے کہ حضرت سلمانؓ فارسی حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے آزاد کردہ ہیں اور آزاد کردہ غلام انہیں لوگوں سے ہوتا ہے جن کا غلام ہوتا ہے اور تمام لوگ حق تعالیٰ کے موالی اور غلام ہیں اور اس کی رحمت ہر چیز پر وسیع ہے اور ہر چیز اس کی عبد اور غلام ہے۔

اہلِ بیت کی برائی کسی حال میں نہ کرو

آپ کے لئے اللہ تعالیٰ کے نزدیک اہلِ بیت کی قدر و منزلت بیان ہو چکی ہے۔ اس کے بعد مسلمان کو حق نہیں پہنچتا کہ ان سے واقع ہونے والے امور پر ان کی مذمت کرے کیونکہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے انہیں پاکیزہ فرما دیا ہے پس ان کی مذمت کرنے والے کو جان لینا چاہیے کہ یہ مذمت کرنا اسی کی طرف لوٹ آئے گا۔

اہلِ بیت کا ظلم ظلم نہیں تقدیرِ الٰہی ہے

اگر اہلِ بیت کرام اس پر ظلم کریں تو یہ ظلم اس کے اپنے گمان میں ہو گا نہ کہ نفس الامر میں اگرچہ ظاہر شریعت میں یہ ظلم کے حکم میں ہو بلکہ درحقیقت اہلِ بیت کا ظلم ہم پر تقدیروں کے جاری ہونے کے مشابہ ہے کہ تقدیرِ الٰہی نے ہمارے جان و مال کو ڈبو دیا یا جلا دیا اور اس کے علاوہ جو مہلک امور واقع ہوتے ہیں پس کسی کے دوستوں سے کسی کا چل جانا یا فوت ہو جانا یہ اس کی اپنی ذات پر مصیبت نازل ہونا اور یہ سب کچھ اس کی غرض کے موافق ہیں تاہم اس کے لئے جائز نہیں کہ اللہ تعالیٰ کی تقدیر اور اس کے نتیجے کی مذمت کرے بلکہ اس کا حق ہے کہ ان کو سرِ تسلیم خم کرتے ہوئے خوشی سے قبول کرے

اسی میں خیر ہے

اگر اس مرتبہ سے گر جائے تو صبر کے ساتھ اور اگر اس مرتبہ سے بلند ہو جائے تو شکر کے ساتھ کام لے کیونکہ اس مرتبہ کو طے کرنے میں اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف سے اس مصیبت اٹھانے والے کو نعمتیں عطا کی جاتی ہیں ۔ اور جس کا ہم نے ذکر کیا ہے اس کے علاوہ خیر نہیں ۔ کیونکہ اس کے علاوہ بے قراری ناراضگی عدم رضا اور اللہ تبارک و تعالیٰ کے حضور میں سوئے ادبی پائی جاتی ہے ۔

ایسے ہی مسلمان کا حق ہے کہ اس پر اہل بیت کرام کی طرف سے جو تمام امور اس کے جان و مال اور اہل و اقرباء کے سلسلہ میں طاری ہوں ان تمام کو تسلیم و رضا اور صبر کے ساتھ قبول کرے ، اور ان کے ساتھ ہرگز ہرگز مذمت اور برائی کو ملحق نہ کرے ۔

اگرچہ ان پر شریعت کے مقرر کردہ احکام عائد ہوتے ہیں اور اس امر میں کوئی قدح نہیں بلکہ یہ مقدرات کے جاری ہونے کی طرح جاری ہیں

اور ہم نے جو ان کی مذمت کے متعلق منع کیا ہے تو وہ اس لئے ہے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے ان امور کے ساتھ انہیں ہم سے الگ کر دیا ہے ۔ جن میں ہمارے لئے ان کے ساتھ قدم نہیں ۔

خدا نے اہل بیت کی برائی نہیں کی

رہا شرعی حقوق کی ادائیگی کرنا تو یہ ایسے ہیں ۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہودیوں سے قرض لیتے تھے اور جب وہ اپنے حقوق طلب کرتے تھے تو آپ ممکن حد تک احسن طریقہ سے ادا کرتے اور اگر یہودی اس پر ایسی بات

طلبی کرنا تو آپ فرماتے صاحبِ حق کو بات کرنے کا حق ہے۔ اور حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اگر فاطمہؑ بنت محمدؐ چوری کرتیں تو میں اُس کا بھی ہاتھ کاٹ دیتا تو یہ اللہ تبارک وتعالیٰ کے یہ احکام کو دنیح کرنا ہے جیسا چاہے دنیح فرمائے اور جو بندے حال میں چاہے کرے تو یہ حقوق للہ ہیں اور باوجود اس کے اللہ تبارک وتعالیٰ نے اہلِ بیت کرام کی مذمت نہیں کی اور ہمارا کلام ہمارے اپنے حقوق کے بارے میں ہے اور اُس چیز کے بارے میں ہے جو ہماری ہے کہ اُس کے ساتھ لوگوں سے مطالبہ کریں، پس ہمیں اختیار ہے کہ چاہیں تو ہم لیں اور چاہیں تو چھوڑ دیں جب کہ چھوڑ دینا بالعموم افضل ہے۔

یہ عام لوگوں کی بات ہے۔ تو اہلِ بیت کرام سے کیسا سلوک کرنا چاہیئے اور جب ہمیں کسی کی بھی مذمت کا حق نہیں پہنچتا تو اہلِ بیت کی مذمت کیسے جائز ہوگی جب ہم اپنے حقوق کے طلب کرنے پر اُتر آتے ہیں اور ان سے اس میں درگذر کر لیتے ہیں یعنی اس میں جو ہمیں جو تکلیف پہنچی تھی تو اس کے ساتھ اللہ تبارک وتعالیٰ کے نزدیک ہمارے لئے عظیم ہاتھ اور قربت کی جگہ ہے۔ کیونکہ حضور نبیؐ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہم سے اللہ تبارک وتعالیٰ کے امر سے کچھ مطالبہ نہیں فرمایا مگر اپنے اقرباء کی محبت و مودت طلب کی ہے اور اس میں صلہ رحمی کا راز ہے۔

اور جو شخص اپنے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وہ سوال قبول نہیں کرتا جس سوال کو پورا کرنے پر قادر ہے۔ تو وہ کل قیامت کے دن کس منہ سے آپؐ سے ملاقات کرے گا۔ یا آپؐ کی شفاعت کی اُمید رکھے گا اور جس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طلب کردہ اپنے قرابت داروں کی مودت کا حق ادا نہیں کیا تو وہ آپ کے اہلِ بیت کرام کی مودت کا حق کیسے ادا کرے گا۔

مُودت کا تقاضا یہ ہے

اہلِ بیت کرام آپ کے خاص اقرباء ہیں پھر آپ نے لفظِ مؤدت ارشاد فرمایا ہے۔ اور یہ محبت پر ثابت قدم رہتا ہے کیونکہ جب کسی کمر میں مودت ثابت ہو گی تو وہ ہر حال میں اُس کے ساتھ ہو گی اور جب ہر حال میں مودت اُس کے ساتھ ہو گی تو وہ اہلِ بیت سے اپنے اُس حق کا مواخذہ نہیں کر سکتا جو اُس کے حق میں اُن کی طرف سے طاری ہوا ہو گا اور وہ اپنے مطالبے کو محبت اور ذاتی ایثار کی وجہ سے چھوڑ دے گا۔

ایک سچے محب کا قول ہے کہ محبوب جو کچھ کرتا ہے وہ محبوب ہوتا ہے۔ اور اُس نے حُبّ کا اسم استعمال کیا ہے۔ جب حُبّ کا یہ عالم ہے تو مودت کا حال کیسا ہو گا۔ اور بشارت سے یہ امر ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کے لئے اسمِ ودود وارد ہوا ہے۔ اور اس کے ثبوت کے کوئی معنی نہیں مگر ہر طائفہ کے لئے اس کا انوار آخرت اور آگ میں بالفعل ہو گا جس کا اقتضاء اُن میں اللہ تبارک وتعالیٰ کی حکمت کرے گی۔

دُوسرے نے اس معنی میں کہا! أُحِبُّ لِحُبِّهَا السُّودَانَ حَتَّى

أُحِبُّ لِحُبِّهَا سُودَ الْكِلَابِ

میں اُس کی محبت کی وجہ سے کالے رنگ والوں سے محبت کرتا ہوں اور اُس کی محبت کی وجہ سے کالے رنگ کے کتوں سے محبت کرتا ہوں۔

اور ہم نے اس میں یہ شعر کہا ہے۔

أُحِبُّ لِحُبِّكَ الْحُبْشَانَ طُرًّا ۔ وَأَعْشَقُ لِاسْمِكَ الْبَدْرَ الْمُنِيرَا

میں آپ کی محبت کی وجہ سے حبشیوں سے محبت کرتا ہوں اور میں آپ کے بدرِ منیر اِسم کا عاشق ہوں ۔

بعض نے کہا کہ اسے سیاہ رنگ کے کتوں نے کاٹ لیا تھا اور وہ اُن سے محبت کرتا تھا تو محبت میں محبّ کا یہ فعل ہے جو اُسے اللہ تعالیٰ کے ہاں سعادت نہیں بخشتا اور نہ ہی اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف سے اسے قربت پہنچ سکتی ہے ۔ تو یہ کیا ہے ؟ سوائے اس کے کہ محبت کی سچائی اور نفس میں دوستی کا ثبوت ہے ۔

اہلِ بیت کی محبّت پر خدا کا شکر ادا کریں ۔

اگر آپ کی اللہ تبارک وتعالیٰ اور اُس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ محبت درست ہے ۔ تو آپ حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اہلِ بیت کرام سے محبت کریں گے ۔ اور اُن سے اپنے حق میں صادر ہونے والے ہر اُس امر کو جو آپ کی طبیعت اور غرض کے موافق نہیں خوبصورت دیکھیں گے اور اُن سے جو کچھ آپ کے حق میں واقع ہو گا اُسے نعمت خیال کریں گے ۔

پس اس وقت آپ جان لیں گے کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں آپ کے لئے لطف و عنایت ہے ۔ کہ آپ اہلِ بیت کرام سے محبت کرتے تھے نیز یہ کہ آپ جس سے محبت کرتے ہیں وہ آپ کو یاد کرتا ہے اور اس کے دل میں آپ کا خیال ہوتا ہے تو یہ حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اہلبیت کرام ہیں ۔ جو آپ کو آپ کی محبت کی وجہ سے یاد رکھتے ہیں ۔

پس اس نعمت پر اللہ تبارک وتعالیٰ کا شکر ادا کریں کہ وہ اپنی اُن پاک زبانوں

کے ساتھ آپ کو یاد کرتے ہیں جن کی تطہیر اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمائی ہے اور آپ کا علم اس طہارت اور پاکیزگی تک نہیں پہنچ سکتا۔

اگر اہلِ بیت کی محبت نہیں تو

جب ہم آپ کو اس حالت کے مخالف دیکھتے ہیں، باوجود اس کے کہ آپ اہلِ بیت کرام کے محتاج ہیں کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حقوق کی ہدایت کی ہے کہ ہم تمہاری محبت کی کیسے توفیق کر دیں کہ جو تمہارے گمان میں میرے ساتھ شدید محبت اور میرے حقوق یا میری جانب کی رعایت کرنا ہے جب کہ تم اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اہلِ بیت کے حق میں اس صورت میں ہو جو تم میں واقع ہوتی ہے۔

خدا کی قسم یہ تمہارے ایمان کی کمی ہے۔ اور تم اللہ تبارک وتعالیٰ کی خفیہ تدبیر اور استدراج کی گرفت میں ہو اور تمہیں اس کا علم نہیں۔

کیا تم پر اہلِ بیت کا کوئی حق نہیں

مکر کی صورت یہ ہے کہ تم عقیدہ رکھتے ہو کہ تم اس فعل سے اللہ تبارک وتعالیٰ کے دین اور شریعت کی حمایت کرتے ہو اور اپنا حق طلب کرنے میں کہتے ہو کہ تم وہی طلب کرتے ہو جو اللہ تبارک وتعالیٰ نے تمہارے لئے جائز اور مباح کیا ہے۔ اور اس شرعی طلب میں برائی بغض، رنجیدگی اور تمہارے نفس کا اہلِ بیت پر ایثار مندرج ہوتا ہے اور تم نہیں جانتے کہ اس کے ساتھ اس پیچیدہ بیماری سے دوا شافی ہے۔

کیا تم اپنی ذات کے لئے ان کے ساتھ کوئی حق نہیں دیکھتے اور اپنے حق سے اتر آتے ہو کہ شاید اس کی طلب میں مندرج ہو جس کا میں نے تمہارے لئے ذکر کیا ہے۔

اور تم مسلمانوں کے حاکموں سے نہیں ہو کہ تم پر حد قائم کرنا اور مظلوم کا انصاف کرنا اور حقدار کو اُس کا حق دلانا متعین ہوتا ہے اور اگر تم حاکم بھی ہو اور تمہیں فیصلہ کرنا ضروری ہے تو کوشش کرو کہ حق دار اپنے حق پہ اُتر آئے یعنی اپنا حق معاف کر دے جب کہ اہل بیت پر حکم کیا جا رہا ہو اور اگر حق لینے والا اِس بات سے انکار کر دے تو پھر تم اُس پر متعین ہو کہ اس میں شریعت کا حکم جاری کرو۔

اگر تم جان لیتے

اے دوست اگر اللہ تبارک وتعالیٰ تم پر اہلِ بیت کی اُن منازل کو کھول دیتا جو اُن کے لئے آخرت میں اللہ تعالیٰ کے ہاں ہوں گی تو تم اُن کے غلاموں میں ہونا پسند کرتے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں رُشد و ہدایت الہام فرمائے۔

اِن تمام اقطاب میں حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی منزلت کا شرف دیکھیں ہم نے آپ کے لئے اس مقام کے اقطاب کا حال بیان کر دیا ہے کہ وہ اللہ تبارک وتعالیٰ کے پسندیدہ بہتر بندے ہیں۔

جان لیں کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے ہمیں اُن کے جن اسرار پر مطلع کیا ہے عامۃ الناس اُن سے واقف ہیں اور اکثر خواص بھی جو اس مقام میں نہیں اس کو نہیں جانتے اور حضرت خضر علیہ السلام ان میں سے ہیں اور وہ اُن میں سے بہت بڑے ہیں اور بے شک اللہ تبارک وتعالیٰ نے اُن کے لئے گواہی دی ہے۔ کہ انہیں اللہ تعالیٰ نے اپنے پاس سے رحمت اور علمِ لدنی عطا فرمایا ہے۔ جس میں حضرت موسیٰ کلیم اللہ علیہ السلام کو اُن کی اتباع کا حکم فرمایا گیا اور یہ وہی ہیں جن کے حق میں حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اگر حضرت موسیٰ علیہ السلام زندہ ہوتے تو انہیں میری اتباع کے سوا چارہ نہ تھا۔

اہلبیت سے محبت نہ کرنے والے غرض کے بندے ہیں

پس ان کے اسرار میں سے جس کا ذکر ہم نے کیا وہ علم ہے جو بمنزلہ اہل بیت کرام کے ہے اور اللہ تبارک وتعالیٰ نے اس میں اُن کے عُلوِ مرتبہ کی خبر دی ہے۔ اور اِن کے اسرار سے خفیہ تدبیروں کا علم ہے وہ خفیہ تدبیریں جو اللہ تبارک وتعالیٰ اپنے بندوں کے ساتھ کرتا ہے۔ اور یہ اس طرح کہ یہ لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ساتھ محبت کرنے کے دعوٰی کے باوجود آپ کی اہل بیت سے بغض رکھتے ہیں جب کہ حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے مودتِ فی القربیٰ کا سوال کیا ہے۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم خود اہل بیت میں سے ہیں۔

اکثر لوگوں نے وہ کام نہیں کیا جس کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اُن سے سوال کیا تھا پس اُنھوں نے اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسُول کی نافرمانی کی اور حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے قریبیوں سے آپؐ کی قرابت کی وجہ سے محبت نہیں کی بلکہ صرف اُن سے محبت کی ہے جن کے ساتھ اُن کی اغراض وابستہ تھیں اور جن کے احسان مند تھے ان لوگوں کی محبت اپنے اغراض کے ساتھ ہے اور عشق اپنی جانوں کے ساتھ ہے۔

قُطبوں کا علم عُلماء سے فزوں تر ہے

اور اِن اقطاب کے رازوں سے ایک راز یہ ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے اِس شریعت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام میں اُن کے لئے جو مشروع فرمایا ہے اُس کی صحت پر اطلاع دی ہے۔ جس حیثیت سے علماء نہیں جانتے کیونکہ فقہاء محدثین وہ لوگ ہیں جن کا علم مُردے نے مُردے سے اخذ کیا ہوتا

ہے اور جو اُن سے پیچھے آتا ہے وہ اس میں ظن کے غلبہ پر ہوتا ہے کیونکہ نقل شہادت اور تواتر عزیز ہوتا ہے، پھر جب وہ طریقِ تواتر کے ساتھ مفید علم کے امور پر واقفیت حاصل کرتے ہیں جب کہ تواتر کے ساتھ نقل ہونے سے یہ لفظ نص نہیں ہوگا جس کا وہ حکم کرتے ہیں کیونکہ نصوص عزیزہ ہوتی ہے۔

جب کہ وہ اس لفظ سے بقدر اپنے فہم کی قوت کے اخذ کرتے ہیں اس لئے اس میں اُن کا اختلاف ہو جاتا ہے۔

جب کہ وہ اس لفظ سے بقدر اپنے فہم کی قوت کے اخذ کرتے ہیں اس لئے اس میں اُن کا اختلاف ہو جاتا ہے۔

ممکن ہے دوسری نص ہو۔

نیز ممکن ہے کہ اس لفظ کے لئے اس امر میں دوسری نص ہو جو اس کی معارض ہو اور انہیں یہ نہ پہنچی ہو۔ اور جو انہیں نہیں پہنچے گی اس کی اتباع نہیں کرتے اور نہ ہی وہ جانتے ہیں کہ اس احتمال کو کونسی وجہ ہے جو اس لفظ کی قوت میں ہے۔

حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شارع ہیں انھوں نے اس کا کیا حکم دیا ہے۔ پس اہل اللہ حکم میں امر جلی اور صریح نص پر کشف میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اخذ کرتے ہیں یا اللہ تبارک وتعالیٰ سے اُن پر اُن کے پروردگار کی ظاہر دلیل اور بصیرت ہوتی ہے۔ جس کے ساتھ اس پر وہ مخلوق کو اللہ تعالیٰ کی طرف بلاتے ہیں جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے!

اور اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے!

پس وہ بصیرت کے ساتھ نفسہٖ منفرد نہیں اور اُن کے لئے حکم میں اتباع کے ساتھ گواہی دی۔ پس وہ آپ کی اتباع بصیرت سے کرتے ہیں۔ اور وہ اللہ کے بندے اِس مقام کے اہل ہیں

یہ بھی اُن کا راز ہے

اُن کے اسرار سے یہ بھی ہے کہ وہ جنابِ الٰہی میں جو اعتقاد رکھتے ہیں وہ عقیدہ میں درست ہیں اور جو اُن کے لئے تجلی ہوتی ہے یہاں تک کہ وہ یہ عقیدہ رکھتے ہیں اور اُس سبب موجب پر اتفاق کے باوجود تصور کہاں خلاف ہوگا۔ جس کی طرف وہ سند لیتے ہیں کیونکہ اس میں دو شخص بھی اختلاف نہیں کرتے جس میں خلاف واقع ہوتا ہے وہ یہی سبب ہے اور وہ یہ سبب ہے جس کے ساتھ موسوم ہے تو جو کہتا ہے وہ زمانہ ہے اور جو کہتا ہے اُس کے علاوہ ہے۔

پس اس کے اثبات اور اس کے وجود کے وجوب میں ہر ایک کا اتفاق ہے اور کیا یہ اختلاف اِس اسناد کے باوجود اُنہیں نقصان دیتا ہے یا نہیں؟ یہ تمام امور اس مقام کے اہلِ علوم کے لئے ہیں انتہیٰ

الحمدللہ سترھویں جزء اور اُنیسویں باب کا ترجمہ تمام ہوا۔

صائم چشتی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تیسواں باب

اقطابِ رکبان سے پہلے اور دوسرے طبقے کی معرفت کے بیان میں

ان للہ عبادا رکبوا   نجب الاعمال فی اللیل البہیم
وتوقت ھمم الذل بہم   لعزیز جل من فرد علیم
فاجتباھم وتجلی لھمو   وتلقاھم بکاسات الندیم
من یکن ذا رفعۃ فی ذلۃ   انہ یعرف مقدار العظیم
رتبۃ الحادث ان حققتہا   انما یظھر فیہا بقدیم
ان للہ علوما جمۃ   فی رسول ونبی وقسیم
لطفت ذاتا فما یدرکہا   علم الانفاس انفاس النسیم

بے شک اللہ تعالیٰ کے ایسے بندے ہیں جو تاریک رات میں اپنے اعلیٰ اعمال پر سوار ہوتے ہیں۔

اس کے ساتھ فردِ علیم سے عزیز بزرگ کے لئے اُن کی ہمتوں نے اُن کو پہنچنے والی ذلت کو چیر دیا ہے۔

اُنھیں چُن لیا گیا اور اُن کے لئے تجلی فرمائی اور اُنھیں ہم جلیسی کے پیالے پلائے۔

جو ذلت میں بلندی والا ہوتا ہے وہ عظیم مقدار کو پہچانتا ہے۔

اگر آپ تحقیق کریں تو حادثات کا مرتبہ اُن میں قدیم کے ساتھ ظاہر ہوگا

اللہ تعالیٰ کے بے پناہ علوم، رسول و نبی اور تسیم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں جمع ہیں۔

وہ علوم ذات کی بناء پر لطیف ہیں پس عالم الفاس الفاسِ النسیم کا ادراک نہیں کر سکتا۔

اللہ تعالیٰ آپ کی مدد فرمائے اصحابِ نجیب رکبان یعنی سواروں کے نام سے مشہور ہیں۔ شاعر نے کہا ہے!

فلیت لی بھمو قوما اذا رکبوا

شدوا الاغارۃ فرسانا و رکبانا

کاش میں ان لوگوں کو ملتا جو گھوڑوں پر سوار ہوئے اور انھوں نے شدید غارت گری کی۔

رکبان کون ہیں؟

فرسان گھوڑوں پر سوار ہونے والے اور رکبان اُونٹوں پر سوار ہونے والے ہیں پس گھوڑوں کے سوار جمیع عرب و عجم کے طائفوں سے معروف ہیں جب کہ اُونٹوں کو صرف عرب استعمال کرتے ہیں اور عرب اربابِ فصاحت اور حمایت کرم ہیں۔

چونکہ یہ صفات اس طائفہ پر غالب ہیں اس لئے ہم نے ان کا نام رکبان یعنی اُونٹوں کے سوار رکھا۔ ان میں سے بجیب ہمتوں کے سوار ہیں اور ان میں سے نجیب اعمال کے سوار ہیں۔ اس لئے قسم نے انھیں پہلے اور دوسرے دو طبقوں میں مقرر کیا ہے۔

یہ اصحاب رکبان اس طریقہ میں افراد ہیں کیونکہ یہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم طبقات پر ہیں۔ پس ان میں سے اقطاب ہیں اور ان میں سے امام ہیں اور ان میں سے اوتاد ہیں اور ان میں سے ابدال ہیں اور ان میں سے نقباء ہیں اور ان میں سے نجباء ہیں اور ان میں

سے رہتی ہیں اور ان میں سے افراد ہیں اور میں نے ان میں سے کوئی طائفہ نہیں دیکھا مگر وہ بلادِ مغرب اور حجاز و مشرق کے شہروں میں ملے ہیں۔

افراد کون ہیں؟

یہ باب افراد کے ساتھ مختص ہے اور یہ طائفہ قطب کے حکم سے خارج ہے اور ان میں قطب کا تصرف نہیں ہوتا اور ان کی تعداد تین سے اوپر ہوتی ہے اور افراد سے ایسے لوگ بھی ہیں کہ اس میں نہ اُن کے لئے قدم ہے اور نہ دوسرے کے لئے سوائے فردِ اوّل کے جو کہ تین ہوتے ہیں۔

پس احدیت یعنی ایک واحد ذاتِ حق کے لئے ہیں۔ اور دو مرتبہ کے لئے ہے۔ وہ توحیدِ الوہیت ہے اور تین اللہ تعالیٰ کی طرف سے کائنات کا پہلا وجود ہے۔

فرشتوں میں سے ہے جو افراد ہیں تو وہ اللہ تبارک و تعالیٰ کے جلال و جمال میں گم ہونے والے فرشتے ہیں۔ اور یہ فرشتے اُن فرشتوں سے خارج ہیں جو مسخرہ اور مدبرہ ہیں۔ اور یہ دونوں عالمِ تدوین و تسطیر میں ہیں اور وہ قلم اور عقل سے نیچے ہیں۔

انسانوں کے افراد

جو انسانوں سے افراد ہیں وہ اُن فرشتوں کی مثل ہیں جو اللہ تعالیٰ کی ذات میں مستغرق ہیں۔ پس پہلے افراد تین ہیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے۔ تین سوار ہیں یعنی تین سوار ایک قافلہ ہوتے ہیں پس پہلے تین سواروں سے لے کر اوپر تک قافلہ ہوتا ہے۔ اور ان کے لئے حضرتِ الٰہیہ سے حضرتِ فردانیہ ہے اور اس میں وہ متمیز کرتے ہیں اور اسمائے الٰہیہ سے فرد اور مواد اس مقام سے اُن کے دلوں پہ وارد ہوتے ہیں کہ جہاں سے وہ اُن فرشتوں پہ وارد ہوتا ہے جو ذاتِ الٰہیہ میں گم ہیں۔

اس لئے اُن کا مقام معروف نہیں ہوتا اور وہ اس کی مثل نہیں کرتے جیسا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے باوجود اللہ تبارک و تعالیٰ کی شہادت کے حضرت خضر علیہ السلام پر انکار کیا تھا۔ جس میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لئے اُن کی تعریف اور ان کی شرافت اور تزکیہ کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے مطلع فرمایا تھا۔ اور انھوں نے جب حضرت خضر علیہ السلام کے ساتھ رہنے کا ارادہ کر لیا تھا اور حضرت خضر علیہ السلام نے اُن سے عہد لیا تھا۔

ذوقِ موسیٰؑ و خضرؑ

جب حضرت خضر علیہ السلام نے جان لیا کہ اس مقام میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کا ذوق نہیں جس پر حضرت خضر علیہ السلام تھے جیسا کہ حضرت خضر علیہ السلام کو اُس علم میں ذوق نہیں تھا۔ جس پر حضرت موسیٰ علیہ السلام تھے اور وہ علم انہیں اللہ تبارک و تعالیٰ نے دیا تھا۔ مگر حضرت خضر علیہ السلام کا مقام اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں سے کسی ایک پر خاص مشاہدہ کے لئے اعتراض کرنا نہ عطا کرتا تھا۔ اور وہ اس پر تھے۔ جب کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام اور دیگر رسولوں کو بحیثیت اُن کے رسول ہونے کے اعتراض کرنا عطا کرتا تھا۔ نہ کہ دوسروں میں جس کو وہ اس کے خارج میں دیکھتے تھے۔ مگر وہ جس کے ساتھ بھیجے گئے تھے اور وہ دلیل جس کی طرف ہم گئے ہیں۔ وہ حضرت خضر علیہ السلام کا حضرت موسیٰ علیہ السلام کو یہ کہنا ہے۔

وکیف تصبر علی مالم تحط بہٖ خبرا

اگر حضرت خضر علیہ السلام نبی ہوتے تو وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو یہ نہ کہتے "مالم تحط بہٖ خبرا"۔ یعنی جس خبر کے ساتھ آپ نے احاطہ نہیں کیا۔ میں

انھوں نے جو کام کیا تھا وہ مقامِ نبوت سے نہ تھا۔ اور اُس کے لئے دونوں میں سے ہر ایک کی انفرادیت میں فرمایا جس پر وہ تھے۔

حضرت خضر علیہ السلام نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو فرمایا میں اُس علم پر ہوں جو اللہ تبارک نے مجھے سکھایا ہے اور آپ اُسے نہیں جانتے اور آپ اُس علم پر ہیں جو اللہ تعالیٰ نے آپ کو سکھایا اور میں اُسے نہیں جانتا اور دونوں نے انکار کے ساتھ امتیاز و افتراق کیا پس انکار افراد کی شان سے نہیں کیونکہ امور میں اُن کے لئے اولیت ہے۔ تو اُن پر انکار نہیں ہوتا اور وہ خود انکار نہیں کرتے۔

یہ علم بھی دیکھیں

حضرت جُنید بغدادی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ کوئی شخص درجہ حقیقت کو، نہیں پہنچتا، جب تک ایک ہزار صدیق اُسے زندیق نہ کہہ دے کیونکہ وہ اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف سے اُس علم کو جانتے ہیں جو اُن کے علاوہ نہیں جانتے اور یہ اس علم کو جاننے والے ہیں۔ جس علم کے بارے میں حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے سینے پر ہاتھ مارتے اور آہ بھر کر فرماتے! یہاں بہت بڑے علوم ہیں کاش! اگر میں ان کے اٹھانے والے کو پاتا تو اُٹھا دیتا۔ کیونکہ آپ افراد میں سے تھے۔ اور یہ آپ کے علاوہ آپ کے زمانہ میں سوائے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے کسی سے نہیں سُنا گیا۔ اُن سے اس کی مثل ذکر کی حدیث بخاری نے اپنی صحیح میں تخریج کی ہے۔

حضرت ابوہریرہ کا علم کو چھپانا

حضرت ابوہریرہ نے فرمایا کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دو تھیلے علم کے اٹھائے، ایک وہ ہے جو تم میں پھیلاؤں گا اور دوسرا وہ ہے کہ اگر

اُسے پھیلاؤں تو میری اِس بلعُوم کو کاٹ دیا جائے گا اور بلعوم وہ رگ ہے جس سے کھانا گزرتا ہے۔ یعنی میری شہ رگ کو کاٹ دیا جائے گا۔

پس ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ذکر کیا ہے کہ میں نے یہ علم رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم سے اُٹھایا ہے۔ تو وہ اس میں بغیر ذوق کے نقل کرنے والے تھے۔ ولیکن وہ جانتے تھے کہ انھوں نے یہ رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم سے سماعت کیا ہے۔ اور ہم اس میں اُس عین الفہم سے کلام کرتے ہیں جو فی نفسہٖ اللہ تبارک وتعالےٰ کے کلام میں عطا ہُوا ہے۔

حضرت عبداللہ ابنِ عباسؓ کا قول

اور یہ افراد کا علم ہے اور افراد سے حضرت عبداللہ ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سمندر تھے۔ اور ان کا یہ لقب اُن کے وُسعتِ علمی کی بناء پر تھا۔

پس وہ اللہ تبارک وتعالیٰ کے ایک قول میں فرماتے ہیں کہ اگر میں اس کی تفسیر بیان کردوں تو تم مجھے سنگسار کردو گے۔

اور ایک روایت میں کہ تم کہو گے کہ میں کافر ہُوں اور وہ آیت یہ ہے۔

اَللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ وَّ مِنَ الْاَرْضِ مِثْلَهُنَّ یَتَنَزَّلُ الْاَمْرُ بَیْنَهُنَّ لِتَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَّ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا ؏

سُورہ طلاق آیت ۱۲۔

اللہ وہی ہے جس نے سات آسمان بنائے اور انہی آسمانوں کی تعداد گنتی کے برابر زمینیں بھی بنائیں ان سب میں اللہ تعالیٰ کا حکم اُترتا ہے تاکہ تم کو معلُوم ہو جائے کہ اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے۔ اور بیشک اللہ تعالےٰ اپنے علم سے ہر چیز کو گھیرے ہوئے ہے۔

حضرت امام زین العابدین کا قول

اس علم کی طرف حضرت علی بن حسین بن علی بن ابی طالب حضرت زین العابدین علیہم الصلوٰۃ والسلام نے اشارہ فرمایا ہے۔

میں یہ نہیں جانتا کہ کیا یہ دونوں شعر انھوں نے فرمائے ہیں یا وہ اُن دونوں کی مثل فرمایا کرتے تھے۔

یارب جوھر علم لو أبوح به لقیل لی أنت ممن یعبد الوثنا
ولا ستحل رجال مسلمون دمی یرون أقبح ما یأتونه حسنا

یارب علم کے جوہر کو اگر میں ظاہر کردوں تو میرے لئے کہا جائے گا کہ تو بُت پرستوں سے ہے۔

اور مسلمان مرد میرے خون کو حلال سمجھیں گے اور میرے خون بہانے کے قبیح اَمر کو اچھا خیال کریں گے۔

تو انھوں نے اپنے قول بُت پرستوں کے جملہ سے اپنے مقصود کی خبر دی ہے۔ اس کی طرف انھوں نے حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے قول کی تاویل پر نظر کی ہے۔ کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے آدم کو اپنی صورت پہ پیدا کیا اور صورتہ کا ضمیر اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف لوٹتا ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ اُس کے بعض احتمالات سے ہے۔

انصاف کی نظر سے دیکھیں

اے برادر! میرے اس قول میں انصاف کریں جس میں میں نے آپ کے لئے کہا ہے کہ اس میں شک نہیں اور آپ میرے ساتھ اس میں شریک ہوں گے۔ کیونکہ

ہر وہ صحیح حدیث جو رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم سے وارد ہوئی تھی اور اُس میں آپ نے اپنے ربِّ کریم کے یہ اوصاف بیان کئے ہیں کہ اُس کے لئے فرحت، ہنسنا، تعجب بشاشت، غضب، تردّد، کراہت، محبت اور شوق اور اِن کی مثل دوسری صفات پر ایمان لانا اور اُن کی تصدیق کرنا واجب ہے۔

تو اگر حضرتِ الٰہیہ سے کشفاً اور تجلّی و تعریفِ الٰہی کے ساتھ قلوبِ اولیاء پر ہوائیں چلیں۔ اِس حیثیت سے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے اعلام سے جانیں۔ اور اللہ تبارک و تعالیٰ کے اشہاد کے ساتھ گواہی دیں اُن امور کی جو ان سے ان الفاظ کے ساتھ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی زبان پر تعبیر ہوتے ہیں۔

اور بے شک اِس تمام کے ساتھ میرا اور آپ کا ایمان واقع ہو چکا ہے۔ جب اُس کی مثل اللہ تبارک و تعالیٰ کے حق میں یہ ولی لائے گا تو کیا آپ اُسے زندیق نہیں کہیں گے۔

جیسا کہ حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا! کیا آپ نہیں کہیں گے کہ یہ شخص اللہ تبارک و تعالیٰ کے بارے میں تشبیہ کا عقیدہ رکھتا ہے۔ اور بُت پرست ہے اور یہ کہ حق تعالیٰ کا وصف اُن امور کے ساتھ کیسے بیان ہو سکتا ہے جس کے ساتھ مخلوق کا وصف بیان کیا جاتا ہے۔ کیونکہ بُتوں کو پُوجنے والے اِس سے زیادہ نہیں کرتے ہیں جیسا کہ حضرت علی بن حسین علیہما السلام نے فرمایا!

کیا اُسے قتل نہیں کرو گے یا اُس کے قتل کا فتویٰ نہیں دو گے جیسا کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا! کہ تم کون سی چیز پر ایمان لاتے ہو اور تسلیم کرتے ہو جب کہ نبی نے اللہ تبارک و تعالیٰ کے حق میں ان امور سے رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی زبان سے سُنا ہے اور جو عقلی دلائل کے لئے محال ہیں ان کی تاویل سے منع کرتے ہو۔

علمِ اسرار کا دروازہ بند نہیں

اشعری نے اِن کی تاویل اپنے گمان میں تنزیہہ کی وجوہ پر کی ہے تو یہ کہاں کا انصاف ہے کیا وسیع تر قدرت قلیل ہو گئی ہے کہ اس ولی کو علوم اسرار سے کیسے وہ عطا ہو گیا جو نبی علیہ السلام کو عطا ہوا تھا۔ کیونکہ یہ خصائص نبوت سے نہیں۔ اور نہ شارع علیہ السلام نے اپنی اُمّت پر اس دروازہ کو بند کیا ہے اور نہ اس میں کوئی چیز بیان فرمائی ہے بلکہ فرمایا ہے کہ میری اُمّت میں محدّثین ہیں اور اُن میں سے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں۔

پس نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے ثابت ہے۔ کہ محدث یعنی کلام کرنے والے نبی نہیں ہیں اور اس کی مثل گفتگو کرتے ہیں۔ اس لئے کہ یہ گفتگو تشریعِ احکام کے حلال و حرام سے خارج ہے کیونکہ یہ یعنی تشریع خصائص نبوت سے ہے۔ اور علوم الٰہیہ کے دقائق پر اطلاع پانا نبوتِ تشریعی کے خصائص سے نہیں۔
بلکہ یہ اللہ تعالیٰ کے بندوں رسول و ولی، اور تابع و متبوع تمام میں ساری ہوتے ہیں۔

اے دوست! آپ سے انصاف کہاں ہوا ہے؟ کیا یہ فقہا اور اُن اصحاب فکر میں موجود نہیں جو اولیاء کے مقابلہ میں فرعون اور اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں کے سامنے دجال ہیں۔

خدا کی قسم! ہم سے جو اللہ تعالیٰ کی شریعت کے ساتھ عمل کرنے کے لئے کہتا ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ اُسے سکھاتا ہے اور اُس کی تعلیم کا اُن علوم کے ساتھ متولی ہے۔ جن کا نتیجہ اُس کے اعمال سے ظاہر ہوتا ہے اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے

وَاتَّقُوا اللّٰہَ وَیُعَلِّمُکُمُ اللّٰہُ وَاللّٰہُ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ | اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور اللہ تعالیٰ تم کو سکھاتا ہے اور اللہ تعالیٰ ہر چیز کو خوب جانتا ہے۔

البقرہ آیت ۲۸۲

اور اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے!

اِنْ تَتَّقُوا اللّٰہَ یَجْعَلْ لَّکُمْ فُرْقَانًا | اگر تم اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو تو تمہارے لئے فرق کرنے والی ایک قوت پیدا کر دے گا

انفال آیت ۲۹

فاروق اعظم اس مقام کے قطب ہیں

اِس مقام کے اقطاب سے حضرت عمرؓ بن الخطاب اور حضرت امام احمد بن حنبل رضی اللہ تعالیٰ عنہما ہیں۔

اس لئے رسول رسالتآب صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عمرؓ بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اُس قوّت کے حق میں فرمایا! جو انہیں اللہ تبارک نے عطا فرمائی تھی کہ اے عمرؓ شیطان جس راستے میں تجھ سے ملتا ہے اُس راستے کو تبدیل کر لیتا ہے۔

تو یہ شہادت معصوم کے ساتھ حضرت عمرؓ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی عصمت پر دلیل ہے۔

اور ہم جانتے ہیں کہ شیطان ہمارے ساتھ ہرگز نہیں چلتا مگر باطل کی طرف اور یہ راستہ حضرت عمرؓ بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے راستے کے علاوہ ہے۔

پس نفس کے ساتھ واضح ہوا کہ حضرت عمرؓ رضی اللہ تعالیٰ عنہ راہِ حق کے علاوہ نہیں چلتے۔ اور آپ اُن میں سے تھے جنہیں اللہ تبارک و تعالیٰ کے تمام راستوں میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت نہیں پکڑتی کیونکہ حق کے لئے صولت و دبدبہ

ہے۔ اور نفوس پر حق کا اُٹھانا سخت مشکل کام ہے۔ اور نفوس اُسے نہ اُٹھاتے ہیں نہ اُسے قبول کرتے ہیں بلکہ اُس کی تردید کرتے ہیں۔ اس لئے حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! حق تعالیٰ نے عمر کے لئے کوئی دوست نہ چھوڑا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سچ فرمایا یعنی ظاہر و باطن میں۔

ایک بڑی مصیبت

رہا ظاہر میں تو یہ عدم انصاف اور حُبِ ریاست کے لئے ہے۔ اور انسان کا اُس کی عبودیت سے نکل جانا اور لایعنی شغل میں مشغول ہونا اور حُب بنفسہ اس شغل سے اُس کی طرف بلایا جاتا ہے تو اُس کا لوگوں کے عیب سے اپنی ذات اور عیب سے فارغ نہ ہونا ہے،

رہا باطن میں اُن کا دوست نہ ہونا تو حق تعالیٰ نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دل میں کوئی دوست نہ چھوڑا۔ پس سوائے اللہ تعالیٰ کے اُن کا کسی سے تعلق نہیں تھا۔ پھر سب سے بڑی مصیبت یہ ہے کہ جب اس انکار کرنے والے طائفہ کے کسی شخص سے آپ کہیں کہ اپنی ذات میں مشغول رہو یعنی اپنے کام سے کام رکھو۔ تو وہ آپ کو کہے گا کہ میں دین کی حمایت اور غیرت کے لئے قائم ہوں اور جو اللہ تبارک و تعالیٰ کے لئے غیرتِ ایمان ہے اس کی مثال دیتا ہے اور ٹھہرتا نہیں اور نہ یہ دیکھتا ہے کہ کیا یہ امکان کے قبیل سے ہے یا نہیں یعنی اللہ تبارک و تعالیٰ اپنے اولیاء میں سے کسی ولی کو وہ علم عطا فرما دے جس کے ساتھ وہ حضرت خضر علیہ السلام کی طرح اپنی مخلوق میں امور جاری کرتا ہے۔

اور اُسے اپنے وہ علوم سکھا دے جن کی عبارت اُس صیغہ سے ہو جس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کلام فرمایا! جیسا کہ حضرت خضر علیہ السلام نے فرمایا!

وما فعلته عن امری

یعنی اور میں نے یہ اپنے حکم سے نہیں کیا

صفاتِ خداوندی کا بیان عقیدۂ تشبیہ نہیں

یہ منکر اپنے گمان میں اس پر ایمان لاتا ہے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایسے لائے ہیں پس خدا کی قسم اگر یہ شخص ان کے ساتھ ایمان نہ لاتا تو اس ولی پر انکار نہ کرتا کیونکہ شارع علیہ السلام نے جنابِ الٰہی کے بارے میں استواء، نزول معیت، ہنسنا، بشاشت، تعجب اور ان کی مثل صفات کے اطلاق کا انکار نہیں فرمایا اور نہ ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کبھی ایسی حدیث وارد ہوئی ہے کہ آپ نے اللہ تعالیٰ کے بندوں میں سے کسی پر ان کی صفات کو بند فرمایا ہے۔ بلکہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے خبر دیتے ہوئے ہمیں فرمایا ہے کہ!

لقد کان لکم فی رسول اللہ اسوۃ حسنۃ

پس حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اسے ہمارے لئے کھول دیا اور ہمیں اس کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی طرف بلاتے ہوئے فرمایا!

فاتبعونی یحببکم اللہ

تو یہ امر آپ کی اتباع واطاعت سے ہے کہ جو اطاعت کرے گا اب جب کہ ہم پر حق تعالیٰ سبحانہٗ کی طرف سے حق سے وارد ہوا ہے۔ تو ہم نے اس کے علمِ لدنی کو جان لیا جس میں رحمت ہے۔ اور اللہ تبارک وتعالیٰ نے اس کے ساتھ ہمیں توجہ دلا کر ہم پر عنایت فرمائی اور اس میں ہم اپنے پروردگار سے دلیل پر ہیں اور

اُس کی آیات ہماری شاہد ہیں اور یہ ہمیں توجہ دلا کہ ہم پہ عنایت فرمائی اور یہ ہمارا اُس کی سنّت کا اِتباع کرنا ہے جو ہمارے لئے مشروع ہوا ہے اِس میں ہم کسی چیز کے ساتھ خلل نہیں ڈالتے اور اور نہ اللہ تبارک و تعالیٰ کے حرام کئے گئے کو حلال کرنے اور حلال کئے گئے کو حرام کرنے میں ارتکابِ مخالفت کرتے ہیں اور ہم ان عباراتِ نبویہ میں اُس معلوم کو طلب کرتے ہیں جس کا علم ہمیں حق تعالیٰ کی طرف سے دیا گیا ہے تاکہ اس سے اِس کے ساتھ کھول کر بیان کریں بالخصوص جب ہم سے اِس چیز کے بارے میں پوچھا جائے۔ کیونکہ اللہ تبارک و تعالیٰ اُس سے خبر دیتا ہے جس کی یہ صفت ہو کہ وہ اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف بصیرت کے ساتھ بلائے پس جو مامور بہ یعنی رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی اطاعت کرتا ہے اُس پر اُن الفاظِ نبویہ کا ان معنوں میں اطلاق کریں گے کیونکہ اگر عبارت میں اسے زیادہ فصیح معنیٰ ہوتے تو رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم اُن کا اطلاق فرماتے۔

کیونکہ جو کچھ آپؐ پر نازل ہوا تھا آپؐ اُسے ہم پر نازل کرنے کے لئے مامور تھے اور ہم اِس کے علاوہ کی طرف نہیں لوٹتے۔ کیونکہ ہماری مُراد حق کے ساتھ اِسے بیان کرنا ہے کہ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ یعنی اُس کی مثل کوئی چیز نہیں۔

جب ہم اِس کے علاوہ عبارت کی طرف توجہ دیں گے تو اس میں ہمارا ادعا یہ ہوگا کہ ہم اللہ تبارک و تعالیٰ کے حق اور تنزیہہ کو رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم سے زیادہ جاننے ہیں اور یہ سوءِ ادبی ہوگی۔

پس لازم ہے کہ اس معنیٰ سے سامع کے نزدیک اختلال واقع ہو کیونکہ جس لفظ کی تم مخالفت کرتے ہو وہ لفظ ہے جو افصح النّاس رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے بیان فرمایا ہے۔ اور قرآن مجید مطابقت کے حکم کے ساتھ اس معنیٰ پر دلالت نہیں کرتا۔

اگر عالم ہے تو حاسد ہے

پس ہمارے لئے اتباع اور پیروی مشروع ہے اور اس کی مثل باتیں لانے والا منکر مگر اس تمام امر میں نظر سے اوجھل ہو جاتا ہے اور یہ دو امر دو یا دو میں سے کسی ایک امر سے ہوگا اگر وہ عالم ہے تو وہ اس کے ساتھ حسد پہ قائم ہے اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے!

حسداً من عند انفسهم

اور اگر وہ جاہل ہے تو وہ نبوت سے ناواقف اور جاہل تر ہے۔

اقطاب سے ملاقات

اے دوست! ان اقطاب سے ہماری ملاقات مکہ معظمہ میں جبل ابی قبیس پر ایک دن میں ستر سے زیادہ اشخاص کے ساتھ ہوئی۔ اس طبقہ کے لئے ان کے طریق میں کوئی شاگرد نہیں ہوتا اور نہ ہی یہ طریق تربیت کے سلوک کی منزلیں طے کراتے ہیں لیکن ان کے لئے نصیحت و وصیت کرنا اور علم کا نشر کرنا ہے تو جس کو توفیق ہوتی ہے وہ اس کے ساتھ علم اخذ کر لیتا ہے۔

جس کے آگے صرف نبی کا قدم ہے۔

کہتے ہیں کہ ابا سعود بن شبل ان میں سے تھے میری اُن سے ملاقات نہیں ہوئی اور نہ میں نے انھیں دیکھا ہے لیکن میں نے اُن کی پاکیزہ خوشبو اور نفسِ معطر کو سونگھا ہے۔

مجھے روایت پہنچی ہے کہ حضرت عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے وقت کے قطب عادل تھے اور انھوں نے محمد بن قائد اوانی کے لیئے اس مقام کی گواہی دی ہے ۔ میری طرف ایسے ہی نقل ہوا ہے اور اس کی ذمہ داری نقل کرنیوالے پر ہے کیوں کہ ابن قائد کا گمان ہے کہ میں نے وہاں اپنے آگے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے قدم مبارک کے علاوہ کچھ نہیں دیکھا اور یہ مقام افراد وقت کا ہی ہوتا ہے ۔

چنانچہ اگر وہ افرادِ وقت نہ ہوتے تو لازماً اپنے آگے اپنے وقت کے قطب کا قدم اپنے نبیؐ کے قدم پر زائد دیکھتے اگرچہ وہ امام ہوتے اور اگر وتد ہوتے تو اپنے آگے تین قدم دیکھتے اور اگر ابدال ہوتے تو اپنے آگے چار قدم دیکھتے اور ایسے ہی ہوتا ہے مگر یہ کہ حضرتِ اتباع میں مقام لازم ہو تو جب حضرات اتباع میں قائم نہیں ہوگا اور مخرج وطریق کے درمیان دائیں راستے کو پھر جائے تو اپنے آگے کوئی قدم نہیں دیکھے گا ۔

یہ علوم اولیاء کے ہیں

یہ وہ طریق ہے جو حق تعالیٰ کی طرف سے ہر موجود کی طرف ہے اور اس خاص وجہ سے یہ علوم اولیاء اللہ پر منکشف ہوتے ہیں جن کا اُن پر انکار کیا جاتا ہے اور اُنھیں زندیق کہا جاتا ہے اور ان پر ایمان لانے والا بھی انہیں زندیق کہتا ہے اور اُن کی تکفیر کرتا ہے جب کہ اِن علوم کو رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم لائے ہیں اور یہ علوم بعینہٖ وہ ہیں جن کا ابھی ہم نے ذکر کیا اور اس مقام کے اصحاب کے لیئے عالم میں تصریف و تصرّف کرنا ہے ۔

جو اولیاء تصرّف نہیں کرتے

ان میں سے پہلا طبقہ وہ ہے جس نے تمکن کے باوجود مخلوق میں تصرف

کرنا اللہ تبارک و تعالیٰ کے لئے چھوڑ دیا ہے اور اُن کے لئے حق تعالیٰ کی تو لیت
تمکناً ہے امراً نہیں لیکن وہ عرض کرتے ہیں اور پوشیدگی کا لباس پہن لیتے ہیں۔
اور غیب کے خیموں میں داخل ہو جاتے ہیں یہ لوگ عوائد کے حجاب میں چلے جاتے
ہیں اور فقر و عبودیت کو لازم کر لیتے ہیں اور یہی تو جوان ظرفاء ملامتیہ ہیں جو نیک
اور چھپے ہوئے ہیں ، اور ابو سعود رحمۃ اللہ علیہ ان میں سے بلکہ اور یہ وہ لوگ ہیں
جو اللہ تبارک و تعالیٰ کے ارشاد فَاتَّخِذْہُ وَكِيلًا کی اتباع کرتے ہیں وکیل کے
لئے یہ امر ہوتا ہے کہ وہ تصرف کرے پس اگر امر ہو تو حکم کی اتباع کرتا ہے یہ ان
لوگوں کی شان ہے۔

حضرت غوثِ اعظم ماموُر فی التصرف تھے

رہے حضرت عبد القادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ تو اُن کے حال سے ظاہر ہے کہ
وہ تصرف کرنے کے لئے مامور تھے اس لئے آپ پر تصرف فرمانے کا غلبہ تھا اور آپ کی مثل
لوگوں کے لئے یہی گمان ہے۔
رہے محمد اوانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ تو وہ فرماتے تھے مجھے تصرف عطا ہوا تو میں نے
قبول کر لیا پس وہ متصرف تھے اور ماموُر فی التصرف نہ تھے ۔ پس آزمائش میں پڑے
اور اسی قدر آپ کی معرفت میں کمی آگئی جس قدر ابو سعود کا اُن پر مقام بلند ہوا۔

وہ مقامِ عبودیت کا تحقق چاہتے ہیں۔

ابو سعود نے طائفہ کبار کے پہلے طبقہ کی زبان میں کلام کیا ہے۔ اِن لوگوں کی ثابت
قدمی کے لئے ہم نے اِن کا نام اقطاب رکھا کیونکہ یہ مقام یعنی مقامِ عبودیت اُن پر قدم
کرتا ہے اور اُن کی قطبیت سے میری مراد اُن کے اُمراور حکم کے تحت کسی جماعت

کا ہونا اور اُن کا اُس جماعت کے سردار اور اقطاب ہونا نہیں کیوں کہ وہ اِس سے بہت زیادہ بلند ہیں۔

پس اُن کے لیے اپنے نفوس میں بھی ہرگز ریاست نہیں ہوتی تاکہ وہ عبودیت کے ساتھ متحقق ہو جائیں۔ اور نہ تقدم کے ساتھ انہیں اللہ تعالیٰ کا حکم ہوتا ہے اُس کی اطاعت اُن پر لازم ہوتی ہے۔ کیونکہ وہ بھی اِس پر عبودیت کے ساتھ متحقق ہوتے ہیں۔ وہ اپنے سردار کی اتباع میں مقامِ عبودیت پر قائم ہوتے ہیں۔

اور باوجود اختیار، دعویٰ یا حصولِ مقام کے طلب کے ظاہر نہیں ہوتا مگر وہ عبد اُس عبودیت کے ساتھ متحقق نہیں جس کے لیے وہ پیدا کیا گیا۔

اے دوست! میں نے اِس باب میں اُن کے مقامات کی پہچان کروا دی ہے اور اِن کے اکثر لوگوں کی تعریف اور دوسرے طبقہ کے اقطاب مدبرین کے احوال کا تعین باقی ہے انشاءاللہ العزیز اس کے بعد اِس بارے میں بیان ہوگا اور اللہ ہی حق فرماتا ہے اور سیدھا راستہ دکھاتا ہے اُس کے سوا کوئی رب نہیں۔

الحمدللہ تیسویں باب کا ترجمہ اختتام پذیر ہُوا

آئندہ جلد اکتیس تا پینتالیس کُل پندرہ ابواب پر مشتمل ہے

صائم چشتی

اِذَآ اَرَدْنٰهُ اَنْ نَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ

شجرۃ الکون

اردو ترجمہ

تصنیف لطیف حضرت امام الموحدین سید المکاشفین شیخ اکبر محی الدین محمد بن علی طائی اندلسی المعروف بہ ابن عربی قدس اللہ سرہ

مترجم و مرتب ابو الحقائق علامہ صوفی محمد صدیق بیگ قادری

علی برادران تاجران کتب

نزد جامعہ رضویہ جھنگ بازار فیصل آباد

الفتوحات المكية

التي فتح الله بها على الشيخ الإمام العامل الراسخ الكامل
خاتم الأولياء الوارثين برزخ البرازخ محيي الحق
والدين أبي عبد الله محمد بن علي المعروف بابن عربي
الحاتمي الطائي قدس الله روحه ونوّر ضريحه آمين

المجلد الأول

ناشر

علی برادران نزد جامعہ رضویہ جھنگ بازار فیصل آباد

چشتی کتب خانہ فیصل آباد

لكم ولما تعبدون من دون الله وقال تعالى فلا تخافوهم فأبان عن المحل الذي ينبغي أن لا يظهر فيه حكم الخوف ثم قال لهم خافون فأبان لهم حيث ينبغي أن يظهر حكم هذه الصفة وكذلك الحسد والحرص والجبن وهذه النشأة الطبيعية الظاهر حكم روحانيتها فيها قد أبان الله لنا حيث نظهرها وحيث نمنعها فانه من المحال ازالتها عن هذه النشأة الا بزوالها لانها عينها والشيء لا يفارق نفسه قال صلى الله عليه وسلم لا حسد الا في اثنتين وقال زادك الله حرصا ولا تعد وانما قلنا الظاهر حكم روحانيتها فيها تحرزا بذلك من أجل أهل الكشف والعلماء الراسخين في العلم من المحققين العالمين فان المسمى بالجماد والنبات عندنا لهم أرواح بطنت عن ادراك غير أهل الكشف اياها في العادة فلا يحس بها مثل ما يحسها من الحيوان فالكل عند أهل الكشف حيوان ناطق بل حي ناطق غير ان هذا المزاج الخاص يسمى انسانا لا غير بالصورة ووقع التفاضل بين الخلائق في المزاج فانه لا بد في كل ممتزج من مزاج خاص لا يكون الا له به يتميز عن غيره كما يجتمع مع غيره في أمر فلا يكون عين ما يقع به الافتراق والتميز عين ما يقع به الاشتراك وعدم التميز فاعلم ذلك وتحققه قال تعالى وان من شيء الا يسبح بحمده + وشيء نكرة ولا يسبح الا حي عاقل عالم بمسبحه وقد ورد ان المؤذن يشهد له مدى صوته من رطب ويابس والشرائع والنبوات من هذا القبيل مشحونة ونحن زدنا مع الايمان بالاخبار الكشف فقد سمعنا الاحجار تذكر الله رؤية عين بلسان نطق تسمعه آذاننا منها وتخاطبنا مخاطبة العارفين بجلال الله مما ليس يدركه كل انسان فكل جنس من خلق الله أمة من الامم فطرهم الله على عبادة تخصهم أوحى بها اليهم في نفوسهم فرضا ولهم من ذواتهم اعلام من الله بالهام خاص جبلهم عليه كعلم بعض الحيوانات بأشياء يقصر عن ادراكها المهندس النحرير وتلهمهم على الاطلاق بمنافعهم فيما يتناولونه من الحشائش والمآكل وتجنب ما يضرهم من ذلك كل ذلك في فطرتهم كذلك المسمى جمادا ونباتا أخذ الله بأبصارنا وأسماعنا عما هم عليه من النطق ولا تقوم الساعة حتى تكلم الرجل فخذه بما فعله أهله جعل الجهلاء من الحكماء هذا اذا صح ايمانهم به من باب العلم بالاختلاج يريدون به علم الزجر وان كان علم الزجر علما صحيحا في نفس الامر وانه من أسرار الله ولكن ليس هو مقصود الشارع في هذا الكلام فكان له صلى الله عليه وسلم الكشف التام فيرى ما لا نرى وقد نبه عليه السلام على أمر عمل عليه أهل الله فوجدوه صحيحا قوله لولا تزييد في حديثكم وتمريج في قلوبكم لرأيتم ما أرى ولسمعتم ما أسمع فخص رتبة الكمال في جميع أموره ومنها الكمال في العبودية فكان عبدا صرفا لم يقم بذاته ربانية على أحد وهي التي أوجبت له السيادة وهي الدليل على شرفه على الدوام وقد قالت عائشة كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يذكر الله على كل أحيانه وانا منه ميراث وافر وهو أمر يختص بباطن الانسان وقوله وقد يظهر خلاف ذلك بأفعاله مع تحققه بالمقام فيلتبس على من لا معرفة له بالاحوال فقد بينا في هذا الباب ما مست الحاجة اليه والله يقول الحق وهو يهدي السبيل

﴿الباب الثالث عشر في معرفة حملة العرش﴾

العرش والله بالرحمن محمول ● وحاملوه وهذا القول معقول
وأي حول لمخلوق ومقدرة ● لولا مجاء به عقل وتنزيل
جسم وروح وأقوات ومرتبة ● مائم غير الذي رتبت تفصيل
فهذا هو العرش ان حققت صورته ● والمستوي باسمه الرحمن مأمول
وهم ثمانية والله يعلمهم ● واليوم أربعة ما فيه تعليل
محمد ثم رضوان ومالكهم ● وآدم وخليل ثم جبريل
والحق ميكال اسرافيل ليس هنا ● سوى ثمانية غر بهاليل

اعلم أيد الله الولي الحميم ان العرش في لسان العرب يطلق ويراد به الملك يقال ثل عرش الملك اذا دخل في ملكه خلل ويطلق ويراد به السرير فاذا كان العرش عبارة عن الملك فتكون حملته هم القائمون به واذا كان العرش السرير فتكون حملته ما يقوم عليه من القوائم أو من يحمله على كواهلهم والعدد يدخل في حملة العرش وقد جعل الرسوا

حكمهم في الدنيا أربعة وفي القيامة ثمانية قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ويحمل عرش ربك فوقهم يومئذ ثمانية ثم قال وهم اليوم أربعة يعني في يوم الدنيا وقوله يومئذ ثمانية يعني يوم الآخرة روينا عن ابن مسرة الجبلي من أكبر أهل الطريق علما وحالا وكشفا العرش المحمول هو الملك وهو محصور في جسم وروح وغذاء ومرتبة فآدم واسرافيل للصور وجبريل ومحمد للارواح وميكائيل وابراهيم للارزاق ومالك ورضوان للوعد والوعيد وليس في الملك إلا ما ذكر والاغذية التي هي الارزاق حسية ومعنوية فالذي نذكر في هذا الباب الطريقة الواحدة التي هي بمعنى الملك لما يتعلق به من الفائدة في الطريق وتكون حملته عبارة عن القائمين بتدبيره فتدبر صورة عنصرية أو صورة نورية وروح مدبر للصورة عنصرية وروح مدبر لصورة نورية وغذاء لصورة عنصرية وغذاء علوم ومعارف لارواح ومرتبة حسية من سعادة بدخول الجنة ومرتبة حسية من شقاوة بدخول جهنم ومرتبة روحية علمية فمبنى هذا الباب على أربع مسائل المسئلة الاولى الصورة والمسئلة الثانية الروح والمسئلة الثالثة الغذاء والمسئلة الرابعة المرتبة وهي الغاية وكل مسئلة منها تنقسم قسمين فتكون ثمانية وهم حملة عرش الملك أي اذا ظهرت الثمانية قام الملك وظهر واستوى عليه مليكه المسئلة الاولى الصورة وهي تنقسم قسمين صورة جسمية عنصرية تتضمن صورة جسدية خيالية والقسم الآخر صورة جسمية نورية فلنبتدئ بالجسم النوري فنقول ان أول جسم خلقه الله أجسام الارواح الملكية المهيمة في جلال الله ومنهم العقل الاول والنفس الكل والى انتهت الاجسام النورية المخلوقة من نور الجلال وما ثم ملك من هؤلاء الملائكة من وجد بواسطة غيره الا النفس التي دون العقل وكل ملك خلق بعد هؤلاء فداخلون تحت حكم الطبيعة فهم من جنس أفلاكها التي خلقوا منها وهم عمارها وكذلك ملائكة العناصر وآخر صنف من الاملاك الملائكة المخلوقون من أعمال العباد وأنفاسهم فلنذكر ذلك صنفا صنفا في هذا الباب ان شاء الله تعالى اعلم ان الله تعالى كان قبل ان يخلق الخلق ولا قبلية زمان وانما ذلك عبارة للتوصيل تدل على نسبة يحصل بها المقصود في نفس السامع كان جل وتعالى في عماء ما تحته هواء وما فوقه هواء وهو أول مظهر الهي ظهر فيه سرى فيه النور الذاتي كما ظهر في قوله الله نور السموات والارض فلما انصبغ ذلك العماء بالنور فتح فيه صور الملائكة المهيمين الذين هم فوق عالم الاجسام الطبيعية ولا عرش ولا مخلوق تقدمهم فلما أوجدهم تجلى لهم فصار لهم من ذلك التجلي غيبا كان ذلك الغيب روحا لهم أي لتلك الصور وتجلى لهم في اسمه الجميل فهاموا في جلال جماله فهم لا يفيقون فلما شاء ان يخلق عالم التدوين والتسطير عين واحدا من هؤلاء الملائكة الكروبيين وهو أول ملك ظهر من ملائكة ذلك النور سماه العقل والقلم وتجلى له في مجلى التعليم الوهبي بما يريد ايجاده من خلقه لا الى غاية وحد فقبل بذاته علم ما يكون وما للحق من الاسماء الالهية الطالبة صدور هذا العالم الخلقي فاشتق من هذا العقل موجودا آخر سماه اللوح وأمر القلم ان يتدلى اليه ويودع فيه جميع ما يكون الى يوم القيامة لا غير وجعل لهذا القلم ثلاثمائة وستين سنا في قلميته أي من كونه قلما ومن كونه عقلا ثلاثمائة وستين تجليا أو رقيقة كل سن أو رقيقة تغترف من ثلاثمائة وستين صنفا من العلوم الاجمالية يفصلها في اللوح فهذا احصر ما في العالم من العلوم الى يوم القيامة فعلمها اللوح حين أودعها اياها القلم فكان من ذلك علم الطبيعة وهو أول علم حصل في هذا اللوح من علوم ما يريد الله خلقه فكانت الطبيعة دون النفس وذلك كله في عالم النور الخالص ثم أوجد سبحانه الظلمة المحضة التي هي في مقابلة هذا النور بمنزلة العدم المطلق المقابل للوجود المطلق فعندما أوجدها أفاض عليها النور افاضة ذاتية بمساعدة الطبيعة فلأم شعثها ذلك النور فظهر الجسم المعبر عنه بالعرش فاستوى عليه الاسم الرحمن بالاسم الظاهر فذلك أول ما ظهر من عالم الخلق وخلق من ذلك النور الممتزج الذي هو مثل ضوء السحر الملائكة الحافين بالسرير وهو قوله وترى الملائكة حافين من حول العرش يسبحون بحمد ربهم فليس لهم شغل الا كونهم حافين من حول العرش يسبحون بحمده وقد بينا معنى الحافين في كتاب سميناه عقلة المستوفز وانما نذكر في هذا الباب رؤس الاشياء ثم أوجد الكرسي في جوف هذا العرش وجعل فيه ملائكة من جنس طبيعته فكل فلك أصل لما خلق فيه من عماره كالعناصر فيما خلق منها من

عمارها

عمارها كما خلق آدم من تراب وعمر به وبنيه الارض وقسم في هذا الكرسي الكريم الكلمة الى خبر وحكم وهما القدمان اللتان تدلتا له من العرش كما ورد في الخبر النبوي ثم خلق في جوف الكرسي الافلاك فلكا في جوف فلك وخلق في كل فلك عالما منه يعمرونه سماهم ملائكة يعني رسلا وزينها بالكواكب وأوحى في كل سماء أمرها الى أن خلق صور المولدات ولما أكمل الله هذه الصور النورية والعنصرية بلا أرواح تكون غيبا لهذه الصور تجلى لكل صنف من الصور بحسب ما هي عليه فتكونت عن الصور وعن هذا التجلي أرواح الصور وهي المسئلة الثانية فخلق الارواح وأمرها بتدبير الصور وجعلها غير منقسمة بل ذاتا واحدة وميز بعضها عن بعض فتميزت وكان ميزها بحسب قبول الصور من ذلك التجلي وليست الصور بأبيات لهذه الارواح في الحقيقة الا ان هذه الصور لها كالملك في حق الصور العنصرية وكالمظاهر في حق الصور كلها ثم أحدث الله الصور الجسدية الخيالية بتجل آخر بين اللطائف والصور تتجلى في تلك الصور الجسدية الصور النورية والنارية ظاهرة لامين وتتجلى الصور الحسية حاملة للصور المعنوية في هذه الصور الجسدية في النوم وبعد الموت وقبل البعث وهو البرزخ الصوري وهو قرن من نور أعلاه واسع وأسفله ضيق فان أعلاه السماء وأسفله الارض وهذه الاجساد الصورية التي يظهر فيها الجن والملائكة وباطن الانسان وهي الظاهرة في النوم وصور سوق الجنة وهي هذه الصور التي تعمر الارض التي تقدم الكلام عليها في بابها ثم ان الله تعالى جعل لهذه الصور ولهذه الارواح غذاء وهو المسئلة الثالثة يكون بذلك الغذاء بقاؤه وهو رزق حسي ومعنوي فالمعنوي منه غذاء العلوم والتجليات والاحوال والغذاء المحسوس معلوم وهو ما تحمله صور المطعومات والمشروبات من المعاني الروحانية أعني القوى فذلك هو الغذاء غذاء كالمعنوي على حد سواء وان كان في صور محسوسة فتغذى كل صورة بحسب ما يناسبها وتفصيل ذلك يطول ثم ان الله جعل لكل عالم مرتبة في السعادة والشقاء ومراتب ما لها لا تنحصر فسعادة بحسبها فمنها سعادة عرضية ومنها سعادة كمالية ومنها سعادة ملائمة ومنها سعادة وصفية شرعية والشقاوة مثل ذلك في التقسيم بما لا يوافق الغرض ولا الكمال ولا المزاج وهو عدم الملائم ولا الشرع وذلك كله محسوس ومعقول فالمحسوس منه ما يتعلق بدار الشقاء من الآلام في الدنيا والآخرة وبتعلق بدار السعادة من اللذات في الدنيا والآخرة ومنه خالص وممتزج فالخالص يتعلق بالدار الآخرة والممتزج يتعلق بالدار الدنيا فيظهر السعيد بصورة الشقي والشقي بصورة السعيد وفي الآخرة متميزون وقد يظهر الشقي في الدنيا بشقاوته ويتصل بشقاء الآخرة وكذلك السعيد ولكنهم مجهولون وفي الآخرة متميزون وامتازوا اليوم أيها المجرمون فهنالك تلحق المراتب بأهلها لحوقا لا ينخرم ولا يتبدل فقد بان لك معنى الثمانية التي هي مجموع الملك المعبر عنه بالعرش وهذه هي المسئلة الرابعة فقد بان لك معنى الثمانية وهذه الثمانية لانسب الثمانية التي يوصف بها الحق وهي الحياة والعلم والقدرة والارادة والكلام والسمع والبصر وادراك المطعوم والمشموم والملموس بالصفة اللائقة به فان لهذا الادراك بها تعلقا كادراك السمع بالمسموعات والبصر بالمبصرات ولهذا انحصر الملك في ثمانية فالظاهر منها في الدنيا أربعة الصورة والغذاء والمرتبتان ويوم القيامة تظهر الثمانية بجميعها للعيان وهو قوله تعالى ويحمل عرش ربك فوقهم يومئذ ثمانية فقال صلى الله عليه وسلم وهم اليوم أربعة هذا في تفسير العرش بالملك وأما العرش الذي هو السرير فان لله ملائكة يحملونه على كواهلهم هم اليوم أربعة وغدا يكونون ثمانية لاجل الحمل الى أرض الحشر وورد في صور هؤلاء الاربعة الحملة ما يقارب به قول ابن مسرة فقيل الواحد على صورة الانسان والثانى على صورة الاسد والثالث على صورة النسر والرابع على صورة الثور وهو الذي رآه السامري فتخيل انه اله موسى فصنع لقومه العجل وقال هذا الهكم واله موسى القصة والله يقول الحق وهو يهدي السبيل

﴿الباب الرابع عشر﴾

في معرفة أسرار الانبياء أعني أنبياء الاولياء وأقطاب الامم المكملين من آدم عليه السلام الى محمد صلى الله عليه وسلم وان القطب واحد منذ خلقه الله لم يمت وأين مسكنه

أنبياء الاولياء الورثة ● يعرف الله بهم من بعثه
ثم للدرع امام واحد ● من هذا الامر روح نفثه
ثم للساعة عند الله ● وسرى فى خلقه ما مكثه
وتلقته على عزته ● منة منه قلوب الورثة
موضع القطب الذى يسكنه ● ليس يدريه سوى من ورثه

